بسم اللہ الرحمن الرحیم

احکام القرآن

مولانا محمد جلال الدین قادری

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور - کراچی - پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَحکامُ القُرآن

جلد چہارم

مولانا محمد جلال الدین قادری

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی - پاکستان

marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	احکام القرآن (جلد چہارم)
مؤلف	مولانا محمد جلال الدین قادری
سرپرستی	مفتی محمد علیم الدین نقشبندی مجددی
کمپوزنگ و پروف ریڈنگ	مفتی محمد محمود احمد، مولانا ذوالنون عارف
	مولانا مزمل حسین
معاونت خصوصی	مولانا قاری محمد حبیب احمد
	ومولانا غازی محمد مسعود احمد
صفحات	۵۳۶
کمپیوٹر کوڈ	1Z350B
قیمت	-/275 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔فون:7221953 فیکس:۔042-7238010

9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔فون:7225085-7247350

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:021-2212011-2630411۔ فیکس:۔021-2210212

e-mail:- zquran@brain.net.pk

Website:- www.ziaulquran.com

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی بَدْرِ التَّمَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الظَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مِفْتَاحِ دَارِالسَّلَامِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ جَمِیْعِ الْاَنَامِ
یَاإِمَامَ الرُّسُلِ وَیَاسَنَدِیْ
اَنْتَ بَابُ اللّٰہِ وَمُعْتَمَدِیْ
فَبِدُنْیَایَ وَبِاٰخِرَتِیْ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْ بِیَدِیْ

marfat.com

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر
نظر در سفر	5
سورۃ التوبۃ	15
امن کے بین الاقوامی معاہدے اور اسلام	20
جہاد کے بعض احکام اور دیگر مسائل	32
مشرکین کا پناہ طلب کرنا، مستأمن اور ویزا	49
کفر سے توبہ، اخوت اسلامی، نقضِ عہد، ارتداد	59
ترغیب جہاد، غیر مسلموں سے ترک موالات اور حجیت اجماع امت	73
تعمیر مساجد کا مفہوم واہمیت اور اس میں مشرکین کا کردار	79
کافروں سے دلی دوستی حرام ہے	95
دینی امور کی حفاظت دنیا ومافیہا کی مصلحتوں سے مقدم ہے	100
کافر حدود حرم میں داخل نہیں ہوسکتا	109
جزیہ	125
جزیہ غیر مسلموں پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے	152
زکوٰۃ کی فرضیت اور نصاب	189
احکام شرع میں قمری تقویم کا اعتبار ہے	205
فرضیت جہاد اور اس کے آداب	224
مال زکوٰۃ کن لوگوں پر صرف کیا جائے	255
احکام شریعت کے ساتھ استہزاء کفر ہے	278
کافروں اور منافقوں سے سلوک	290
زندیق کی توبہ قبول ہے	300
نذر شرعی، نفاق عملی، حرص وہوا کا انجام	310
منافق کی نماز جنازہ	327
معذور لوگ جہاد میں شرکت سے مستثنیٰ ہیں	341
زکوٰۃ، نمازِ جنازہ، ایصالِ ثواب	358
مسجدِ ضرار، مسجد تقویٰ، بدن اور کپڑوں کی طہارت	381
سچوں کی معیت اختیار کرو	399
علم دین حاصل کرنا فرض ہے	409
سورۃ یونس	419
اہل جنت کے معمول	419
خشکی اور تری کی سواریوں کا جواز	429
گھروں میں نماز کی جگہ بنانا	442
نماز میں آمین پست آواز سے کہو	450
سورۃ ہود	454
ریاکاری کا خسارہ	454
"بسم اللہ" ہر کام کی ابتداء میں	465
اہل بیت میں کون کون شامل ہیں	471
آداب ملاقات، ضیافت	479
ناپ تول میں کمی کی مذمت، تجارت کے اسلامی اصول	493
غیر معیاری سکے اور جعلی کرنسی نوٹ	504
ظالموں کی صحبت سے احتراز	512
نمازوں کے اوقات	520
ماخذ ومراجع	528

marfat.com

نظر.....در.....سفر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدَالشَّاكِرِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ قَائِدِالْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ شَفِيْعِنَااِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ سَيِّدِنَاوَمَوْلٰنَاوَمَأْوٰنَاوَمَلْجَانَاسَيِّدِنَامُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَ اَصْحَابِهِ الْمُكَرَّمِيْنَ وَعَلٰى مِلَّتِهِ الْكَامِلِيْنَ وَعَلٰى مَنْ وَّالَاهُ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ.

حمد بے حد مر خدائے پاک را آں کہ ایمان داد مشتِ خاک را (عطار)

.....

حمد بے حد مر رسولِ پاک را آں کہ ایماں داد مشتِ خاک را (اقبال)

''احکام القرآن'' کی ترتیب، تالیف، تسوید و تبییض کا سفر انتہائی بے سروسامانی اور علمی بے مائیگی کے باوجود ۲۳/محرم الحرام ۱۴۱۹ھ/ ۲۰ مئی ۱۹۹۸ء کو شروع کیا اور آج ۳ ذی قعدہ ۱۴۲۴ھ/ ۲۷ دسمبر ۲۰۰۳ء کو اس کی چوتھی جلد بحمدہ تعالیٰ وبکرمہ مکمل ہو چکی ہے اور اب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

آج کی گفتگو اگرچہ بظاہر بے محل ہے، کیونکہ منزل پر پہنچ کر ہی سفر کا جائزہ لیا جاتا ہے، مگر بعض مخلص احباب کے مشورہ اور ایماء پر گذشتہ سفر کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ ممکن بلکہ امید ہے کہ قارئین بھی اسے بے جا تصور نہ فرمائیں گے۔

اجمالی صورت حال یہ ہے کہ.....

☆ جلد اول کے احکام کی ترتیب وتالیف ۲۳ محرم الحرام ۱۴۱۹ھ/ ۲۰ مئی ۱۹۹۸ء کو شروع ہوئی۔ ۲۶ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ (شب معراج)/ ۱۵، اکتوبر ۲۰۰۰ء کو مکمل ہوئی۔ یہ جلد سورہ بقرہ کے احکام پر مشتمل ہے۔ ۵۶۸ صفحات پر یہ جلد انہی ایام میں طبع ہو کر شائع ہو چکی ہے۔

☆ جلد دوم کے احکام کی ترتیب وتالیف کا کام ۲۷ رجب المرجب ۱۴۲۱ھ/ ۱۶، اکتوبر ۲۰۰۰ء شروع ہوا اور بحمدہ

marfat.com

تعالیٰ وعونہ ۸ ذی الحجہ ۱۴۲۲ھ/ ۲۱ فروری ۲۰۰۲ء کو مکمل ہوا۔ اس جلد میں سورہ آل عمران اور سورۃ النسآء کے احکام شامل ہیں۔ ۵۷۶ صفحات کی یہ جلد انہی ایام میں طبع ہو کر قارئین کرام تک پہنچ چکی ہے۔

☆ احکام القرآن کی تیسری جلد میں احکام کی ترتیب وتالیف کا کام ۹ ذی الحجہ ۱۴۲۲ھ/ ۲۲ فروری ۲۰۰۲ء کو شروع ہوا اور ۸ محرم الحرام ۱۴۲۴ھ/ ۱۲، اپریل ۲۰۰۳ء کو مکمل ہوا۔ اس جلد میں سورۃ المائدہ، سورۃ الانعام، سورۃ الاعراف اور سورۃ الانفال کے احکام شامل ہیں۔ ۶۴۰ صفحات کی یہ جلد بھی انہی ایام میں طبع ہو کر آپ تک پہنچ چکی ہے۔

☆ اور اب ..... جلد چہارم، اس میں احکام کی ترتیب وتالیف کا کام ۹ محرم الحرام ۱۴۲۴ھ/ ۱۳، اپریل ۲۰۰۳ء کو شروع ہوا اور بحمدہٖ تعالیٰ وعونہٖ ۳ ذی قعدہ ۱۴۲۴ھ/ ۲۷ دسمبر ۲۰۰۰ء کو مکمل ہوا۔ اس جلد میں سورۃ التوبہ، سورہ یونس اور سورہ ہود کے احکام شامل ہیں۔ 536 صفحات کی یہ جلد طبع ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اس اجمال کا مزید خلاصہ کیجئے اور یوں سمجھئے کہ .....

☆ جلد اول اڑھائی برس میں مکمل ہوئی۔

☆ جلد دوم ایک برس پانچ ماہ میں مکمل ہوئی۔

☆ جلد سوم ایک برس اور ایک ماہ میں مکمل ہوئی۔

☆ اور جلد چہارم دس ماہ میں مکمل ہوئی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا مُبَارَکًا فِیْہِ وَالصَّلٰوۃُ الْاَکْمَلُ وَالسَّلَامُ الْاَجْمَلُ عَلٰی سَیِّدِ الرُّسُلِ هَادِی السُّبُلِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ وَکَرَّمَ وَشَرَّفَ

☆ جلد پنجم کے احکام کی ترتیب وتالیف کا کام ۴ ذی قعدہ ۱۴۲۴ھ/ ۲۸ دسمبر ۲۰۰۳ء سے جاری ہے۔ اس جلد میں اب تک سوری یوسف، سورۃ الرعد اور سورہ ابراہیم کے احکام کا کام مکمل ہو چکا ہے۔

اگر اللہ تعالیٰ جل وعلا کی توفیق شامل حال رہی۔

اگر رسول معظم نبی اکرم ﷺ کی اعانت شامل حال رہی۔

marfat.com

اگر ائمہ مجتہدین، اولیائے کاملین اور اساتذہ کرام کی توجہات کریمانہ شاملِ حال رہیں۔

اور اگر احباب اور معاونین کا تعاون شاملِ حال رہا۔

اور اگر ضعیف قویٰ اور امراضِ مزمنہ نے وقفہ دیا تو ان شاء اللہ العزیز الغالب احکام القرآن کے بقیہ احکام وقت پر ہوتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ

اب تک احکام القرآن کی چار ابتدائی جلدوں (بلکہ پانچویں زیر تکمیل) کا آپ نے سرسری جائزہ لیا۔ اور اگر آپ ان کے مندرجات پر اطلاع کا شوق رکھتے ہوں تو لیجئے ہر جلد، ہر سورۃ کا اجمالی جائزہ حاضر ہے۔

﴿۱﴾

☆ جلد اول میں سورۃ البقرۃ کے احکام شامل ہیں۔ اس کا تجزیہ یوں ہے۔

(۱) سورۃ البقرۃ

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	56
تعداد احکام مستخرجہ شرعیہ	1184
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	359
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	335
احکام کو زینت دینے والے حوالہ جات کی تعداد۔	6879

﴿۲﴾

☆ جلد دوم میں سورۃ آل عمران اور سورۃ النسآء کے احکام کا استخراج ہوا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کا تجزیہ یوں ہے۔

(۱) سورۃ آل عمران:

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	29
تعداد احکام مستخرجہ شرعیہ۔	229
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	70
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	84

marfat.com

احکام کو زینت دینے والے حوالہ جات کی تعداد۔	2437

(ب) سورۃ النسآء:

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	53
تعداد احکام مستخرجہ۔	774
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	142
تعداد احادیث مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	146
احکام کو زینت دینے والے حوالہ جات کی تعداد۔	5276

اس طرح احکام القرآن جلد دوم کے احکام وغیرہ کا مجموعی خلاصہ یوں ہے۔

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	82
تعداد احکام مستخرجہ۔	1003
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	212
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	230
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	7713

﴿۳﴾

☆ جلد سوم میں سورۃ المائدہ، سورۃ الانعام، سورۃ الاعراف اور سورۃ الانفال کے احکام شامل ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا تجزیہ یوں ہے۔

(۱) سورۃ المائدہ:

تعداد منتخب آیات مبارکہ، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	27
تعداد احکام مستخرجہ۔	657
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	58

marfat.com

تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	100
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام مذکورہ کو زینت دی گئی۔	3333

(ب) سورۃ الانعام:

تعداد منتخب آیات مقدسہ، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	16
تعداد احکام مستخرجہ۔	107
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	23
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	18
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	822

(ج) سورۃ الاعراف:

تعداد منتخب آیات مبارکہ، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	17
تعداد احکام مستخرجہ۔	75
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	24
تعداد احایث مبارکہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	48
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	1077

(د) سورۃ الانفال:

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	27
تعداد احکام مستخرجہ۔	226
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	50
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	62
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام مزین ہوئے۔	2086

marfat.com

جلد سوم کے احکام وغیرہ کی تعداد کا شماریوں ہے۔

تعداد منتخب آیات مقدسہ، جن سے احکام مستخرج ہوئے۔	87
تعداد احکام مستخرجہ۔	1065
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	155
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	228
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	7318

﴿۴﴾

☆ جلد چہارم میں سورۃ التوبہ، سورہ یونس اور سورہ ہود شامل ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا علیحدہ تجزیہ پیش خدمت ہے۔

(ا) سورۃ التوبہ:

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	36
تعداد احکام مستخرجہ۔	459
تعداد آیات بینات مؤیدہ احکام مذکورہ۔	135
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	119
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	3191

(ب) سورۃ یونس:

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	4
تعداد احکام مستخرجہ۔	34
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	22
تعداد احادیث مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	17
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	241

marfat.com

(ج) **سورۃ ہود:**

تعداد منتخب آیات، جن سے احکام مستخرج ہوئے۔	12
تعداد احکام مستخرجہ۔	78
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	15
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مذکورہ۔	28
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	732

اس طرح جلد چہارم کے اعداد وشمار کا خلاصہ یوں ہے۔

تعداد منتخب آیات مبارکہ، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	52
تعداد احکام مستخرجہ۔	571
تعداد آیات مقدسہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	172
تعداد احادیث مبارکہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	164
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	4164

آپ کی دلچسپی کے پیش نظر احکام القرآن کی پہلی چاروں جلدوں کے احکام کے اعداد وشمار یک جا پیش خدمت ہیں۔

تعداد منتخب آیات کریمہ، جن سے احکام کا استخراج ہوا۔	301
تعداد احکام مستخرجہ۔	3763
تعداد آیات مبارکہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	898
تعداد احادیث طیبہ مؤیدہ احکام مستخرجہ مذکورہ۔	957
تعداد حوالہ جات، جن سے احکام کو زینت دی گئی۔	26074

نوٹ: مذکورہ بالا تمام اعداد وشمار ایک سرسری جائزہ میں آئے۔ ان میں کمی بیشی کا امکان مسترد نہیں کیا جا سکتا۔

والصوابُ من عندالله تعالیٰ والتقصیرُ من عبدہ الضعیف النّاسیٰ والغفرانُ من عندالله العزیز الغفار

marfat.com

قرآن مجید ایک مکمل ضابطہءِ حیات ہے۔ مصلحت، ضرورت، اباحت، مضرّت کے کسی پہلے کے احکام سے خالی نہیں۔ ہر زمانہ، ہر علاقہ، ہر نسل، ہر ملک کے لوگوں کے تمام مسائل کا حل اس کتابِ مبین میں ہے۔ مگر قرآن مجید کی ترتیبِ تلاوت وہی ہے جو لوحِ محفوظ میں ہے۔ اس میں احادیث اور فقہ کے ابواب کی ترتیب نہیں۔ فقیر حقیر غفرلہ القدیر چونکہ قرآن مجید کی ترتیبِ تلاوت کے لحاظ سے احکام کی تخریج، تالیف و ترتیب کا پابند ہے، اس لئے ''احکام القرآن'' میں فقہی ابواب یا ''کتب احادیث'' کی پابندی دشوار ہے۔ آیات مقدسات میں جو جو احکام جہاں جہاں ہیں، فقیرِ غفرلہ القدیر انہیں اسی ترتیب سے بیان کر رہا ہے اور آئندہ بھی ایسا کرنے کا ارادہ ہے۔ وَمَاتَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ.

کتاب ''احکام القرآن'' اول تا چہارم میں بے شمار احکام بیان ہوئے۔ ان میں .....

(ا) عبادات: نماز اور اس کے دیگر متعلقات، وضو، غسل، تیمّم، اذان، قبلہ، بدن اور کپڑوں کی صفات، سر کا مسح، نماز کے آداب، قرأت خلف الامام، سجدہ تلاوت، نماز کے بعد ذکر، معذور کی نماز، مسافر کی نماز، حالتِ خوف کی نماز، دعا، قبولیتِ دعا کے موجبات، محل اجابت، تعمیر مساجد کا مفہوم و اہمیت اور اس میں غیر مسلموں کا کردار، منافق کی نماز جنازہ، نماز جنازہ، مسجد تقوی اور مسجد ضرار کا فرق وغیرہ۔

(ب) روزہ، رمضان المبارک، رؤیت ہلال، روزہ توڑنے کے کفارات، اعتکاف۔

(ج) زکوۃ، فرضیت، نصاب زکوۃ، مصارف زکوۃ، انفاق فی سبیل اللہ، دینی اور دنیوی امور میں تقویم قمری کا اعتبار۔

(د) حج کی فرضیت، مناسک حج، عمرہ، حرمین شریفین کے احکام، شعائر اللہ، صفا، مروہ، مقام ابراہیم۔

(ہ) مناکحات، نکاح، نکاحِ ثانی، طلاق اور اس کی اقسام، رجوع، عدت، بیوہ کی عدت، رضاعت، محرمات، ثبوتِ نسب، مشرکہ سے نکاح، کتابیہ سے نکاح، زوجین کے حقوق، زوجین میں مصالحت کرانا، بیویوں سے یکساں حُسن سلوک، حق مہر، حیض و نفاس، استمتاع، مباشرت کے انداز، ایلا، ظہار، تعدادِ ازدواج۔

(و) بیعات: نقد اور ادھار بیع، بیع کی تحریر، تحریر کی تائید، کسب حلال، قرضِ حسنہ، حرمتِ سود، حرمتِ جُوا، رشوت۔

(ز) عام جرائم: قتل، قتل خطأ، قتل عمد، قصاص، لواطت، شراب نوشی، چوری، ڈاکہ، دہشت گردی، قسم اور اس کا کفارہ، حدود حرمین شریفین میں قتال، ازالہ حیثیت عرفی، حلال اشیاء کو حرام جاننا، حرام اشیاء کو حلال جاننا،

marfat.com

اسبابِ زینت کا استعمال، جھوٹی قسم اور اس کا کفارہ۔

(ح) عصمت سے متعلق جرائم، عصمت دری، بے حرمتی۔

(ط) جہاد: فرضیت، کن حالات میں فرضِ عین ہو جاتا ہے، جہاد کی اہمیت، جہاد سے فرار کا وبال، مالِ غنیمت کی تقسیم، کفار سے بین الاقوامی معاہدے، کافر جنگی قیدیوں سے سلوک، امن کے بین الاقوامی معاہدے اور اسلام، مشرکین کا پناہ طلب کرنا، مستأمن، ویزا، جزیہ، جزیہ غیر مسلموں پر اسلام کا احسان ہے، کافروں اور منافقوں سے سلوک۔

(ی) مقدمات: مدعی، مدعیٰ علیہ، شہادت، محاسبہ اور مواخذہ، عورتوں، ضعیفوں پر ہونے والے مظالم کا تدارک۔

(ک) احکام: ناسخ ومنسوخ، اباحتِ اصلیہ، حلال جانور، محکم ومتشابہ، نذر، مدار امن، وبائی امراض کی حقیقت، اسلام کی ظاہری علامات، مشاورت، مجالس بد سے اجتناب، ذبیحہ اور مردار کا فرق، عُشر، لباس اور زینت، ذبح، شکار، کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ سے تمسک، صلہ رحمی، یتیم کے مال کی حفاظت، نشہ، سلام اور اس کا جواب، کفر وارتداد سے توبہ، کافروں سے دلی دوستی کی حرمت، دینی امور کی حفاظت دنیا ومافیہا کی مصلحتوں سے مقدم ہے، احکامِ شریعت کے ساتھ استہزاء کفر ہے، علم دین کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، وغیرہ۔

(ل) وراثت: وارث، ذوی الفروض، عصبات، ذوی الارحام، وارثوں کے حصے، وراثت سے محروم لوگوں کی دلجوئی۔

(ق) اخلاقیات: تکلیف مالایطاق، شیطان کی فریب کاریوں سے اجتناب، عدل وانصاف قائم کرنا، حیاتِ شہداء، صدقات، کافروں سے ترک مُوالات، ایفائے عہد، امر بالمعروف ونہی عن المنکر، قرعہ اندازی، اخلاقِ حسنہ، امانت داری، محبوب اشیاء کا صدقہ کرنا، امدادِ باہمی، تبلیغِ احکام، صبر واستقامت، اتحادِ ملی، یتیموں کی دستگیری، گناہ اور توبہ، بخل، ریا، خودستائی، سفارش کرنا، کتاب وسنت کی اتباع، حرص وہوا، نفاق عملی، وغیرہ۔

ان میں سے بعض احکام دو یا زیادہ بار بیان ہوئے، اس بار بار بیان میں بے شمار فوائد ہیں۔ بعض احکام ایک کے آیت کے ضمن میں بیان ہوئے تو دوسرے دوسری آیت کے ضمن میں، اس طرح یہ تکرار ''قیدِ مکرر'' کے طور پر ہے۔

ان شاء اللہ بقیہ آیات میں بھی یہی اسلوب کارفرما رہے گا۔ گذشتہ سطور میں آپ نے گذشتہ سفر کی داستان ملاحظہ فرمالی۔ اب تک جو کچھ درست، صحیح وصواب بیان ہو چکا ہے وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی عنایت ورحمت سے

ہے۔ میرے معزز علمائے اعلام، مکرم احباب کی دعاؤں کا نتیجہ ہے، ورنہ من آنم کہ من دانم۔

احکام القرآن کی تکمیل کی دعا کرنے والوں میں حرمین شریفین میں موجود زائر علمائے کرام، ملک اور بیرون ملک موجود و مقیم احباب کرام کی کثیر تعداد ہے۔ یہ فقیر حقیر غفرلہ القدیر ان تمام کا ممنون ہے۔

جلد اول کی اشاعت کے وقت چند معاونین کا ذکر ڈرتے ڈرتے کیا تھا کہ کہیں ان کے جذباتِ صادقہ پر گراں نہ گذرے۔ اگر ایسا ہوا ہو تو فقیر ان سے معافی کا طلب گار ہے اور اب مزید جسارت کر کے مزید چند معاونین کرام کے صرف اسمائے گرامی کا ذکر کر رہا ہے تا کہ یہ فقیر اپنے دل کا غبار ہلکا کر سکے اور تاریخ محفوظ ہو جائے۔ ممکن ہے ان حضرات کا گراں قدر تعاون تقلید کے قابل بن جائے۔ وَمَا اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ.

☆ محترم جناب حاجی چوہدری محمد شفیع، ڈیرہ عالم پور گوندلاں، کھاریاں

☆ محترم جناب محمد علی شمائل، راولپنڈی، حال وارد امریکہ

☆ محترم جناب راجہ فضل الرحمٰن، بھروٹ کھاریاں، حال وارد اٹلی

☆ محترم جناب چوہدری ندیم اختر رضا، کھاریاں، حال وارد اٹلی

☆ محترم جناب عامر شاکر، کھاریاں، حال وارد ناروے

☆ محترم جناب زاہد شاکر، کھاریاں کینٹ

☆ محترم جناب حاجی جلال الدین، جنڈانوالہ، کھاریاں

آخر میں میں اپنے مخلص معالج جناب ڈاکٹر مُبین احمد ملک، ماہر امراضِ قلب بالخصوص اور بالعموم امراضِ جسمانی کی بے لوث، ہمدردانہ علاج کی شبانہ روز کوششوں کا شکریہ ادا کرنے سے قاصر ہوں، جن کی دعاؤں اور دواؤں سے اکثر مستفیض ہوتا رہتا ہوں۔ مالک حقیقی اور شافیِ مطلق نے شاید انہیں میرے کثیر جسمانی عوارضات کی خدمات پر مامور فرما رکھا ہے اور یہ فقیر غفرلہ ان کی دعاؤں اور دواؤں کی برکت سے خدمتِ دین کرنے کے قابل ہے۔

اے اللہ! میرے تمام مذکور اور غیر مذکور معاونین کو دارین میں سعادت اور حرمین شریفین کی بارہا بابرکت زیارت سے مشرف فرما۔ آمین یارب العالمین۔

فقیر قادری محمد جلال الدین عفی عنہ

marfat.com

سورۃ التوبۃ

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

سورۃ التوبہ کے احکام بیان کرنے سے پہلے مناسب یہ ہے کہ اس سورت سے متعلق بعض فوائد کا ذکر کر دیا جائے۔

(ا) سورت کے اسماء:

اس سورت کے متعدد اسماء ہیں، یہ اسماء مبارکہ اس سورت کے بعض معانی اور مضامین پر دلالت کرتے ہیں، اختصار کے ساتھ یہ اسماء اور ان کی وجہ بیان کی جاتی ہے۔

﴿۱﴾ التوبہ: اس سورت میں چند مخلص حضرات کی مقبول توبہ کا ذکر ہے، اس لئے اس حوالہ سے اس کا نام التَوبۃ ہے۔

﴿۲﴾ اَلبَرَأۃ: مشرکین عرب کے ساتھ مسلمانوں کے جتنے معاہدے تھے ان کی منسوخی کا اعلان کیا گیا اس لئے اس کا نام برأت ہے۔

یہ دونوں نام زیادہ مشہور ہیں۔

﴿۳﴾ مُشَقْشَقَہ: یہ سورت نفاق سے بیزاری کا اعلان کرتی ہے۔

﴿۴﴾ مَبَعْثِرَۃ: یہ سورت منافقوں کے اندرونی حالات اور رازوں سے پردہ کشائی کرتی ہے۔

﴿۵﴾ مُثِیرَہ: یہ سورت نفاق کی حالت اکھاڑ کر سامنے لاتی ہے ان کے نفاق کو کرید کر ظاہر کرتی ہے۔

﴿۶﴾ مُنکِلَہ: عذاب دینے والی۔

﴿۷﴾ مُدَمْدَمَہُ: تباہی لانے والی۔

﴿۸﴾ عذاب: اس میں صورتوں کے عذاب، رسوائی اور بیخ کنی کی خبر دی گئی ہے، اس لئے یہ نام ہوئے۔

﴿۹﴾ الفاضحہ: یہ سورۃ منافقوں کو رسوا کرنے والی ہے۔

﴿۱۰﴾ مُخزِیَہ: عذاب دینے اور رسوا کرنے والی، اس میں منافقین کی رسوائی کا ذکر ہے۔

marfat.com

﴿۱۱﴾ حافرہ:

﴿۱۲﴾ مُشَرَّدَہ:

﴿۱۳﴾ بَعُوْث:

﴿۱۴﴾ نفیر:

﴿۱۵﴾ مُنْقِرَہ: منافقین کے نفاق کو ظاہر کرنے کے باعث اس سورت کے یہ نام ہیں۔(۱)

(ب) بسم اللہ شریف نہ لکھنے کی حکمت:

قرآن مجید میں ہر سورت کے ابتداء میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھا گیا ہے مگر سورہ توبہ کے ابتدا میں بسم اللہ شریف نہیں لکھا جاتا، اس کی متعدد حکمتیں بیان کی گئی ہیں۔

﴿۱﴾ امیر المؤمنین جامع القرآن حضرت سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا کہ سورہ توبہ کے ابتدا میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کیوں نہ لکھی؟ آپ نے فرمایا، سورہ انفال ہجرت کے ابتدائی زمانہ میں نازل ہوئی اور سورہ توبہ آخری دور میں، حضور سرور کونین شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سورہ توبہ کے ابتداء میں بسم اللہ شریف لکھنے کا حکم نہ دیا، چونکہ دونوں صورتوں کا مضمون ایک دوسرے کے مشابہ ہے اس لئے ہم نے مصحف شریف میں دونوں سورتوں کو

---

(۱) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۶۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۱۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۹-۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۳

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۳

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۲۰

marfat.com

اکٹھا ہی لکھا، مگر درمیان میں بسم اللہ شریف نہ لکھی تا کہ حضور سید عالم ﷺ کی اقتدا ہو سکے۔(۲)

﴿۲﴾ حاملِ وحی روح الامین سیدنا جبرئیل امین علیہ السلام نے اس سورت کے نزول کے وقت اللہ تعالیٰ عز شانہ کے حکم سے بسم اللہ شریف نہ پڑھی، سیدنا و مولانا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو لکھنے کا حکم نہ دیا، اس لئے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے جمع قرآن مجید کے وقت اس سورت کے ابتداء میں بسم اللہ شریف نہ لکھی۔ قرآن مجید کی آیات اور سورتوں کے نزول کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کرام سے فرما دیتے کہ فلاں آیت کو فلاں سورت کی فلاں آیت کے بعد یا پہلے لکھو، مگر سورہ توبہ کے ابتدا میں بسم اللہ لکھنے کا حکم نہ دیا، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے اسی پر عمل کیا اور آج تک مصحف شریف کی کتابت اسی طرح ہے جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قائم فرمائی۔(۳)

---

(۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۶۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۳

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۱۵، ۲۱۶

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۰

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۲۰

(۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۶۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۱۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۶

marfat.com

﴿۳﴾ عرب کا دستور تھا کہ جب کسی معاہدے کے چھوڑنے کی دستاویز لکھتے تو اس پر بسم اللہ شریف نہ لکھتے تھے، چونکہ اس سورت میں مشرکینِ عرب سے معاہدے توڑنے کا حکم ہے اس لئے دستورِ عرب کے موافق اس کے ابتداء میں بسم اللہ شریف نہ لکھی گئی۔(۴)

(ج) سورہ توبہ کی تلاوت کے وقت بسم شریف پڑھنے کا حکم:

قرآن مجید کی تلاوت کے درمیان اگر یہ سورت پڑھی جائے تو اس کی ابتداء میں بسم اللہ نہ پڑھی جائے اور اگر اسی سورت سے تلاوت کی ابتداء ہو تو بسم اللہ پڑھنا جائز ہے، منع نہیں۔

(د) وقت نزول:

مکہ مکرمہ ۸ھ ہجری کو فتح ہوا، ۹ھ ہجری کو سورہ توبہ نازل ہوئی، اسی سال امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی قیادت اور امارت میں حج کے موقعہ پر اس سورت کی ابتدائی چالیس آیات کی تلاوت سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمائی، چونکہ ان آیات میں مشرکین سے معاہدے منسوخ ہونے کا اعلان ہے اور دستورِ عرب یہ تھا کہ معاہدہ کی منسوخی کا اعلان قوم کا سردار خود کرتا یا اس کا کوئی قریبی نسبی رشتہ دار، اس لئے سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے برادر نسبتی ہونے کے اعتبار سے ان آیات کی تلاوت فرمائی۔(۵)

---

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۱

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۳۶

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۶۵ ومابعد

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۱۸

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۶

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۵

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۴۵

marfat.com

(ہ) حج کے موقعہ پر سورہ توبہ کی تلاوت میں حکمت:

میدانِ عرفات میدانِ حشر کے مشابہ ہے کہ محشر میں جلالِ خداوندی اور جمالِ خداوندی کا کامل ظہور ہوگا، آقا و مولیٰ حضور سرورِ عالم ﷺ کے ارشادات کے مطابق سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ امت میں رحمتِ خداوندی کے مظہر اتم ہیں، آقا و مولیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔ اَرْحَمُ اُمَّتِیْ بِاُمَّتِیْ اَبُوْبَکْرٍ الحدیث (٦)

میری امت میں سب سے زیادہ میری امت پر مہربان ابوبکر صدیق ہے۔ (رضی اللہ عنہ)

اور سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم شیرِ خدا ہیں، ان کے آقا نے انہیں ''اسد اللہ'' کے خطاب دل نواز سے نوازا ہے، یہ مظہرِ جلال ہیں، اس لئے حضور شافعِ محشر شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین ﷺ نے باذنہ تعالیٰ و تقدس میدانِ عرفات میں جلال و جمال خداوندی کے مظہروں (سیدنا صدیق اکبر و سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما) دونوں کو امیر و مامور مقرر فرمایا، اس میں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت علی منہاج النبوت کے اولین تقرر کی طرف اشارہ تھا۔ (٧)

(و) قرآن مجید کی ترتیب اور مصحف شریف کی حفاظت:

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے، روح الامین سیدنا جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام حاملِ وحی کے ذریعے حضور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ پر نازل ہوئی، یہ کتاب حسبِ ضرورت آیات، آیات اور سورتوں کی صورت میں تیئس برس میں نازل ہوئی، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام امرِ الٰہی سے صحابہ کرام کاتبینِ وحی سے فرمادیتے کہ اس آیت کو فلاں سورت کی فلاں آیت کے بعد رکھو، فلاں سورت کو فلاں سورت سے پہلے یا بعد رکھو، اس طرح موجودہ قرآن مجید کی ترتیب لوحِ محفوظ کی ترتیب کے عین موافق ہے، قرآن مجید جتنا نازل ہوا وہ محفوظ ہے، اس میں آیات یا حروف یا حرکات کی کمی بیشی بھی ممکن نہیں، بلکہ کلمات کی کتابت بھی توفیقی ہے، اس میں کمی بیشی کا اعتقاد کفر ہے۔ (٨)

---

(٦) ☆ رواہ الائمہ احمد والترمذی فی کتاب المناقب والنسائی وابن ماجہ وابن حبان والحاکم والبیہقی عن انس بحوالہ کنز العمال، ج ١١، ح ٣٣١١٩

(٧) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ٨، ص ٦٨

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ١٢٧٥ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ١٠، ص ٤٥

(٨) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ٢، ص ٨٩٣

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ٦٠٦ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ١٥، ص ٢١٦

marfat.com

باب (۱۸۲) :

امن کے بین الاقوامی معاہدے اور اسلام

بَرَآءَ ةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ☆ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكٰفِرِيْنَ ☆

(سورۃ التوبہ، آیات ۱، ۲)

بیزاری کا حکم سنانا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکوں کو جن سے تمہارا معاہدہ تھا اور وہ قائم نہ رہے، تو چار مہینے زمین پر چلو پھرو، اور جان رکھو کہ تم اللہ کو تھکا نہیں سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔

حل لغات:

"بَرَآءَ ةٌ": بَرِئَ (از باب سَمِعَ) سے مصدر بَرَآءَ ةٌ ہے، جس کا معنیٰ ہے، ناپسندیدہ شئ سے دور ہونا، نجات، خلاصی پانا، بیزاری، علیحدگی، حفاظت کا ختم ہونا، قطع موالات، ارتفاع عصمت، زوال امان۔ (۱)

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۵
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۲۵
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۰۰
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۴۴
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۸۹۳
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۶۳
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۷۶
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۲
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۱
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۴

marfat.com

"مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ": اعلان بیزاری اللہ تعالیٰ اوراس کے رسول مجتبیٰ ﷺ کی طرف سے ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے اعلان اس کے رسول مختار مدنی تاجدار ﷺ نے کیا۔(۲)

"اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ": اعلان بیزاری، اللہ رسول (جل وعلا وﷺ) کی طرف سے، ان مشرکوں کو جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا (اور وہ معاہدہ پر قائم نہ رہے)۔

قسم کے ساتھ جس عقد کو پختہ کیا گیا ہو وہ "عہد اور معاہدہ" کہلاتا ہے۔

مشرکینِ عرب سے حضور سید عالم ﷺ نے باہمی صلح کا معاہدہ کیا تھا کہ ایک دوسرے کے خلاف نہ لڑیں گے اور نہ لڑنے والوں کی مدد کریں گے، ان معاہدوں سے چونکہ صحابہ کرام راضی تھے، اس لئے گویا یہ معاہدے اے صحابہ! تم نے کئے تھے، اللہ تعالیٰ نے معاہدے کرنے کی نسبت صحابہ کرام کی طرف کی ہے۔(۳)

"فَسِيْحُوْا": سِيَاحَةٌ مصدر سے امر کا صیغہ ہے (از باب نَصَرَ) بمعنیٰ پانی کا زمین میں پھیل جانا، آزادی سے ہر چلنے پھرنے کو "سِیَاحَت" کہتے ہیں۔(۴)

---

(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص ۶۳

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۳۸۲

(۳) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکرمحمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۲، ص ۸۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص ۶۳

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۵

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص ۲۱۷

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۴۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۱۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۳۸۲

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعه دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانه کراچی، ص ۶۰۹

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامه حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعه کراچی، ص ۲۴۶

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفه علامه احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعه مصر، ج۱، ص ۱۴۴

☆ تاج العروس ازعلامه سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعه مصر، ج۲، ص ۱۶۸

marfat.com

آیت سے مراد یہ ہے کہ اے مشرکو! (معین وقت تک) تم زمین میں جہاں چاہو چلو پھرو، آؤ، جاؤ، جنگ، قتل، لوٹ، مار اور قید وغیرہ کے خوف سے آزاد ہو کر چل پھر لو (اور پھر اپنے انجام کے لئے تیار ہو جاؤ)۔(۵)

"**اَربَعَةَ اَشْهُرٍ**": چار ماہ۔

یعنی معاہدوں کی منسوخی میں تمہیں چار ماہ کی مہلت دی جاتی ہے، چار ماہ کی طویل مدت اللہ و رسول کی طرف سے تبلیغ اور رحم خسروانہ ہے تا کہ تم اپنے انجام کے متعلق خوب غور کر لو۔

مشہور قول کے مطابق یہ چار ماہ کی مدت دس ذی قعدہ ۹ھ (یوم عرفہ) سے دس ربیع الاول ۱۰ھ تک ہے، چونکہ عرب مہینوں میں کمی بیشی کر لیتے تھے، اس لئے اس برس حج ذی قعدہ میں ادا ہوا۔(۶)

---

(۵)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص ۶۴
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۱۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۴
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۳۷
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۴
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۴۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۵
(۶)
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۱
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۷۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت، لبنان، ج۲، ص ۸۹۵
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۳۲
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۳
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۴۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۵
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۵
☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ، ص ۳۰۷

marfat.com

شانِ نزول:

ان آیات کے شانِ نزول میں چند اسباب مروی ہیں۔

(۱) مدینہ منورہ کے گردونواح کے کفار قبائل سے حضور سید عالم ﷺ نے معاہدے کرر کھے تھے کہ وہ ایک دوسرے کو نقصان نہ پہنچائیں گے، ایک دوسرے پر حملہ نہ کریں گے اور نہ حملہ آوروں کی مدد کریں گے ۹ھ میں غزوۂ تبوک کے موقعہ پر مدینہ کے منافقین نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بیوی بچوں کو ستایا، مجاہدین کے گھروں کو لوٹنا چاہا، غازیانِ تبوک کے متعلق گمراہ کن خبریں پھیلائیں، اپنے اس قبیح عمل سے انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ کئے ہوئے معاہدہ کی صریحاً خلاف ورزی کی، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں کہ اے مسلمانو! تم بھی انہیں معاہدہ کی منسوخی کا اعلان کردو۔ (۷)

(۲) عرب کے اکثر مشرک قبائل کے ساتھ حضور رحمۃ للعالمین ﷺ نے باہمی امن کے معاہدے کرر کھے تھے، صلح حدیبیہ ۶ھ کو مشرکینِ مکہ سے دس سال جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کیا تھا، اس معاہدہ میں یہ شرط بھی شامل تھی مسلمانوں اور مشرکینِ مکہ کے حلیفوں پر بھی حملہ نہ کیا جائے گا مگر مشرکینِ مکہ نے یہ معاہدہ توڑ دیا، حضور سید عالم ﷺ نے اس کا بدلہ فتح مکہ کی صورت میں لیا، معاہدہ حدیبیہ توڑنے کے بعد مشرکین مکہ نے چاہا کہ اس معاہدہ کی تجدید کرلی جائے، حضور نبی انور ﷺ نے مدینہ منورہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو خبر دی کہ اے ابوسفیان (جو اس وقت مسلمان نہ ہوئے تھے) معاہدہ کی تجدید کے لئے مدینہ منورہ آرہے ہیں مگر وہ ناکام لوٹیں گے۔

بنوضمرہ اور بنوکنانہ کے سوا باقی کفار قبائل نے امن کے باہمی معاہدے یکے بعد دیگرے توڑ دیئے، اللہ تعالیٰ

---

(۷)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۱۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۱۸۰
☆ الدرالمنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۱۱۹

marfat.com

نے یہ آیات نازل فرمائیں کہ معاہدہ توڑنے والے مشرکین میں اعلان کردیں کہ چار ماہ تک تمہیں مہلت دی جاتی ہے، اس عرصہ میں اسلام قبول کرلو ورنہ اپنے دردناک انجام کے لئے تیار ہوجاؤ۔(۸)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ اگر مسلمان قوت میں نہ ہوں تو سلطانِ اسلام کو کفار سے باہمی امن کا معاہدہ کرنے کا اختیار ہے، بلکہ ہر وہ امر، جس میں مسلمانوں کا فائدہ اور اسلام کی عزت وحفاظت ہو سلطانِ اسلام کو وہ کام کرنے کی اجازت ہے، حضور سید عالم امام الانبیاء مالکِ ہر دوسرا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ نے کفار مکہ سے حدیبیہ کا صلح وامن کا دس سال کا معاہدہ کیا، مدینہ شریف کے یہود اور مدینہ شریف کے اردگرد کے کافر قبائل سے معاہدے کئے کہ ہر دو فریق باہمی امن سے رہیں گے، ایک دوسرے پر حملہ نہ کریں گے اور حملہ آوروں کی مدد نہ کریں گے۔(۹)

﴿۲﴾ کافروں کی طرف سے اگر نقضِ عہد کا اندیشہ نہ ہو اور مسلمانوں کی عزت خطرے میں نہ ہو تو کافر اور مشرک سے کئے عہد بھی پورے کئے جائیں۔(۱۰)

﴿۳﴾ قوم وملک کا معتمد سلطان یا قائد یا سلطان کا مجاز نائب اگر کسی سے معاہدہ کرے تو وہ قوم اور ملک کی طرف سے شمار ہوتا ہے، اور قوم پر اس کی پاسداری لازم ہوتی ہے، حضور سید عالم ﷺ امت کے حاکم، آمر اور متولیِ امور ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کئے ہوئے معاہدوں سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین راضی رہے، اللہ تعالیٰ نے ان معاہدوں کو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی طرف نسبت کیا، امت پر ان معاہدوں کی حفاظت لازم ہے۔(۱۱)

---

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۶۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۲

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج۱۰، ص ۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۵

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۷۷

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۷۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۲

marfat.com

﴿۴﴾ کفار سے کئے ہوئے معاہدے توڑنے کے جواز کی متعدد صورتیں ہیں۔

(ا) کفار کی طرف سے خیانت اور بدعہدی ظاہر ہو جائے یا ان سے ضرر کا قوی اندیشہ ہو۔

(ب) معاہدہ خاص وقت تک کے لئے ہو اور وہ مدت ختم ہو جائے، اختتامِ مدت پر معاہدہ کی تنسیخ یا تجدید مسلمانوں کے مفاد کے پیشِ نظر ممکن ہے۔

(ج) معاہدہ میں شرط ہو کہ جب ہم چاہیں گے اس معاہدہ سے علیحدہ ہو جائیں گے۔

سورہ توبہ کی آیت ۴ کے احکام کے ضمن میں اس کی تفصیل بیان کی جائے گی۔ (۱۲)

فائدہ:

﴿۵﴾ کفار سے کئے ہوئے معاہدے توڑنے سے پہلے انہیں مہلت دی جائے تا کہ وہ کردار اور اعمال پر نظر ثانی کر سکیں، اسلام کی طرف سے یہ رحم خسروانہ ہے، ممکن ہے کہ وہ ان اعمال سے باز آ جائیں جن میں مسلمانوں کا ضرر ہو یا اسلام قبول کر لیں یا کم از کم مسلمانوں کے مطیع بن جائیں، حضور سید عالم ﷺ نے کفار عرب کو تنسیخِ معاہدات کے لئے چار ماہ کی طویل مدت مرحمت فرمائی۔ (۱۳)

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۷

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۸۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۴۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۱۷

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۴

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۱۸

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۷

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۴

marfat.com

﴿۶﴾ تنسیخِ معاہدہ کے لئے اگر مدت مقرر کردی گئی ہوتو اس کی پاسداری ضروری ہے، قبل از وقت ان کے خلاف کارروائی جائز نہیں، البتہ اگر وہ از خود معاہدہ کی خلاف ورزی کریں تو بغیر اطلاع یا مہلت ان کے خلاف کارروائی جائز ہے۔(۱۴)

﴿۷﴾ کسی مسلمان کو اگر گناہوں کے باوجود مواخذہ سے ڈھیل اور مہلت ملی ہوتو اسے مغرور نہ ہونا چاہئے، رب کریم جل وعلا ڈھیل دیتا ہے مگر جب گرفت فرماتا ہے تو اس کی گرفت سے بچنا ممکن نہیں، اسی کا ارشاد ہے۔

اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ ☆

(سورۃ البروج آیت، ۱۲)

بے شک تیرے رب کی گرفت بہت سخت ہے۔

جس طرح مشرکینِ عرب کو چار ماہ کی مہلت دی گئی تا کہ وہ سنور جائیں اسی طرح گناہ گار کے لئے مہلت سنورنے، نیک راہ چلنے اور توبہ کے لئے ہوتی ہے۔(۱۵)

---

(۱۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۷، ۷۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۸۹۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۶۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۱۹

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۳۷

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۴۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۵

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۳۲

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ، ص ۳۰۷

(۱۵) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۴۴، ۴۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۱۹

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۵

marfat.com

﴿۸﴾ حربی کافر سے دوستی حرام ہے اس سے قطع موالات ہونا لازمی ہے۔(۱۶)

﴿۹﴾ حضور سید عالم ﷺ کی طرف کسی ایسی شئ کی نسبت کرنا جائز نہیں جو آپ کی شانِ رفیع کے لائق نہیں، کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ کوئی کمتر شئ یا کلمہ آپ کی طرف منسوب کرے، مشرکینِ عرب سے معاہدہ حضور اکرم ﷺ نے کیا لیکن کافروں نے اس معاہدہ کو توڑ دیا، اللہ تعالیٰ نے ٹوٹا ہوا معاہدہ حضور علیہ السلام کی طرف نہ کیا بلکہ اس کی نسبت مسلمانوں کی طرف کردی، "عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ" میں اسی طرف اشارہ ہے۔(۱۷)

﴿۱۰﴾ جس شئ سے محبوبِ ربّ العالمین نبی المرسلین ﷺ ناراض ہو جائیں اس سے اللہ تعالیٰ عزشانہ بھی ناراض ہو جاتا ہے، مشرکین کی بدعہدی سے رسول پاک صاحبِ لولاک ﷺ ناراض ہوئے اللہ تعالیٰ نے بھی اس سے اپنی ناراضی و بیزاری کا اعلان فرمادیا، مومن پر فرض ہے کہ وہ اپنے آقا و مولیٰ حامیٔ روزِ جزاء شفیع الوریٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کو کسی حال میں بھی ناراض نہ کرے، آپ ﷺ کے احکام کی تعمیل کرے ورنہ اللہ تعالیٰ اس بندۂ مومن سے ناراض ہو جائے گا، حضور نبی پاک ﷺ کی رضا میں اللہ تعالیٰ کی رضا اور آپ ﷺ کی ناراضی میں اس کی ناراضی ہے۔(۱۸)

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۷۶

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۸۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۶۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۱۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵،ص۱۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵،ص۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۳۸۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۴۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵،ص۲۱۷

(۱۷) ☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵،ص۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵،ص۲۱۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۴۲

(۱۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۶۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۳۸۲

marfat.com

﴿۱۱﴾ اثنائے گفتگو میں رسول اللہ ﷺ کے نامِ نامی اسمِ گرامی کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر کرنا برکت وسعادت کا باعث ہے، مشرکینِ عرب سے برأت رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ہوئی مگر اللہ تعالیٰ کا نام بطور برکت ہے، قرآن مجید، احادیث طیبہ اور سیرت صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں اس کے جابجا نمونے موجود ہیں، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ☆ (۱۹)

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ سنتا جانتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ سے آگے بڑھنا تو متصور ہے مگر اللہ تعالیٰ سے آگے بڑھنا کیسے ممکن ہے، یہاں اللہ تعالیٰ کا ذکر بطور برکت اور عظمتِ رسول کے لئے ہے۔

رسول اکرم ﷺ کے سوال پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اکثر عرض کرتے:

اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ (۲۰)

اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے۔(۲۱)

﴿۱۲﴾ کوئی کافر مشرک، ملحد، زندیق بیت اللہ شریف کا حج نہیں کرسکتا بلکہ اسے حرمین شریفین (زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً) کی حدود

---

(۱۹) ☆ (سورۃ الحجرات آیت، ۱)

(۲۰) ☆ رواہ البخاری فی کتاب الایمان و کتاب العلم و کتاب الصلوٰۃ و کتاب الاذان و کتاب الاستسقاء و کتاب التہجد و کتاب الجنائز و کتاب الفتن و کتاب الاحاد و کتاب التوحید و کتاب المغازی

☆ ورواہ مسلم فی کتاب الایمان و کتاب الصلوٰۃ و کتاب التوبہ و کتاب القسامہ و کتاب الزہد

☆ ورواہ ابوداؤد فی کتاب السنۃ و کتاب الحدود و کتاب الفتن و کتاب الوتر و کتاب الطب و کتاب الملاحم

☆ ورواہ الترمذی فی کتاب الفتن و کتاب القیامۃ و کتاب الادب و کتاب التفسیر

☆ ورواہ النسائی فی کتاب الایمان و کتاب الافتتاح و کتاب الجنائز و کتاب السہو

☆ ورواہ ابن ماجہ فی المقدمۃ و کتاب الزہد و کتاب الفتن

☆ ورواہ مالک فی المؤطا فی کتاب السفر و کتاب الاستسقاء و کتاب صفۃ النبی

☆ ورواہ احمد فی مسندہ

☆ بحوالہ المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی، ج ۴، ص ۳۳۸

(۲۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۳

marfat.com

میں داخل نہیں ہوسکتا، حرمین شریفین مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی حدود کافر کے ناپاک جسم کے لائق نہیں، اسی طرح بیت اللہ شریف کا برہنہ ہوکر طواف کرنا حرام ہے، بلکہ ایک دوسرے کے سامنے ستر عورت کھولنا حرام ہے، ۹ھ کو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی امارت میں ہونے والے حج کے عظیم مجمع میں، حضور شارعِ اسلام نبی اکرم رسول معظم ﷺ کے ارشاد کے مطابق حضرت سیدنا اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم نے اعلان فرمایا:

(ا) اگلے سال کوئی مشرک حج نہ کرے (کافروں کے لئے بیت اللہ شریف کا حج ہمیشہ کے لئے منع کر دیا گیا ہے۔)

(ب) آئندہ کوئی برہنہ ہوکر طواف نہ کرے۔

(ج) جنت میں سوائے مومن کے کوئی نہ جائے گا۔

(د) چار ماہ کے بعد ہمارا کفار سے کوئی معاہدہ نہ رہے گا۔ (۲۲)

﴿۱۳﴾ تلاوت قرآن مجید کی ابتداء میں "اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ" پڑھنا واجب ہے، خواہ کسی سورت کی ابتداء ہو یا درمیان میں۔ (۲۳)

---

(۲۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۷۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۴، ۶۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۱

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۶

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۸۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۴۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۱۲۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۱۸۵

(۲۳) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۸۲

marfat.com

﴿۱۴﴾ قرآن مجید کی کتابت کے دوران کسی سورت کے ابتداء میں تعوذ لکھنا جائز نہیں، اسی طرح شاگرد کے لئے اپنے استاد کے سامنے تعوذ پڑھنا جائز نہیں۔(۲۴)

﴿۱۵﴾ سورہ فاتحہ کی ابتداء میں اور سوائے سورہ توبہ کے، ہر سورت کی ابتداء میں لکھنی اور پڑھنی لازمی ہے، اسی پر اجماع امت ہے۔(۲۵)

﴿۱۶﴾ مردوں کو بالخصوص سورہ برأت اور عورتوں کو سورۃ النور سکھانا شریعت میں تاکیدی حکم ہے، تاکہ مردوں کو جہاد اور عورتوں کو پردہ اور حیاء کے مسائل معلوم ہو سکیں۔(۲۶)

﴿۱۷﴾ جہاں نص موجود نہ ہو وہاں قیاس کرنا جائز ہے، سورہ انفال اور سورہ توبہ کی کتابت کے دوران کا عمل اسی امر پر دلالت کرتا ہے۔(۲۷)

﴿۱۸﴾ حضور جانِ کائنات، باعثِ تخلیقِ کونین سید المرسلین ﷺ کے وصال پر ملال کے بعد سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ اول منتخب ہوئے، تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا اسی پر اجماع ہوا، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم سمیت تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ کی خلافت بلافصل کو قبول کیا اور آپ کی اقتداء میں جہاد وغیرہ امور سلطنت میں حصہ لیا، مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ سیدنا ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت علی منہاج النبوّت پر صدقِ دل سے ایمان رکھے، ورنہ قرآن سے ایمان اٹھ جائے گا، کیونکہ قرآن مجید کتابی شکل میں

---

(۲۴) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۳

(۲۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۲

(۲۶) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۲، ص ۴۲

(۲۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۸۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۶۳

marfat.com

آپ کی خلافت میں آپ ہی حکم سے جمع ہوا، امت پر صدیق اکبر کا یہ احسانِ عظیم ہے۔(۲۸)

﴿۱۹﴾ گناہوں سے محفوظ بچوں کی بعض صفات قابلِ تقلید ہوتی ہیں، مثلاً

(ا) اپنے رزق کے لئے کوئی اہتمام نہیں کرتے، رب تعالیٰ انہیں وقت پر غذا مہیا فرما دیتا ہے۔

(ب) جب انہیں کوئی مرض لاحق ہو جائے تو وہ اپنے خالق کا شکوہ نہیں کرتے۔

(ج) کھانا مل کر کھاتے ہیں۔

(د) جھگڑنے کے جلدی بعد آپس میں صلح کر لیتے ہیں، ایک دوسرے سے کدورت نہیں رکھتے۔

(ہ) جب کبھی کسی شئ سے ڈرتے ہیں فوراً روتے اور آنسو بہاتے ہیں۔

یہ مبارک صفات اگر کسی مومن میں پائی جائیں تو وہ درجہءِ ابدال پر فائز ہوتا ہے، بندہِ مومن کو ان صفات پر عمل کر کے قربِ خداوندی کے حصول میں کوشاں رہنا چاہئے۔

یاد رہے کہ ابدال اولیاء اللہ کے درجات میں سے ایک اعلیٰ درجہ ہے۔(۲۹)

☆☆☆☆☆

(۲۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۸،ص۶۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی ،مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۱۵

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی ،مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۱۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵،ص۲۱۹

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ ،کوئٹہ، ج۳،ص۳۸۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص۴۴،۴۵

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۲۶

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۸۵

(۲۹) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ ،کوئٹہ، ج۳،ص۳۸۲،۳۸۳

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۱۸۳):

﴿جہاد کے بعض احکام اور دیگر مسائل﴾

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ☆ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـــًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ☆ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ☆ (سورۃالتوبہ آیات، ۳، ۴، ۵)

اور منادی پکار دیتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے، سب لوگوں میں، بڑے حج کے دن، کہ اللہ بیزار ہے مشرکوں سے اور اس کا رسول، تو اگر تم توبہ کرو تو تمہارا بھلا ہے اور اگر منہ پھیرو تو جان لو کہ تم اللہ کو تھکا نہ سکو گے، اور کافروں کو خوشخبری سنا دو دردناک عذاب کی، مگر وہ مشرک، جن سے تمہارا معاہدہ تھا، پھر انہوں نے

marfat.com

تمہارے عہد میں کچھ کمی نہیں کی اور تمہارے مقابل کسی کو مدد نہ دی تو ان کا عہد ٹھہری ہوئی مدت تک پورا کرو، بے شک اللہ پرہیز گاروں کو دوست رکھتا ہے، پھر جب حرمت والے مہینے نکل جائیں تو مشرکوں کو مارو جہاں پاؤ اور انہیں پکڑو اور قید کرو اور ہر جگہ ان کی تاک میں بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو، بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

حل لغات:

"اَذَانٌ": بمعنیٰ اعلان کر دینا، اطلاع دینا ہے، نماز کی اطلاع کو اذان کہتے ہیں، جس کے مخصوص کلمات ہیں۔ آیت میں لغوی معنیٰ مراد ہیں، اصطلاحی معنیٰ مراد نہیں۔

آیت کا مفہوم یہ ہے حج اکبر کے روز اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے یہ اعلان ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ تمام کافروں سے بیزار ہیں۔(۱)

---

(۱)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج ۳،ص ۱۰
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان. ج ۲،ص ۱۹۵
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج ۸،ص ۶۹
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۱۵،ص ۲۲۱
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ. ج ۲،ص ۳۷
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر. ج ۲،ص ۳۳۲
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی .ص ۳۲۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ). ج ۵،ص ۶
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ. ج ۳،ص ۳۸۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج ۱۰،ص ۴۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور ، ج ۲،ص ۲۱۶
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور ، ج ۲،ص ۲۱۶
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی. ج ۵،ص ۱۸۳
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴،ص ۱۴۶

marfat.com

"**بَرِیْءٌ**": بَرَاءَ ةٌ سے صفت مشبہ ہے، بمعنیٰ بیزار، لاتعلق۔

اس کلمہ کی لغوی اور مرادی تحقیق سورہ توبہ (آیت،۱) میں گذر چکی ہے۔

"**مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ**": مشرک اگرچہ شرک کرنے والے کافر کو کہتے ہیں مگر آیت مبارکہ میں اس سے مراد ہر حربی کافر ہے، خواہ اہل کتاب ہو یا مطلقاً کافر، ہنود، یہود، مجوس، نصاریٰ وغیرہ ہر حربی کافر سے دوستی حرام ہے۔(۲)

"**یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ**": حج اکبر کے روز۔

حج اکبر سے مراد، نو ذی الحجہ میں وقوف عرفات کا دن ہے، کیونکہ یہ حج کا رکن اعظم ہے، چونکہ عمرہ کو حج اصغر کہتے ہیں، عمرہ کے مناسک حج کے مناسک سے کم ہوتے ہیں، اس لئے ہر حج کو حج اکبر کہتے ہیں۔

یوم نحر یا ایام حج کو بھی حج اکبر کہا گیا ہے۔

۹ھ میں منیٰ میں حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے سورہ توبہ کی آیات تلاوت فرمائیں، اور ۱۰ھ میں حضور سید عالم ﷺ نے عرفہ کے علاوہ یوم نحر کو بھی خطبہ ارشاد فرمایا، ان ایام کو بھی حج اکبر سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حج میں یوم عرفہ اگر جمعۃ المبارک کو آجائے تو اسے بھی حج اکبر کہا جاتا ہے۔(۳)

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۴۸

(۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۰

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۶۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کونہ، ج ۳، ص ۳۸۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱

marfat.com

"**خَيْرٌ لَّكُمْ**": اے کافرو! اگر تم کفر ترک کر کے اسلام قبول کر لو تو اس میں سراسر تمہارا ہی فائدہ ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو تمہارے اسلام کی حاجت نہیں۔ (۴)

"**وَلَمْ يُظَاهِرُوا عَلَيْكُمْ اَحَدًا**": اور تمہارے مقابل کسی کو مدد نہ دی۔

کافر اگر مسلمانوں کے خلاف لڑے، یا لڑنے کی تیاری رکھے یا کسی لڑنے والے کی کسی طرح مدد کرے تو وہ حربی ہے، غیر حربی کافر سے معاملات جائز ہیں، حربی سے جائز نہیں۔ (۵)

"**اِنْسَلَخَ**": سَلَخَ کے مصدری معنیٰ ہیں، کسی شئ کا اپنے غلاف سے برآمد ہونا، بکری وغیرہ جانور کی کھال اتارنا تا کہ گوشت ظاہر ہو جائے۔ (۶)

"**اَلْاَشْهُرُ الْحُرُمُ**": حرمت والے مہینے۔

---

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۷۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۳
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۶

(۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۰۲
☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۳
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کونہ، ج۳، ص ۳۸۵

(۶) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۵۸۰
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۲۳۸
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج۱، ص ۱۳۸
☆ تاج العروس از علامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۶۱
☆ الفروق اللغویۃ، از ابوہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کونہ، ص ۳۳۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۱، ص ۷۲
☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کونہ، ج۳، ص ۳۸۷
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ حمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۴۸

marfat.com

ابتدائے اسلام بلکہ زمانہءِ جاہلیت میں رجب المرجب، ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم الحرم میں جنگ کرنا گناہ سمجھا جاتا تھا انہیں حرمت والے مہینے کہا جاتا ہے۔

ان میں جنگ کی حرمت منسوخ ہے۔(۷)

اس آیت میں حرمت والے مہینوں سے مراد وہ چار مہینے ہیں جن میں مشرکین سے کئے ہوئے معاہدوں کے ختم ہونے کی مدت کا اعلان ۹ھ میں ہو چکا ہے۔(۸)

"**حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ**": جہاں بھی تم ان حربی کافروں کو پاؤ، اس میں حرم کا استثنیٰ ہے۔(۹)

"**خُذُوْهُمْ**": انہیں گرفتار کرلو اور قید میں ڈال دو۔

"**وَاحْصُرُوْهُمْ**": ان کا محاصرہ کرلو، حربی کافر اگر قلعہ بند ہو جائیں یا کسی شہر میں بند ہو جائیں تو اس قلعہ یا شہر کا محاصرہ کرلو، اس کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ انہیں حدود حرم میں داخل ہونے سے روک دو۔(۱۰)

---

(۷) (ملاحظہ ہو، احکام القرآن، جلد اول، سورۃ البقرہ، آیت، ۱۹۴)

(۸) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۔
تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۰
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ۳۸۔
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸
مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۹
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۸
التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۴۸

(۹) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۱، ص ۹۰۲
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۔
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۳۔۱۹۱

(۱۰) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۱
احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۲
التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۴۸
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ، ج ۵، ص ۱۸۸

marfat.com

"**وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ**": مَرْصَدٌ گھات کو کہتے ہیں، یعنی کافروں کو گرفتار کرنے کے لئے ہر گھات میں ان کی تاک میں رہو۔(۱۱)

"**فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ**": تو ان کی راہ چھوڑ دو۔

کافر اگر کفر سے توبہ کرے اور ارکانِ اسلام کی ادائیگی کا اقرار کر کے انہیں ادا کرے تو اس پر سے ہر عائد پابندی دور کر دو، اسے آزاد کر دو۔(۱۲)

شانِ نزول:

عرب کے مشرک قبائل کے ساتھ حضور سید عالم ﷺ نے امن کے معاہدے کر رکھے تھے، ان میں سے اکثر نے اپنے عہد کو توڑا، جنہوں نے عہد توڑا انہیں چار ماہ کی مہلت دی گئی کہ اس عرصہ میں اپنی عاقبت سنوارنے کے لئے اسلام قبول کر لیں یا پھر تلوار کے لئے تیار ہو جائیں، ان چار ماہ میں ان سے تعرض نہ کیا جائے گا، چار ماہ گذر جانے کے بعد وہ اپنے انجام کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

بعض قبائل وہ تھے جنہوں نے معاہدے کی پوری پاسداری کی، تمام شرائط کو پورا کیا، ان میں بنی کنانہ قابل ذکر ہے، ان سے معاہدے کی مدت نو ماہ باقی تھی، ان کے بارے میں یہ حکم نازل ہوا کہ جنہوں نے معاہدہ نہیں توڑا

---

(۱۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۱۸۸

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۷۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۵

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۷

marfat.com

اور مسلمانوں کے خلاف کفار کی مدد نہیں کی ان کے معاہدے کی مدت پوری کی جائے۔(۱۳)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ارکانِ اسلام نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ وغیرہ کی ادائیگی کے وقت اور طریقِ ادائیگی جس طرح جاننا ہر مسلمان پر فرض ہے اسی طرح جہاد کی فرضیت کا وقت اور اس کی ادائیگی کا علم حاصل کرنا ہر صاحبِ استعداد مسلمان پر فرض ہے۔(۱۴)

﴿۲﴾ کفار سے اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ اور اس کا محبوب رسول ﷺ، بلکہ جمیع انبیاء واولیاء اور مقربین بارگاہ بیزار ہیں، کفار و مشرکین کا ان کے ساتھ محبت کا کوئی تعلق نہیں، اس لئے مسلمان کے لئے لازم ہے کہ وہ ہر کافر ومشرک سے موالات ترک کردے ان کے ساتھ دوستی حرام ہے، البتہ معاملات کی اجازت ہے۔(۱۵)

---

(۱۳) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۳
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۴۶
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۹
(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۷۱
(۱۵) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۰
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۵
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۳۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۴۶
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۳۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۶
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۱۸۲
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دار الفکر بیروت، ج۴، ص۱۴۶
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ص۴۴۸

marfat.com

اور مسلمانوں کے خلاف کفار کی مدد نہیں کی ان کے معاہدے کی مدت پوری کی جائے۔(۱۳)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ارکانِ اسلام نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ وغیرہ کی ادائیگی کے وقت اور طریقِ ادائیگی جس طرح جاننا ہر مسلمان پر فرض ہے اسی طرح جہاد کی فرضیت کا وقت اور اس کی ادائیگی کا علم حاصل کرنا ہر صاحبِ استعداد مسلمان پر فرض ہے۔(۱۴)

﴿۲﴾ کفار سے اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ اور اس کا محبوب رسول ﷺ، بلکہ جمیع انبیاء واولیاء اور مقربین بارگاہ بیزار ہیں، کفار و مشرکین کا ان کے ساتھ محبت کا کوئی تعلق نہیں، اس لئے مسلمان کے لئے لازم ہے کہ وہ ہر کافر ومشرک سے موالات ترک کردے ان کے ساتھ دوستی حرام ہے، البتہ معاملات کی اجازت ہے۔(۱۵)

---

(۱۳) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۳
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۴۶
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۹
(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۷۱
(۱۵) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص۲۲۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۰
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۸۹۵
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۶۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۳۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۴۶
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۳۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۶
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۱۸۲
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دار الفکر بیروت، ج۴، ص۱۴۶
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۱۷
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ص۴۴۸

marfat.com

﴿۳﴾ حج عمر میں ایک بار فرض ہے، حج کے ایام مخصوص ہیں، ان کے علاوہ دیگر ایام میں حج ادا نہیں ہوتا۔(۱۶)

﴿۴﴾ وقوف عرفات اگر جمعہ کے روز ہو تو اس کے حج کا ثواب دیگر حجوں سے زیادہ ہے، اسے حج اکبر بھی کہتے ہیں، روایت ہے۔

اَنَّ الْوَقْفَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ تَعْدِلُ سَبْعِيْنَ حَجَّةً

جمعہ کے روز وقوف عرفات ستر حجوں کے ثواب کے برابر ہے۔

ایسے حج میں شرکت کی کوشش باعث سعادت ہے۔(۱۷)

﴿۵﴾ عمرہ کرنا واجب نہیں اجر جزیل اور سعادت دارین کا موجب ہے، عمرہ کو حج اصغر بھی کہتے ہیں، ایام حج (یوم ترویہ، یوم عرفہ، یوم نحر ورمی) میں عمرہ کرنا جائز نہیں، ایام حج کے علاوہ دیگر ایام میں جب چاہے، جتنی مرتبہ چاہے، دن ہو یا رات، عمرہ کرنا جائز ہے۔(۱۸)

﴿۶﴾ اہم اعلان کو مجمع عام میں بآواز بلند کرنا چاہئے، اعلان جتنا اہم ہو اسی مناسبت سے اس کی تشہیر لازمی ہے، کفار

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۸۰

(۱۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۸۰

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲ ،ص ۸۹۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲ ،ص ۲۱۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۳۸۵

(۱۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۸۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۷۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵،ص ۲۲۱

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۳۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲ ،ص ۲۱۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲ ،ص ۲۱۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۳۸۵

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص ۴۶

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۱۸۲

marfat.com

ومشرکین سے بیزاری اوران سے متعلق دیگراحکام کا اعلان حضورسید عالم ﷺ نے ۹ھ کوحج کے موقعہ پرسیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کروایا۔(۱۹)

﴿۷﴾ حرم مکہ معظّمہ اورحرم مدینہ منورہ میں کافر،مشرک کا داخل ہونا ممنوع وحرام ہے،ان مقدس مقامات کی حفاظت ہر مسلمان کا فریضہ ہے۔(۲۰)

﴿۸﴾ رجب المرجب،ذی قعدہ،ذی الحجہ اورمحرم میں قتال کی حرمت منسوخ ہوچکی ہے،ان مہینوں میں اوران کے علاوہ جب بھی جہاد کی ضرورت ہو جہاد کرنا جائز ہے۔

قرآن مجید کی وہ آیات جن میں مسلمانوں کو کفار کی تکالیف پر اعراض،صبر اور معافی وغیرہ کا حکم دیا گیا وہ آیات منسوخ ہیں مثلاً

فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ☆ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۰۹)

تو چھوڑ دو اور درگذر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے ، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اب ان منسوخ آیات پر عمل جائز نہیں بلکہ عمل ناسخ آیات پر ہوگا۔(۲۱)

(۱۹) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۱

(۲۰) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۵

(۲۱) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۴۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۷

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۸۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج ۸، ص ۷۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونہ، ج ۳، ص ۳۸۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج ۵، ص ۱۸۸

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ، ص ۳۰۹

marfat.com

﴿۹﴾ مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کافروں اور مشرکوں یا جنگ پر آمادہ یا مسلمانوں کے خلاف لڑنے والی قوموں کو مدد دینے والوں سے سوائے حرم کے ہر جگہ قتال کرنا جائز ہے، حرم شریف کی حرمت کی بنا پر وہاں ان سے جنگ جائز نہیں، البتہ اگر کافر حرم کے اندر یا ماہ ہائے حرام میں اپنی طرف سے جنگ چھیڑ دیں (حدود حرم اور ماہ ہائے حرام کا احترام نہ کریں) تو ایسی صورت میں مسلمانوں کو جوابی جنگ کرنا جائز ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَلَاتُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَالْمَسْجِدِالْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۔ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ☆ (سورۃ البقرۃ آیت، ۱۹۱)

اور مسجد حرام کے پاس ان سے نہ لڑو جب تک وہ تم سے وہاں نہ لڑیں اور اگر تم سے لڑیں تو انہیں قتل کرو، کافروں کی یہی سزا ہے۔

فتح مکہ شریف کے موقعہ پر سید العالمین رحمۃ للعالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَهِيَ حَرَامٌ ۔ بِحَرَامِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَمْ تَحِلُّ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَاتَحِلُّ لِاَحَدٍ ۔ بَعْدِيْ وَلَمْ تَحِلَّ لِيْ قَطُّ اِلَّاسَاعَةً ۔ مِنَ الدَّهْرِ لَاتُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَ يُعْضَدُ شَوْكُهَا وَلَايُخْتَلٰى خَلَاهَاوَلَاتَحِلُّ لُقْطَتُهَااِلَّالِمُنْشِدٍ الحدیث (۲۲)

زمین وآسمان کی پیدائش کے روز سے اللہ تعالیٰ نے مکہ معظمہ کو حرمت والا بنایا ہے یہ اللہ کے حرام کئے سے قیامت تک حرمت والا ہے، مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہ ہوا اور نہ میرے بعد حلال ہوگا اور میرے لئے صرف ایک گھڑی بھر حلال ہوا، اس کے شکار کو بھگایا نہ جائے گا، نہ اس کا کانٹا کاٹا جائے گا، اس کی تر گھاس نہ کاٹی جائے گی، اس کی گری پڑی شئ صرف تلاش کرنے والے کے لئے حلال ہے۔ (۲۳)

---

(۲۲) ☆ رواہ البخاری عن عباس بن عبدالمطلب ومجاھدو ابی ھریرۃ ، ج۲ ،ص۲۱۷

(۲۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲ ،ص۹۰۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸ ،ص۷۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵ ،ص۱۸۳، ۱۸۷، ۱۸۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج۱۵ ،ص۲۲۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳ ،ص۳۸۵

marfat.com

﴿۱۰﴾ لشکر اسلام کا جب دشمن سے مقابلہ ہو جائے تو اسے تین شرطیں پیش کی جائیں ان میں جو شرط قبول کر لے اس کے مطابق اس سے سلوک کیا جائے۔

اول: اسے اسلام کی دعوت دی جائے، اگر وہ قبول کر لے تو وہ بھائی ہیں، ان کے حقوق دیگر مسلمانوں کے حقوق کی مانند ہیں۔

دوم: اگر اسلام قبول نہ کریں تو انہیں دعوت دی جائے کہ وہ مسلمانوں کے مطیع اور فرمانبردار ہو کر رہیں اور اپنی حفاظت کے عوض جزیہ ادا کریں، اگر وہ جزیہ دینے پر راضی ہو جائیں تو وہ حاکمِ اسلام کی رعایا ہیں، دیگر رعایا کی طرح ان کے حقوق محفوظ ہو جائیں گے۔

سوم: مذکورہ بالا دونوں صورتیں اگر قبول نہ کریں تو قتال کے لئے تیار ہو جائیں، مسلمان ان کے خلاف جنگ کریں۔(۲۴)

﴿۱۱﴾ کفار سے قتال میں ہر جنگی ہتھیار استعمال کرنا جائز ہے، خواہ قدیم ہو یا جدید، مثلاً تلوار، نیزہ، تیر، بندوق، میزائل، بم وغیرہ، البتہ کسی کو باندھ کر نیزہ مارنا، یا میت کا مُثلہ کرنا حرام ہے۔(میت کے اعضاء کان، ناک، آنکھ وغیرہ کاٹنا مُثلہ ہے)۔حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ کَتَبَ الْاِحْسَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ فَاِذَاقَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَاِذَاذَبَحْتُمْ فَاَحْسِنُوا الذِّبْحَ الحدیث (۲۵)

اللہ تعالیٰ نے ہر شئ میں بھلائی کرنا فرض کر دیا ہے، جب تم کسی کو قتل کرو تو اچھے انداز میں قتل کرو اور جب تم ذبح کرو تو اچھے انداز میں ذبح کرو۔(۲۶)

﴿۱۲﴾ جنگ میں عورتوں، بچوں، راہبوں اور ادنیٰ خدام قتل کرنا جائز نہیں۔(۲۷)

---

(۲۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۸۱

(۲۵) ☆ رواہ الائمہ احمدومسلم وابوداؤدوالترمذی والنسائی وابن ماجہ عن شدادبن اوس

☆ بحوالہ کنزالعمال ،ج۶،ح۱۵۶۰۹

(۲۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۰۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۷۲،۷۳

(۲۷) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۰۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۷۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۴۸

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵،ص ۱۸۸

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۸۱

marfat.com

﴿۱۳﴾ اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے محبوب رسول ﷺ کے باغی حربی کفار سے جنگ میں ان کو زندہ گرفتار کر کے قیدی بنانا جائز ہے، اس سے کفار کا زور ٹوٹ جائے گا اور دوسرے مقابلہ کی ہمت نہ کریں گے، ممکن ہے وہ قید میں رہ کر اسلام کی حقانیت کا مشاہدہ کرلیں اور مسلمان ہو جائیں، ایسی صورت میں ان کا آزاد کر دینا جائز ہے، آیت مبارکہ میں اس کی وضاحت وصراحت ہے، غزوات میں نبی اکرم ﷺ اور دیگر جہادوں میں خلفاء راشدین اور خلفاءِ اسلام نے دشمن کے افراد کو جنگی قیدی بنایا، اس سے دشمن کا زور ٹوٹ گیا اور بعض خوش بختوں نے دولتِ اسلام قبول کر لی۔ (۲۸)

﴿۱۴﴾ حربی کفار کو جنگ میں قلعوں، شہروں، مورچوں اور ان کے محفوظ مقامات کا محاصرہ کرنا، ان کا سامانِ رسد روک دینا اور ان کی نقل وحرکت محدود کر دینا جائز ہے، محاصرہ سے تنگ آ کر وہ صلح پر آمادہ ہو جائیں گے اور اسلام کے خلاف سازشوں اور دشمنی سے دستبردار ہو جائیں گے، محاصرہ میں اگرچہ وہ بھی ہوں گے جن کا قتال جائز نہیں مثلاً عورتیں، بچے، ضعیف، راہب وغیرہ، چونکہ ان کی تعداد قلیل ہوتی ہے اکثریت تو محاربین کی ہوتی ہے انہیں کا اعتبار ہے، آیت مبارکہ میں "وَاحْصُرُوْهُمْ" کا واضح ارشاد موجود ہے، غزوات میں نبی اکرم رسول

(۲۸)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۱
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۷۲
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۳۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۷
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۷
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۳۵
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۷
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۰
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۸۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۴۸

marfat.com

معظم ﷺ نے دشمنوں کے قلعوں، شہروں کا محاصرہ کیا، بالآخر وہ مطیع ہوئے۔(۲۹)

﴿۱۵﴾ حربی کفار قیدیوں کے بارے میں حاکمِ اسلام کو اختیار ہے کہ اسلام اور مسلمانوں کے لئے جو عمل نافع ہو، وہ کرے، ارشاد ربانی ہے۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ۔ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۔ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا.....الآية (سورۃ محمد آیت، ۴)

تو جب کافروں سے تمہارا سامنا ہو تو گردنیں مارنا ہے یہاں تک کہ انہیں خوب قتل کر لو تو مضبوط باندھو پھر اس کے بعد چاہے احسان کر کے چھوڑ دو چاہے فدیہ لے لو، یہاں تک کہ لڑائی اپنا بوجھ رکھ دے۔(۳۰)

(۲۹)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۱
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۸، ص ۷۳
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر. ج۲. ص ۳۳۵
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۱۵، ص ۲۲۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونیہ، ج۳، ص ۳۸۷
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۷
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۷
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۰
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۴۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی. ج۵، ص ۱۸۷
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۳۷

(۳۰)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۸، ص ۷۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۱۵، ص ۲۲۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی. ج۵، ص ۱۸۵
☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ. ص ۳۰۹

marfat.com

﴿۱۶﴾ حالتِ اکراہ میں کافر نے اسلام قبول کرلیا تو اسے تسلیم کرلیا جائے۔(۳۱)

﴿۱۷﴾ حربی کفار کی نقل وحرکت پر گہری نظر رکھنا، انہیں دارالحرب تک محدود رکھنا، دارالاسلام اور حدودِ حرم کی حفاظت رکھنا کہ وہ وہاں داخل نہ ہوسکیں، جائز ہے، اسلامی ممالک میں کفار پر پاسپورٹ اور ویزا کی موجودہ پابندی کا جواز اس آیت سے مستنبط ہوسکتا ہے، حربی اگر دارالاسلام میں اجازت اور اذن لے کر داخل ہو تو محدود مدت تک اجازت دینا جائز ہے۔(۳۲)

﴿۱۸﴾ کافر کی کفر سے سچی توبہ اور اسلام اور اسلامیات کی طرف کامل رجوع زمانہء کفر کے تمام گناہ کو معاف کردیتی ہے، توبہ کے بعد زمانہءِ کفر کے گناہوں پر مواخذہ نہ ہوگا، آیت مبارکہ نے واضح فرمادیا کہ حربی اگر سچی توبہ کرلے اور ارکانِ اسلام کی ادائیگی کرے یا ادائیگی پر آمادہ ہوجائے تو اسے قید وقتل سے آزاد کردو، حدیث شریف میں ہے۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّاذَنْبَ لَهٗ (۳۳)

گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے گویا اس نے کوئی گناہ نہیں کیا۔(۳۴)

---

(۳۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸

(۳۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۷

(۳۳) ☆ رواہ ابن ماجہ عن ابن مسعود والحکیم والترمذی عن ابن سعید، جامع صغیر، ج ۱، ص ۲۲۹

(۳۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۱، ص ۲۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۵، ص ۲۲۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد حارن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۳۴۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۰

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۵

marfat.com

﴿۱۹﴾ ضروریاتِ دین کی تصدیق ایمان ہے، اعمال ایمان کا جز نہیں، البتہ اعمالِ حسنہ ایمان کے حسن اور تکمیل میں معاون ہیں، حربی کافر اگر کفر سے توبہ کرلے اور ابھی نماز ادا نہ کر سکے تو اس کا قتل کرنا حرام ہے۔(۳۵)

﴿۲۰﴾ فرائضِ اسلام میں سے کسی ایک کا انکار کفر ہے، اسی طرح قرآن مجید کی کسی آیت یا حرف کا انکار کیا وہ بھی اسی طرح کافر ہے جس طرح تمام قرآن مجید کا انکار کرنے والا، امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ کی فرضیت کا انکار کرنے والوں سے جہاد فرمایا جس میں جمہور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم شامل تھے یا ان کی رضا شامل تھی۔(۳۶)

﴿۲۱﴾ نماز کی پابندی کرانا، زکوٰۃ کو وصول کر کے مستحقین میں تقسیم کرنا حاکمِ اسلام کے فرائض منصبی میں شامل ہے، البتہ اگر کوئی شخص اپنے طور پر مال، دولت، مویشی، سامانِ تجارت، زیور وغیرہ کی زکوٰۃ ادا کر دے تو جائز ہے۔(۳۷)

﴿۲۲﴾ اعتراف واقرار فرضیتِ نماز، روزہ اور دیگر ارکانِ اسلام کے باوجود جو شخص نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کا تارک ہے وہ کافر نہیں، البتہ فاسق مردود الشہادت ہے۔(۳۸)

---

(۳۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۷۴
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۴۹
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۷
(۳۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۲
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۳
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۷۲، ۷۴
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱
(۳۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۳
(۳۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۲

marfat.com

﴿۲۳﴾ نماز اور زکوٰۃ کے تارک مسلمان کو سلطانِ اسلام قید کر سکتا ہے، انہیں جسمانی سزا ضرب وغیرہ دی جا سکتی ہے، جب یہ توبہ کر کے نماز ادا کریں تو انہیں چھوڑ دیا جائے۔(۳۹)

﴿۲۴﴾ جس مسلمان نے کسی واجب کو چھوڑ دیا وہ فاسق ہے اور جس نے کسی نفل یا مستحب کو ترک کیا وہ فاسق نہیں، البتہ اگر کسی نے نفل کی فضیلت کا انکار کرتے ہوئے اسے چھوڑا تو وہ کافر ہے، کیونکہ اس نے "مَاجَآءَ بِهِ النَّبِیُّ ﷺ" کا انکار کر دیا۔(۴۰)

﴿۲۵﴾ مسلمان کی جان، اس کا مال، اس کی عزت وآبرو کو نقصان یا ایذا دینا حرام ہے، حجر اسود کو بوسہ دینا اگرچہ فضیلت وسعادت ہے مگر کسی مسلمان کو ایذا دے کر اس کا بوسہ ناجائز ہے، حجۃ الوداع کے عظیم الشان موقعہ پر حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

فَاِنَّ دِمَآءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ وَاَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَافِیْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِیْ بَلَدِكُمْ هٰذَا الحدیث (۴۱)

بیشک تمہارے خون، تمہارے مال اور تمہاریں عزتیں آپس میں حرام ہیں، آج کے دن، اس مہینے اور اس شہر کی حرمت کی طرح۔(۴۲)

﴿۲۶﴾ بیت اللہ شریف کا برہنہ طواف کرنا حرام ہے بلکہ بغیر ضرورت ستر عورت حرام ہے۔(۴۳)

---

(۳۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان. ج۳، ص ۸۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص ۷۴

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۵۰

(۴۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص ۷۴

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

(۴۱) ☆ رواه الائمه البخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجه واحمدوالدارمی عن ابی بکرة

☆ بحواله المعجم المفهرس لالفاظ الحدیث، ج۲، ص ۱۴۸

(۴۲) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۲، ص ۸۹۶

(۴۳) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۲، ص ۸۹۶

marfat.com

﴿۲۷﴾ حدودِ حرم میں کافر داخل نہیں ہوسکتا۔ (۴۴)

﴿۲۸﴾ کثیر مجمع میں خطیب کی آواز اور اس کے احکام کو سامعین تک پہنچانا جائز ہے، اس کے لئے مکبّر کا تعین جائز ہے، ۹ھ کو حج کے موقعہ پر حضور شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حکم کے مطابق حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے خطبہ دیا اور حضور کے احکام پہنچائے، مجمع کی کثرت کے باعث سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے احکام کو بلند آواز سے سامعین تک پہنچایا، وعظ و نصیحت کے کثیر مجمع میں لاؤڈ سپیکر کا استعمال اسی بنا پر جائز ہے۔ (۴۵)

﴿۲۹﴾ بین الاقوامی معاہدے حاکمِ اسلام خود ادا کرے یا اس کا مجاز نائب، اسی طرح معاہدات کی منسوخی کا اعلان بھی حاکمِ اسلام یا اس کا مجاز نائب کرے، مشرکینِ عرب سے کئے ہوئے معاہدات کی منسوخی کا اعلان حضور سید عالم ﷺ کے قریبی رشتہ دار (چچازاد بھائی) حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ (۴۶)

﴿۳۰﴾ کسی شہر کے مسلمان اگر نماز ترک کردیں تو سلطانِ اسلام ان سے قتال کرے یہاں تک کہ وہ توبہ کریں۔ (۴۷)

﴿۳۱﴾ اسلام قبول کرنے میں مومن کا اپنا فائدہ ہے، اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے محبوب مصطفیٰ کریم ﷺ کا اس میں فائدہ نہیں، مومن محتاج ہے اور اللہ رسول (جل وعلا وﷺ) محتاج الیہ ہیں، اس لئے مومن کو اپنے ایمان کے عوض اللہ رسول (جل وعلا وﷺ) کا ممنون رہنا چاہئے۔ (۴۸)

﴿۳۲﴾ حقوق عہد کی پاسداری تقویٰ کی علامت ہے، رب تعالیٰ نے معاہدوں کی حفاظت کرنے والوں کو متقی فرمایا ہے، مومن پر لازم ہے کہ وہ ہر ایک عہد کی پاسداری کرے تاکہ تقویٰ کا پاکیزہ لقب اسے عطا ہوجائے۔ (۴۹)

اے اللہ! ہمیں تمام عہدوں کی پاسداری کی توفیق مرحمت فرما۔ آمین

☆☆☆☆☆

(۴۴) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۶

(۴۵) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۷

(۴۶) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۸۹۸

(۴۷) تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۱۸۲

(۴۸) التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۴۹

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۵، ص ۱۷

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۳

(۴۹) تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۱۹۱

انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۱

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۶

marfat.com

باب(۱۸۴):

مشرکین کا پناہ طلب کرنا، مستأمن اور ویزا

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَاِنۡ اَحَدٌ مِّنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ اسۡتَجَارَکَ فَاَجِرۡہُ حَتّٰی یَسۡمَعَ کَلٰمَ اللّٰہِ ثُمَّ اَبۡلِغۡہُ مَاۡمَنَہٗ ؕ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمۡ قَوۡمٌ لَّا یَعۡلَمُوۡنَ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت،۶)

اورائے محبوب !اگرکوئی مشرک تم سے پناہ مانگے تواسے پناہ دوکہ وہ اللہ کا کلام سنے، پھراسے اس کی امن کی جگہ پہنچادو، یہ اس لئے کہ وہ نادان لوگ ہیں۔

حل لغات:

"اِسۡتَجَارَکَ": جَوۡرٌ سے بناہے،اس کا معنٰی ہے پڑوسی بننا، پناہ۔

باب استفعال سے اس کا معنٰی ہے، کسی سے فریادرسی کرنا، پناہ لینا، پناہ چاہنا، امن طلب کرنا۔(۱)

آیت مبارکہ کا مفہوم یہ ہے کہ اے محبوب کریم!اگرکوئی وہ مشرک جس کا قتل کرنا جائز ہو چکا، آپ سے امن طلب کرے اورآپ کی پناہ لینا چاہے۔

---

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۲۱۹

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۱۰۳

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۵۷

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج ۳،ص ۱۱۳

marfat.com

"**فَاَجِرْهُ**": جَوْرٌ سے امر کا صیغہ ہے مراد یہ ہے کہ آپ اسے (امان طلب کرنے والے مشرک کو) پناہ دے دیں اسے اپنی امان میں لے لیں۔(۲)

"**حَتّٰی یَسْمَعَ کَلَامَ اللّٰہِ**": سَمْعٌ کا معنٰی ہے، سننا، دل کے کان سے سننا، سن کر سمجھنا۔(۳)

مراد یہ ہے کہ آپ کافروں کو اپنے ہاں پناہ دیں تا کہ وہ اللہ کا کلام قرآن سنیں، اس کے اوامر ونواہی جانیں، توحید، دلائل نبوت اور تکالیف شرعیہ کو سمجھ لیں، ان تمام امور کو دل کے کانوں سے سنیں اور بصیرت کی آنکھ سے دیکھ لیں تا کہ ایمان لے آئیں۔(۴)

(۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۵۔

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۹

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۲۲۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۸

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

(۳) ☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۲۴۔

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۳۹

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۴۲

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۵، ص ۳۸۱

marfat.com

"مَاْمَنَهٗ": مَاْمَنْ امن کی جگہ۔

اس مشرک کو، جس نے آپ ﷺ سے پناہ اور مہلت طلب کی تھی کہ کلام اللہ سن لے، سمجھ لے اگر وہ ایمان نہ لائے اور وہ اپنے شبہات دور نہ کر سکے تو اسے اپنے وطن پہنچا دو، اور پھر اگر وہ لڑے تو ان سے لڑو، امن کی حالت میں ان سے لڑنا منع ہے۔(۵)

حکایت: مولائے مشکل کشا سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ جب ۹ھ حج کے موقعہ پر سورت توبہ کی تلاوت فرما رہے تھے، جب آیت نمبر ۵ پر پہنچے تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر دریافت کیا کہ جن حربی کافروں کی مدت معاہدہ ختم ہو جائے اور ان کا قتل مباح ہو جائے ان میں اگر کوئی دینِ اسلام، قرآن مجید اور اس کے احکام سننے کا طالب ہو اور وہ حضور شارعِ مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر محدود وقت کے لئے امن کا خواستگار ہو تو کیا اسے بھی قتل کر دیا جائے گا، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم نے اسے ارشاد فرمایا، ذرا رک جاؤ، تیرے

---

(۴)
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۵
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۷۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۶
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۳
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۱
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۹
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۸۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

(۵)
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۳
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

marfat.com

سوال کا جواب اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے خود ارشاد فرمادیا ہے، چنانچہ آپ نے مذکورہ بالا آیت کی تلاوت فرمائی۔(۶)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ اگر کوئی کافر (خواہ وہ حربی ہو) دارالاسلام میں آکر حاکمِ وقت سے امن طلب کرے کہ میں اسلام کے احکام و نواہی سیکھنا اور سمجھنا چاہتا ہوں تو حاکمِ اسلام کا اسے امان دینا جائز ہے، جب تک وہ اجازت کے مطابق دارالاسلام میں رہے گا اس کی جان، مال کی حفاظت مسلمانوں پر فرض ہے، شریعت کی اصطلاح میں اسے ''مُستَأمَن'' کہا جاتا ہے۔(۷)

(۶)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۷۶
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۲۶
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۰
(۷)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۳
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۰۳
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۷۵
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۷
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۲۶
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۳۹
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۸
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۸
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۱۸۸
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۸۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۰
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۰

marfat.com

﴿۲﴾ اگر کوئی کافر تعلیم اسلام اور تفہیم قرآن مجید کے علاوہ کسی اور غرض سے دارالاسلام آکر امان طلب کرے اور اس میں مسلمانوں کا نفع ہو، یا مسلمانوں کا نقصان دور ہو، تو حاکمِ اسلام اسے بھی امان دے سکتا ہے، مثلاً سفارت، پیغام رسانی، تجارت، طلبِ صلح، عقدِ معاہدہ یا تجدید معاہدہ، ادائے جزیہ یا اپنے شبہات دور کرنے کے لئے طالبِ تحقیق ہو تو حاکمِ وقت کا اسے اجازت دینا جائز ہے، یہی حکم ہر مسترشدِ حق کا ہے، مدعی نبوت مسیلمہ کذّاب (علیہ اللعنۃ) حضور سید عالم ﷺ کے پاس طلبِ امان کے بعد آیا، آپ ﷺ نے اسے امان دی، اگرچہ اس کی ہرزہ سرائی موجبِ قتل تھی لیکن حضور ﷺ نے اسے امان دے کر واپس بھیج دیا، صرف اتنا فرمایا۔

لَوْلَااَنَّ الرُّسُلَ لَاتُقْتَلُ لَضَرَبْتُ عُنُقَکَ

اگر سفارت کاروں کا قتل جائز ہوتا تو میں تجھے قتل کر دیتا۔

عصر جدید میں اسے ''ویزا'' کہتے ہیں، جس کا اجراء جائز ہے۔(۸)

﴿۳﴾ کافر کو دارالاسلام میں آنے اور امن وامان کی حفاظت کی ضمانت حاکمِ اسلام یا اس کا مجاز نائب دے، کسی اور کی ضمانت معتبر نہیں۔

لہٰذا پاسپورٹ (جوازِ سفر) اور ویزا (قیام کی اجازت) حاکمِ وقت یا اس کے مجاز کی طرف سے ہونا لازمی ہے۔(۹)

﴿۴﴾ کافر کو امان دینے کی کوئی مدت متعین نہیں جب تک وہ اسلام کی حقانیت کو سمجھنا چاہے یا اس کی صحیح غرض پوری

(۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۷

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۲۸

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۱

(۹) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۷۶

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۲

marfat.com

ہوتی ہو اتنی مدت تک اس کو امان دینا جائز ہے، مدت کا تعین غرض کی تکمیل کے پیش نظر حاکمِ وقت یا اس کا مجاز خود مقرر کرے۔(۱۰)

﴿۵﴾ مدت امان پوری ہونے کے بعد مستامن کو اپنے ملک سے نکال دیا جائے، مدت پوری ہونے کے بعد اسے وہاں رہنا جائز نہیں، بغیر سبب یا عذرِ جائز کے مستامن کو مزید مہلت اور امان نہ دیا جائے۔(۱۱)

﴿۶﴾ دارالاسلام میں مقیم کافر اگر سلطانِ اسلام کا مطیع ہو کر رہے تو وہ ذمی کہلاتا ہے، ذمی اپنی حفاظت کے عوض حکومت کو جزیہ ادا کرتا ہے، ذمی دارالاسلام میں ہمیشہ مقیم رہ سکتا ہے، بخلاف مستامن کے، کہ وہ محدود وقت تک قیام کر سکتا ہے، البتہ اگر وہ دارالاسلام میں ہمیشہ کے لئے ذمی بن کر رہنا چاہے تو جزیہ ادا کر کے رہ سکتا ہے۔(۱۲)

﴿۷﴾ مسلمان اگر دارالحرب میں وہاں کے مجاز حاکم سے امان لے کر گیا تو مدت اجازت تک اس کا وہاں رہنا جائز

---

(۱۰) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۴
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۸
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۷

(۱۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۸۴
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۲۸
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۸۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۴
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۳۷
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۸
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۰۷

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۰
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

marfat.com

ہے، وہاں کا حاکم مسلمان کی جان، مال، آبرو کا محافظ ہوگا، عہد جدید میں مسلمانوں کا کافروں کے ملک میں ویزا لے کر جانا جائز ہے۔(۱۳)

﴿۸﴾ حربی کافر مسلمانوں کے ملک میں بغیر اجازت حاکمِ مجاز اگر داخل ہوگیا تو وہ خود اور اس کا مال (اگر اس کے پاس ہو) مسلمانوں کے لئے غنیمت ہے۔(۱۴)

﴿۹﴾ حربی کافر اگر دارالحرب میں مسلمان ہوگیا مگر وہاں اسے شرائع اسلام مثلاً نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج وغیرہ سکھانے والا کوئی نہیں، دارالاسلام آنے کے بعد اس پر دارالحرب کے زمانہ کی نماز، روزہ کا قضاء کرنا واجب نہیں، اگر وہ نومسلم اس زمانہ میں بغیر قضاء فرائض فوت ہوگیا تو اس پر ان شاء اللہ مواخذہ نہیں ہوگا، اور اگر دارالاسلام میں مسلمان ہوا تو اس نے شرائع اسلام نہ سیکھے تو اس کا یہ عذر قبول نہیں۔(۱۵)

﴿۱۰﴾ کافر یا بے علم اگر ہم سے توحید، نبوت ورسالت کے دلائل طلب کرے اور وہ حق کی تلاش میں ہمارے پاس آئے تو اسے تسلی بخش جواب دینا لازم ہے، اس عرصہ میں اس سے کوئی تعرض نہ کیا جائے گا کہ وہ طالبِ حق ہے، اسی طرح امورِ دین سے جو بھی سیکھنے کا طالب ہو اس کو سکھانا ہم پر فرض ہے۔(۱۶)

﴿۱۱﴾ دینی امور میں نظر کرنا اور شرائع اسلامیہ سیکھنا اعلیٰ مقامات اور اعلیٰ درجات سے ہے، جس کافر کا خون بہانا مباح ہے اگر وہ طلبِ حق کے لئے مسلمانوں کے پاس آئے تو اس کی حفاظت کرنا اور اسے مطلوبہ امور کی تعلیم دینا فرض ہے، پھر مومن طالب حق کیا کہنا، لہٰذا ہر مسلمان پر فرض ہے کہ جن امور سے ان کا واسطہ پڑتا ہے

---

(۱۳) التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۱

(۱۴) تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۵، ص ۲۲۹

(۱۵) تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۹

(۱۶) احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی حصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۹۳

التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۴

تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

marfat.com

انہیں سیکھنے میں تاخیر نہ کرے، مثلاً تاجر کے لئے تجارت کے مسائل، ملازم کے لئے اجارہ کے مسائل، صنعت کار کے لئے صنعت کے مسائل وغیرہ۔(۱۷)

﴿۱۲﴾ مقبولان بارگاہ رب العزت جل وعلا کی پناہ میں آنا اوران سے طلبِ حق کرنا یقیناً اعلیٰ درجہ کا کام ہے، بندگانِ خدانے طلبِ حق اور مقربان بارگاہ قدس میں پناہ لینے کے لئے دوردراز کے سفر اختیار کئے، حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ اور سیدنا خضر علیہما السلام کا واقعہ تو قرآن مجید میں تفصیل سے موجود ہے، یہ بھی طلبِ امان اور طلبِ حق ہے۔(۱۸)

﴿۱۳﴾ عقائد میں تقلید جائز نہیں، بلکہ تحقیق اور خوب سوچ سمجھ کر ایمان اختیار کرے، البتہ احکام شرعیہ میں کسی ایک مجتہد کی تقلید ضروری ہے، اس کے بغیر عمل مشکل ہے۔(۱۹)

﴿۱۴﴾ جس طرح قرآن مجید کی تعلیم وتفہیم اور شرائع اسلامیہ سیکھنا موجبِ ہدایت اور باعثِ امان ہے، اسی طرح حضور سید الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین انیس الغریبین باعثِ تخلیقِ کائنات صاحبِ لولاک سیدنا مولانا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ افضل التحیۃ واکمل الثناء کے کمالات، صفات قدسی سمات، معجزات اور شان رفیع کا بیان سننا، سنانا، پڑھنا، پڑھانا بھی موجباتِ سعادت میں سے ہے، بلکہ یہی اعلیٰ درجہ کی سعادت وہدایت ہے، صلح حدیبیہ کے موقعہ پر مشرکین مکہ میں سے چند افراد عُروہ بن مسعود، مکرز بن حفص اور سہیل بن

---

(۱۷) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۴

(۱۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۰۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۷۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۰

(۱۹) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۳۸۹

marfat.com

عمرو وغیرہ حضور سید عالم ﷺ کے پاس بطور سفارت کار حدیبیہ کے مقام پر حاضر آئے، حضور پرنور رحمت عالم ﷺ نے انہیں امان دی، انہوں نے اس دوران صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو دیکھا کہ وہ کمال محبت وعقیدت سے اپنے آقا ومولیٰ کریم ﷺ کی خدمت انجام دیتے ہیں، انہی کا بیان ان کے اپنے الفاظ میں ملاحظہ ہو، انہوں نے واپس مکہ جا کر مشرکین ساتھیوں سے کہا۔

اَیْ قَوْمِ وَاللّٰہِ لَقَدْوَفَدْتُّ عَلَی الْمُلُوْکِ وَوَفَدْتُّ عَلٰی قَیْصَرَوَکِسْرٰی وَالنَّجَّاشِیَ وَاللّٰہِ اِنْ رَأَیْتُ مَلَکًا قَطُّ یُعَظِّمُہٗ اَصْحَابُہٗ مَایُعَظِّمُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ مُحَمَّدًا وَاللّٰہِ اِنْ تَنَخَّمَ نَخَامَۃً اِلَّاوَقَعَتْ کَفَّ رَجُلٍ مِّنْھُمْ فَدَلَکَ بِھَاوَجْھَہٗ وَجِلْدَہٗ وَاِذَااَمَرَھُمْ اِبْتَدَرُوْااَمْرَہٗ وَاِذَاتَوَضَّأَ کَادُوْایَقْتَتِلُوْنَ عَلٰی وَضُوْئِہٖ وَاِذَاتَکَلَّمَ خَفَضُوْااَصْوَاتَھُمْ عِنْدَہٗ وَمَایُحِدُّوْنَ اِلَیْہِ النَّظْرَتَعْظِیْمًا لَّہٗ .....الحدیث الی آخرہٖ (۲۰)

اے میری قوم! اللہ کی قسم، میں بادشاہوں کے پاس جا چکا ہوں، میں قیصر (شاہ روم) کسریٰ (شاہِ ایران) اور نجاشی (شاہ حبشہ) کے درباروں میں بھی جا چکا ہوں، اللہ کی قسم، میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ اس کے درباری اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد (ﷺ) کے غلام اپنے آقا کی تعظیم کرتے ہیں، اللہ کی قسم، جب وہ تھوکتا ہے تو اس کا تھوک اس کے کسی غلام کے ہاتھ میں پڑتا ہے، (وہ بڑھ کر تھوک کو لے لیتا ہے) اس تھوک کو اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے (تاکہ وہ اس سے زینت وبرکت حاصل کرے) اور جب وہ کسی کام کرنے کا حکم دیتا ہے تو جلدی تعمیل کرتے ہیں، اور جب وہ وضو کرتا ہے تو اس کے غسالہ لینے کے لئے وہ ایک دوسرے سے جھگڑتے ہیں اور جب وہ گفتگو کرتا ہے تو اس کے پاس اپنی آوازوں کو پست کر لیتے ہیں، اور تعظیم کی خاطر وہ اس کو نظر بھر کر نہیں دیکھتے۔

(صلی اللہ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)

(۲۰) ☆ رواہ البخاری عن عروہ بن مسعود عن المسرور بن مخرمہ ومروان یصدق کل واحد منھما حدیث صاحبہ، ج ۱، ص ۳۷۹
☆ ورواہ احمد فی مسندہ، ج ۴، ۳۲۹

marfat.com

تعظیم وتکریم کا یہی دل نواز منظران میں سے بعض کے لئے موجبِ سعادت بنااوروہ درجہ ءصحابیت پر فائز ہوئے۔

مومن پرفرض ہے کہ وہ عظمتِ مصطفیٰ ﷺ کا بیان سیکھے اور سکھائے، پڑھے پڑھائے، فضائل کی محافل میں شرکت کرے، یہی اس کے لئے باعثِ نجات اورذریعہ کفارۂ سیاٰت بن جائے گا۔(۲۱)

﴿۱۵﴾ فائدہ مندشئ سے اگرفائدہ نہ لیا جائے تووہ شئ کالعدم ہے، کفارنے علم ہونے کے باوجوداس سے فائدہ نہ لیا، رب تعالیٰ جل جلالہ نے فرمایا کہ گویاانہیں علم نہیں، مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے علم سے فائدہ حاصل کرے، خوداس پرعمل کرے دوسروں کوسکھائے۔(۲۲)

﴿۱۶﴾ گناہوں سے توبہ کرنے میں تاخیرمزید گناہ ہے، توبہ میں جلدی کرنی چاہئے، نوجوان کی توبہ بوڑھے کی توبہ سے ہزارگنا افضل ہے۔(۲۳)

﴿۱۷﴾ قرآن مجیدکلام اللہ ہے، اس کا پڑھنا، سننا، سیکھنا، سکھانا، اس میں غوروتدبرکرنا اللہ تعالیٰ جل شانہ کے کلام میں مشغول ہوناہے، بندۂ مومن کوچاہئے کہ قرآن مجید پڑھنے پڑھانے اوراس پرعمل میں اپنی زندگی کے قیمتی لمحات صرف کرے۔(۲۴)

☆☆☆☆☆

(۲۱) ☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۷۷

(۲۲) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت لبنان، ج۲، ص۹۰۵

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۲

(۲۳) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۹

(۲۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت لبنان، ج۸، ص۷۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۸۹

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۸۵):

کفر سے توبہ، اخوتِ اسلامی، نقضِ عہد، ارتداد

﴿بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِى الدِّيْنِ ۔ وَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ☆وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْ ۔ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ☆ (سورۃالتوبۃ آیات، ۱۱، ۱۲)

پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں، اور ہم آیتیں مفصل بیان کرتے ہیں جاننے والوں کے لئے، اور اگر عہد کر کے اپنی قسمیں توڑیں اور تمہارے دین پر منہ آئیں تو کفر کے سرغنوں سے لڑو، بیشک ان کی قسمیں کچھ نہیں، اس امید پر کہ شاید وہ باز آئیں۔

حل لغات:

"تَابُوْا": وہ توبہ کرلیں، کافر کی توبہ سے مراد یہ ہے کہ وہ کفر سے بیزاری ظاہر کرے، اس کے علاوہ جن جرائم کا وہ

marfat.com

مرتکب ہے ان کو ترک کردے اور اسلامی عقائد اور شرائع اسلامیہ قبول کرلے تو یہ اس کی توبہ ہے۔(۱)

"**اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ**": کافر کفر سے توبہ کے بعد ارکانِ اسلام کی فرضیت کا اقرار کر کے ان کو بقدر استعداد ادا کرے، نماز کو اپنی شرائط کے ساتھ ادا کرے اور اگر وہ صاحبِ نصاب ہے تو سال گذرنے پر بقدرِ نصاب، شرحِ زکوٰۃ کے ساتھ زکوٰۃ ادا کرے۔

نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کا مفہوم یہ ہے کہ وہ تمام ارکانِ اسلام بقدرِ استعداد و شرائط ادا کرے۔(۲)

"**فَاِخْوَانُکُمْ فِی الدِّیْنِ**": تو وہ دینی بھائی ہیں۔

اِخْوَانٌ اور اِخْوَۃٌ دونوں اَخٌ کی جمع ہیں جس کا معنٰی ہے، بھائی۔

---

(۱)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۰
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۹
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۸
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۴

(۲)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۲، ص۸۱
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۴
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۸
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۷
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۸
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ص۱۴۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۱۹

marfat.com

فِی الدِّیْنِ کی وضاحت سے بتایا کہ یہ حضرات تمہارے دینی بھائی ہیں نسبی بھائی نہیں، جہاں تک دینِ اسلام کی رسائی ہے اور جہاں جہاں مسلمان آباد ہیں وہ آپس میں دینی بھائی چارے کی مبارک لڑی میں پروئے ہوئے ہیں، رنگ، نسل، زبان، وطن اور کوئی حیثیت ان کی اخوت میں حائل نہیں ہوسکتی۔

اگر کوئی کافر (خواہ کسی مذہب کا ہو) جب سچی توبہ کرلیتا ہے اور اسلام کے حلقہ میں داخل ہوجاتا ہے تو وہ بھی مسلمانوں کا دینی بھائی ہے۔(۳)

"**نَکَثُوْا**": نَکَثَ (از باب ضَرَبَ و نَصَرَ) نَکْثاً کا معنٰی ہے، رسی کھولنا، بٹے ہوئے دھاگے کو ادھیڑنا، اس سے مراد ہے، عہد یا بیع کو توڑنا۔(۴)

"**اَیْمَانَھُمْ**": اَیْمَانٌ جمع ہے یَمِیْنٌ کی، جس کا معنٰی ہے، قسم، عہد، دایاں ہاتھ، دائیں جانب، قوت، ملک، دین، جنت، حجت، برکت۔(۵) اس مقام پر بمعنٰی عہد ہے۔

(۳)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۱
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۴
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۳۸
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۹
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۰
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۸
(۴)
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۳۱۷
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۵۰۴
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۱۳۳
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۱، ص ۲۵۱
(۵)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۱
☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۳۳
☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۵۰۵
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۵۵۲
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۱۶۱
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۹، ص ۳۷۱

marfat.com

اہل عرب کی عادت تھی کہ جب کوئی دو فریق (یا اشخاص) آپس میں معاہدہ کرتے تو دونوں اپنا دایاں ہاتھ ملاتے، یہ معاہدہ پختہ کرنے کی علامت ہوتی۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ کافر اور مشرک اگر کفر و شرک سے توبہ کرنے کے بعد اپنا معاہدہ توڑ دیں اور دوبارہ کفر اختیار کر لیں (العیاذ باللہ) یہ کفر ارتداد کہلاتا ہے۔

"**طَعَنُوْا**": طَعَنَ (از باب فَتَحَ ونَصَرَ) کا معنٰی ہے، نیزہ مارنا، نیزہ یا سینگ وغیرہ چبھونا، کسی میں عیب نکالنا، طعنہ مارنا۔(٦) دین میں طعنہ زنی سے مراد ہے کہ دین کی طرف وہ شئ منسوب کرنا جو اس کی شان کے لائق نہیں، دینی امور میں خواہ مخواہ اعتراض و شبہات کرنا یا دینی امور اور اس کی جزئیات کو حقیر اور ہلکا جاننا۔(٧)

"**اَئِمَّةَ الْكُفْرِ**": ائمہ جمع ہے اس کا واحد ہے امام بمعنٰی پیشوا، سرغنہ، دین سے پھرنے والے کافروں کے سرغنوں کو قتل کرو، اس سے مراد یہ ہے کہ ہر دین سے پھرنے والے کو قتل کرو بالخصوص سرغنوں کو پہلے قتل کرو تاکہ ان کا زور ٹوٹ جائے۔(٨)

---

(٦) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ٧٤٥

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ٥٠٢ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ٣٠٤

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ٢، ص ١٠

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ١٢٠٥ھ) مطبوعہ مصر، ج ٩، ص ٣٦٩

(٧) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ٢، ص ٩٠٥

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ١٠، ص ٨١

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ٦٠٦ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ١٥، ص ٢٣٣

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ٧٥٤ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ١٤٠٣ھ)، ج ٥، ص ١٤

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ١٢٧٥ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ١٠، ص ٥٨

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ١١٢٧ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کونیہ، ج ٣، ص ٣٩٣

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ٥، ص ١٩٣

(٨) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ١١٢٧ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کونیہ، ج ٣، ص ٣٩٢

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ١٢٧٥ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ١٠، ص ٥٩

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ١١٣٥ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ حگی پشاور، ج ٢، ص ٤٥٢

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ٥، ص ١٩٣

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ٧٥٤ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ١٤٠٣ھ)، ج ٥، ص ١٤

marfat.com

شانِ نزول:

(۱) یہ آیات مدینہ طیبہ کے یہودیوں کے متعلق نازل ہوئیں، جنہوں نے معاہدہ کر کے معاہدہ کی خلاف ورزی کی اور مسلمانوں کے خلاف دشمنوں کی مدد کی۔(۹)

(۲) روم اور فارس وغیرہ کے لوگوں کے بارے میں بطور پیش گوئی نازل ہوئی۔(۱۰)

مسائل دینیہ :

﴿۱﴾ اہل قبلہ کا خون، مال، آبرو ایک دوسرے پر حرام ہیں، ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان بھائی کی جان، مال، عزت کی حفاظت بقدر استطاعت فرض ہے، قرآن مجید میں جا بجا اس کی تاکید کی گئی ہے، حجۃ الوداع کے مبارک موقعہ پر سید عالم ﷺ نے اس کی تاکید فرمائی ہے اور اسے حرم شریف اور ماہ محترم ذوالحجہ کی طرح محترم فرمایا ہے۔ یاد رہے کہ اہل قبلہ سے مراد وہ مسلمان ہے جو ضروریات دین میں کسی کا منکر نہیں صرف قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے والے مراد نہیں، کیونکہ ان میں بہت سے وہ ہیں جو ضروریات دین کے منکر ہیں۔(۱۱)

﴿۲﴾ اگر کوئی کافر یا مشرک اپنے کفر و شرک سے تائب ہو کر مسلمان بن جائے، ارکانِ اسلام کی فرضیت کا اقرار کرے اور حتی المقدور انہیں ادا کرے تو وہ مسلمانوں کا بھائی ہے، اسلام لانے کے بعد اس کی جان، مال، عزت مسلمانوں کے نزدیک قابل احترام ہے، مسلمان ہونے کے اعتبار سے قدیم الاسلام اور نو مسلم برابر

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱-

(۱۰) ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۹

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۸۱، ۸۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ج ۱۵، ص ۲۲۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۷

marfat.com

ہیں، البتہ تقویٰ کی بنا پر ایک دوسرے پر فوقیت ممکن ہے۔(۱۲)

﴿۳﴾ کفر وشرک سے توبہ کے لئے لازمی ہے کہ اسلام کے سوا ہر دین ومذہب سے بیزاری کا اعلان کرے بالخصوص کفر کی اس نوعیت سے، جس پر وہ پہلے تھا، مثلاً نصرانی اگر مسلمان ہونا چاہے تو نصرانیت سے مکمل بیزاری کا اعلان کرے، قادیانی مرزائیت سے توبہ کر کے مسلمان ہوسکتا ہے۔

اسی طرح گناہگار مسلمان اگر گناہوں سے توبہ کرے تو کئے ہوئے گناہوں سے مکمل بیزاری کا اظہار کرے اور آئندہ وہ گناہ نہ کرنے کا پرعزم ارادہ کرے۔(۱۳)

---

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۵

☆ احکام القرآن از علامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۵، ص ۲۳۳

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص ۳۳۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص ۱۴۰

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۱۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۱۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۳۹۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۵۷

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص ۴۵۲

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص ۱۹۳

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۳۹۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۵۷

marfat.com

﴿۴﴾ دنیا کے تمام مسلمان ایک دوسرے کے دینی بھائی ہیں، اخوت دینی کا یہ ہمہ گیر رشتہ رنگ، نسل، زبان، وطن وغیرہ سے ماوراء ہے، عربی، عجمی، کالا، گورا، غریب، امیر، چھوٹا، بڑا اسلامی برادری میں برابر ہیں، کسی عربی کو عجمی پر، کسی گورے کو کالے پر، کسی امیر کو غریب پر کوئی فوقیت نہیں، البتہ جو تقویٰ میں زیادہ ہیں وہ دوسرے سے افضل ہیں، آیت مبارکہ میں اس کی وضاحت ہے، نیز ارشاد ربانی ہے۔

اِنَّمَاالْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ الآیة مسلمان مسلمان بھائی ہیں۔ (سورۃالحجرات آیت، ۱۰)

نیز وضاحت ہوئی اور ارشاد ہوا:

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللهِ اَتْقٰکُمْ ۔ اِنَّ اللهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ☆ (سورۃالحجرات آیت، ۱۳)

بیشک اللہ کے یہاں تم میں سے زیادہ عزت والا وہ جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے۔ بے شک اللہ جاننے والا خبردار ہے۔

اس لئے ہر مسلمان کو دوسرے مسلمان کے دکھ درد، رنج والم اور پریشانی میں بقدر طاقت حصہ دار بننا لازم ہے، اخوت کا یہی تقاضا ہے، اس سے غافل مسلمان اپنے فرض سے غافل ہے۔ (۱۴)

﴿۵﴾ کافر اگر مسلمانوں سے کئے ہوئے معاہدے نہ توڑے اور معاہدے کی تمام شرائط کی حفاظت کرے تو مسلمانوں پر بھی اس معاہدے کی پاسداری لازم ہے، بدعہدی اسلامی اصولوں کے خلاف ہے۔ (۱۵)

﴿۶﴾ ذمی کافر نے اگر کسی مسلمان کو قتل کر دیا یا مسلمان عورت سے بدکاری کی تو ان حرکتوں سے اس کا ذمہ ساقط نہ ہوگا

---

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص ۲۲۳

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۳۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۱۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۹

(۱۵) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۲۵۱

marfat.com

گا، اسے اپنے کئے کی سزا ملے گی۔(۱۶)

﴿۷﴾ ذمی اگر معاہدہ توڑ کر دارالحرب میں چلا جائے تو اسے دیگر اہل حرب کی طرح اسلام پیش کیا جائے، اگر قبول کرلے فبہا ورنہ اس سے جزیہ کا معاملہ کیا جائے، اگر وہ مسلمانوں کی اطاعت قبول کرلیں تو وہ ذمی ہیں ورنہ شرائط کے مطابق ان سے جہاد جائز ہے۔(۱۷)

﴿۸﴾ جو شخص ہمارے سامنے اپنے ایمان کا اظہار کرے، ضروریاتِ دین اور ارکانِ اسلام کا اقرار کرے تو ہم اسے اپنا دینی بھائی تصور کریں گے، ہم ظاہر امور پر عمل کریں گے، اگرچہ اس کا اعتقاد اس کے ظاہر کے خلاف ہو، ہاں اگر اس کے عمل سے اس کے خلاف ظاہر ہو تو اس کے اسلام کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔(۱۸)

﴿۹﴾ دو قوموں (یا اشخاص) کے درمیان صلح کا معاہدہ ایک عقد کی طرح ہے جس طرح بیع، نکاح، اجارہ وغیرہ عقد ہیں، جب تک عقد باقی ہے اس کے احکام باقی رہتے ہیں، عقد ٹوٹنے سے اس کے احکام بھی ختم ہو جاتے ہیں، کافر نے اگر مسلمانوں سے کوئی عقد کیا یا ذمی ہونا قبول کیا تو مسلمانوں پر اس کی حفاظت فرض ہے، اگر اس نے عقد توڑ دیا تو اللہ تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور مسلمانوں کے ذمہ سے بری ہو گیا، اب اس کی جان، مال، عزت محفوظ نہیں۔(۱۹)

﴿۱۰﴾ ذمی اگر مسلمانوں کے خلاف لڑے یا مسلمانوں کے خلاف لڑنے والوں کی مدد کرے، یا دینِ اسلام کی طرف وہ شئ منسوب کرے جو اس کی شان کے لائق نہیں تو اس کا ذمہ ءِ عہد ٹوٹ گیا، اب وہ خود اور اس کا مال غنیمت بن گیا ہے۔(۲۰)

---

(۱۶) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۲

(۱۷) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۳

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۵

(۱۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۶

(۲۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۸۳

marfat.com

﴿۱۱﴾ ذمی پر لازم ہے کہ وہ ہمارے دینِ اسلام کے خلاف کوئی ایسی بات نہ کرے جو اس کی شان کے لائق نہیں، یہ امر اس کے معاہدہ میں شامل ہے اگر چہ اس کی صراحت نہ کی گئی ہو، ذمی کا دینِ اسلام میں طعن کرنا اس کو ذمہ سے خارج کر دیتا ہے۔(۲۱)

﴿۱۲﴾ اہلِ کتاب کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو، اگر وہ سلام کریں تو جواب میں صرف اتنا کہو: وَعَلَیْکُمْ(۲۲)

﴿۱۳﴾ دین اسلام میں طعن کرنے والا قطعاً کافر ہے۔(۲۳)

﴿۱۴﴾ ذمی کے ذمہ حفاظت کو توڑنے والی متعدد اشیاء ہیں، ان میں اگر کوئی ایک امر بھی پایا گیا تو اس کا ذمہ ختم ہو گیا۔

(ا) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کا ذکر اس طرح کریں جو ان کی شان کے لائق نہیں۔

(ب) کسی مسلمان کو دینِ اسلام سے برگشتہ کریں۔

(ج) رہزنی کریں۔

(د) حربیوں کی مدد کریں۔

(ہ) قرآن مجید میں طعن کریں۔

(و) کسی نبی کی ادنیٰ سی بھی گستاخی کریں۔(۲۴)

﴿۱۵﴾ ذمی کافر اگر مسلمانوں کے خلاف اپنا کیا ہوا صلح کا معاہدہ توڑ دیں اور دینِ اسلام میں عیب جوئی کریں تو اب وہ ذمی نہ رہے بلکہ اب حربی ہیں، مسلمانوں کے لئے ان کے خلاف جہاد کرنا مباح ہے۔

---

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص۸۵

(۲۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص۸۶

(۲۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۰۵

(۲۴) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ، ج۲، ص۹۰۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۱۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۴۵۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۸

marfat.com

ذمی کے معاہدہ ٹوٹنے کے احکام سورہ انفال (آیت ۵۶، ۵۷، ۵۸) میں گذر چکے ہیں۔ (۲۵)

﴿۱۶﴾ جو اصول اور فروع صحت و استقامت سے دلیل قطعی سے ثابت ہوں وہ دین کی ضروریات میں شامل ہیں، ان کی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو ان کے لائق نہیں یا انہیں حقیر یا ہلکا جاننا اور حقارت و استخفاف سے پیش آنا دین میں طعن ہے، اور یہ کفر ہے، اس سے احتراز فرض ہے۔ (۲۶)

﴿۱۷﴾ کافر اگر کفر و شرک سے توبہ کر کے ایمان لے آئیں دینی فرائض و ارکان کو ادا کریں تو وہ مسلمانوں کے بھائی ہیں، پھر اگر وہ دوبارہ دین سے روگردانی کریں تو وہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے باغی ہیں، وہ مرتد کہلائیں گے، مرتد کافر سے بدتر ہے، مرتد اگر ارتداد سے توبہ نہ کرے تو اسے تین روز تک قید رکھا جائے اس کے

---

(۲۵)

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج ۳، ص ۸۷

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان. ج ۲. ص ۹۰۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸. ص ۱۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ). ج ۵. ص ۱۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر. ج ۲. ص ۳۳۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۱۵. ص ۲۲۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور. ج ۲. ص ۲۲۰

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور. ج ۲. ص ۲۲۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۹۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج ۱۰. ص ۵۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۳

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ. ج ۲. ص ۱۴۰

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی. ص ۳۲۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور. ص ۴۵۲

(۲۶)

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان. ج ۲. ص ۹۰۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان. ج ۱. ص ۸۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج ۱۵. ص ۲۲۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج ۱۰. ص ۵۹

marfat.com

شبہات دور کئے جائیں، اگر وہ توبہ نہ کرے تو اسے قتل کر دیا جائے، ہر مرتد کی یہی سزا ہے۔ (۲۷)

﴿۱۸﴾ حضور پرنور، امام الانبیاء والمرسلین، محبوب رب العالمین، فخرِ موجودات، باعث تخلیق کائنات سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم کی شانِ رفیع کے خلاف بدزبانی، گستاخی، توہین آمیز کلمات کا اظہار، ایسے الفاظ کا استعمال جو آپ کی عظمتِ عظمیٰ کے لائق نہ ہوں، اللہ تعالیٰ جل وعلا، نبی الانبیاء، سید الانبیاء اور اسلام کے آئین، اصولوں اور مسلمہ قواعد کے خلاف کھلی بغاوت، اور ناقابلِ معافی جرم عظیم ہے، دنیا کے ہر ملک، آئین، سلطنت، حکومت کا باغی قتل سے کم تر سزا کا حق دار نہیں، حاکم بڑے سے بڑے مجرم کو معاف کر سکتا ہے مگر باغی کی معافی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، یہی حال گستاخ رسول ﷺ کا ہے، کتاب اللہ، سنت رسول اللہ، اجماع امت اور تصریحات ائمہ مجتہدین کے مطابق اس کا مرتکب، مرتد سزائے قتل کا حق دار ہے۔

امت مسلمہ اس مسئلہ پر بلا کسی اختلاف وتاویل کے متفق ہے، عہدِ خلافتِ راشدہ میں گستاخانِ رسول کے سر قلم کئے گئے اور امت مسلمہ کے دورِ اقتدار وتسلط کے تمام ادوار میں اسی پر عمل ہوتا رہا اور گستاخ رسول کو کبھی کسی رعایت یا نرمی کا مستحق نہیں گردانا گیا، برابر ہے کہ گستاخی کرنے والا یا توہین آمیز کلمات کہنے والا اس کو حلال جانے یا اس کی حرمت کا قائل ہو، گستاخی کی نیت سے کرے یا اس کی نیت نہ ہو، کیونکہ کفر بکنے میں جہالت یا زبان کی لغزش کا عذر قبول نہیں، گستاخی کرنے والے نے وہ کلمات سنجیدہ گفتگو میں استعمال کئے ہوں یا دل لگی کے طور پر، نیز صریح کلمات میں کسی تاویل کو قبول نہ کیا جائے، دیگر مرتدین اور حضور خاتم الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین ﷺ کی شان میں گستاخی کے مرتکب مرتد میں فرق یہ ہے کہ عام مرتدین توبہ کر کے دوبارہ مسلمان ہو جائیں گے اور قتل کی سزا سے بچ جائیں گے، کیونکہ انہوں نے صرف حق اللہ کو ادا نہ کیا تھا جو توبہ سے اللہ تعالیٰ

---

(۲۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۵۸

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۱۹۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۵، ص۲۳۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۲، ص۳۳۹

marfat.com

معاف فرمادیتا ہے، بخلاف گستاخِ رسول (ﷺ کے) کہ اس نے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کا حق غصب کیا، اگر وہ توبہ کر کے ازسرِ نو مسلمان ہو جائے تو اس سے اللہ تعالیٰ کا حق معاف ہو جائے گا مگر توبہ سے حقوق العباد معاف نہ ہوں گے، اس لئے رسول اللہ ﷺ کے حق غصب کرنے کی بنا پر قصاص میں قتل ہوگا، جیسا مسلمان قاتل قصاص میں قتل ہوتا ہے، البتہ فرق یہ ہے کہ اگر بغیر توبہ کئے مر گیا یا قتل ہو گیا تو اس کی میت کافر کی میت کی طرح مردار ہے، اسے مردار کی طرح گڑھے میں دبا دیا جائے اور اگر توبہ کر کے قتل ہوا تو اس کی میت مسلمان میت ہے، مسلمان میت کی طرح اس کے تمام حقوق ادا کئے جائیں، مثلاً غسل، کفن، نماز جنازہ، دفن، دعائے مغفرت وغیرہ۔

یاد رہے کہ دین کی اصل عظمتِ مصطفیٰ ﷺ پر ایمان لانا ہے، جو عظمت مصطفیٰ کا قائل نہیں اس کا دین نہیں۔ ؎

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باُو نرسیدی تمام بولہبی ست

توہین مصطفیٰ کریم ﷺ کے کلمات کا احاطہ مشکل ہے، صرف چند کلمات توہین بطور مثال یہ ہیں، حضور پرنور ﷺ کے چاند سے چمکتے اور سورج سے زیادہ روشن چہرے کے بارے میں یہ کہنا کفر ہے کہ آپ سیاہ رنگ کے تھے، یا آپ ابوطالب کے یتیم تھے، یا ان کا زہد وفقر اضطراری تھا اختیاری نہ تھا، اگر آپ کسی شئ پر قادر ہوتے تو عمدہ کھانے کھاتے، یا جس کا نام محمد ہے وہ کسی شئ کا مالک ومختار نہیں، یا آپ بکریوں کے چرواہے تھے یا عورتوں کی طرف شہوانی میلان رکھتے تھے، آپ کے بال، لباس، نعلین وغیرہ کو بطور تصغیر بطریق اہانت کہے، یا آپ کی چاہت پر اپنی چاہت کو ترجیح دے، وغیرہ (اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ادنیٰ سی گستاخی سے بھی محفوظ رکھے)۔ (۲۸)

(۲۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۸۵، ۸۶
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۰۵
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۱، ص ۱۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۳۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۵۹
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی ج۵، ص ۱۵۳

marfat.com

﴿۱۹﴾ کافر کی قسم شرعی قسم نہیں، کیونکہ کافر ایفائے عہد نہیں کرتے ،لہٰذا اگر کسی کافر نے قسم کھائی اور قسم توڑ دی پھر مسلمان ہوا تو اس پر کفارہ نہیں۔(۲۹)

﴿۲۰﴾ شئ کی نفی سے مراد بعض اوقات اس کے کمال کی نفی ہوتی ہے ،قرآن مجید اور احادیث طیبہ میں اس کی کثیر مثالیں موجود ہیں، مثلاً

لَاصَلٰوۃَ لِجَارِالْمَسْجِدِ اِلَّافِی الْمَسْجِدِ(۳۰)

مسجد کے ہمسائے کی کامل نماز نہیں ہوتی مگر مسجد میں۔

لَاوُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ یُذْکَرِاسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ(۳۱)

اس کا وضو کامل نہیں جس نے اس پر اللہ کا ذکر نہ کیا۔(۳۲)

﴿۲۱﴾ نیکی کا راستہ بتانے والے، پیشوا کو اس نیکی پر عمل کرنے والوں کے اجر کے برابر اجر ملتا ہے، اسی طرح برائی کا راستہ بنانے والے، پیشوا کو اس برائی کرنے والوں کے عذاب کے برابر عذاب ملتا ہے، اس لئے مومن کو نیکی کا پیشوا بننا چاہئے نہ کہ برائی کا۔(۳۳)

﴿۲۲﴾ ہر فعل میں غرضِ شرعی کو ملحوظ رکھا جائے، اسی طرح جہاد کی غرض وغایت غلبہءِ اسلام اور اعلائے کلمۃ اللہ اور بدعہد کفار کا زور توڑنا، ہونا چاہئے، ملک گیری، اذیت رسانی، مالِ غنیمت کا حصول، ناموری کا اظہار، ذاتی

---

(۲۹) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۳۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۹

(۳۰) ☆ رواہ الدارقطنی عن جابر وعن ابی ہریرۃ ،بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۳۶۳

(۳۱) ☆ رواہ الائمہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ والحاکم عن ابی ہریرۃ، بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۳۶۳

(۳۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۵، ص ۲۳۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۹۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۹

(۳۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۶

marfat.com

انتقام وغیرہ جہاد کی روح کے خلاف ہیں۔(۳۴)

﴿۲۳﴾ قرآن مجید کی آیات کی تفصیل، اوراسی طرح احادیث طیبہ کا ذخیرہ علمائے مجتہدین کے لئے ہیں کہ وہی ان سے استفادہ کرسکتے ہیں، عوام کے لئے علماء ومجتہدین کے اقوال پرعمل کرنا کافی ہے، جیسا کہ طب، حکمت اور ڈاکٹری کی کتابیں طبیبوں، حکیموں اورڈاکٹروں کے لئے ہیں عوام ان کتابوں سے اپنا علاج نہیں کرسکتے۔(۳۵)

☆☆☆☆☆

(۳۴) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۳۹۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص ۶۰

(۳۵) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص ۵۸

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۸۶):

ترغیب جہاد

غیر مسلموں سے ترک موالات

حجیت اجماع امت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ۔ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ ۔ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ☆

(سورۃ التوبۃ آیت،۱۶)

کیا اس گمان میں ہو کہ یونہی چھوڑ دیئے جاؤ گے اور ابھی اللہ نے پہچان نہ کرائی ان کی جو تم میں سے جہاد کریں گے اور اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کے سوا کسی کو اپنا محرم راز نہ بنائیں گے اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔

حل لغات:

"اَنْ تُتْرَكُوْا": تمہیں چھوڑ دیا جائے گا۔

marfat.com

مراد یہ ہے ''جہاد کا حکم نہ دے کر تمہیں مہمل چھوڑ دیا جائے گا'' کیا تم یہ گمان کئے بیٹھے ہو؟ ایسا نہیں ہوگا۔(۱)

''**وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ**'': اس آیت میں ''علم'' سے مراد بتانا، کسی کو پہچان کرانا ہے، گویا علم مشاہدہ مراد ہے، قرآن مجید میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔ معنٰی یہ ہے کہ اور ابھی اللہ تعالیٰ نے پہچان نہ کرائی ان کی جو ... (۲)

''**وَلِيْجَةً**'': وَلَجَ يَلِجُ وُلُوْجًا کا معنٰی ہے داخل ہونا، کسی تنگ جگہ میں داخل ہونا۔

وَلِيْجَه کا معنٰی ہے راز دار، بھیدی، اپنی قوم (یا اہل) کے سوا کسی اور کو اپنا معتمد علیہ بنانا، صاحبِ سِرّ، اندرونی راز دار، جس پر اپنے ضمیر کے خفیہ راز ظاہر کرو گے۔(۳)

(۱)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص۸۸
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیرُوت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۸
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۶۳

(۲)
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبدالله‌بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۹
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۰
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبدالله‌بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۹
☆ تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیرصاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۴۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ۳۹۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۶۳

(۳)
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکربیروت، ج۴، ص۱۳۹
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعه دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانه کراچی، ص۳۹۵
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامه حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعه کراچی، ص۵۳۲
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفه علامه احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعه مصر، ج۲، ص۱۵۶
☆ تاج العروس ازعلامه سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعه مصر، ج۲، ص۱۱۳
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۸
☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۵
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص۸۸
☆ تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیرصاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۴۱
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبدالله‌بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۲۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۶
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۶۳
☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ‌پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی، ج۵، ص۱۹۶
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکربیروت، ج۴، ص۱۳۹

marfat.com

آیت سے مراد یہ ہے کہ جہاد کا حکم دے کر اللہ تعالیٰ صادق کو کاذب سے اور مومن کو منافق سے الگ کر دے گا، مومن وہ ہے جو خوش دلی سے، اللہ کا حکم مانتے ہوئے جہاد میں شریک ہوگا، اللہ تعالیٰ جل وعلا اس کے محبوب رسول ﷺ اور مومنوں کے سوا کسی کو اپنا معتمد علیہ، راز دار نہیں بنائے گا، ان کے سوا اوروں سے دوستی، مُوانست اور مُوالات نہیں رکھے گا اور ان تک اپنے راز نہیں پہنچائے گا، یہ تمام مذکورہ امور سچے مومن کی شان کے لائق نہیں۔

شان نزول:

(۱) دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے بعد بعض مومنوں نے جہاد کی مشقت کو ناگوار سمجھا، انہیں بتایا گیا امتحان ہی سے کھرے کھوٹے میں تمیز ہوگی۔ (۴)

(۲) یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ آیت منافقین کو تنبیہ کرنے کے لئے نازل ہوئی ہے، کہ تم نے مؤمنین کو چھوڑ کر کفار کو اپنا ہم راز بنا رکھا ہے یہ تمہارے لئے مفید نہیں تم اللہ کو دھوکا نہیں دے سکتے، اللہ تعالیٰ تمہارے کرتوتوں کو جانتا ہے۔ (۵)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ جہاد فرض ہے، قرآن مجید اور احادیث صحیحہ میں اس کی بارہا تاکید فرمائی گئی ہے، دیگر فوائد کے علاوہ جہاد کا ایک فائدہ یہ بھی ہے اس سے سچے مومن اور منافق کی پہچان ہو جاتی ہے۔ (۶)

---

(۴) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ارقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۶۳
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۱۹۶

(۵) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۱۹۶
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۱۹۶

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت لبنان، ج ۳، ص ۸۷
☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۸
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۴۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۲۱
☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه کوئٹه، ج ۳، ص ۳۹۶
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۶۳

marfat.com

﴿۲﴾ جس طرح حضور سید عالم مطاع العالمین ﷺ کی اتباع اور اطاعت لازم ہے، اسی طرح مومن پر جمہور مومنین کے راستہ کی اتباع لازم ہے، جمہور امت کی مخالفت منع ہے۔(۷)

﴿۳﴾ اجماعِ امت دلیل شرعی ہے، اس کی اتباع لازم ہے، اس کی مخالفت بے دینی اور گمراہی ہے، کتاب وسنت نے اجماعِ امت کے دلیل شرعی ہونے کی متعدد مقامات پر صراحت فرمائی ہے، ارشاد ربانی ہے۔

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَاتَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَسَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَاتَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ☆

(سورۃالنساء آیت،۱۱۵)

اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے، ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے اور اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔(۸)

﴿۴﴾ مومنوں کو مومنوں کے سوا اوروں میں مل جل کر رہنا، امور دین میں ان کے سے طریقے اپنانا، ان کی دوستی اور ان کو اپنا راز دار و معتمد علیہ بنانا منع ہے، غیر مسلموں سے ترک موالات، ترک مخالطت اور ترک موانست کی قرآن وحدیث میں بارہا تاکید ہوئی ہے، اسی سلسلہ کا ایک ارشاد ربانی یہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْالَاتَتَّخِذُوْابِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَايَاْلُوْنَكُمْ خَبَالاً ۭ وَدُّوْامَاعَنِتُّمْ ۚ قَدْبَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَاتُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْبَيَّنَّالَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ☆

اے ایمان والو! غیروں کو اپنا راز دار نہ بناؤ، وہ تمہاری برائی میں کمی نہیں کرتے، ان کی آرزو ہے جتنی ایذا تمہیں پہنچے، بیر ان کے باتوں سے جھلک اٹھا اور وہ جو سینے میں چھپائے ہیں بڑا ہے، ہم

(۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۱

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۱

(۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی حصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷

marfat.com

نے نشانیاں تمہیں کھول کر سنادیں اگر تمہیں عقل ہو۔ (سورۃ آل عمران آیت ۱۱۸) (۹)

﴿۵﴾ مسلمانوں کے خفیہ راز غیر مسلموں کو پہنچانا اور اس کی اجرت لینا حرام ہے۔(۱۰)

﴿۶﴾ اسلامی سلطنت کے اہم مناصب، اعلیٰ عہدوں اور رازدارانہ امور میں شامل کرنا جائز نہیں، اس سے مسلمانوں کی داخلہ اور خارجہ پالیسیوں کے ناکام ہونے کا اندیشہ ہے۔(۱۱)

---

(۹)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۸۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۸۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵،ص۱۸
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۵
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۲۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۴۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۱
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۳۹۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ'مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۶۳
☆ الدرالمنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴،ص۱۳۹
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۹۶

(۱۰)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۸۸
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۲۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۱

(۱۱)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۸۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۸۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵،ص۱۸
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۴۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۵
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۲۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۴۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۱
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۱
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۹۶

marfat.com

﴿۷﴾ امتحان اور مشکل امور سے پہلو تہی اور نا گواری سچے مومن کی شان کے خلاف ہے، بڑے امتحان میں کامیابی بڑے درجہ کی ضمانت ہے، امتحان اور آزمائش سے صادق اور کاذب، مومن اور منافق میں امتیاز ہو جاتا ہے، اس لئے مومن کو جہاد اور اسلامی تکالیف شاقہ سے پہلو تہی کرنا جائز نہیں، دنیا دار العمل ہے اس میں عمل سے جی چرانا اور آرام طلبی محرومی کا باعث بن سکتی ہے۔ (۱۲)

﴿۸﴾ کائنات کا کوئی ذرہ اور ارادہ علمِ الٰہی سے مخفی نہیں ہے، وہ ہر شئ سے باخبر ہے، جو کچھ ہو چکا، ہو رہا ہے اور ہونے والا ہے سب اس کے علم میں ہے، جو اس کے علم میں نہیں اس کا وقوع محال ہے اور جس کا عدمِ وقوع محال ہے اس کے علم میں ہے، اس کی ذات کی طرح اس کی صفت علم بھی واجب اور قدیم ہے، وہ بندے کی نیت اور ارادے کو بھی جانتا ہے، اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ عبادات، معاملات اور جہاد میں اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے رسول ﷺ کی رضا کا خواہاں رہے، اپنے باطن کو ظاہر کے مطابق رکھے تا کہ اس کی اور اس کے محبوب کی رضا کا حاصل رہے، اعمال میں اخلاص، جہاد میں اطاعت الٰہی کی نیت ہو، غنیمت، ناموری، ملک گیری سے جہاد، جہاد نہیں فساد بنتا ہے، نفاق، ریا، کفار سے ریشہ دوانی، طریقِ دین کی مخالفت سے دور رہے، مال و جان کو امرِ الٰہی سے اسی کی راہ میں صرف کرے تا کہ مقصودِ حقیقی حاصل ہو۔ (۱۳)

اے رب کریم! اپنے محبوب کریم صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم کے طفیل ہمارے اعمال میں اخلاص وللّٰہیت کی توفیق انیق ارزاں فرما۔

☆☆☆☆☆

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۸۸
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۰
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۸

(۱۳) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۱۸
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۱
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۱۹۶
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۶

marfat.com

باب(۱۸۷) :

تعمیرِ مساجد کا مفہوم واہمیت

اوراس میں مشرکین کا کردار

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

مَاکَانَ لِلۡمُشۡرِکِیۡنَ اَنۡ یَّعۡمُرُوۡا مَسَاجِدَ اللّٰہِ شٰھِدِیۡنَ عَلٰٓی اَنۡفُسِھِمۡ بِالۡکُفۡرِ ؕ اُولٰٓئِکَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُھُمۡ ۚ وَفِی النَّارِ ھُمۡ خٰلِدُوۡنَ ☆ اِنَّمَا یَعۡمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰہِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ وَلَمۡ یَخۡشَ اِلَّا اللّٰہَ فَعَسٰٓی اُولٰٓئِکَ اَنۡ یَّکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُھۡتَدِیۡنَ ☆ اَجَعَلۡتُمۡ سِقَایَۃَ الۡحَآجِّ وَعِمَارَۃَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ کَمَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَجَاھَدَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ؕ لَا یَسۡتَوٗنَ عِنۡدَاللّٰہِ ؕ وَاللّٰہُ لَا یَھۡدِی الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِیۡنَ ☆

(سورۃالتوبۃ آیات،۱۷،۱۸،۱۹)

مشرکوں کونہیں پہنچتا کہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں،خوداپنے کفرکی گواہی دے کر،اِن کا توسب کیادھرااکارت ہے،اوروہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے،اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جواللہ اورقیامت پرایمان لاتے اورنماز قائم

marfat.com

کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، تو قریب ہے کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں، تو کیا تم نے حاجیوں کی سبیل اور مسجد حرام کی خدمت اس کے برابر ٹھہرائی جو اللہ اور قیامت پر ایمان لایا اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، وہ اللہ کے نزدیک برابر نہیں اور اللہ ظالموں کو راہ نہیں دیتا۔

حل لغات:

"مَاكَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ": مَاكَانَ میں استحقاق، اہلیت اور جواز کی نفی ہے، اور مشرک سے مراد ہر کافر ہے خواہ کسی ملّت کا ہو، یہودی، نصاریٰ، ہنود، بت پرست، مدعیِ اسلام جو درحقیقت کافر ہو۔
یعنی کسی کافر کو حق نہیں پہنچتا اور کسی کافر کے لئے جائز نہیں۔(۱)

"اَنْ يَّعْمُرُوْا": عِمَارَةٌ مصدر سے بنا ہے، جس کا معنٰی ہے تعمیر کرنا، آباد کرنا۔(۲)

---

(۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۸۹
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۸
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی' مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۹۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی' پشاور، ص ۴۵۴
(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی' مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۸۴۰
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)' مطبوعہ کراچی، ص ۳۴۷
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی' مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی' مطبوعہ مصر، ص ۲، ص ۳۷
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۴۳۰

marfat.com

مسجد کی صوری اور معنوی آبادی کی تمام صورتوں کو ''مسجد کی آبادی'' کہا جاتا ہے۔(۳)

"**مَسٰجِدَاللّٰه**" : مَسَاجِد جمع ہے، اس کا واحد مَسْجِد ہے، تمام مسجدیں اگر چہ اللہ تعالیٰ جل وعلا کی ہیں مگر لفظ ''اللہ'' کی اضافت ان کی بزرگی اور شرافت کے اظہار کے لئے ہے۔

''مساجد اللہ'' سے مراد اس مقام پر بیت اللہ شریف ہے، جس میں کعبہ معظّمہ واقع ہے، اس ایک مسجد کو جمع سے تعبیر کرنے میں متعدد حکمتیں ہیں۔

مثلاً یہ اتنی عظیم المرتبت ہے کہ اس کی آبادی گویا تمام مساجد کی آبادی ہے۔

دنیا میں یہ واحد ایسی مسجد ہے کہ ہر سمت: شمال، جنوب، مشرق، مغرب کو منہ کر کے اس میں نماز ادا کرنا ممکن ہے، گویا اس کا ہر گوشہ اطراف عالم کی مساجد میں سے ایک مسجد ہے۔(۴)

---

(۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۸

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۰۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۸۹

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونیہ، ج ۳، ص ۳۹۷ ومابعد

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۶۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۷ ومابعد

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۴۰

(۴) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۷

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونیہ، ج ۳، ص ۳۹۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۶۵

marfat.com

"**شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ**": خود اپنے کفر کی گواہی دے کر۔

یعنی ان میں کفر کی علامات ہیں اگر چہ وہ اس کا زبانی اقرار نہیں کرتے۔

آیت سے مراد یہ ہے کہ کافر جب تک کفر پر قائم رہے بیت اللہ شریف اور دیگر مسجدوں کو تعمیر کرنے اور آباد کرنے کا اہل نہیں، کافر کو مسجد کی ملکیت، تعمیر، تولیت اور تصرف کا اختیار نہیں۔(۵)

"**وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ**": اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، یعنی دینی امور میں ان کی خشیت صرف اللہ تعالیٰ سے ہوتی ہے، باقی رہی جبلّی خشیّت، فطری خوف، مثلاً موذی جانور، درندوں وغیرہ کا خوف، تو منافی ایمان نہیں۔(۶)

---

(۵)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان. ج۸،ص ۸۹
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۸۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۲۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۲۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۷
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۹۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۴۱
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۲۹
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ). ج۵،ص ۱۹

(۶)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان. ج۸،ص ۸۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۲۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۲۲
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۳۹۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص ۶۶
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۱۹۸

marfat.com

"سِقَایَۃَ الْحَآجِّ وَعِمَارَۃَ الْمَسْجِدِالْحَرَامِ":

سِقَایَۃٌ اور عِمَارَۃٌ مصدر ہیں ان کا لغوی معنٰی ہے پانی پلانا اور تعمیر کرنا۔

سقایہ سے مراد ہے وہ برتن، جس میں پینے کا پانی بھرا جاتا ہے، سبیل، مٹکی۔

آیت سے مراد یہ ہے کہ حاجیوں کو پلانے والے، بیت اللہ شریف کو آباد کرنے والے ان کے برابر نہیں جو اللہ وحدہ پر ایمان لائے، فرائض اسلام ادا کئے اور اللہ کی راہ میں جہاد کئے، یہ دونوں گروہ آپس میں برابر نہیں ہو سکتے۔

شان نزول:

(۱) غزوۂ بدر میں جو کافر قیدی ہوئے ان میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بھی تھے، یہ ابھی تک ایمان نہیں لائے تھے، غازیان بدر بالخصوص حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ نے انہیں ملامت کی، کہ تم نے سرکار آقا و مولیٰ ﷺ کی قرابت کا پاس بھی نہ کیا، قطع رحمی کرتے ہوئے آپ کے خلاف قتال کیا، مشرکین کی معاونت کی، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تم نے ہماری برائیاں تو گنی ہیں، ہماری خوبیوں پر نظر ہونی چاہئے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا! تمہاری خوبیاں کیا ہیں؟ انہوں نے فرمایا: ہم حاجیوں کو پانی پلاتے ہیں، کعبہ کی خدمت کرتے ہیں، غلام آزاد کرتے ہیں، اس پر یہ آیات کریمہ نازل ہوئیں، جس میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے اس خیال کی تردید کی گئی کہ کفر ہوتے ہوئے کوئی نیکی، نیکی ہوتی ہے؟ کفر تمام نیکیوں کو باطل کر دیتا ہے۔(۷)

(۷)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۹۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۳
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۷
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۶۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۹۶
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۱
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۶، ۲۰۱
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۵، ص ۱۴۰

marfat.com

(۲) حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ جمعہ کے روز چند صحابہ مسجد نبوی شریف میں منبر مبارک کے پاس بیٹھے باتیں کر رہے تھے، بعض نے فرمایا، حاجیوں کو پانی پلانا بڑی نیکی ہے، بعض نے فرمایا، مسجد حرام شریف کی خدمت بڑی نیکی ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جہاد فی سبیل اللہ سب سے بڑی نیکی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، منبر رسول ﷺ کے پاس شور نہ کرو، آج میں حضور آقا و مولیٰ سرکار ابد قرار ﷺ سے دریافت کرلوں گا، دریافت کرنے پر حضور سید عالم ﷺ نے یہ آیت کریمہ تلاوت فرمائی کہ اللہ اور آخرت پر ایمان لانے والا، نماز قائم کرنے والا، زکوٰۃ ادا کرنے والا، جہاد فی سبیل اللہ کرنے والے کی نیکی حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد حرام کی خدمت سے بڑی ہے۔(۸)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ کفر (العیاذ باللہ) عبادات اور نیکیوں کے اُخروی اجر و ثواب کو باطل کر دیتا ہے، قرآن مجید کی متعدد آیات، احادیث صحیحہ اور اجماع امت سے یہ مسئلہ واضح ہے، نیکیاں کفار کو فائدہ نہ دیں گی اور نہ ان پر آخرت میں ثواب مرتب ہوگا نہ ان کے عذاب میں نیکیوں کے باعث تخفیف ہوگی، البتہ بعض کافر بعض سے سخت عذاب میں گرفتار ہوں گے، والدین کی خدمت، بھوکوں کو کھانا کھلانا، مہمان نوازی، رفاہ عامہ کے کام، سبیل، مسجد کی تعمیر، غلام آزاد کرنا بلکہ بیت اللہ شریف کی خدمت کفر کی موجودگی میں بے کار ہیں، نیکی پر اجر کی بنیاد اور اولین شرط ایمان ہے، مومن کو اپنے ایمان کی حفاظت لازم ہے۔(۹)

---

(۸) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونہ، ج ۳، ص ۳۹۶
تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۶۷

(۹) تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۸
تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۱
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونہ، ج ۳، ص ۳۹۷
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۸
التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴
احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۸
احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۰۶
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۹۲
تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۱۹
انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹
تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۵

marfat.com

﴿۲﴾ علامات کفر میں سے اگر ایک علامت کفر کسی میں پائی جائے تو وہ کافر ہے، اگر چہ وہ اپنے کفر کا اقرار نہ کرے بلکہ کفری علامت کی موجودگی میں اس کا کفر سے انکار بھی فائدہ مند نہیں، اس کی علامت ہی اس کے کفر کی گواہی ہے، مشرکین مکہ زمانہ جاہلیت میں طواف بیت اللہ کے دوران بتوں کو سجدہ کرتے، تلبیہ میں پڑھتے۔

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ اِلَّاشَرِیْکَ ھُوَ لَکَ تَمْلِکُہٗ وَمَامَلَکَ (۱۰)

﴿۳﴾ جو شخص مسجدوں کو آباد کرتا ہے، نماز پڑھتا ہے، زکوٰۃ ادا کرتا ہے، جب تک اس میں کوئی علامت کفر ظاہر نہ ہو، اس کے بارے میں حسن ظن رکھنا اور اس کے ایمان کی گواہی دینا جائز ہے، اگر چہ یہ امر حتمی و قطعی نہیں۔ (۱۱)

﴿۴﴾ کوئی کافر، مشرک، مرتد مسلمانوں کی مسجد کا مالک، قابض، متصرف، متولی نہیں ہوسکتا، مسلمانوں پر واجب ہے کہ ایسی صورت میں اس کے قبضہ و تصرف تولیت سے مسجد کو آزاد کرائیں، اسی طرح اگر کوئی کافر کسی عبادت گاہ کو مسجد کے نام و ہیئت پر بنانے کا ارادہ کرے تو اسے روک دیا جائے، کفر اور مسجد کی تعمیر و آبادی دو متضاد

---

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۹۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۸

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۲۴۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۵۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۹

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۹۰

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۰۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۴۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۹

marfat.com

اشیاء ہیں، یہ دونوں جمع نہیں ہوسکتیں، قرآن مجید نے نہایت صراحت سے یہ مسئلہ بیان فرمادیا ہے۔(۱۲)

نوٹ: راقم السطور فقیر قادری غفرلہ کے مقالہ ''کافر مسجد کا متولی نہیں ہوسکتا'' میں مزید تفصیل ملاحظہ فرمائیں۔

﴿۵﴾ کافر کو مسجد کی تعمیر سے روک دینے میں یہ امور شامل ہیں۔

(ا) جدید مسجد بنانا۔

(ب) قدیم مسجد کے منہدم حصہ کو از سر نو بنانا۔

(ج) مسجد کی مرمت۔

(د) مسجد کی تعمیر میں مالی معاونت وغیرہ۔(۱۳)

---

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۸۷

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۰۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۸۹

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵،ص۱۸

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۴۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۲

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۲

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۲۹

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۴۱

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۹۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۳۹۷

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۶۴

(۱۳) ☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت، ج۵،ص۱۴۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۲۲

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۳۹۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۷

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۱۹۷

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۸۷

marfat.com

﴿۶﴾ اگر کوئی کافر مسجد بنانے کی وصیت کر جائے تو اس کی وصیت قبول نہ ہوگی، اسی طرح کسی کافر کا مال مسجد کی تعمیر، مرمت، تزئین وغیرہ میں استعمال کرنا جائز نہیں، اسی پر اجماع امت ہے۔(۱۴)

﴿۷﴾ کافر مسجد میں داخل ہونے کے اہل نہیں، کیونکہ مسجد شعائر اسلام سے ہے، شعائر اسلام میں کفر کی مداخلت جائز نہیں، پس اگر کافر مسجد میں بغیر اذن کے داخل ہو تو وہ تعزیر کا مستوجب ہے، البتہ اگر اذن لے کر داخل ہوا تو اس پر تعزیر نہیں ہے۔(۱۵)

﴿۸﴾ کافر حج نہیں کر سکتا، کیونکہ حج میں بیت اللہ کا طواف شامل ہے اور کافر کا مسجد میں داخلہ جائز نہیں۔(۱۶)

﴿۹﴾ افضلیت کے اعتبار سے سب سے افضل مسجد، مسجد حرام (بیت اللہ شریف)، پھر مسجد نبوی شریف، پھر مسجد اقصیٰ شریف، پھر ہر شہر کی قدیم مسجد، پھر جامع مسجد، پھر شارعِ عام پر واقع مسجد، پھر مسجد بیت، اسی ترتیب سے ان میں نماز ادا کرنا افضل ہے۔(۱۷)

﴿۱۰﴾ عورتیں صرف مسجد بیت (گھر میں کسی کونہ کو نماز کے لئے مخصوص کر لینا) میں اعتکاف کر سکتی ہیں، جب کہ اس کے علاوہ دیگر تمام مسجدوں میں مردوں کا اعتکاف کرنا جائز ہے۔(۱۸)

﴿۱۱﴾ جس نماز میں جماعت مشروع ہے اس کا مسجد میں ادا کرنا گھر میں ادا کرنے سے افضل ہے، گھر میں نماز باجماعت پڑھنے سے مسجد میں جماعت سے ادا کرنا افضل ہے۔(۱۹)

---

(۱۴) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۲۲

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۱۹۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۸

(۱۵) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۲۲

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۸

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۸۹

(۱۷) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۷

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۰

(۱۸) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۷

(۱۹) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۳۹۸

marfat.com

﴿۱۲﴾ فرض پنجگانہ، جمعہ، عیدین کی نماز جماعت سے پڑھنا واجب ہے، بلا عذر اس کا تارک فاسق ہے۔(۲۰)

﴿۱۳﴾ مومن صاحبِ نصاب، عاقل بالغ پر زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے اور اس کے لئے مسجد کی تعمیر و مرمت کرنا مستحب اور کارِ ثواب ہے۔(۲۱)

﴿۱۴﴾ مسجد کی تعمیر و ترقی، تزئین اور اس کی ضروریات پوری کرنے میں صرف مالِ حلال صَرف کرے، حرام کا مال مسجد کے تقدس کے خلاف ہے، یہی وجہ ہے کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ہجرت سے پہلے مکہ معظّمہ میں اپنے مکان کے سامنے اپنے صَرف سے ایک مسجد تعمیر کی تھی جو بیت اللہ اور مسجد اقصٰی کے بعد دنیا میں سب سے پہلی مسجد تھی۔(۲۲)

﴿۱۵﴾ مستحب یہ ہے کہ فرش زمین، بوریا، گھاس وغیرہ پر سجدہ کرے، نرم فرش، چٹائی، قالین اور دری وغیرہ پر نماز ادا کرنے میں حرج نہیں جب کہ سجدہ میں پیشانی زمین پر جم جائے، دبانے پر مزید نہ دبے۔(۲۳)

﴿۱۶﴾ اطمینانِ نفس سکونِ قلب مسجد کی آبادی، مسجد میں زیادہ دیر ٹھہرنے، عبادات، تلاوت، اذکار و اوراد میں مشغول رہنے سے نصیب ہوتا ہے، حدیث شریف میں اس کی تائید موجود ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ فِی الْمَسْجِدِ کَالسَّمَکِ فِی الْمَآءِ (۲۴)

---

(۲۰) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۸

(۲۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۸

(۲۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۰

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۴۱

(۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۹۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۸

(۲۴) ☆ کشف الخفا للعجلونی، ج۲، ص۴۰۶

☆ بحوالہ الموسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج۸، ص۶۴۸

marfat.com

مومن مسجد میں ایسا ہے جیسے پانی میں مچھلی۔

اس لئے بندۂ مومن کو اپنے اوقات کا زیادہ سے زیادہ وقت مسجد میں گذارنا چاہئے۔(۲۵)

﴿۱۷﴾ مسجد میں ذکر واذکار میں تلاوت قرآن مجید، اوراد واشغال ماثورہ، درس وتدریس قرآن وحدیث وفقہ وسلور دیگر علوم اسلامیہ ہیں، جو بندۂ مومن قرأت وتدریس میں زندگی صَرف اوروقف کردیتا ہے، وہ شریعت اور طریقت میں امام بن جاتا ہے، فضائل علمیہ وعملیہ کا جامع اوردنیوی امور سے بے نیاز ہوجاتا ہے، اگرکوئی بندۂ مومن یہ مرتبہ حاصل کرلے یا حاصل کرنے میں مشغول ہوجائے اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے دینی ودنیوی حاجات کا ضامن ہوجاتا ہے۔(۲۶)

﴿۱۸﴾ مومن کے لئے لازم ہے کہ ایمان اوراعمال حسنہ کے باوجود رب تعالیٰ کے فضل وکرم کا امیدوار رہے، اپنے اعمال اورحسنات پرفخر نہ کرے۔(۲۷)

﴿۱۹﴾ دینی امور میں بندۂ مومن صرف اپنے رب تعالیٰ سے ڈرتا ہے، نہ معلوم، وہ قبول ہوں یا رد کردیئے جائیں، نیز وہ دینی امور کی ادائیگی میں مخلوق کی مخالفت کی پرواہ نہیں کرتا، کسی ملامت کرنے والے کی ملامت اسے دینی

---

(۲۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۰۶

(۲۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۰۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۴

(۲۷) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۰

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۳۹۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۵

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۱۹۸

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۶۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۲

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۲

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۲۹

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۱

marfat.com

امور کی انجام دہی سے روک نہیں سکتی، دنیوی مصائب وآلام اور عواقب سے خوف اس کے ایمان کے منافی نہیں۔(۲۸)

﴿۲۰﴾ سید الانبیاء امام المرسلین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین انیس الغریبین محبوب رب العالمین حضور پرنور سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ پر ایمان لانا تکمیل ایمان کا باعث بلکہ حقیقی ایمان کی علامت ہے، آپ پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں لاسکتا، ایمان باللہ اور ایمان بالرسول لازم وملزوم ہیں، یہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوسکتے، اس لئے بندۂ موحد بننے کی بجائے بندۂ مومن بنیں تاکہ ایمان مکمل ہو، عبادات کی شرط پوری ہو اور ان پر اجر مرتب ہو۔ بندۂ مومن کے کلمہ، شہادت، اذان، اقامت، نماز، خطبہ وغیرہ میں دونوں پر ایمان کا ذکر موجود ہے۔(۲۹)

---

(۲۸)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۹۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲۔
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۵۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۹۸
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۱
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۱۹
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۶۶

(۲۹)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۹۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۹۸
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۶۶
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۹
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۹۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۵۵

marfat.com

﴿۲۱﴾ مسجد کی تعمیر وآبادی میں بہت سے امور شامل ہیں، ان سب کی ادائیگی، انتظام وانصرام، تولیت وتصرف صرف مومن ہی کا حق ہے، کافر اس حق سے محروم ہے، تعمیر کی دو انواع ہوسکتی ہیں۔

(ا) تعمیر صوری

(ب) تعمیر معنوی

تعمیر صوری میں متعدد امور شامل ہیں۔

(ا) ضرورت پر کسی جگہ نئی مسجد بنانا۔

(ب) مسجد قدیم کی توسیع۔

(ج) مسجد قدیم کی مرمّت۔

(د) مسجد قدیم کے منہدم یا قابل منہدم حصہ کی دوبارہ تعمیر کرنا۔ وغیرہ۔

مسجد کی تعمیر صوری بڑے اجر کا باعث اور علامتِ ایمان ہے، قرآن مجید نے اس کو واضح کر دیا ہے، احادیث طیبہ صحیحہ کثیرہ اسی پر دال ہیں، عہد صحابہ سے لے کر آج تک مسجد بنانا اور آباد کرنا مسلمانوں کا طریقہ متوارثہ رہا ہے، دنیا کی بے شمار، لاتعداد مساجد اس حقیقت کو واضح کر رہی ہیں، ایک حدیث میں ہے۔

سَبْعٌ يَّجْرِىْ لِلْعَبْدِ اَجْرُهُنَّ وَهُوَفِىْ قَبْرِهٖ بَعْدَمَوْتِهٖ : مَنْ عَلَّمَ عِلْمًا اَوْاَجْرٰى نَهْرًا، اَوْ حَفَرَ بِئْرًا، اَوْغَرَسَ نَخْلاً ، اَوْبَنٰى مَسْجِدًا ،اَوْوَرَّثَ مُصْحَفًا ،اَوْتَرَكَ وَلَدًايَسْتَغْفِرُ لَهٗ بَعْدَمَوْتِهٖ (۳۰)

سات آدمیوں (کے اعمال) کا اجران کی موت کے بعد، قبر میں بھی جاری رہتا ہے، جس نے کسی کو پڑھایا، یا نہر جاری کی، یا کنواں کھدوایا، یا درخت لگایا، یا مسجد بنائی، یا قرآن مجید ترکہ میں چھوڑا، یا ایسی اولاد چھوڑی جو اس کی موت کے بعد بھی اس کے لئے مغفرت طلب کرتی ہے۔

(ہ) صوری تعمیر کے خوبصورت، حسین اور نادر روزگار نمونے دنیا بھر میں موجود ہیں، موجودہ مسجد حرام اور مسجد نبوی شریف تو عدیم النظیر مثالیں ہیں۔

(۳۰) ☆ رواہ البزار وسمویہ عن انس
☆ بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۵۰

marfat.com

معنوی تعمیر میں متعدد امور شامل ہیں۔

(و) مسجد کو صاف ستھرا رکھنا، اس کے ماحول کو خوشگوار بنانا، مسجد میں خوشبو وغیرہ کا اہتمام کرنا۔

(ز) عمدہ فرش بچھا کر زینت دینا۔

حضور سید عالم ﷺ کے زمانہ ءِ اقدس میں مسجد کا فرش مٹی کا تھا، پھر کنکریاں بچھادی گئیں، امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے مسجد نبوی میں چٹائی بچھائی، اس لئے آج مساجد میں صفیں، دریاں اور خوبصورت قالین بچھائے جاتے ہیں، یہ چیزیں دور صحابہ میں نہ تھیں۔

(ح) مسجد کی در و دیوار، چھتوں، میناروں میں سفیدی، رنگ و روغن کرانا تا کہ اس کے حسن میں اضافہ ہو۔

خلیفہ ولید بن عبدالملک نے دمشق کی جامع مسجد میں، شام کے خراج سے تین گنا رقم تعمیر پر خرچ کی۔

حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے مسجد اقصٰی کو خوبصورت بنایا، اس کے گنبد پر کبریت احمر نصب فرمایا۔

(یاد رہے کہ کبریت احمر، سرخ گندھک اس دور میں سب سے عزیز و گراں شئ تھی)

وہ کبریت احمر میلوں تک روشنی دیتا تھا، بارہ مربع میل میں رات کے وقت عورتیں اس کی روشنی میں سوت کات لیتی تھیں، بخت نصر نے جب اسے ویران کیا تو اس کے سونے چاندی کی قندیلوں اور جواہرات کو ایک لاکھ ستر بیلوں پر لاد کر بابل میں لے آیا۔

(ط) مسجد میں روشنی کا عمدہ انتظام، تا کہ عبادت و ریاضت، ذکر و اذکار، تلاوت اور درس و تدریس میں مشغول حضرات کی دل جمعی کا سامان ہو، آنے جانے اور پڑھنے پڑھانے میں دقت نہ ہو۔

مسجد نبوی شریف میں سب سے پہلے حضرت تمیم الداری رضی اللہ عنہ نے سفر تجارت سے واپسی پر بدیس سے قندیلیں اور ان کا متعلقہ سامان لے کر حاضر کیا، مسجد شریف کا نورانی ماحول ملاحظہ فرما کر حضور سرور عالم ﷺ نے اظہارِ مسرت فرمایا اور اپنے غلام تمیم الداری کو دعا دی۔

نَوَّرْتَ مَسْجِدَنَا، نَوَّرَ اللّٰہُ عَلَیْکَ

marfat.com

تو نے ہماری مسجد کو منور کر دیا ہے اللہ تعالیٰ تجھے (اور تیری قبر کو) نور سے معمور کر دے۔

اس سے پہلے اولوالعزم رسول سیدنا سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے مسجد اقصیٰ ایک ہزار سات سو سونے کی قندیلوں کو چاندی کی زنجیروں سے لٹکایا۔

بدعات حسنہ اگر مقصود شرع کے موافق ہوں تو سنت کے درجہ میں ہوتی ہیں، مسجد میں قندیلیں روشن کرنا، اور آج بجلی کے دور میں ٹیوب لائٹ، قمقمے اور دیگر روشنی کے ذرائع اختیار کرنے کا یہی حکم ہے۔

عبادت گذاروں، تلاوت کرنے والوں، درس وتدریس میں مصروف عابدوں زاہدوں اور رب کے فرمانبردار بندوں کے لئے شدید موسمی اثرات سے حفاظت کی خاطر بجلی کے پنکھوں، ایرکولر، ایرکنڈیشن، ہیٹر وغیرہ اسی اصول کے مطابق جائز اور باعث اجر ہیں۔

دنیائے اسلام کی سب سے بڑی اور مبارک مساجد، مسجد حرام شریف اور مسجد نبوی شریف میں یہ تمام سہولیات دستیاب ہیں، بلکہ اس کی دیگر اور ضروریات مثلاً بیماری کی صورت میں فوری امداد کی ادویات اور راہنمائی کے دفاتر بھی موجود ہیں، ان سب کا مقصد عابدوں کو سہولت مہیا کرنا ہے۔

اسی طرح اولیاء اللہ، علماء راسخین اور صلحاء امت کے مزارات پر عمارت بنانا اور زائرین کو سہولیات مہیا کرنا جائز ہے، ان کے مزارات پر روشنی، پانی، بجلی، رہائش، خوراک وغیرہ کی سہولیات کا انتظام کرنا جائز ہے، اس سے مقربانِ بارگاہِ رب العزت کی تعظیم وعظمت ظاہر ہوتی ہے اور یہ مقصودِ شرع ہے۔

(ی) مسجد میں کثرت سے آنا جانا، وہاں کا قیام، عبادت، اعتکاف، درس وتدریس علوم شرعیہ، ذکر واذکار کے حلقے، وعظ ونصیحت کی مجالس منعقد کرنا اور قرآن وحدیث، فقہ وتفسیر، اسلامی تاریخ، سیرت النبی، سیرت صحابہ اور دیگر علوم اسلامیہ کی کتابیں مہیا کرنا بھی مسجد کی تعمیر میں شامل ہیں، مسجد نبوی شریف میں واقع اسلامی کتابوں کا نادر ذخیرہ اور دار المطالعہ اس کی عمدہ مثال ہے۔

(ک) مسجد کی ان چیزوں سے حفاظت کرنا، جو بنائے مسجد کے مقاصد کے خلاف ہو، مثلاً مسجد میں دنیوی باتیں، خرید وفروخت کرنا، گم شدہ اشیاء کا اعلان کرنا، بدبودار شئ استعمال کر کے مسجد میں آنا، کہ اس سے نمازی

marfat.com

پریشان ہوں گے، کافروں اور بدمذہبوں کو مسجد میں آنے سے روکنا تا کہ نمازیوں کی عبادت اور عقائد منتشر ہوں، ان سب امور سے مسجد کی حفاظت مقاصد شرع اور مقاصد بنائے مسجد ہے، مذکورہ بالا تمام امور تعمیر مسجد میں شامل ہیں، ان کا حق صرف مسلمانوں کو حاصل ہے، کسی کافر کو ان میں مداخلت یا تصرف کا حق شریعت میں نہیں۔(۳۱)

☆☆☆☆☆

(۳۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۹۷ و مابعد

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۱۹۷

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۸۸):

کافروں سے دلی دوستی حرام ہے

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْالَاتَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَ کُمْ وَاِخْوَانَکُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْکُفْرَعَلَی الْاِیْمَانِ ۔ وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ☆

(سورۃالتوبۃ آیت،۲۳)

اے ایمان والو!اپنے باپ اوراپنے بھائیوں کودوست نہ سمجھواگروہ ایمان پر کفرپسندکریں اورتم میں سے جوکوئی ان سے دوستی کرے گاتووہی ظالم ہیں۔

حل لغات:

"**اَوْلِیَآءَ**": جمع ہےاس کاواحدوَلِیٌّ ہے،وَلِیٌّ کثیرمعنوں میں استعمال ہے،مثلاًمُحِبّ،صدیق،مددگار،سلطان، متصرف،مالک،رازدار،غلام،آقا،قریب،ہمسایہ،حلیف،متولی،وِلایت والا،رب،ناصر،انعام کرنے والا، جس پرانعام کیاجائے،تابع،سُسر وغیرہ۔(۱)

(۱) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج۱۰،ص۳۹۹

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی ،مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی،مطبوعہ مصر،ج۲،ص۱۵۷

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)،مطبوعہ کراچی،ص۵۳۳

☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص۴۹۶

marfat.com

آیت مبارکہ میں اس سے مراد دلی دوست، رازدار ہیں۔(۲)

"**اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ**": اگر وہ ایمان پر کفر کو پسند کریں، اس سے مراد یہ ہے کہ کفر پر اصرار کریں اور ایمان لانے پر، کفر پر قائم رہنے کو ترجیح دیں۔(۳)

"**الظّٰلِمُوْنَ**": ظلم کا معنٰی ہے، کسی شئ کو اس کی اصل جگہ پر نہ رکھنا۔(۴)

اللہ تعالیٰ نے مومنین کو مومنین سے محبت کرنے اور رازدار بنانے کا حکم فرمایا ہے، جو کوئی مومنین کے علاوہ کافروں کو دوست رکھے اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم اس کے اصل مقام پر نہ رکھا، وہ ظالم ہے۔

شان نزول:

اس آیت کے شان نزول میں متعدد روایات مروی ہیں، صحیح تر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ کے ذریعے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی ہے کہ تمہاری دوستی اور قرابت صرف مسلمانوں سے ہو، ان کے علاوہ کافروں کو اپنا دوست اور قریبی نہ بناؤ، وہ کبھی بھی تمہارے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔(۵)

(۲) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۳۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور ،ج ۲،ص ۲۲۴
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی ،ج ۵،ص ۲۰۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳،ص ۴۰۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ،ج ۱۰،ص ۷۰
(۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر ،ج ۲،ص ۳۴۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت(طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ)،ج ۵،ص ۲۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ،ج ۱۰،ص ۷۰
(۴) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان ،ج ۲،ص ۹۰۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳،ص ۴۰۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ،ج ۱۰،ص ۷۰
(۵) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر ،ج ۱۲،ص ۱۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور ،ج ۲،ص ۲۲۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳،ص ۴۰۳

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ کافروں سے دلی دوستی (موالات) مذہبی معاملات میں ان کی امداد کرنا، ان سے مدد لینا، ان کو اپنا راز دار بنانا اور اپنے اموران کے سپرد کرنا حرام ہے، ان سے بیزاری ظاہر کرنا، ان کی عزت وتکریم نہ کرنا واجب ہے، کافر اگرچہ نسبی قرابت دار مثلاً باپ، دادا، اولاد، بھائی، چچا، ماموں، سُسر کیوں نہ ہو، حربی کافر سے معاشرتی مقاطعہ (سوشل بائیکاٹ) لازمی ہے، کافروں سے دوستی رکھنا اوران کی تعظیم وتکریم منافقین کا وطیرہ ہے، مسلمان کواس سے اجتناب لازم ہے۔(۶)

﴿۲﴾ وہ کافر جو لاعلمی کی وجہ سے کفر پر قائم ہے اس کے ایمان لانے کی توقع ہوتو اس سے حسنِ سلوک جائز ہے، مقاطعہ صرف اس کافر سے ہے جو اپنے کفر پر اصرار کرتا ہے، معروف طریقہ سے ان کی صحبت جائز ہے، تاکہ وہ اسلامی اخلاق سے متاثر ہوکر ایمان دار بن جائیں۔(۷)

﴿۳﴾ ماں باپ اگر کافر ہوں (نعوذباللہ) تو دلی دوستی اوراحترام اگرچہ منع ہے مگران کی خدمت، ان کے ساتھ احسان

---

(۶)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۳۰۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۹۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۲
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۲
☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۴
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۰
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۰۴
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۰
(۷) ☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۰

marfat.com

کا برتاؤ اور حقوق پدری (والدین ہونے کے اعتبار سے ان کے حقوق) ادا کرنا جائز بلکہ واجب ہے، قرآن مجید اور حدیث صحیح میں یہ حکم صراحت کے ساتھ موجود ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيْكَ ۚ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ☆ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَالَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ☆

(سورۃ لقمٰن آیات، ۱۴، ۱۵)

اور ہم نے آدمی کو اس کے ماں باپ کے بارے میں تاکید فرمائی، اس کی ماں نے اسے پیٹ میں رکھا کمزوری پر کمزوری جھیلتی ہوئی اور اس کا دودھ چھوٹنا دو برس میں ہے یہ کہ حق مان میرا اور اپنے ماں باپ کا، آخر مجھی تک آنا ہے اور اگر وہ دونوں تجھ سے کوشش کریں کہ میرا شریک ٹھہرائے ایسی چیز کو جس کا تجھے علم نہیں تو ان کا کہنا نہ مان، اور دنیا میں اچھی طرح ان کا ساتھ دے اور اس کی راہ چل جو میری طرف رجوع لایا، پھر میری ہی طرف تمہیں پھر آنا ہے تو میں بتادوں گا جو تم کرتے تھے۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما خدمت اقدس حضور انور ﷺ میں حاضر آئیں اور عرض کی:

قَدِمَتْ اُمِّيْ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ مَاسْتَفْتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قُلْتُ وَهِيَ رَاغِبَةٌ اَفَاَصِلُ اُمِّيْ ، قَالَ :نَعَمْ،صِلِيْ اُمَّكِ (۸)

میری والدہ میرے پاس آئیں حالانکہ وہ مشرکہ تھی میں نے حضور اکرم ﷺ سے اس کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا اور میں نے مزید عرض کی کہ وہ اسلام کی طرف مائل نہیں، میں نے پوچھا کہ میں

(۸) رواہ البخاری عن اسماء بنت ابی بکر، ج ۱، ص ۳۵۷
رواہ ایضاً فی کتاب الجزیۃ و کتاب الادب
رواہ مسلم فی کتاب الزکوۃ و احمد فی مسند ج ۶، ص ۳۴۴، ۳۴۷، ۳۵۵

marfat.com

اپنی ماں سے صلہ رحمی کروں، آپ نے فرمایا: اپنی ماں سے صلہ رحمی کر (اس کے ماں ہونے کے اعتبار سے جو حقوق تجھ پر لازم ہیں ان کو ادا کر)۔(۹)

﴿۴﴾ اگر کافر کے اسلام لانے کی امید ہو تو اس سے حسنِ سلوک جائز ہے، معاشرتی مقاطعہ (سوشل بائیکاٹ) ان کافروں سے ہے جو اپنے کفر پر اصرار کریں۔(۱۰)

﴿۵﴾ اگر کوئی مسلمان کسی کافر کی ذات سے راضی ہے اس کے کفر پر راضی نہیں تو اگرچہ ایسا کرنا کفر نہیں، لیکن معصیت اور گناہ ضرور ہے، اور اگر کوئی کفر سے راضی ہو تو یہ کفر ہے۔(۱۱)

﴿۶﴾ اللہ تعالیٰ جل وعلا کے حقوق اور بندوں کے حقوق میں ادائیگی میں اگر مقابلہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی مقدم ہے، مثلاً مالک، ماں باپ، استاد وغیرہ کوئی کام کہیں اور دوسری طرف نماز کا وقت جاتا رہنے کا خدشہ ہو تو نماز پہلے ادا کرے اور دیگر کام بعد میں کرے۔(۱۲)

﴿۷﴾ جو قرابت مسلمان کے کام آئے گی وہ قرابت دینی ہے، دنیوی قرابت اسی وقت تک قابل احترام ہے جب وہ قرابت دینی سے متصادم نہ ہو، نسبی، سببی یا دنیوی قرابت دینی قرابت سے متصادم ہو تو اسے چھوڑ دیا جائے۔(۱۳)

☆☆☆☆☆

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۹۴

(۱۰) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۰

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۷
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۰
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۹۴

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۷

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۰۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۹۴

marfat.com

باب(۱۸۹):

دینی امور کی حفاظت

دنیا و مافیہا کی مصلحتوں سے مقدم ہے

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

قُلۡ اِنۡ کَانَ اٰبَآؤُکُمۡ وَاَبۡنَآؤُکُمۡ وَاِخۡوَانُکُمۡ وَاَزۡوَاجُکُمۡ وَعَشِیۡرَتُکُمۡ وَاَمۡوَالُ ۨ اقۡتَرَفۡتُمُوۡهَا وَتِجَارَةٌ تَخۡشَوۡنَ کَسَادَهَا وَمَسٰکِنُ تَرۡضَوۡنَهَاۤ اَحَبَّ اِلَیۡکُمۡ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوۡلِهٖ وَجِهَادٍ فِیۡ سَبِیۡلِهٖ فَتَرَبَّصُوۡا حَتّٰی یَاۡتِیَ اللّٰہُ بِاَمۡرِهٖ ؕ وَاللّٰہُ لَا یَهۡدِی الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِیۡنَ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت، ۲۴)

تم فرماؤ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری عورتیں اور تمہارا کنبہ اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ سودا، جس کے نقصان کا تمہیں ڈر ہے اور تمہارے پسند کے مکان، یہ چیزیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں لڑنے سے زیادہ پیاری ہوں تو راستہ دیکھو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ فاسقوں کو راہ نہیں دیتا۔

marfat.com

حل لغات:

"**اٰبَآءُ كُمْ**": اَبٌ کی جمع ہے بمعنی باپ، اس کلمہ میں باپ، دادا، نانا اور اوپر کے تمام رشتہ دار شامل ہیں۔

"**اَبْنَآءُ كُمْ**": اِبْنٌ کی جمع ہے بمعنٰی بیٹا، پوتا، اس کلمہ میں پوری اولاد شامل ہے۔ نواسہ، نواسی اور نیچے کے تمام رشتہ دار۔

"**اِخْوَانُكُمْ**": اِخْوَانٌ جمع ہے اَخٌ کی، بمعنٰی بھائی، حقیقی، علاتی، اخیافی، رضاعی اور تمام نسبی وسببی بھائی اس میں شامل ہیں۔

"**اَزْوَاجُكُمْ**": زَوْجٌ اور زَوْجَةٌ کی جمع ہے، بمعنٰی بیویاں۔

"**عَشِيْرَتُكُمْ**": یہ کلمہ عِشْرَةٌ سے بنا ہے اس کا معنٰی ہے، صحبت، مخالطت، مل جل کر رہنا، کنبہ والوں سے عموماً مل جل کر رہنا ہوتا ہے، اس مناسبت سے قبیلہ، کنبہ کو عِشْرَةٌ کہتے ہیں، اسی سے مُعَاشِرَةٌ بنا ہے، اس سے مراد کنبہ کے تمام افراد ہیں، جس سے انسان مل کر رہتا ہے اور ان سے اپنی کثرت بناتا ہے۔ (۱)

یاد رہے کہ مذکورہ بالا کلمات میں انسان کے تمام نسبی، سببی، سسرالی اور رضاعی رشتہ دار شامل ہیں۔ (۲)

"**اِقْتَرَفْتُمُوْهَا**": اِقْتِرَافٌ کا معنٰی ہے، کسب کرنا، حاصل کرنا، درخت سے چھال اور زخم سے چمڑا اتارنا اِقْتِرَافٌ ہے، کمانا اس سے استعارہ ہے، یعنی خون پسینے کی کمائی۔ (۳)

---

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۸۰۵

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۳۳۵

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۲۹

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۴۰۲

(۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹

(۳) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۰۱

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۷۲

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۹۸۷

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۶، ص ۳۳۰

marfat.com

"**كَسَادَهَا**": (ازباب نَصَرَ وَكَرُمَ) كَسَادٌ کا معنٰی ہے، گاہکوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا، بازار کا مندا ہونا۔(۴) تجارت، کاروبار، بازار گاہکوں کی کثرت سے بڑھتا ہے اور اگر گاہک اور ان کی طلب کم ہو جائے یا نہ رہے تو بازار و تجارت میں مندے کا رجحان ہوتا ہے، ہر تاجر مندے کے رجحان سے خائف اور طلب اور گاہکوں کی کثرت کا متمنی رہتا ہے۔

"**اَحَبَّ اِلَيْكُمْ**": زیادہ پسند ہے۔

آیت مبارکہ میں انسان کی محبوب و مطلوب تمام افراد اور اشیاء کا ذکر کیا گیا ہے، تمام رشتہ دار، تعلق دار، کمائی کا مال، تجارت، رہائشی اور آسائشی مکانات، مطلوب و مرغوب غذائیں، عمدہ لباس اور دلکشی کے تمام اسباب اور متوقع ذرائع اگر آدمی کو اللہ تعالیٰ جل وعلا، اس کے محبوب رسول ﷺ کی اطاعت اور فریضہ جہاد سے روک دیں تو اس وقت عذاب الٰہی، دنیا و آخرت کی ذلت اور رسوائی مسلط کر دی جاتی ہے۔(۵)

---

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۰۹۲

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۸۸

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۸۵

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۹۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۲۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۲۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۰۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۰۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۴

marfat.com

شان نزول:

سورہ برأت کی گذشتہ آیات جب نازل ہوئیں جن میں حکم دیا گیا کہ مشرکین سے اپنے تعلقات منقطع کرلو، تو بعض حضرات نے حاضر ہوکر بارگاہ نبوت میں عرض کی، یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! یہ امر انتہائی دشوار ہے، کافر ماں باپ، اولاد، بھائیوں اور بیویوں سے مقاطعہ سے معاشرتی زندگی مفلوج ہوکر رہ جائے گی، اس سے ہمارے کاروبار ڈھپ ہوکر رہ جائیں گے اور کفار سے جہاد کرنے میں تو ہمارے بین الاقوامی معاملات معطل ہوجائیں گے، یہ سب امور انتہائی دشوار ہیں اور قریباً ناممکن، اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی جس میں مسلمانوں کو ہدایت کی گئی کہ اپنے دینی معاملات کی ادائیگی میں کسی مصلحت، ضرورت، حاجت کو آڑے نہ آنے دو اور اگر کوئی دنیوی مصلحت تمہارے دینی معاملات میں ترجیح پاگئی تو اللہ تعالیٰ کے عذاب، دنیوی اور اُخروی ذلت کے لئے تیار ہوجاؤ۔(٦)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ماں باپ کی تعظیم، عزت، خدمت اور ان کی ضروریات پورا کرنا اولاد پر فرض ہے، ماں باپ خواہ مومن ہوں یا کافر، البتہ کافر ماں باپ کی کفر کے معاملات میں اطاعت کرنا جائز نہیں۔(۷)

﴿۲﴾ اولاد، بیوی، بہن بھائی اور دیگر قرابت داروں کے حقوق شرعیہ ادا کرنا مسلمان کا دینی فریضہ ہے، البتہ اگر یہ

---

(٦) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۰۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۹۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر ج ۱۶، ص ۱۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۰۳

(۷) ☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۲۲

marfat.com

(نعوذباللہ) غیر مسلم ہوں تو اس سے دلی دوستی حرام ہے، صلہ رحمی بہر حال لازم ہے۔(۸)

﴿۳﴾ مال کمانا، تجارت کرنا، مکان بنانا، اور شادی کرنا اگر اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے محبوب رسول ﷺ کے احکام کی تعمیل میں حائل نہ ہوں تو جائز ہیں بلکہ حسنِ نیت سے کارِ ثواب ہیں، اسی طرح دنیوی اشیاء کو پسند کرنا اور انہیں محبوب رکھنا ناجائز نہیں، البتہ اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے محبوب رسول ﷺ کی محبت ان سب سے زائد ہونا فرض ہے۔(۹)

﴿۴﴾ خالق باری تعالیٰ جل جلالہ اور مخلوق کے حقوق میں اگر تقابل ہو جائے تو حقوق باری تعالیٰ کی ادائیگی مقدم ہے، اسی طرح دین کی مصلحت کے مقابل دنیا کے تمام مصالح آجائیں تو ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ دین کا حکم بجا لائے اگرچہ اس سے تمام دنیا سے دست کش ہونا پڑے دین کی سلامتی اور حفاظت فرض ہے، اس کے مقابل آنے والے دنیوی امور اور تعلقات کا ترک کرنا واجب ہے، اولاد، والدین، بھائی، قبیلہ، کنبہ، معاشرہ، مال، تجارت، مکانات، وطن اور دیگر دنیوی علائق کی محبت اور اطاعت پر اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول ﷺ کی محبت اور اطاعت کو فوقیت دینا فرض ہے۔(۱۰)

---

(۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۰۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۹۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازھر، ج۱۶، ص۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۲۴

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۲۰۵

(۹) ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۰۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۹۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشھیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۳۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازھر، ج۱۶، ص۱۹

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۰

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۲۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۲۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۱

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۲۰۵

marfat.com

﴿۵﴾ رسول اللہ ﷺ سے محبت اس درجہ کی ہونا لازم ہے جس درجہ کی اللہ تعالیٰ جل وعلا سے محبت ہوتی ہے، رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اللہ تعالیٰ جل وعلا کی اطاعت ہے، حدیث شریف میں ہے۔

لَایُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّلَدِهٖ وَوَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (۱۱)

تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل الایمان نہیں ہوسکتا جب تک میں اس کی اولاد، ماں باپ اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

حضور محبوب رب العالمین ﷺ کے احترام، اجلال، اکرام کی خاطر آپ سے ایسی محبت ہونا فرض ہے جس سے آپ کی رضا جوئی تمام مخلوق کی رضا جوئی پر مقدم ہو جائے۔ (۱۲)

﴿۶﴾ اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے رسول ﷺ سے اختیاری محبت فرض ہے، صرف عقلی محبت کافی نہیں، یعنی ان مقدس ذاتوں سے ایسی محبت اختیار کرے کہ دنیا و مافیہا کی تمام محبوب اشیاء سے زیادہ ان سے محبت ہو جائے۔ (۱۳)

﴿۷﴾ دنیوی اشیاء اور امور سے جبلّی محبت مدار تکلیف نہیں، چونکہ یہ بندے کے اختیار میں نہیں اس لئے اس پر کوئی مواخذہ نہیں، مواخذہ یا اجر محبت اختیاری پر ہے۔ (۱۴)

---

(۱۱) ☆ رواہ الائمہ احمد والبخاری ومسلم والنسائی وابن ماجہ عن انس

☆ بحوالہ جامع صغیر، ج۲، ص۳۶۶

(۱۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۱

(۱۳) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۰۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳

(۱۴) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۰۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۰۵

marfat.com

﴿۸﴾ اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے محبوب رسول ﷺ سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ جو ان سے محبت کرے اس سے محبت کرے اور جو ان کا دشمن ہو اس سے دشمنی کرے، دشمنی کے اظہار کے لئے نفرت وعداوت کا ہر طریقہ استعمال کرے اور نوبت آنے پر ان سے جہاد کرے۔(۱۵)

﴿۹﴾ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد افضل ترین فریضہ ہے، قرآن مجید اور احادیث طیبہ میں اس کی اہمیت کو واضح کرنے کے لئے کثیر آیات مقدسہ اور احادیث صحیحہ ہیں، رحمۃ للعالمین حضور سید عالم ﷺ نے بہ نفس نفیس جہادوں میں شرکت فرمائی، خلفائے راشدین نے جہاد کئے، جہاد ترک کرنے والی قوم پر اللہ تعالیٰ دنیا وآخرت میں ذلت و عذاب مسلط فرما دیتا ہے، کافر غالب اور مسلمان مغلوب ہو جائیں گے، دولت وطاقت کی فراوانی اور افرادی قوت کی کثرت کے باوجود مسلمانوں کی شوکت جاتی رہے گی، دشمن ان کی سرزمین میں آکر ان کو قتل وغارت اور ذلیل کریں گے، ان کے مال واسباب لوٹ کر لے جائیں گے، مسلمان اس وقت تک ذلیل وخوار رہیں گے جب تک دوبارہ جہاد کی تیاری نہیں کر لیتے، اس آیت مبارکہ میں دنیا وآخرت کی ذلت کی وعید شدید موجود ہے، صحیح حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاتَبَایَعْتُمْ بِالْعِیْنَةِ وَاَخَذْتُمْ اَذْنَابَ الْبَقَرِ وَرَضِیْتُمْ بِالزَّرْعِ وَتَرَکْتُمُ الْجِهَادَ سَلَّطَ اللهُ عَلَیْکُمْ ذُلًّا لَّایَنْزِعُهٗ حَتّٰی تَرْجِعُوْااِلٰی دِیْنِکُمْ (۱۶)

جب تم ''بیع عینہ'' کرو گے اور بیلوں کے دم پکڑ لو اور کھیتی باڑی پر راضی ہو جاؤ اور جہاد کو ترک کر دو تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کر دے گا، ذلت تمہارا پیچھا نہ چھوڑے گی یہاں تک کہ تم اپنے دین کی طرف لوٹ کر نہ آؤ۔

(بیع عینہ یا بیع معائنہ یہ ہے کہ آدمی کوئی سامان، موجود معلوم قیمت سے مدت معلوم کے لئے خریدے اور اسی سامان کو خریدار سے کم قیمت پر خریدے جس پر وہ فروخت ہوا)

(۱۵) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۱

(۱۶) ☆ رواہ ابو داؤد، ج ۲، ص ۱۳۴

☆ احمد فی مسندہ، ج ۳، ص ۴۳

marfat.com

حدیث شریف سے مراد یہ ہے کہ اے مسلمانو! اگر تم خرید وفروخت اور کھیتی باڑی جیسے آسان کاموں میں مشغول ہو گئے اور جہاد ایسا مشقت آمیز فریضہ ترک کر دیا تو اپنی ذلت کو خود اختیار کرو گے۔

العیاذ باللہ! حالیہ ایام میں اس ذلت کا مشاہدہ ہو رہا ہے، افغانستان اور عراق اسلام کی سرزمین ہے، مسلمانوں کی آبادی ہے، دشمنانِ اسلام نے اسلام کی اس سرزمین پر ایسے ہولناک اور وحشت ناک حملے کر کے بے شمار مسلمانوں کو شہید کر دیا، ان کے املاک لوٹ لئے، عورتوں کی عصمت دری کی، بچے یتیم چھوڑ دیئے، بے اندازہ مالی اور جانی نقصان کے علاوہ ذلت ورسوائی کی انتہا ہوگئی، قوم مسلم کی اجتماعی بے حسی، غفلت کوشی، سُستی وکاہلی، جہاد سے اعراض اور اسلامی احکام کو پس پشت ڈال دینے کی پاداش مل رہی ہے اور یہ لامتناہی سلسلہ شروع ہوا ہے، مولا کریم مسلمانوں پر رحم فرمائے تا کہ ذلت ورسوائی سے نجات پالیں۔(۱۷)

﴿۱۰﴾ اپنی بیٹیوں اور بہنوں کا نکاح متقی مسلمانوں سے کرو، اگر چہ وہ غریب ہی کیوں نہ ہوں، دین کی حفاظت لازم ہے، بے دینوں یا غیر مسلموں سے ان کے نکاح اس لئے کرنا کہ دنیا اور دنیا کی دولت ہاتھ آئے گی، حرام ہے۔(۱۸)

﴿۱۱﴾ دنیا ومافیہا کی محبوب ومرغوب اشیاء سے اللہ جل جلالہ اور اس کے حبیب ومحبوب رسول سے زیادہ محبت کا ثبوت کتاب وسنت میں وضاحت وصراحت سے موجود ہے، مگر یہ کیفیت قلبِ مومن میں مشائخ عظام کی صحبت

---

(۱۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۰۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۹۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۹

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج۰، ۳۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۰۵

(۱۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۹۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۲

marfat.com

سے ہی میسر ہوسکتی ہے، حکمت، طب، ڈاکٹری وغیرہ کے اصولی مضامین تو کتابوں سے یاد ہو سکتے ہیں مگر ماہر حکیم وطبیب اور ڈاکٹر کی زیرنگرانی تجربہ سے ان میں استحکام اور استعداد پیدا ہوتی ہے، یہی حال مشائخ عظام کی صحبت اور مجلس میں حاضری کا ہے، مشائخ کرام کی صحبت کے بغیر اس کیفیت کا وجود انتہائی دشوار ہے، راستہ دکھانے والوں کی نسبت رہزن اور راہ مار کثیر ہیں، نیز ان میں تمیز مشکل امر ہے، اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ نہایت احتیاط اور زیرکی سے شیخ کامل کو تلاش کرے اور پھر اس کی صحبت کو لازم پکڑے، کاملین اگرچہ موجود ہیں مگر نہایت کمیاب ہیں، اکسیر اگرچہ نایاب یا کمیاب ہے مگر مل جائے تو کھوٹے تانبے کو سونا بنا دیتا ہے۔

؎ کیمیا پیدا کن از مُشتے گِلے

بوسہ زن بر آستانے کاملے

؎ پیر را بگزیں کہ بے پیر ایں سفر (۱۹)

☆☆☆☆☆

(۱۹) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۰۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۰۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۷۱

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۰

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۴

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۰):

کافر حدودِ حرم میں داخل نہیں ہوسکتا

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَاالْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ فَلَایَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَعَامِھِمْ ھٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَیْلَةً فَسَوْفَ یُغْنِیْکُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖٓ اِنْ شَآءَ ۚ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت،۲۸)

اے ایمان والو! مشرک نرے ناپاک ہیں، تو اس برس کے بعد وہ مسجد حرام کے پاس نہ آنے پائیں، اور اگر تمہیں محتاجی کا ڈر ہے تو عنقریب اللہ تمہیں دولت مند کردے گا، اپنے فضل سے، اگر چاہے، بے شک اللہ علم وحکمت والا ہے۔

حل لغات:

"**اَلْمُشْرِکُوْنَ**": مشرک وہ ہے جو اللہ تعالیٰ جل وعلا وحدہ لاشریک لہ کے علاوہ کسی کو عبادت کا مستحق جانے یا اللہ تعالیٰ جیسی صفات کسی اور میں مانے، آیت میں مشرک سے مراد ہر غیر مسلم ہے، خواہ اہل کتاب ہو یا مشرک، یہودی، نصاریٰ، مجوس، ہندو، بت پرست، سکھ، ملحد، زندیق، مرتد، بددین، لادین، دہریہ وغیرہ، اس حکم میں

marfat.com

ہر غیر مسلم داخل ہے۔(۱)

"**نَجَسٌ**": (از باب سَمِعَ وَ کَرُمَ) کا معنٰی ہے، نجاست، گندگی، اس میں پانچ لغات ہیں۔

نَجَسٌ (نون کا فتحہ اور جیم کے فتحہ کے ساتھ)

نَجُسٌ (نون کے فتحہ اور جیم کے ضمہ کے ساتھ)

نَجِسٌ (نون کے فتحہ اور جیم کے کسرہ کے ساتھ)

نَجْسٌ (نون کے فتحہ اور جیم کے سکون کے ساتھ)

نِجْسٌ (نون کے کسرہ اور جیم کے سکون کے ساتھ)

تمام کا معنٰی نجاست ہے۔(۲)

آیت مبارکہ میں اس سے مراد "**ذُوْنَجَسٌ**"، یعنی نجاست والے، ناپاک ہیں، مبالغہ کے لئے ان کی نجاست کا کہا گیا ہے، یعنی نجاست اور خبث ان کے عقیدے میں ہے۔(۳)

---

(۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص ۱۰۳

(۲) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۲۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۸

☆ تاج العروس از علامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۴، ص ۳۵۳

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۴۸۳

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۱۱۸

(۳) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص ۲۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۸

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۶۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۳

marfat.com

"**فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ**": مسجد حرام کے قریب نہ جانے پائیں، یعنی حج اور عمرہ نہ کرسکیں گے، کیونکہ حج اور عمرہ کے اعظم ارکان مسجد حرام میں ادا ہوتے ہیں۔

"**بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا**": اس سال کے بعد، اس کلمہ نے مذکورہ مفہوم کو متعین کردیا ہے، ۹ھ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی امارت میں کئے گئے حج کے موقعہ پر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے حضور سید عالم ﷺ کے حکم پر اعلان کیا تھا: اس سال کے بعد کوئی کافر حج نہیں کرسکے گا۔

نیز مسجد حرام سے مراد پورا "حرم" ہے۔(۴)

"**عَيْلَةً**": بمعنیٰ فقر، افلاس اور محتاجی ہے۔(۵)

"**فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ**": تو عنقریب اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کردے گا، اسبابِ غنا تحت قدرت الٰہیہ ہیں، جس کسی کو، جب چاہے، جتنا چاہے، جس طرح چاہے دولت مند کردے، وہ کسی شئ کا محتاج نہیں، ہر ایک ذات اور شئ اسی کی محتاج ہے، رزق کا ایک دروازہ بند کرکے دوسرا دروازہ کھول دیتا ہے، یہ سب اس کا کرم اور فضل ہے، اس پر کسی کا زور نہیں۔(۶)

---

(۴)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۳، ص۸۸، ۸۹
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۱۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۰
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج۵، ص۲۳۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۵

(۵)
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص۳۵۴
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۴۲
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۸، ص۳۹

(۶)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۸
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۱۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۰۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۸
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۷

marfat.com

شان نزول:

سورہ برأت کے نزول کے بعد کافروں کو حج اور عمرہ سے روک دیا گیا، یہ کافر جب حج یا عمرہ کو آتے تو اپنے ساتھ تجارت کا سامان لاتے ،جس کو مسلمان خرید کر اپنی ضرورتیں پوری کرتے ،اہل حجاز کی گذر بسر بیرونی تجارت پر تھی، جب کافر حجاز میں آنا بند ہو گئے تو مکہ شریف اور مدینہ منورہ کے مسلمانوں کے دل میں خدشہ گذرا کہ اب ان کے نہ آنے سے ہمارے رزق کے دروازے بند ہو جائیں گے اور ہم بھوکے مر جائیں گے، رزاقِ مطلق اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے یہ آیت مبارکہ اتاری اور انہیں ہدایت فرمائی کہ رزق اور اسبابِ رزق سب اس کے اپنے قبضہءِ قدرت میں ہے، تم اس کے حکم پر عمل کرو، پھر دیکھو کس طرح رزق چل کر تمہارے پاس آتا ہے، چنانچہ ایسا ہی ہوا، اس سال (۹ھ) کے بعد کوئی کافر حج یا عمرہ کے لئے نہ آیا اس کے بجائے اللہ تعالیٰ نے دیگر قبائل کو اسلام کی دولت سے مالا مال کر دیا وہ حج اور عمرہ کے لئے آتے ،اپنے ساتھ تجارت اور خورد ونوش کا سامان لاتے ،خود کھاتے اور دوسروں کو کھلاتے ،اللہ تعالیٰ نے حجاز مقدس پر کثیر بارش نازل فرمائی، زراعت سے خوراک کی کمی پوری ہو گئی، متعدد قبائل نے جزیہ دینا قبول کر لیا، اس طرح مسلمانوں کی تمام کمیاں پوری ہو گئیں، جہاں کہیں بھی، جب کبھی اور جو بھی اللہ تعالیٰ کے حکم پر صدقِ دل سے عمل کرتا ہے

(بقیہ حاشیہ ۶)
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۶
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج ۱۰، ص ۷۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۳۱
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۳۵
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۶۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۶

marfat.com

اللہ تعالیٰ جل وعلا اسے دنیا وآخرت میں سرفراز فرمادیتا ہے۔(۷)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ کفر وشرک ،الحاد وارتداد اور لامذہبیت ،نجاست ،خباثت اور ظلمت ہے، جبکہ ایمان طہارت ،نفاست اور نور ہے، اسی وجہ سے ہر کافر کے باطن میں نجاست، خباثت اور ظلمت ہے اور مومن کے قلب وقالب میں طہارت، نفاست اور نور ہے، کافر ومشرک کو اللہ تعالیٰ نے نجس، خبیث اور ظلمت والا فرمایا ہے اور مومن کو طاہر، طیب اور نور والا فرمایا ہے، مذکورہ بالا آیت مبارکہ کے علاوہ رب کریم جل وعلا نے کافر کے بارے میں فرمایا۔

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ .....الآية (سورۃ النور آیت، ۲۶)

گندیاں گندوں کے لئے اور گندے گندیوں کے لئے۔

---

(۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۱۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۰۶

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۳۱

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۱

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۳۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۶

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۱۶۴ ومابعد

☆ لباب النقول فی اسباب النزول ،مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م۹۱۱ھ) ،مطبوعہ دار الرشید، بیروت ،ص۲۳۲، ۲۳۳

marfat.com

کفر کی اندھیریوں کو رب تعالیٰ نے یوں بیان فرمایا ہے۔

الٓرٰ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ☆

(سورہ ابراھیم آیت، ۱)

الٓرٰ ۔ایک کتاب ہے کہ ہم نے تمہاری طرف اتاری کہ تم لوگوں کو اندھیریوں سے اجالے میں لاؤ ان کے رب کے حکم سے، اس کی راہ کی طرف جو عزت والا سب خوبیوں والا ہے۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کو طہارت، نفاست اور نور فرمایا ہے، نیز ارشاد ربانی ہے۔

يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ☆

(سورۃالتحریم آیت،۸)

جس دن اللہ رسوا نہ کرے گا نبی اور اس کے ساتھ کے ایمان والوں کو، ان کا نور دوڑتا ہوگا ان کے آگے اور ان کے داہنے، عرض کریں گے، اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارا نور پورا کردے اور ہمیں بخش دے، بیشک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔

صحیح حدیث شریف میں فرمایا گیا۔

اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَايُنْجِسُ (۸)

مومن ناپاک نہیں ہوتا۔

اس حدیث شریف کا بھی یہی مفہوم ہے کہ مومن کے جسم پر اگر عارضی طور پر نجاست ہو تو بھی وہ اپنے ایمان کے باعث پاک دل ہوتا ہے۔

(۸) ☆ رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ ، ج ۱ ، ص ۴۲ وفی کتاب الجنائز

☆ ورواہ مسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ابی ہریرۃ

☆ ورواہ احمد ومسلم وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ عن حذیفہ

☆ ورواہ النسائی عن ابن مسعود

☆ ورواہ الطبرانی فی الکبیر عن ابی موسیٰ

☆ بحوالہ جامع صغیر ، ج ۱ ، ص ۱۴۴

marfat.com

چونکہ نجاست وطہارت، خباثت ونفاست، اورظلمت ونورآپس میں متضاد ہیں، یہ کبھی اکٹھے نہیں ہوسکتے نہ اکٹھے رہ سکتے ہیں، ایک کے آنے سے دوسرا بھاگ جاتا ہے، لہٰذا مومن پرفرض ہے کہ کفر، شرک اورالحاد سے دوراورنفوررہے، کافروں کے ساتھ دلی دوستی حرام ہے۔(۹)

﴿۲﴾ اسلام کے مقابل ہرقسم کے کفرکا ایک ہی حکم ہے کہ تمام کافرقلبی طور پرناپاک ہیں، خواہ یہودی ہوں یانصاریٰ، ہندوہوں یامجوسی، بت پرست ہوں یاسکھ، سب کے عقیدے میں نجاست ہے، یہ نجاست ایسی غلیظ ہے کہ دنیا بھرکے تمام پانی بھی اسے پاک نہیں کرسکتے، یہ صرف ایمان سے پاک ہوسکتے ہیں۔(۱۰)

﴿۳﴾ نجاست اورخباثت کافرکے دل میں ہے اگراس کے جسم پرنجاست نہ ہوتواس کا جسم ناپاک نہیں، لہٰذا اگراس کے جسم پرمسلمان کا ہاتھ یا کپڑا لگ جائے تووہ ناپاک نہ ہوگا۔(۱۱)

﴿۴﴾ اگرکافرکے جسم پرنجاست ظاہرہ نہ لگی ہواوروہ ایمان لے آئے تواس پرغسل کرنا فرض نہیں، صرف مستحب ہے، زمانہءِ کفرکی نجاستیں ایمان سے مٹ جاتی ہیں۔(۱۲)

---

(۹) ☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۷

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۸

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۶

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۳۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۵

(۱۰) ☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت(طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۷

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۸

(۱۱) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۵

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۱۰۳

marfat.com

﴿۵﴾ ذمی کافر مسلمانوں کی اجازت سے مسجد میں داخل ہوسکتا ہے، اگر بغیر اجازت مسجد میں داخل ہوا تو تعزیر کا مستوجب ہوگا، چونکہ اس کے جسم پر نجاستِ ظاہرہ نہیں اس لئے ضرورت کے وقت اسے مسجد میں داخلہ کی اجازت دی جاسکتی ہے۔(۱۳)

﴿۶﴾ ہر قسم کے کافر کو مسجد حرام اور دیگر مساجد کا متولی، متصرف یا منصرم بننے کا اختیار نہیں۔ مصالحِ مسجد میں اس کا تصرف جائز نہیں۔ مسجدوں سے ان کو دور رکھا جائے۔(۱۴)

﴿۷﴾ حدود حرم شریف میں کسی کافر کا داخلہ ممنوع اور ناجائز ہے۔

حرم مکی شریف کی حدود یہ ہیں۔ جہت مدینہ طیبہ سے تین میل۔ جہت عراق سے سات میل
جہت جعرانہ سے نو میل۔ جہت طائف سے نو میل۔ جہت جدہ سے دس میل
حدیبیہ کا بعض حصہ حرم میں شامل ہے اور بعض حصہ شامل نہیں۔(۱۵)

﴿۸﴾ دنیا کے کسی کافر و مشرک کو حج بیت اللہ اور عمرہ کی اجازت نہیں، وقوف عرفات، وقوف مزدلفہ، وقوف منیٰ اور مناسک سے اسے روک دیا جائے گا، اگرچہ یہ ارکان مسجد میں ادا نہیں ہوتے۔(۱۶)

---

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۱۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونہ، ج۳، ص۴۱۰

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۲۳۳

(۱۴) ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۶

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۷

(۱۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونہ، ج۳، ص۴۱۰

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۸۸

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۱۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج۵، ص۲۸

marfat.com

﴿۹﴾ کافر دارالاسلام میں حاکمِ اسلام کی اجازت سے داخل ہوسکتا ہے، مدت اجازت تک وہ مستأمن ہے، اس کی حفاظت کی ذمہ داری مسلمانوں پر ہے، عہد جدید میں اسے ''ویزا'' کی سہولت کہہ سکتے ہیں۔(۱۷)

﴿۱۰﴾ کسی کافر کو نیکی کے کام کا اجر نہیں دیا جائے گا، اخروی اجر کے لئے ایمان شرط ہے، جو کافر میں معدوم ومفقود ہے۔(۱۸)

﴿۱۱﴾ نجاست معنوی (کفر) نجاست حقیقی سے زیادہ غلیظ ہے، کافر کے جسم پر اگر چہ نجاست حقیقی نہ ہو پھر بھی اس سے اجتناب لازم ہے، بغیر ضرورت شرعیہ کفار کے برتن اور لباس سے اجتناب لازم ہے۔(۱۹)

(بقیہ ۱۶) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۲۸

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۲۸

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳، ص ۴۱۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۷۷

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۲۳۲

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص ۴۵۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۰۴

(۱۷) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۲۹

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۲۳۳

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج ۲، ص ۱۴۴

(۱۸) ☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۲۳۴

(۱۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۸۷

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمد بن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۱۳

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۴۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۲۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳، ص ۴۱۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۷۶

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۲۳۲

marfat.com

﴿۱۲﴾ مساجد کو تمام قسم کی نجاستوں (معنوی اور حقیقی) سے پاک رکھنا فرض ہے، اسی لئے جنبی، حائضہ، نفاس والی مسلمان مرد و عورت کو بھی مسجد میں داخل ہونا منع ہے، بچے اور دیوانے جو نجاست سے نہیں بچتے، انہیں بھی مسجد میں داخل ہونے سے روک دیا جائے، حلال اور پاک بدبودار شئ کھا کر یا استعمال کر کے مسجد میں جانا جائز نہیں، اس کی بُو سے نمازی، عابد اور فرشتے ایذا پاتے ہیں، مثلاً کچا لہسن، پیاز، مولی، حقہ، سگریٹ یا بدبودار شئ مثلاً گندھک وغیرہ استعمال کر کے مسجد میں جانا جب تک ان کی بو باقی ہو، جائز نہیں، اسی طرح کافر کا مسجد میں بغیر عذر شرعی کے جانا جائز نہیں۔ (۲۰)

﴿۱۳﴾ کفار عبادات کے مکلّف نہیں، البتہ ملکی امن و امان کے امور میں وہ مخاطب اور مکلّف ہیں، ان کی پاسداری اِن پر بھی لازم ہے، مثلاً چوری، ڈاکہ، قتل، زنا وغیرہ کے اسلامی احکام ان پر بھی نافذ ہیں، ان امور میں کوتاہی پر وہ سزا کے مستوجب ہیں۔ (۲۱)

﴿۱۴﴾ وہ چیز جس کو سلیم الطبع آدمی گندگی سمجھے وہ نجس حقیقی ہے، اور جو چیز شرع کے نزدیک گندی ہو وہ نجاست حکمی ہے، مثلاً جنابت کی حالت میں سارا جسم ناپاک ہونا، بے وضو ہونا، حیض و نفاس والی ہونا۔
مومن کو ہر دو نجاستوں سے احتراز لازم ہے۔ (۲۲)

﴿۱۵﴾ ضروریات دین کا زبان سے اقرار اور دل میں ان کی تصدیق ایمان ہے، ان دونوں میں سے اگر ایک بھی نہ

(۲۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۸۸
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۱۴
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۰۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۶
(۲۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۰
(۲۲) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۶
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۱۳
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۳۲

marfat.com

ہوتو وہ ظاہر مذہب میں مومن نہیں۔(۲۳)

﴿۱۶﴾ ہر فرد کا رزق مقدر ہے، اس میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی، مگر اسبابِ رزق سے قلب کا تعلق جائز ہے اور یہ توکل کے خلاف نہیں، مثلاً حصولِ رزق کے لئے تجارت کرنا، زراعت کرنا، صنعت وحرفت میں مشغول ہونا، البتہ صرف اسباب پر نظر رکھنا اور مسبب الاسباب سے غفلت جائز نہیں، جو شخص اسبابِ رزق تلاش کرتا اور انہیں اپنے استعمال میں لاتا ہے اس کا عمل سنت مصطفیٰ کریم ﷺ اور خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے عمل کے موافق ہے، جو شخص صبح شام اللہ تعالیٰ کی طاعت وذکر میں مشغول رہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے فضل سے پاکیزہ رزق دیتا ہے۔

صحیح حدیث شریف میں ہے۔

لَوْاَنَّکُمْ تَوَکَّلُوْنَ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی حَقَّ تَوَکُّلِہٖ لَرَزَقَکُمْ کَمَایَرْزُقُ الطَّیْرُ تَغْدُوْخِمَاصاً وَتَرُوْحَ بِطَانَۃً (۲۴)

اگر تم اللہ پر پورا پورا توکل کرو تو تمہیں اس طرح رزق دے گا جیسے پرندے رزق کھاتے ہیں، صبح کو بھوکے نکلتے ہیں اور شام کو سیر ہوکر اپنے ٹھکانے آتے ہیں۔

مدینہ طیبہ میں بعض صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کام کاج کرکے روزی کماتے اور بعض صفہ پر رہتے اور ذکر وفکر میں مشغول رہتے، یہ حضرات اسلام کے مہمان تھے، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام آنے والے ہدایا سے انہیں کھلاتے۔

اس طرح مشقت سے روزی کمانا بھی سنت ہے، اور ذکر وفکر میں مشغول رہ کر ہدایا اور عطیات پر گذر بسر کرنا بھی سنت ہے۔(۲۵)

---

(۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۱۰۴

(۲۴) ☆ رواہ الائمہ احمدوالترمذی وابن ماجہ والحاکم عن عمر، جامع صغیر، ج۲، ص۲۱۸

(۲۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۱۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۱۰۷

marfat.com

﴿۱۷﴾ شوکتِ اسلام اور ذلتِ کفار کے پیش نظر کسی کافر کو حرم شریف میں داخل ہونے کی اجازت نہیں، خواہ ذمی ہو یا مستأمن یا حربی، اگر حاکمِ اسلام حرم میں ہو اور کافروں کی طرف سے کوئی غیر مسلم قاصد آئے تو اسے حرم میں داخل ہونے کی اجازت نہیں، حاکمِ اسلام اپنا نائب بھیج کر اس سے پیغام وصول کرے۔(۲۶)

﴿۱۸﴾ بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ دینی اور دنیوی امور کی اصلاح کے لئے اللہ تعالیٰ جل وعلا کی طرف متوجہ ہو، مشیتِ خداوندی کو اپنی امید گاہ جانے، اسی طرح اسبابِ رزق مہیا کرنے کے باوجود رزق کا حصول اللہ تعالیٰ کی جانب سے امیدوار رہے، اسبابِ رزق مہیا ہونے پر اگرچہ رزق مل جانا متوقع ہوتا ہے مگر اس پر یقین نہیں ہونا چاہئے، یقین کا مدار رب کریم جل وعلا کے فضل پر ہونا لازم ہے، وہ جب چاہے، جتنا چاہے، جو چاہے، جس کو چاہے، جس طرح چاہے، رزق دیتا ہے، عطا اور منع اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے، وہ خود ارشاد فرماتا ہے۔

اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۔ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضاً سُخْرِيًّا ۔ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ☆

(سورۃ الزخرف آیت، ۳۲)

کیا تمہارے رب کی رحمت وہ بانٹتے ہیں؟ ہم نے ان میں ان کی زیست کا سامان دنیا کی زندگی میں بانٹا اور ان میں ایک دوسرے پر درجوں بلندی دی کہ ان میں ایک دوسرے کی ہنسی بنائے اور تمہارے رب کی رحمت ان کی جمع جتھا سے بہتر۔(۲۷)

(۲۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۱۳
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۰۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۷
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۳۳
(۲۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۰
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۱۷

marfat.com

﴿۱۹﴾ رزقِ حلال کے حصول کے متعدد اسباب وذرائع ہیں، بندۂ مومن ان میں جو ذریعہ بھی اختیار کرے جائز ہے. یہ یقین رکھے کہ رزق ان ذرائع میں نہیں بلکہ وہ قبضۂ قدرتِ الٰہیہ میں ہے، ہاں عادی طور پر اس نے ہمارا رزق ان اسباب وذرائع سے مربوط کر دیا ہے۔

(ا) افضل ترین ذریعہ معاش جہاد ہے، جہاد سے اسلام کا غلبہ اور مسلمانوں کو شرف حاصل ہوتا ہے، یہ وہ عمل ہے جس کا بدل ممکن نہیں، مومن اعلائے کلمۃ اللہ کی خاطر جہاد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے دینی اور اُخروی سرفرازی کے علاوہ دنیوی دولت بھی عطا فرما دیتا ہے، انبیائے کرام اور سید الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اسے اختیار فرمایا، امام الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء ارشاد فرماتے ہیں۔

جُعِلَ رِزْقِیْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِیْ وَجُعِلَ الذِّلَّةُ وَالصِّغَارُ عَلٰی مَنْ خَالَفَ اَمْرِیْ(۲۸)

میرا رزق نیزہ اندازی (جہاد) میں رکھ دیا گیا ہے، اور جو کوئی میرے حکم کی مخالفت کرے گا اس پر ذلت اور رسوائی مسلط کر دی جائے گی۔

امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اقتداء میں مجاہدینِ اسلام کو اللہ تعالیٰ جل وعلا دنیوی ضرورتوں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

(ب) ہاتھ کی کمائی: بندۂ مومن اپنی روزی جسمانی مشقت سے حاصل کرتا ہے، یہ روزی بھی پاکیزہ ہوتی ہے، اپنے ہاتھ سے کمانا افضل عمل ہے، اس میں انسان کی سبکی نہیں بلکہ عزت ہے، انبیائے کرام علیہم السلام نے ہاتھ سے محنت کر کے اس عمل کو عزت بخشی۔

(بقیہ ۲۷) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت (طبعہ ثالثہ ۱۴۰۳ھ)، ج ۵، ص ۲۸

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۷

(۲۸) ☆ رواہ البخاری، ج ۱، ص ۴۰۸

☆ واحمد فی مسندہ، ج ۳، ص ۵ عن ابن عمر رضی اللہ عنہما.

marfat.com

صحیح حدیث شریف میں ہے۔

مَا اَکَلَ اَحَدٌ طَعَامًاقَطُّ خَیْراً مِّنْ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْ عَمَلِ یَدِہٖ وَاِنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ دَاوٗدَ کَانَ یَاْکُلَ مِنْ یَدَیْہِ (۲۹)

اپنے ہاتھ کی کمائی سے زیادہ پاکیزہ آدمی نے کبھی نہ کھایا، حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتے تھے۔

بلکہ قرآن مجید نے اس کی صراحت فرمادی، ارشاد ربانی ہے۔

وَعَلَّمْنٰہُ صَنْعَۃَ لَبُوْسٍ لَّکُمْ لِتُحْصِنَکُمْ مِّنْ بَاْسِکُمْ ۚ فَھَلْ اَنْتُمْ شٰکِرُوْنَ ☆

اور ہم نے اسے (داؤد) تمہارا ایک پہناوا بنانا سکھایا کہ تمہیں تمہاری آنچ سے بچائے تو کیا شکر کروگے؟

(سورۃ الانبیاء آیت ۸۰)

(ج) تجارت:

تجارت ایک عمدہ ذریعہ معاش ہے، دیانت دار، امین اور سچے تاجر کے فضائل حدیث شریف میں بیان ہوئے، حضور سید المرسلین ﷺ نے تجارت فرمائی، اجلہ صحابہ کرام بالخصوص مہاجر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کا ذریعہ معاش تجارت تھا، رب کریم جل جلالہ نے ان تاجروں کی توصیف فرمائی۔

رِجَالٌ لَّاتُلْھِیْھِمْ تِجَارَۃٌ وَّلَابَیْعٌ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَآءِ الزَّکٰوۃِ یَخَافُوْنَ یَوْماً تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ☆ لِیَجْزِیَھُمُ اللّٰہُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ ۔ وَاللّٰہُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ☆ (سورۃ النور آیات ۳۷، ۳۸)

وہ مرد جنہیں غافل نہیں کرتا کوئی سودا اور نہ خرید وفروخت، اللہ کی یاد اور نماز برپا رکھنے اور

(۲۹) ☆ رواہ الائمہ البخاری، ج ۱، ص ۲۷۸

☆ وابن ماجہ فی کتاب التجارات

☆ ورواہ الترمذی والنسائی فی کتاب البیوع، ورواہ احمد فی مسندہ، ج ۶، ص ۲۱ عن مقدام

marfat.com

زکوٰۃ دینے سے ڈرتے ہیں اس دن سے جس میں الٹ جائیں گے دل اور آنکھیں، تاکہ اللہ انہیں بدلہ دے ان کے سب سے بہتر کام کا اور اپنے فضل سے انہیں انعام زیادہ دے اور اللہ روزی دیتا ہے جسے چاہے بے گنتی۔

(د) زراعت و باغبانی:

کھیتی باڑی کے ذریعے غلہ، اناج، پھل اور سبزیاں پیدا کی جاتی ہیں، یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جسے بندۂ مومن حاصل کرتا ہے۔

(ہ) تعلیم و تعلم، درس و تدریس اور دینی خدمات:

دینی احکام کی تفہیم کی خاطر مختلف علوم حاصل کرنا اور ان سے شغل رکھنا تاکہ منشاءِ الٰہی سمجھے اور سمجھائے، ایسے مشغول حضرات کی کفالت کرنا تاکہ وہ دل جمعی سے خدماتِ دینیہ بجالاتے رہیں، حصولِ رزق کا یہ بھی ایک پاکیزہ ذریعہ ہے۔

(و) قرض لینا:

اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بندۂ مومن اگر قرض لیتا ہے تو وہ مال بھی اس کے لئے حلال ہے، بشرطیکہ قرض ادا کرنے کی پختہ نیت ہو، اگر ایسا ہو تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا فرما دیتا ہے، حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ اَخَذَ اَمْوَالَ النَّاسِ یُرِیْدُ اَدَاءَ هَا اَدَّی اللّٰهُ عَنْهُ وَمَنْ اَخَذَ هَا یُرِیْدُ اِتْلَافَهَا اَتْلَفَهُ اللّٰهُ (۳۰)

جو لوگوں کے مال اس نیت سے لیتا ہے کہ انہیں ادا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی ادا کے اسباب مہیا فرما دیتا ہے اور جو لوگوں کے مال اس نیت سے لیتا ہے کہ وہ انہیں ضائع کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر مشقت ڈال دیتا ہے۔

---

(۳۰) ☆ رواہ الائمہ احمد و البخاری و ابن ماجہ عن ابی ہریرۃ

☆ بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۲۷۴

marfat.com

(ز) آدمی کے رزق کے ذرائع اگرچہ اسباب سے مربوط ہیں، مگر بعض اوقات اسباب کے بغیر بھی، اللہ تعالیٰ بندے کو رزق عطا فرماتا ہے کہ خود بندۂ مومن بھی حیران رہ جاتا ہے، کامل الایمان متقی کے بارے میں رب تعالیٰ نے بشارت دی۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجاً☆ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَايَحْتَسِبُ ۔ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۔ قَدْجَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً☆ (۳۱)

اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے جہاں اس کا گمان نہ ہو اور جو اللہ پر بھروسا کرے تو وہ اسے کافی ہے بے شک اللہ اپنا کام پورا کرنے والا ہے، بے شک اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی تلاش میں مصروف بندۂ مومن کی کفالت وہ خود فرماتا ہے، اس راہ میں ایمان، تقویٰ اور توکل لازم ہے، اس ذریعہ سے حاصل ہونے والی روزی بھی پاک وحلال ہے۔ (۳۲)

☆☆☆☆☆

(۳۱) ☆ (سورۃ الطلاق آیات ۲، ۳)

(۳۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۰۸، ۱۰۹

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۱):

جزیہ

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَایُحَرِّمُوْنَ مَاحَرَّمَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَلَایَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَۃَ عَنْ یَّدٍ وَّھُمْ صٰغِرُوْنَ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت،۲۹)

لڑو ان سے جوایمان نہیں لائے اللہ پراور قیامت پراورحرام نہیں مانتے اس چیزکوجس کوحرام کیااللہ اوراس کے رسول نے،اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے یعنی وہ جوکتاب دیئے گئے جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں،ذلیل ہوکر۔

حل لغات:

"**قَاتِلُوْا**": قتال اور جہادکرو،اس قتال اور جہاد میں مدافعانہ اور جارحانہ ہر قسم کا جہاد شامل ہے۔(۱)

"**لَایُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِ**": جواللہ پراور قیامت پراس طرح ایمان نہیں لائے جس طرح

(۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۱۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۱۰۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۰،ص۷۸

marfat.com

مومن ایمان لائے ہیں اور جیسا ایمان لانے کا حق ہے، سو وہ دعویٰ ایمان کے باوجود مومن نہیں۔(۲)

"وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ": اور جس چیز کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام کیا اسے وہ حرام نہیں جانتے بلکہ اپنی سفلی خواہشات کے پیشِ نظر حرام کو حلال ٹھہراتے ہیں اور حلال کو حرام کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن مجید میں خنزیر، سود اور شراب کو حرام کیا ہے اور اس کے محبوب و مختار رسول ﷺ نے احادیث میں بعض اور اشیاء مثلاً شیر، ریچھ، کتا، بلی وغیرہ کو حرام بتایا ہے، انہیں بھی وہ حرام نہیں جانتے۔

غرضیکہ حلال اور حرام کے شرعی اصولوں اور تقاضوں کو تسلیم نہیں کرتے، ایسے نہ کہنے والا اللہ تعالیٰ و رسول اللہ ﷺ پر ایمان نہیں رکھتا بلکہ وہ اسلام، قرآن، رسول اور شریعت اسلامیہ کا باغی ہے۔(۳)

"وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ": دَانَ (از باب ضَرَبَ) دِيْنًا کا معنٰی ہے، اطاعت کرنا، دینِ اسلام قبول کرنا۔

"دِيْنٌ" متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً حساب، ملکیت، قدرت، حکم، مذہب، ملت، حالت، عادت،

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۸۷

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۵

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی (م ۵۹۷ھ) مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۰

(۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۶

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۸۷

marfat.com

سیرت، تدبیر، نافرمانی، گناہ، مجبوری، پرہیز گاری، فرمانبرداری، بدلہ، قہر، غلبہ، ذلت، توحید وغیرہ۔(۴)

''حَقّ'' اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے اور حضور سید عالم ﷺ کے اسماء میں بھی '' حَقّ '' ہے، حَق بمعنٰی سچا بھی ہے۔

دینِ حق سے مراد اللہ تعالیٰ کا دین، نبی الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دین اور سچا دین ہے، یہ دین تمام دینوں کا ناسخ ہے۔

آیت مبارکہ کا معنٰی یہ ہے کہ اہل کتاب دینِ حق کو قبول نہیں کرتے، بلکہ جسے وہ دین کا نام دیتے ہیں وہ افتراءات کا مجموعہ ہے، اپنی خواہشات کو وہ دین قرار دیتے ہیں۔

نبی الانبیاء امام الرسل خاتم النبیین ﷺ کا لایا ہوا دین ہی دینِ حق ہے، اس کے سوا جو کچھ ہے وہ باطل و مردود ہے۔(۵)

''حَتّٰی یُعْطُوا'': اِعْطَاءٌ کا مفہوم ہے قبول کر لینا، اپنے ذمہ لازم کر لینا۔

یعنی اہل کتاب اگر اسلامی حکومت کی اطاعت قبول کرتے ہوئے جزیہ دینا اپنے ذمہ لازم کر لیں تو ان سے جہاد نہ ہوگا۔(۶)

---

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۰۷

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۱۷۸

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۱۷۵

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۹۹

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۹، ص ۲۰۷

(۵) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۹۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۸

(۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۸

marfat.com

"**اَلْجِزْيَةَ**": جَزٰی (از باب ضَرَبَ) جِزْیٌ کا معنٰی ہے، بدلہ، ادائے قرض۔

"جِزْيَةٌ" وہ رقم ہے جو غیر مسلم اسلامی ریاست میں اس کا مطیع ہو کر رہے اور اسلامی ریاست اس کی جان، مال کی حفاظت کرے اس کے بدلہ میں بطور عقوبت اور کفر پر قائم رہنے کی پاداش میں ذلت سے ادا کرے، یہ شخصی ٹیکس ہے۔(۷)

"**عَنْ يَّدٍ**": لغوی معنٰی ہیں، ہاتھ۔

کلامِ عرب میں یہ کلمہ متعدد معنوں میں مجازاً استعمال ہوتا ہے۔

نعمت، احسان، جاہ، مرتبہ، قدرت، طاقت، ندامت، ذلت، جماعت، ظلم سے روک، راستہ، فریادرسی، مہارت، تصرف، مطیع وفرمانبردار ہونا، بازو، پَر، مدت، زمانہ، قبضہ، حفاظت، دست بدست، وغیرہ۔(۸)

آیت مبارکہ میں محاورۃً کئی معنوں میں استعمال ہوا ہے، جن میں قدر مشترک ذلت، رسوائی، انعام واحسان وغیرہ ہے۔(۹)

---

(۷) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۹۳
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۵۰
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۷۳
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۹۴، ۱۰۱
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۲۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۸
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۳۰
(۸) ☆ المنجد از لونیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۴۵۳
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۵۵۰
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۶۰
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۴۱۷ ومابعد
(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۹۸
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۲۲

marfat.com

"وَهُمْ صَاغِرُوْنَ": صَغُرَ (از باب کَرُمَ) صِغَراً، صُغْراً، صَغَاراً، صَغَارَةً، صُغُرَاناً کا معنٰی ہے، ذلیل وخوار ہونا۔

صَاغِرٌ اسمِ فاعل ہے جس کا معنٰی ہے، ذلیل، حقیر، ذلت اور رسوائی قبول کرنے والا، اپنی ذلت پر رضامند اور اقرار کرنے والا۔(۱۰)

آیت مبارکہ کا معنٰی یہ ہے، اہل کتاب کافر ہیں، اللہ تعالیٰ، انبیاء کرام، کتبِ سماویہ، یومِ آخرت پر ان کا ایمان مومنوں جیسا نہیں، گویا ان کا ایمان نہیں، دینِ حق کو قبول نہیں کرتے، اللہ ورسول (جل وعلا ﷺ) کی حرام کردہ

(بقیہ ۹)
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۴۱
☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت (طبعه ثالثه ۱۴۰۳ھ) ج ۵، ص ۲۵
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج ۳، ص ۴۲۰
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابو عبدالله محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۱۵
☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه' مکه مکرمه، ج ۲، ص ۱۴۵
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۳۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۳۰
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۱۔
☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۳، ص ۴۱۳
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۳۲
☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی پشاور، ص ۔۵ ۴
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۔۲۳
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبد الرحمن السیوطی، مطبوعه دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۰ ۔ ۱
☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخه مصنفه امام ابو محمد مکی بن ابی طالب القیسی (م ۴۳۷) مطبوعه دار المناره، جده، طبع اول، ص ۳۱۲
(۱۰) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعه دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانه کراچی، ص ۲۹۰
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامه حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعه کراچی، ص ۲۸۱
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفه علامه احمد بن محمد علی المقری الفیومی 'مطبوعه مصر، ج ۱، ص ۱۶۴
☆ تاج العروس از علامه سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعه مصر، ج ۳، ص ۳۳۵
☆ الفروق اللغویة، از ابو هلال الحسن بن عبدالله بن سهل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ص ۹ ۔ ۲

marfat.com

اشیاء کو حرام نہیں جانتے، اے ایمان والو! اللہ ورسول (جل وعلا وﷺ) کے ان باغیوں سے جہاد کرو اگر یہ دینِ حق قبول کرلیں تو ان کے مال، ان کی جانیں، ان کی عزتیں تمہاری طرح قابلِ احترام ہیں، یہ تمہارے بھائی ہیں، اور اگر یہ اپنے کفر پر قائم رہتے ہوئے اسلامی ریاست کی اطاعت پر راضی ہوجائیں تو ان کی جان و مال کی حفاظت کے عوض ان سے کچھ مال لے لیا کرو، یہ تمہارے لئے حلال ہے، اس سے وہ مسلمانوں کے ذمہءِ حفاظت میں ہوجائیں گے، جو حقیر مال وہ دیں گے وہ جزیہ ہے، جزیہ ان کے اعترافِ اطاعت کی علامت ہے۔(۱۱)

شانِ نزول:

قبائلِ عرب کے اسلام لانے اور بعض کے اطاعت قبول کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ تَبَارَکَ وَتَقَدَّسَ کے حکم کے مطابق حضور سید عالم ﷺ نے رومیوں سے جہاد کا ارادہ فرمایا، سخت گرمی، شدید قحط اور سامانِ حرب کی قلت

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۹۸
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۲۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۱۵
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص۲۹
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص۴۲۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۳۲
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۴۵
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۰
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۰
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۱۳
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۹۰

marfat.com

کے باوجود آپ غزوۂ تبوک کے لئے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے، اس پر آیت مقدسہ نازل ہوئی کہ جہاد اس وقت تک جاری رکھا جائے جب تک اللہ کی زمین پر اللہ تعالیٰ کی فرماں روائی مکمل نہیں ہو جاتی۔ (۱۲)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ حضور سید عالم نورِ مجسم شفیعِ معظم ﷺ کا لایا ہوا دین، دینِ اسلام ہی سچا دین ہے، اس سے پہلے جتنے دین آئے اب وہ منسوخ ہیں، یہی دین اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول و محبوب ہے، ارشاد ربانی نے اس کی توثیق فرما دی ہے۔

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَاللّٰہِ الْاِسْلَامُ .....الآیۃ (سورۃ آل عمران آیت ۱۹)

بیشک اللہ کے یہاں اسلام ہی دین ہے۔

دینِ اسلام کے علاوہ اور دین اب باطل ہیں، یہودیت، نصرانیت، مجوسیت، ہندومت، بدھ مت، جین مت، دہریت، لادینیت، بت پرستی وغیرہ مردود ہیں، رب تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ ۚ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ☆

اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں زیاں کاروں سے ہے۔ (سورہ آل عمران آیت ۸۵)

اللہ تعالیٰ کے مبغوض و ناپسندیدہ ادیان کو اب قبول کرنا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور بغاوت ہے، لہٰذا بندۂ خدا پر فرض ہے کہ وہ دینِ اسلام کو قبول کرے اور اللہ تعالیٰ کی بغاوت سے کُلّی طور پر کنارہ کش رہے، اہل کتاب

---

(۱۲) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۹

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۶۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۲۱۹

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۳۵

marfat.com

یہود ونصاریٰ کے کفریات میں اللہ تعالیٰ نے یہ امر شمار فرمایا کہ وہ دینِ حق، دینِ مصطفیٰ ﷺ کو قبول نہیں کرتے لہٰذا وہ کافر ہیں۔(۱۳)

﴿۲﴾ دینِ اسلام دینِ مصطفیٰ اور شریعتِ اسلامیہ جس طرح تمام دینوں اور شریعتوں کا ناسخ ہے، اسی طرح یہی دینِ حق اور شریعتِ حقہ تمام دینوں اور شریعتوں سے بلند، سرفراز اور اعلیٰ اقتدار کا حامل وحق دار ہے، اسلام سب سے غالب دین ہے اور اسی کا غلبہ اور اقتدار قائم کرنا اور قائم رکھنا مسلمانوں پر فرض ہے، حضور سید عالم ﷺ کو تمام جہانوں اور تمام جہان والوں کے لئے مقتدرِ اعلیٰ بنا کر مبعوث فرمایا گیا، ارشاد ربانی ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا ☆ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ .....الآیة

(سورۃالفرقان آیت، ۱، ۲)

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندہ پر، جو سارے جہانوں کو ڈر سنانے والا ہو، وہ جس کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت۔

---

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۰، ۹۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۸، ص ۱۱۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت. ج۳، ص ۴۱۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور. ج۲، ص ۲۲۹

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی. ص ۳۳۱

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج۵. ص ۲۳۵

☆ الدرالمنثور فی التفسیر الماثور. مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی. مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص ۱۶۔

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج۱۰، ص ۸۔

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۵۔

marfat.com

اللہ تعالیٰ جل جلالہ تمام مخلوق، زمین وآسمان، جن وانس وملائکہ کا خالق، رب اور مالک ہے، مخلوق کا کوئی ذرہ اس کی مِلک، مُلک اور قدرت سے خارج نہیں، اسی طرح اس کا محبوب بندۂ سیدنا ومولانا محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ اس کی عطا سے تمام مخلوق پر حاکم اعلیٰ ہے اور انہی کے حوالہ سے اسلام کو تمام دینوں پر اقتدارِ اعلیٰ اور غلبہ حاصل ہے، سیدِ عالم مولائے کائنات مختارِ کل فی الکل آقا ومولیٰ ﷺ کا اعلان واجب الایمان ہے۔

اَلْاِسْلَامُ یَعْلُوْ وَلَایُعْلٰی (۱۴)

اسلام سب سے اعلیٰ وغالب ہے، اس پر کوئی اعلیٰ نہیں۔

مسلمانوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اور جیسے ممکن ہو اسلامی اقتدار کو دنیا پر قائم رکھیں اور دوسرے دینوں والوں کو اپنا مطیع وفرماں بردار بنا کر رکھیں، بقدرِ استطاعت ہر مسلمان اس فریضہ کو انجام دے اور اسلام کی حقانیت اور غلبہ میں مقدور بھر کوشش کرے۔ (۱۵)

﴿۳﴾ تورات، انجیل، زبور اور دیگر آسمانی صحیفوں میں حضور خاتم الانبیاء نبی آخر الزمان باعثِ کون ومکان آقا ومولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کی رسالتِ تامہ نبوتِ کاملہ اور بعثتِ عامہ شاملہ جمیع مخلوقات کا ذکر موجود تھا، تمام

---

(۱۴) ☆ رواہ الرویانی والدارقطنی فی السنن والبیھقی فی السنن والضیاء المقدسی عن عائذبن عمرو

☆ بحوالہ جامع صغیر مصنفہ امام حافظ جلال الدین سیوطی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۲۱۱

(۱۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۹۹

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۹، ص۱۱۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۹

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۱۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۲۹

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۲۱۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۲۵

marfat.com

انبیاء ورسل علیہم الصلوٰۃ والسلام نے آپ کی نبوت، رسالت، بعثت کو رحمت خداوندی بتایا اور عمر بھر آپ کی آمد کی انتظار فرماتے رہے، اپنی اپنی امت کو آپ پر ایمان لانے کی تاکید فرماتے رہے، یہ امران کے ایمان کا جزو رہا، رب کریم عزشانہ نے تمام انبیاء کرام سے آپ پر ایمان لانے اور آپ کی تعظیم وتوقیر، اکرام واعزاز کرنے کا پختہ وعدہ لیا، میثاقِ انبیائے کرام علیہم السلام کا بیان قرآن مجید میں یوں ہے۔

وَاِذْاَخَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۔ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ۔ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۔ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ☆ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ☆

اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمہارے پاس وہ رسول کہ تمہاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور ضرور اس کی مدد کرنا، فرمایا، کیوں! تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا، سب نے عرض کی، ہم نے اقرار کیا، فرمایا، تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ تمہارے ساتھ گواہوں میں ہوں، تو جو کوئی اس کے بعد پھرے تو وہی لوگ فاسق ہیں۔ (سورہ آل عمران آیات، ۸۱، ۸۲)

حضور شافع یوم النشور، قاسمِ رحمتِ ربِ العالمین رحمۃ للعالمین ﷺ کے اوصاف حمیدہ اور ذکرِ جمیل تورات، انجیل وغیرہ میں تفصیل سے موجود تھا، ربِ جلیل جل وعلا کا ارشاد فیض بنیاد ہے۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِىَّ الْاُمِّىَّ الَّذِىْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِى التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِىْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۔ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِىْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ☆ (سورۃ الاعراف آیت، ۱۵۷)

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی، جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس تورات اور انجیل میں، وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری

marfat.com

چیزیں ان کے لئے حلال کرے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے، جو ان پر تھے، اتارے گا، تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسے مدد دیں اور اس نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اترا وہی بامراد ہوئے۔

بلکہ تمام اہلِ کتاب یہودی اور نصاریٰ حضور ﷺ کی بعثت سے پہلے آپ کو جانتے مانتے تھے، آپ کے وسیلہ سے دشمن پر فتح یابی کی دعا کرتے اور فتح پاتے تھے اور اپنی کتابوں کی تعلیمات کی بدولت آپ سے پوری طرح واقف اور منتظر تھے، حضور ﷺ کا چرچا تواتر کے ساتھ کرتے اور سنتے تھے، اس امر کی صرف ایک قرانی گواہی ملاحظہ ہو۔

وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا.....الآية (سورۃ البقرۃ آیت، ۸۹)

اور اس سے پہلے وہ اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے۔

بلکہ اس سے فاش تر گواہی ملاحظہ ہو۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۔.....الآية (سورۃ البقرہ آیت، ۱۴۶)

جنہیں ہم نے کتاب عطا فرمائی وہ اس نبی کو ایسا پہنچانتے ہیں جیسے آدمی اپنے بیٹوں کو پہچانتا ہے۔

محققین بیان کرتے ہیں کہ یہود و نصاریٰ کی طرح مجوس و ہنود کی مذہبی کتابوں میں بھی حضور سید عالم ﷺ کے اخبار، اوصاف، کمالات اور رسالت و نبوت کا ذکر موجود تھا۔

غرضیکہ باوجود ظلمت و جہالت، جور و استبداد، قساوت و ضلالت کے حضور پرنور باعثِ جود و سرور رحمۃ للعالمین کا چرچا، غلغلہ جہاں بھر میں موجود تھا، آپ کی رسالت و نبوت سے اللہ اکبر و اعلیٰ جل جلالہ نے تمام دینوں کو منسوخ فرما دیا اور تمام کو حکم فرمایا کہ اس آنے والے عظیم القدر نبی پر ایمان لاؤ، اب نجات صرف اور صرف آپ ہی کی اتباع میں منحصر ہے، اس کے علاوہ سراسر ضلالت ہے، حضور پرنور سید الکونین ﷺ کی آمد سراپا رب کریم کا معجزہ تھی، آپ کو بے شمار معجزات و کمالات عطا ہوئے جو ہر عقل و شعور والے کے لئے باعث ہدایت تھے، آپ پر ایمان لاکر بے شمار حضرات محبوبان خدا بنے اور رب کریم کے انعام و اکرام اور توقیر و اعزاز کے

marfat.com

سزاوار ہوئے اور بہت سے بدبختوں پر بدبختی سوار رہی اور وہ اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے رسول بلکہ تمام رسولوں کے باغی بنے، کافروں کی بغاوت، عناد اور حسد کے ثبوت کے لئے مزید کسی دلیل کی حاجت نہیں۔

دنیا کے ہر دستور میں باغی کی سزا قتل ہے، اس سے کسی کو انکار نہیں اور نہ کوئی باغی کے قتل پر نرمی کرتا ہے، لہٰذا .....اللہ تعالیٰ رب ذوالجلال والاکرام تبارک وتقدس وعظم شانہ کے باغیوں کی سزا قتل ہے، رب عظیم و قدیر نے اپنی جماعت ''حزب اللہ'' والوں کو حکم دیا میرے باغیوں کو صفحۂ ہستی سے مٹادو، ان کی علامت یہ ہے کہ اب دنیا میں جو بھی میرے آخری نبی ﷺ پر ایمان نہیں لایا وہ میرا باغی ہے، خواہ وہ اپنے آپ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا امتی کہلائے یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا، خواہ کوئی اور دین کا پیروکار ہونے کا دعویدار ہو، یہ سب میرے باغی ہیں، ان سب سے قیامت تک جنگ کرتے رہو، یہاں تک کہ وہ مومن ہو جائیں یا کافر رہ کر مومنوں کے مطیع وفرمانبردار بن کر رہیں، اللہ تعالیٰ کے باغیوں کے قتل وقتال پر مذکورہ آیت نص صریح ہے، اس میں کسی تاویل کی گنجائش نہیں اور مقدور بھر ہر صاحب استطاعت پر ان سے قتال فرض ہے۔(۱۶)

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۱۱۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۱۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۲۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۹

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۲۹

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۱۶۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ حسگی پشاور، ص ۴۵۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۹۔

marfat.com

﴿۴﴾ ضرورت اور شرائط کی موجودگی میں جہاد قیامت تک باقی ہے، اسلام کا یہ اٹل فیصلہ ہے، حضور سید عالم ﷺ، خلفائے راشدین اور سلاطینِ اسلام نے جہاد کیا، اب کوئی نیا نبی نہ آئے گا اور نہ نئی شریعت ہوگی، جو جہاد کے فریضہ کو منسوخ کر سکے، اس کی منسوخی کا دعویٰ کرنے والا دینِ اسلام سے خارج ہے، لہٰذا ہر مومن بقدرِ ہمت واستطاعت جہاد کے لئے ہر وقت تیار رہے، اسی سے اسلام کی شوکت وعظمت ہے، جو قوم، جماعت یا گروہ جہاد سے اعراض کرتا ہے اس کی شوکت وعظمت زائل ہو جاتی ہے۔ (۱۷)

﴿۵﴾ کافر اگرچہ متعدد انواع پر ہیں، مثلاً یہودی، نصاریٰ، مجوسی، بت پرست، ستارہ پرست، آتش پرست، ہندو، بدھ مت والا، لادین، دہریہ وغیرہ مگر لفظ کفر تمام کو شامل ہے، اس لئے ان کے اسلام یا مغلوبیت قبول کرنے تک سب سے جہاد جاری رہے گا، حضور سید عالم رحمت للعالمین ﷺ ارشاد فرماتے ہیں، (یہ حدیث درجہ تواتر تک پہنچی ہے)۔

اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَشْهَدُوْا اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّیْ دِمَاءَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَی اللّٰهِ (۱۸)

مجھے حکم دیا گیا کہ میں کافروں سے جہاد کروں یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت

---

(۱۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۱۰۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۹۰

(۱۸) ☆ رواہ الائمہ البخاری (کتاب الایمان والصلاۃ والزکوۃ والاعتصام)

☆ رواہ مسلم (کتاب الایمان)

☆ وابوداؤد (کتاب الجہاد)

☆ والترمذی (کتاب التفسیر)

☆ والنسائی (کتاب الزکوۃ)

☆ وابن ماجہ (کتاب الفتن)

☆ والدارمی (کتاب السیر)

☆ واحمد، ج۴، ص۸ عن ابی ہریرۃ / بحوالہ جامع صغیر، ج۱، ص۱۱۰

☆ المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث النبوی، ج۱، ص۹۹

marfat.com

کے لائق نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں، جب (شہادتین کی) گواہی دے لیں گے تو وہ اپنے مال اور اپنی جانیں مجھ سے بچالیں گے (ان پر جہاد نہ ہوگا) مگر وہ حقوق ان پر واجب ہوں گے جن کا یہ کلمہ متقاضی ہے، اور ان کا حساب اللہ کے ذمے ہوگا۔(۱۹)

﴿۶﴾ جہاد کی غرض وغایت اور مقصود اعلائے کلمۃ الحق، غلبہءِ اسلام اور کافروں کی مغلوبیت ہے، ملک گیری، غنیمت کی ہوس یا محض اظہارِ شجاعت نہیں، اس لئے مومن مجاہد کے لئے لازمی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے رسول ﷺ کی رضا جوئی، امتثالِ امر اور غلبہءِ اسلام کی نیت سے جہاد کرے ورنہ نہ ثواب کا مستحق ہوگا اور نہ وہ رضائے الٰہی حاصل کر سکے گا۔(۲۰)

﴿۷﴾ غیر مسلم (سوائے مرتد اور مشرکین عرب کے) اگر اسلام قبول نہ کرے اور اپنے مذہب پر قائم رہ کر اسلامی سلطنت کا مطیع ہو کر رہنا گوارا کرے تو اس پر جزیہ لازم ہے، غیر مسلم کی دلی ہمدردیاں ہمیشہ کافروں کے ساتھ رہتی ہیں اس لئے جہاد میں ان کو شریک نہیں کیا جاتا مگر اسلامی ریاست اس کی جان اور املاک کی حفاظت کرتی ہے، اس کے بدلہ میں وہ جزیہ کی معمولی رقم ادا کرتا ہے۔(۲۱)

---

(۱۹) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۵۱۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۰۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۷

(۲۰) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کونہ، ج ۳، ص ۴۱۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۷

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۲۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۱۴

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۳۰

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۱

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ارقاصی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

marfat.com

﴿۸﴾ ہرنوع کے کافر سے جزیہ لیا جائے گا (سوائے مشرکین عرب اور مرتد کے، کہ ان کے لئے دو صورتیں ہیں، اسلام یا تلوار)، مثلاً یہودی، نصاریٰ، مجوسی، بت پرست، ہندو، سکھ وغیرہ، کتاب وسنت کے علاوہ علمائے اَعلام کا اسی پر اجماع ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَمْ یَکُنْ اَخَذَالْجِزْیَةَ مِنَ الْمَجُوْسِ حَتّٰی شَهِدَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَخَذَ هَامِنْ مَّجُوْسٍ هَجَرَ (۲۲)

امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیتے تھے، یہاں تک کہ حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہجر (ایک مقام کا نام ہے) کے مجوسیوں سے جزیہ قبول کیا، (اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجوسیوں سے بھی جزیہ قبول کرتے تھے)۔ (۲۳)

(بقیہ ۲۱)
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۴۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۳۰
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۳۰
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۴۱۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص ۷۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۲۳۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۷
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۱۶۷
☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحییٰ بن آدم القرشی (م ۲۰۳ھ)مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولی)، ص ۱۹
☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۴۵ ومابعد

(۲۲) ☆ رواہ ابوداؤد عن عمرو بن دینار، ج۲،ص ۷۵
☆ ورواہ ابن ابی شیبہ، ج۷،ص ۵۸۳

(۲۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۹۱
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲،ص ۹۱۹

marfat.com

﴿۹﴾ اہل کتاب کی عورتوں کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے، دیگر کفار مشرکین اور مجوسی عورتوں سے نکاح کرنا اور ان کا ذبیحہ کھانا حرام ہے اگرچہ جزیہ ادا کریں۔(۲۴)

﴿۱۰﴾ جو فرد یا قوم کسی دوسری قوم سے دوستی رکھے اور ان کا شعار اپنائے وہ اسی میں شمار ہوگی، لہٰذا کافر سے دوستی اور ان کا شعار اپنانا حرام ہے، ارشاد ربانی ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓی اَوْلِیَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۘ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ☆ (سورۃ المائدہ آیت، ۵۱)

اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہی میں سے ہے، بے شک اللہ بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔(۲۵)

﴿۱۱﴾ حضور شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حرام کردہ اشیاء اسی طرح حرام ہیں جس طرح اللہ تعالیٰ جل وعلا کی حرام

(بقیہ ۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۱۰

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۹۔

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۔ (۲۴)

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۷۰۔ (۲۵)

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۹۳

marfat.com

کردہ اشیاء ہیں، جن اشیاء کی حرمت دلیل قطعی سے ثابت ہے اس کی حرمت کا انکار کفر ہے، خواہ دلیل نص قرآنی ہو یا حدیث شریف، ان میں تفریق جائز نہیں، آیت مبارکہ مذکورہ نے اس کی صراحت فرمادی ہے، اللہ تعالیٰ جل جلالہ اور اس کے محبوب رسول ﷺ کی حرام کردہ اشیاء میں تفریق کرنے والے کے لئے حضور سید عالم ﷺ کا تہدیدی ارشاد ملاحظہ ہو۔

اَلَا اِنِّیْ اُوْتِیْتُ الْکِتَابَ وَمِثْلَهٗ مَعَهٗ ، اَلَا یُوْشِکُ رَجُلٌ شَبْعَانُ عَلٰی اَرِیْکَتِهٖ یَقُوْلُ : عَلَیْکُمْ بِهٰذَا الْقُرْآنِ فَمَا وَجَدْتُّمْ فِیْهِ مِنْ حَلَالٍ فَاَحِلُّوْهُ وَمَا وَجَدْتُّمْ فِیْهِ مِنْ حَرَامٍ فَحَرِّمُوْهُ ، اَلَا لَا یَحِلُّ لَکُمُ الْحِمَارُ الْاَهْلِیُّ وَلَا کُلُّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السَّبُعِ وَلَا لُقْطَةُ مُعَاهِدٍ اِلَّا اَنْ یَسْتَغْنِیَ عَنْهَا صَاحِبُهَا ..... الحدیث (۲۶)

سُن رکھو! مجھے کتاب (قرآن مجید) دی گئی ہے اور اس کی مثل (حدیث وسنت) اس کے ساتھ بھی دی گئی ہے، یاد رکھو! عنقریب ایک بڑے پیٹ والا تکیہ لگائے یہ کہے گا: اس قرآن کو لازم پکڑو، جو اس میں حلال پاؤ اسے ہی حلال جانو اور جو اس میں حرام پاؤ اسے ہی حرام جانو، خبردار، سن لو! تمہارے لئے پالتو گدھا حلال نہیں، اور درندوں میں سے ہر کینچلی والا حلال نہیں اور کسی معاہد (معاہدے والے) کی گری پڑی شئ حلال نہیں مگر یہ کہ اسے اس کی حاجت نہ ہو (حالانکہ ان کی حرمت قرآن نے نہیں بتائی)۔ (۲۷)

---

(۲۶) ☆ رواہ الائمہ ابوداؤد، ج۲، ص۲۸۴ (کتاب السنة والامارة)
☆ والترمذی (فی کتاب العلم)
☆ وابن ماجه (فی مقدمته)
☆ والدارمی (فی مقدمته)
☆ واحمد، ج۳، ص۲۶۷، ج۴، ۱۲۱، ۱۲۲، ج۶. ص۸

(۲۷) ☆ احکام القرآن از علامه ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت لبنان. ج۲. ص۵۲۰
☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه. ج۳. ص۲۱۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان. ج۱۰. ص۱۔
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور. ج۲. ص۲۳۰
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی. ج۵. ص۲۳۱
☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی پشاور. ص۵۔۴

marfat.com

﴿۱۲﴾ اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک لہٗ کی بے عیب، بے مثل ذات، اس کی صفات ثابتہ، اسماء حسنیٰ اور افعال مقدسہ میں سے کسی ایک کا انکار کفر ہے، مومن پر فرض ہے کہ وہ اس کی ذات، صفات، افعال، اسماء پر اس طرح ایمان لائے جیسا اس کا حکم ہے اور انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے تعلیم فرمایا ہے۔ (۲۸)

﴿۱۳﴾ اللہ تعالیٰ عزبرہانہٗ کے تمام رسولوں پر ایمان لانا فرض ہے، کسی ایک رسول یا ان کی صفات کمالیہ میں سے کسی صفت ثابتہ کا انکار کفر ہے، اسی طرح ان کے کسی امر، نہی، تحریم و تحلیل کا انکار کفر ہے، بندۂ مومن کی صفات کے بیان میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔

كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَانُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ ..... الآية

سب نے مانا اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو، یہ کہتے ہوئے کہ ہم اس کے کسی رسول پر ایمان لانے میں فرق نہیں کرتے۔ (سورۃ البقرۃ آیت ۲۸۵) (۲۹)

﴿۱۴﴾ ہر ذمی کافر سے جزیہ نہیں لیا جائے گا بلکہ صرف ان سے جزیہ لیا جائے گا جو قتال کے اہل ہیں، یعنی عاقل، بالغ، آزاد مرد سے جزیہ لیا جائے گا۔ اور جو قتال کے اہل نہیں ان سے جزیہ نہیں لیا جائے گا، عورت، غلام، نابالغ، اندھا، اپاہج، شیخ فانی، فقیر نادار جو کمائی کے قابل نہ ہو اور تارک الدنیا راہب سے جزیہ نہیں لیا جائے گا۔ (۳۰)

---

(۲۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۱۸

(۲۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۱۸

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۰

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۴۷

(۳۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۶

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۱۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۳۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۲، ۴۱۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۔

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۱

marfat.com

﴿۱۵﴾ جزیہ مسلمانوں سے نہ لیا جائے گا، لہٰذا اگر کوئی ذمی اسلام قبول کرے تو اس سے جزیہ ساقط ہو جائے گا، صحیح حدیث شریف میں ہے۔

لَیْسَ عَلٰی مُسْلِمٍ جِزْیَۃٌ (۳۱)

مسلمان پر جزیہ عائد نہیں ہوتا۔

خلیفہ راشد امیر المؤمنین سیدنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اپنے عاملین (گورنروں) کو تحریری ہدایت فرمائی کہ:

اَنْ یَّضَعُوا الْجِزْیَۃَ عَمَّنْ اَسْلَمَ مِنْ اَھْلِ الْجِزْیَۃِ حِیْنَ یُسْلِمُوْنَ (۳۲)

اہل جزیہ میں سے جب کوئی اسلام قبول کر لے تو اس سے جزیہ ساقط کر دیا جائے۔ (۳۳)

﴿۱۶﴾ اہل جزیہ پر سوائے جزیہ کے اور کوئی شرعی محصول نافذ نہ کیا جائے گا، مثلاً عشر، زکوٰۃ، فطرانہ وغیرہ۔ (۳۴)

(بقیہ ۳۰) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۱

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۴۴ و مابعد

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۵۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۲

(۳۱) ☆ رواہ الائمہ ابو داؤد، ج ۲، ص ۷۷

☆ والترمذی (فی کتاب الزکوٰۃ)

☆ واحمد، ج ۱، ص ۲۸۵، ۳۲۲ عن ابن عباس

(۳۲) ☆ رواہ الامام مالک فی المؤطا، ص ۱۲۲

☆ ورواہ نحوہ البخاری (فی الجزیۃ والرقاق والمغازی)

☆ ومسلم (فی البر والزھد)

☆ وابو داؤد (فی الامارہ) والترمذی (فی التفسیر) وابن ماجہ (فی الفتن)

☆ والدارمی (فی السیر)

☆ واحمد، ج ۱، ص ۱۴، ۱۹۱، ۱۹۲، ۱۹۴، ۲۲۷، ۳۶۲، ۴۰۳، ۴۶۸، ۴۷۹، ج ۴، ۱۳۷، ۳۲۷، ج ۵، ص ۴۴۰، ۴۴۱، ۴۴۴

☆ بحوالہ المعجم المفہرس، ج ۱، ص ۳۴۷

(۳۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۴۸

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۰

(۳۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۱۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۔

marfat.com

﴿۱۷﴾ اہل جزیہ اگر جزیہ ادا کرنے سے معذور ہو جائیں تو ان پر زیادتی جائز نہیں اور دولت مند ذمیوں کو غریب ذمیوں کی طرف سے جزیہ کی ادائیگی کا حکم نہ دیا جائے گا، صحیح حدیث شریف میں ہے۔

اَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِداً اَوِ انْتَقَصَهٗ اَوْ كَلَّفَهٗ فَوْقَ طَاقَتِهٖ اَوْ اَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسِهٖ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ(۳۵)

خبردار! جس نے کسی ذمی معاہد پر ظلم کیا، یا اس کے حقوق میں کمی کی یا اسے اپنی طاقت سے زیادہ کسی شئ کا مکلّف کیا یا اس کی رضامندی کے بغیر اس سے کوئی شئ لی تو میں (شفیع مجرماں) قیامت کے روز اس کا دادخواہ ہوں گا۔(۳۶)

﴿۱۸﴾ جزیہ ذمی افراد پر ہے، ذمی خاندان پر نہیں، افراد کی مالی حیثیت کے اعتبار سے اس کا تعین کیا جاتا ہے، مالدار افراد پر اڑتالیس درہم سالانہ، متوسط الحال پر چوبیس درہم سالانہ اور کمائی کے قابل غریب پر بارہ درہم سالانہ مقرر کیا جائے گا۔ حدیث شریف میں ہے۔

وَضَعَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّاب رضی اللہ عنہ فِی الْجِزْيَةِ عَلٰى رُؤُوْسِ الرِّجَالِ : عَلَى الْغَنِيِّ ثَمَانِيَةً وَاَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا ،وَعَلَى الْوَسْطِ اَرْبَعَةً وَعِشْرِيْنَ ،وَعَلَى الْفَقِيْرِ اِثْنَى عَشَرَ دِرْهَمًا(۳۷)

امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے جزیہ مردوں کی نفری پر مقرر کیا، مالدار پر اڑتالیس درہم سالانہ، درمیانے درجہ والے پر چوبیس درہم اور فقیر پر بارہ درہم سالانہ۔

حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے دور خلافت میں جزیہ کی یہی شرح رائج رہی اور کسی صحابی نے اس سے اختلاف نہ کیا۔

(۳۵) ☆ رواہ ابو داؤد عن صفوان بن سلیم ، ج ۴، ص ۷۷

(۳۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۱۵۔

(۳۷) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ ، ج ۷، ص ۵۸۳

☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحیٰی بن آدم القرشی، ص ۲۱

☆ کتاب الاموال، تالیف ابو عبید القاسم بن سلام ، ص ۵۹

marfat.com

زرگر، بزاز (کپڑے کا کاروبار کرنے والا)، صنعت کار، تاجر، معالج، طبیب، ڈاکٹر وغیرہ پیشہ کے لوگ مالدار شمار ہوتے ہیں، دست کار، درزی، رنگ ریز، جانور ذبح کرنے والا، موچی، جولاہا وغیرہ وغیرہ غریب شمار ہوتے ہیں، ان کے درمیان متوسط شمار ہوتے ہیں۔(۳۸)

﴿۱۹﴾ جزیہ کی ایک قسم یہ ہے کہ جب حاکمِ اسلام کفار کا کوئی علاقہ فتح کر لے اور وہاں کے لوگ مطیع ہو کر رہنا قبول کر لیں تو جس مقدار پر صلح کا معاہدہ ہو جائے وہی مقدار جزیہ ہے، اس کی تعیین کا اختیار حاکمِ اسلام اور ذمیوں کے معاہدہ پر ہے، اس میں کمی بیشی جائز نہیں، حضور سید عالم ﷺ نے اہل نجران سے دو ہزار لباس سالانہ پر صلح کا معاہدہ کیا، حدیث شریف میں ہے۔

صَالَحَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ اَھْلَ نَجْرَانَ عَلٰی اَلْفَیْ حُلَّۃٍ : اَلنِّصْفُ فِیْ صَفَرٍ وَالنِّصْفُ فِیْ رَجَبٍ(۳۹)

حضور سید عالم ﷺ نے نجران والوں سے دو ہزار لباس پر صلح کی، ان میں نصف صفر میں اور نصف رجب میں واجب الادا تھے۔(۴۰)

---

(۳۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۴ ومابعد

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۱۱۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۷۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۹

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۴۳

(۳۹) ☆ رواہ ابوداؤد عن ابن عباس، ج۲، ص ۷۴، ۷۵

(۴۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۱۱۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۳، ۲۳۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۳۸

marfat.com

﴿۲۰﴾ جزیہ کی ادائیگی شروع سال سے ہی واجب الادا ہو جاتی ہے۔(۴۱)

﴿۲۱﴾ اہل جزیہ (ذمی) جب جزیہ ادا کر دیں تو ان کے شراب اور خنزیر کو ان کے لئے چھوڑ دیا جائے، البتہ مسلمانوں کے بازاروں اور آبادیوں میں اس کو علانیہ نہ لا سکیں گے، اس کی انہیں اجازت نہیں۔(۴۲)

﴿۲۲﴾ حضور باعث کون ومکاں، سید انس وجاں، شافع مجرماں، جامع جمیع کمالات علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کی شانِ ارفع واعلیٰ میں نازیبا کلمات کہنے والا، مومن ہو یا کافر، بہر حال مرتد واجب القتل ہے، اس کی توبہ قبول نہ کی جائے گی، اس پر امت کا اجماع منعقد ہے۔(۴۳)

﴿۲۳﴾ ذمی اگر جزیہ دینے سے انکار کر دے تو حاکم اسے گرفتار کر سکتا ہے اور اسے جزیہ کی ادائیگی پر مجبور کیا جائے گا۔(۴۴)

(بقیہ ۴۰) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ ج۱۰، ص ۹۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۹

(۴۱) ☆ احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ ج۱۰، ص ۸۰

(۴۲) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۴۹

(۴۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۱۱۳

☆ احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۵۴

(۴۴) ☆ احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ ج۱۰، ص ۸۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۵۲

marfat.com

﴿۲۴﴾ ذمی سے صرف اس صورت میں معاہدہ ٹوٹ جاتا ہے جب وہ دارالحرب میں چلا جائے، یا اس کے پاس کوئی فوجی طاقت ہو جس کی وجہ سے وہ دارالاسلام کے کسی حصہ پر قابض ہو گیا ہو، ان دونوں صورتوں میں وہ حربی ہو جائے گا۔(۴۵)

﴿۲۵﴾ اسلام جزیہ کو ساقط کر دیتا ہے، بخلاف حدود کے، کہ یہ اسلام لانے سے ساقط نہیں ہوتے، حالت کفر میں اگر کسی نے جرم کیا، جس پر شرعی سزا مقرر ہے، اسلام لانے کے بعد بھی وہ نافذ ہوگی، اس کو ساقط کرنے میں حقوق العباد ضائع ہوتے ہیں اور حقوق العباد کسی صورت ضائع نہیں ہو سکتے۔(۴۶)

﴿۲۶﴾ حدود میں تداخل جائز ہے، یعنی اگر کسی نے متعدد مرتبہ زنا کیا یا متعدد مرتبہ چوری کی یا متعدد افراد کو قتل کیا تو اس کی ایک ایک ہی سزا ہے۔(۴۷)

﴿۲۷﴾ دارالحرب کے جو شہر بطور صلح فتح ہوئے یا جنگ کے بعد فتح ہوئے مگر مال غنیمت کی طرح، مجاہدین پر تقسیم نہ ہوئے بلکہ وہاں کے لوگوں کو برقرار رکھا گیا یا دوسری جگہ کے کافر وہاں بسائے گئے اور اس کے عوض ان سے کچھ مقدار سالانہ وصول کی جائے، وہ شہر اور اس کی زمینیں خراجی کہلاتی ہیں، ان سے حاصل ہونے والی آمدنی خراج کہلاتی ہے، جزیہ کی طرح خراج بھی بیت المال کے ذرائع آمدنی میں سے ہے، حدیث شریف میں ہے۔

قَدْرَدَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّاب رضی اللہ عنہ اِلَیْھِمْ اَرْضَھُمْ وَتَرَکَھَالَھُمْ وَصَالَحَھُمْ عَلٰی الْخَرَاجِ(۴۸)

امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ذمیوں کی زمین انہی کے سپرد کر دی، (مجاہدین پر تقسیم نہ کی) اور خراج کی ادائیگی پر ان سے صلح کر لی۔

---

(۴۵) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۵۲

(۴۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۰۰

(۴۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۰۰

(۴۸) ☆ رواہ یحیی بن آدم القرشی عن ابن ابی یعلی، ص ۲۱

marfat.com

امیر المؤمنین سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ایک کافر زمین دار نے اسلام قبول کرلیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا، اگر تم اپنے علاقے میں اپنی زمین پر ہی اقامت رکھو گے تو ہم تم سے جزیہ معاف کردیں گے لیکن تمہاری زمین سے خراج لیتے رہیں گے اور اگر تم اپنی زمین چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جاؤ گے تو ہم اس زمین کے زیادہ حق دار ہوں گے۔(۴۹)

﴿۲۸﴾ خراجی زمین خریدنا مسلمان کے لئے جائز ہے اور خراج صِغار (ذلت کا باعث) نہیں، اس لئے خراجی زمین کا خراج ادا کرنا مسلمان کے ذمہ لازم رہے گا۔(۵۰)

﴿۲۹﴾ اسلام لانے سے جزیہ معاف ہو جاتا ہے مگر خراج ساقط نہیں ہوتا۔(۵۱)

﴿۳۰﴾ کافر بوڑھے اور بچے پر جزیہ نہیں، البتہ اگر یہ زمین کے مالک ہوں تو ان پر خراج واجب ہے۔(۵۲)

﴿۳۱﴾ جزیہ کی رقم کافروں سے ایک صلح نامہ اور معاہدہ کی رو سے لی جاتی ہے، لہٰذا مسلمانوں کے لئے اس کا استعمال جائز وحلال ہے، بیت المال کے دیگر ذرائع آمدنی کی طرح یہ رقم بھی مسلمانوں کے مفادات پر صرف ہوگی، حضور سید عالم ﷺ، خلفائے راشدین اور سلاطینِ اسلام نے جزیہ وصول کیا اور اسے مسلمانوں پر صرف فرمایا، اسی پر امت کا اجماع ہے۔(۵۳)

---

(۴۹) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۷۱

☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحییٰ بن آدم الفرشی (م ۲۰۳ھ) مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولیٰ)، ص ۲۱

(۵۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۰۲

(۵۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۹۴، ۱۰۰، ۱۰۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۳۲

(۵۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۰۳

(۵۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۹۲۵

☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحییٰ بن آدم الفرشی (م ۲۰۳ھ) مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولیٰ)، ص ۲۱

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۷

marfat.com

﴿۳۲﴾ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ واعظم شانہٗ نے مسلمانوں کو ایمان کی بدولت عزت اور کافروں کو کفر کی وجہ سے ذلت دی ہے، عزت دینی واُخروی مسلمانوں کے لئے اور ذلت دارین کافروں کا مقدر ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ ☆(سورۃالمنافقون آیت،۸)

اورعزت تو اللہ اوراس کے رسول اور مسلمانوں ہی کے لئے ہے، مگر منافقوں کو خبر نہیں۔

آیت زیرعنوان میں مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ ذمیوں سے جزیہ اس طرح وصول کیا جائے جس میں مسلمانوں کا اعزاز اور کافروں کی رسوائی نمایاں ہو، اس کا طریقہ یہ ہے کہ.....

(ا) جزیہ دینے والا ذمی کھڑا ہو اور مسلمان حاکم یا قاضی بیٹھ کر وصول کرے۔

(ب) جزیہ دینے والا چل کر آئے اور اپنے ہاتھ سے دے۔

(ج) خود آ کر دے، کسی کے ہاتھ روانہ نہ کرے۔

(د) گردن جھکا کر دے۔

(ہ) نقد دیں، ادھار نہ کریں۔

(و) مسلمانوں کی قوت اور غلبہ کا اقرار کرتے ہوئے دیں۔

(ز) وعدہ کے مطابق دیں، پس وپیش نہ کریں۔

(ح) ہاتھ بڑھا کر اس طرح دیں کہ جزیہ کی رقم ان کی ہتھیلی پر ہو اور مسلمان اپنے ہاتھ سے اٹھالے۔

(ط) جزیہ دیتے وقت اظہار ذلت کریں۔

(ی) جزیہ دیتے وقت مسلمانوں کا احسان تسلیم کریں، جس طرح مجرم حاکم کو جرمانہ ادا کرتا ہے کہ اس میں حاکم کا احسان ہے کہ وہ جرمانہ وصول کر کے جرم معاف کر رہا ہے۔

جزیہ کی فرضیت اور اس کی مذکورہ طریقہ سے ادائیگی پر امت کا اجماع ہے۔(۵۴)

(۵۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۹۸ ومابعد

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۲۲

marfat.com

﴿۳۳﴾ کافر اگر جزیہ دینا قبول نہ کرے اور اسلام بھی قبول نہ کرے یا ذلت سے دینا قبول نہ کرے تو اس کا قتل جائز ہے، آیت زیب عنوان نے اس کی صراحت فرمادی ہے۔(۵۵)

﴿۳۴﴾ کافر اگر جزیہ دینا قبول کرلیں تو ان کے خلاف جہاد جائز نہیں، اگر چہ ادا کرنے میں پس وپیش کریں۔(۵۶)

﴿۳۵﴾ اہل ذمہ کا اعزاز کرنا جائز نہیں، (حربی کا اعزاز بطریق اولیٰ منع ہے) اس لئے.....

(ا) ان کو پہلے سلام کرنا منع ہے۔

(ب) ان سے مصافحہ نہ کرے۔

(ج) ان سے دوستی رکھنا حرام ہے۔

(بقیہ ۵۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۱۱۵

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۴۸

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاھرہ ازھر، ج۱۶، ص۲۸

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۲۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۳۰

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۳۰

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۴۵

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۲

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۲، ۴۱۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۷

☆ تفسیرمظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۲۳۷

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت، ج۴، ص۱۶۷

(۵۵) ☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور، ج۲، ص۲۳۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۷

(۵۶) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۲

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۷۸

marfat.com

(د) ملکی انتظام میں انہیں کلیدی اسامیوں اور عزت والی ملازمتیں نہ دی جائیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَاتَبْدُوا الْیَھُوْدَ وَالنَّصَارٰی بِالسَّلَامِ وَاِذَالَقِیْتُمْ اَحَدَھُمْ فِیْ طَرِیْقٍ فَاضْطَرُّوْھُمْ اِلٰی اَضْیَقِہٖ(۵۷)

یہود ونصاریٰ (اور ہر کافر) کو سلام میں پہل نہ کرو، جب ان میں سے کسی ایک کو راستہ میں ملو تو ان کے لئے راستہ تنگ کردو۔(۵۷)

﴿۳۶﴾ دارالاسلام میں ذمیوں کی بودوباش اور طرز رہائش مسلمانوں سے الگ ہونی چاہئے، اہل اسلام کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے سے انہیں روک دیا جائے اس لئے ذمی.....

(ا) اپنے لباس، سواری اور اپنی زِین میں مسلمانوں سے الگ نظر آئے۔

(ب) ہتھیار اور اسلحہ اپنے پاس نہ رکھے۔

(ج) زنّار اس طرح پہنے کہ صاف نظر آئے۔

(د) راستہ میں ذمی عورتوں کو مسلمان عورتوں سے ممتاز نظر آنا چاہئے تا کہ اشتباہ نہ ہو۔

(ہ) ذمیوں کے گھروں پر واضح علامات ہوں تا کہ سائل اسے مسلمانوں کا گھر سمجھ کر ان کے لئے دعائے مغفرت نہ کرے۔(۵۸)

☆☆☆☆☆

---

(۵۷) ☆ رواہ مسلم (کتاب سلام) ☆ وابوداؤد(ادب)

☆ والترمذی (استیذان) ☆ وابن ماجه (ادب)

☆ واحمد، ج۳، ص۳۶۲، ۳۶۶، ۶۴۳، ۴۴۴، ۴۵۹، ۵۳۵، ج۴، ۳۲۲، ج۶، ص۲۹۸

(۵۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۹۹

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۷۹

(۵۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸، ص۱۱۳

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۴۷

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۵۸

marfat.com

ضمیمہ باب (۱۹۱):

جزیہ غیر مسلموں پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَعُلَمَآءِ مِلَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے جتنے انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام دنیا میں ہدایت کے لئے بھیجے وہ سب برحق ہیں، وہ سب سچا دین لے کر آئے، ان کی کتابیں اور شریعتیں سب برحق تھیں، ان پر ایمان لانے والے اور ان شریعتوں پر عمل کرنے والے سب حق پر تھے، مگر ان انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے دین اور شریعتیں محدود وقت اور محدود مخلوق کی طرف تھیں، اللہ تعالیٰ تقدس وتبارک کے جب آخری رسول حضور خاتم الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین حضور محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ مبعوث ہوئے تو آپ ﷺ کا دین اور آپ ﷺ کی شریعت تمام انسانوں بلکہ تمام مخلوقات کے لئے واجب العمل بن کر آئی، رب کریم عزاسمہٗ ارشاد فرماتا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ☆

اور اے محبوب ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے، جو تمام انسانوں کو گھیرنے والی ہے، خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا، لیکن بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ (سورۃ السباء آیت، ۲۸)

وہی ارشاد فرماتا ہے اور اس کا ارشاد برحق ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ☆

اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔ (سورۃ الانبیاء آیت، ۱۰۷)

marfat.com

اسی کا ارشاد واجب الاعتقاد ہے۔

تَبٰرَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِہٖ لِیَکُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا☆ (سورۃالفرقان آیت، ۱)

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن، اپنے بندۂ پر، جو سارے جہانوں کو ڈر سنانے والا ہو۔

قادرِ مطلق احکم الحاکمین رب العالمین جل وعلا نے اپنے محبوب اور آخری رسول محمد مصطفیٰ ﷺ کی رسالت، اختیار اور اقتدار کے دائرہ کی وسعت صریح کلمات میں بیان فرمادی اور اب اس عظیم الشان نبی کی زبان حق ترجمان کا اعلان سنیئے اور اس پر ایمان رکھیئے۔

فُضِّلْتُ عَلَی الْاَنْبِیَآءِ بِسِتٍّ : اُعْطِیْتُ جَوَامِعَ الْکَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَآئِمُ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًاوَّطُھُوْرًاوَّاُرْسِلْتُ اِلَی الْخَلْقِ کَآفَّةً وَّخُتِمَ بِیَ النَّبِیُّوْنَ (۱)

(دیگر) انبیاء پر مجھے چھ وجہ سے فضیلت دی گئی ہے۔

(ا) مجھے جامع کلمات عطا کئے گئے ہیں۔

(ب) اور رعب کے ساتھ میری نصرت فرمائی گئی ہے۔

(ج) اور میرے لئے غنیمتوں کو حلال کر دیا گیا ہے۔

(د) اور میری برکت سے تمام زمین کو سجدہ کے لائق اور پاک بنا دیا گیا ہے۔

(ہ) اور مجھے تمام مخلوقات کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہے۔

(و) اور مجھ پر نبیوں کی بعثت ختم کر دی گئی ہے۔

.....

حضور محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی رسالت ونبوت تمام مخلوق پر حاوی ہے، آپ ﷺ کی شریعت کے قوانین و فرامین تمام پر نافذ ہیں، مخلوق کا کوئی فرد، کوئی ذرہ آپ ﷺ کے دین اور شریعت سے سرتابی و نافرمانی کر کے ہدایت نہیں پا سکتا، آپ ﷺ کی کتاب، دین اور شریعت تمام سابقہ کتابوں، دینوں اور شریعتوں کی ناسخ ہے۔

(۱) ☆ رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ، ج ۱، ص ۲۲۳ وبعضہ البیھقی عن ابی امامہ

marfat.com

آپ ﷺ کی بعثت کے بعد ہدایت اور حق صرف آپ ﷺ کی کامل اتباع میں ہے، اگر کوئی فرد یا جماعت اب سابقہ کتابوں، دینوں یا شریعتوں پر عمل کرے تو اس کا عمل مردود و باطل ہے، جو شخص، فرد یا جماعت دینِ مصطفوی سے انحراف کرتی ہے وہ گمراہ، رب قدیر کے غضب کی مستوجب، دنیا و آخرت کی ذلّت اور نارِ دوزخ کی مستحق ہے، یہ ایک اٹل حقیقت ہے، اس سے انکار کفر ہے۔

رب اعلیٰ جل وعلا نے ارشاد فرما دیا۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ☆

(سورۃ التوبۃ آیت، ۳۳)

وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کر دے، پڑے بُرا مانیں مشرک۔

اسی مفہوم کی دیگر آیات سورہ فتح آیت، ۲۸، اور سورہ صف آیت، ۹، ہیں، جن میں یہی اعلان تاکید کے ساتھ دہرایا گیا ہے، اب دینِ مصطفوی ہی اسلام ہے اور یہی مقبولِ رب عظیم جل وعلا ہے، اس نے اپنی رضا کا اعلان فرما دیا ہے۔

وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ☆

اور جو اسلام کے سوا کوئی دین چاہے گا وہ ہرگز اس سے قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں زیاں کاروں سے ہے۔

(سورہ آل عمران آیت، ۸۵)

.....

دین اسلام دینِ فطرت ہے، جو بھی، جہاں بھی، جب کبھی بھی، فطرت کا کوئی تقاضا ہوتا ہے اسلام نے اسے پورا کیا ہے، کرتا ہے اور ان شاء اللہ قیامت تک پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، یہ آفاقی دین ہے، ہمہ گیر دین ہے، جہاں والوں کے ہر مسئلہ و تقاضا کا حل اس میں موجود ہے، عبادات، معاملات، مناکحات، مذہبی، سماجی، معاشرتی، معاشی، سیاسی، اقتصادی، امن و صلح، جہاد و قتال، مصالحت، بین الاقوامی معاہدات، تعلیقات، غرض ہر شعبہء حیات کی کامل راہنمائی کی اصولی اور عملی تعلیمات اس میں موجود ہیں، اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اپنے محبوب رسول ﷺ کو دین کا کامل

marfat.com

نمونہ بنایا ہے، دینِ حقّہ کی تمام تعلیمات، اصول، فرامین، قوانین آپ کی حیات مبارکہ میں موجود ہیں، زمانہ کی موجودہ علمی، سائینسی، ٹیکنالوجی، طبی اور جراحی وغیرہ کی ترقی ظاہر ہے ماضی میں نہ تھی اور اس کا تصور تھا، اور یہ ترقی ترقی پذیر ہے، قرینِ قیاس یہی ہے کہ آئندہ کی ترقی اس سے بہت آگے ہوگی، مگر دینِ اسلام کے اصول وفرامین سب زمانوں کے لئے قابلِ عمل اور باعثِ ہدایت ہیں، رب جلیل جل وعلا ارشاد فرماتا ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ☆ (سورۃ الاحزاب آیت، ۲۱)

بے شک تمہیں رسول اللہ کی پیروی بہتر ہے اس کے لئے کہ اللہ اور پچھلے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کو بہت یاد کرے۔

.....

دینِ اسلام کی نمایاں حیثیت اس کا ''دینِ رحمت'' ہونا ہے، اسلام سراپا رحمت ہے، اس کا رب ''رحمٰن ورحیم'' ہے، اس کا نبی ''رحمۃ للعالمین'' ہے، اس کی کتاب ''سراپا ہدایت ورحمت'' ہے، اس کے اصول وقوانین، شریعت وفرامین رحمت پر مبنی ہیں، اس کی رحمت کی ہمہ گیری حدوحساب سے باہر ہے، تمام جہانوں اور ہر جہان والوں کے لئے اس کی رحمت نصِ قطعی سے ثابت ہے، تاریخِ عالم کے واقعات اس کی رحمت کے شاہدِ عادل ہیں، ہر غیر متعصب غیر مسلم اس کی رحمت کو تسلیم کرتا ہے، اس کی رحمت انسانوں، حیوانوں کے ہر طبقہ کے لئے عام ہے، دینِ مصطفیٰ کے نبی کی تشریف آوری سے پہلے یہ جہاں ظلم وستم سے بھرا تھا، ضعیفوں، عورتوں، بچوں، غلاموں، جانوروں بلکہ حیوانوں نے اسلام آنے پر سکھ کا سانس لیا، مذہب، سماج، معاشرہ، سیاست، اقتدار، حکومت، غرض ہر جگہ سے ظلم وتشدد دور ہوا، دنیا میں آسانی، سہولت، رحمت، شفقت کا غلبہ اسلام کا مرہونِ منت ہے، تفصیل میں جائے بغیر ہم عرض کریں کہ احکم الحاکمین رب العالمین اپنے بندوں پر قطعاً ظلم نہیں کرتا اور نہ ظلم روا رکھتا ہے، خود اس کا اعلان واجب الایمان ہے۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ۔ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ☆ (۲)

جو نیکی کرے وہ اپنے بھلے کو اور جو برائی کرے تو اپنے برے کو اور تمہارا رب بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔

(۲) ☆ (سورہ حم السجدہ آیت، ۴۶)

marfat.com

نبی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رب کا پیغام حق ورحمت پہنچایا، آپ ﷺ کی شدید مخالفتیں ہوئیں، آپ ﷺ کو، آپ ﷺ کے گھر والوں اور آپ ﷺ کے ماننے والوں پر مصائب کے پہاڑ توڑے گئے، آپ ﷺ پر اتنا تشدد کیا گیا جس سے آپ ﷺ کا جسم مبارک لہولہان ہوگیا۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر چہ مجھ پر شدید ترین ابتلا غزوہ احد میں پیش آیا (جس میں میرے دندان مبارک شہید ہوئے، چہرے پر زخم آیا) مگر اس سے زیادہ تشدد مجھ پر اس روز ہوا جب میں طائف والوں کے پاس تبلیغ کو گیا، وہاں کے کافر سرداروں نے اوباشوں، غنڈوں اور تلنگوں کو مجھ پر سنگ باری کے لئے ابھارا، جبرئیل امین قضاء وقدر اور مدبراتِ امر کے ساتھ حاضر ہوا، اس نے عرض کیا، آپ ﷺ کا ادنیٰ اشارہ ہو تو ہم مکہ معظّمہ کے پہاڑ ان پر الٹ دیں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا!

اَرْجُوْاَنْ یُّخْرِجَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ اَصْلَابِھِمْ مَنْ یَعْبُدُاللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ وَحْدَہٗ لَایُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا (۳)

مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی نسل سے وہ پیدا کرے گا جو اللہ وحدہ لاشریک لہ کی عبادت کریں گے۔

باعثِ وجودِ کائنات، رب تعالیٰ کے حبیب لبیب اور محبوب کریم ﷺ نے زمانہ بھر کو رحمت وشفقت کا درس دیا، مگر منکرین نے اس کا جواب تشدد سے دیا، ایک اور موقعہ پر گلاب کو شرما دینے والے آپ ﷺ کے چہرۂ انور کو خون آلود کر دیا گیا، اس موقعہ پر آپ ﷺ نے جو کلمات فرمائے وہ پھولوں سے حسین ومعطر ہیں، تاریخ عالم نے ان کلمات کو اپنے اوراق میں محفوظ کر رکھا ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِقَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَایَعْلَمُوْنَ (۴)

(۳) ☆ رواہ البخاری، ج ۱، ص ۴۵۸

☆ ورواہ مسلم، ج ۱، ص ۱۰۹، عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ

(۴) ☆ رواہ البخاری، ج ۱، ص ۴۹۵ وفی کتاب المرتدین

☆ ورواہ مسلم، ج ۱، ص ۱۰۸،

☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الفتن

☆ ورواہ احمد، ج ۱، ص ۳۸۰، ۴۲۷، ۴۳۲، ۴۵۳، ۴۵۶، عن عبداللہ

marfat.com

اے اللہ! اے میرے رب! (مجھ پر تشدد کرنے والی) اس میری قوم کو معاف فرمادے کہ یہ میرے عظیم منصب سے ناواقف ہے۔

محبت اور رحمت کے نبی کریم علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کو دشمنوں نے بے پناہ ایذائیں دیں، آپ پر قاتلانہ حملے ہوئے، آپ کی راہ میں کانٹے بچھائے گئے، آپ کے فدائیوں اور جانثاروں کو بہر طریقہ ایذا سے دوچار کیا گیا، نوبت یہاں تک پہنچی کہ آپ نے قیام امن وسلامتی اور رحمت کا عملی نمونہ بنتے ہوئے اپنا گھر، وطن ترک فرمایا، مدینہ طیبہ زادہا اللہ شرفا وتعظیما کی طرف ہجرت فرمائی، دشمنوں نے آپ کو وہاں بھی چین نہ لینے دیا، بار بار آپ پر حملہ آور ہوئے، قبائل عرب کو آپ کے خلاف جنگ میں شامل کیا، آج کے حالات کے مطابق اگر تجزیہ کیا جائے تو یہ کہنا بجا ہوگا کہ دشمنوں نے آپ کے خلاف عالمی قوتوں کو برسر پیکار کیا، بالآخر ایک وقت آیا کہ آپ نے اذنِ الٰہی سے مکہ معظّمہ کے کفار پر حملہ کیا، دشمن نے ہتھیار ڈال دیئے۔..... ہاں اتنا تو ہوتا رہا ہے کہ ملک فتح ہوئے فاتح نے قبضہ کرلیا، مگر تاریخ عالم کا یہ ایک منفرد واقعہ ہے، فاتح نبی نے مفتوحہ علاقہ پر قبضہ نہ کیا، دشمن کو جنگی قیدی نہ بنادیا، ان کی املاک پر قبضہ نہ کیا، قاتلانہ حملہ آوروں اور بار بار آپ کے خلاف جنگ کی آگ بھڑکانے والوں کو معافی دی، عزت دی، ان کے گھر والوں کو امن گاہ ٹھہرایا، تمام دشمن آپ کے سامنے ترساں ولرزاں سر جھکائے موجود تھے اور آپ نے انہیں جو ارشاد فرمایا وہ تاریخِ عالم کا منفرد اعلان ہے۔

لَاتَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ اَنْتُمُ طُلَقَآءُ(۵) جاؤ، آج تم پر کوئی ملامت نہیں، تم سب آزاد ہو۔

ظلم وستم، تعصب وتشدد اور عالمی دہشت گردی کے مقابلہ میں نبیِ رحمت ﷺ کے ارشاد کی مثل چشم افلاک نے نہ دیکھا اور نہ سنا، عاشقِ صادق کی زبان حقیقت ترجمان میں بآواز بلند کہیئے۔

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

.....

(۵) ☆ المغنی عن حل الاسفار للعراقی، ج۳، ص۱۷۹
☆ بحوالہ موسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج۷، ۲۸
☆ مدارج النبوت، از شیخ عبدالحق محدث دھلوی، (مترجم اردو) مفتی غلام معین الدین نعیمی، مطبوعہ کراچی، ج۲، ص۴۷۷

marfat.com

امن وسلامتی کی بحالی اور استحکام کے لئے بدامنی، تعدِّی اور ظلم وستم کو ختم کرنا لازمی ہے، ظلم وستم بھی قائم رہے اور امن وسلامتی کا حصول بھی مقصود ہو، یہ ناممکن ہے۔

صحت وتندرستی کے لئے مرض کا علاج ضروری ہے، صحت وتندرستی کی بحالی کے لئے بعض اوقات کڑوی اور ناگوار دوا بھی استعمال کرنا پڑتی ہے، اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ متعفن اعضاء کو کاٹنا پڑتا ہے تاکہ تعفن مزید اعضاء میں سرایت نہ کر جائے، عمل جراحت اور خطرناک اپریشن (جس میں جان جانے کا خدشہ بھی ہوتا ہے) صحت وتندرستی کے لئے قبول کئے جاتے ہیں۔

ہر حاکم بیرونی اور اندرونی خطرات سے نپٹنے کے لئے فوج کشی کرتا ہے، بعض اوقات یہ خطرات محض خدشات نہیں ہوتے اور فوج کشی میں جان ومال کا عظیم نقصان بھی ہوتا ہے، فسادی عناصر، باغی افراد اور ملکی سرحدوں کے لئے بننے والے خطرات کو مٹانے کے لئے خون ریزی کرنا پڑتی ہے اور اسے ہر معاشرہ، ملک اور قوم میں جائز بلکہ ضروری تصور کیا جاتا ہے۔

ملکی اور قومی مالی ضروریات کی کفالت کے لئے عوامی عطیات لئے جاتے ہیں، بعض اوقات لازمی ٹیکس نافذ کئے جاتے ہیں، جس سے متاثرہ افراد سے بالجبر رقم وصول کی جاتی ہے، یہ جبری کٹوتیاں اور لازمی ٹیکس اگر ملک وقوم کی ضروریات پر پوری دیانتداری سے صرف ہوں تو انہیں جور وجبر کا نام نہیں دیا جاتا بلکہ ہر باشعور شہری اسے بروقت، ازخود ادا کرنا ملک وقوم سے وفاداری کی علامت گردانتا ہے۔

بزور قوت ظلم وستم ختم کرنا، جراحی اور اپریشن، دشمنوں کے خلاف فوج کشی، خون ریزی اور لازمی مالی وصولیاں کسی بھی معاشرے، مذہب، قوم، ملت اور ملک میں تشدد شمار نہیں ہوتیں، بلکہ یہ تمام امور نہ صرف قرینِ قیاس ہیں بلکہ عین انصاف ہیں، اسی طرح جہاد ایک دینی فریضہ ہے، جس کا مقصد اعلائے کلمۃ اللہ اور زورِ کفر اور فتنہ وفساد کا قلع قمع ہے، جہاد میں اگرچہ خونریزی، مال واملاک کا نقصان متوقع بلکہ واقع ہے تاہم مذکورہ بالا عظیم ترین مقاصد کے پیش نظر اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اس کا حکم دیا ہے، انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام، سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء اور پاکانِ امت نے عملی

marfat.com

طور پر جہاد میں حصہ لے کر اس کی حقیقت اور عظمت کو واضح کیا ہے، جہاد فساد نہیں بلکہ دافعِ فساد ہے، جہاد ظلم نہیں بلکہ ظلم کو مٹانے کے لئے ہے، یہ خونریزی نہیں بلکہ خون ریزی کو روکنے کے لئے ہے، مجرم کو سزا اور قاتل کا قصاص میں قتل، جرم اور قتل کی روک تھام کے لئے ہے، حکیم وخبیر قادر مطلق جل وعلا کا ارشاد اس حقیقت کو واضح فرما رہا ہے۔

وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۭ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَاعُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ☆

اوران سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے اور ایک اللہ کی پوجا ہو، پھر اگر وہ باز آئیں تو زیادتی نہیں مگر ظالموں پر۔ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۳)

اسی مضمون کی دوسری آیت سورۃ الانفال (آیت ۳۹) میں ہے۔

.....

یہ زمین اللہ کی، یہ زماں اللہ کا، یہ مکان اللہ کا، یہ آسمان اللہ کا ہے، کائنات کی ہر شئ اللہ کی ہے، مُلک اسی کا ہے، حکومت اسی کی ہے، اقتدارِ اعلیٰ اور اختیارِ کلی اسی کا ہے، اس نے اپنی سلطنت کا وارث انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو بنایا، سب سے اعلیٰ اور آخری اقتدار واختیار اپنے محبوب ومطلوب تاجدارِ عرب وعجم سرورِ کون ومکان سیدِ انس وجاں شافعِ مجرماں نذیر وبشیرِ جہاں سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کو عطا فرمایا اور پھر آپ کی وساطت سے اپنی نیابت وخلافت مومنین کو عطا فرمائی وہ مومنین پر بحیثیت حاکم راضی ہے۔

یہ مومنین اللہ تعالیٰ جل وعلا اور اس کے رسول کریم ﷺ کے فرمانبردار، مطیع، اطاعت گذار، اور وفا شعار ہیں، ان کا ایماں اطاعت، وفاداری اور خدمت گذاری ہی ان کی حکومت وسلطنت کا وجہ جواز ہے، زمین کی آبادی اور قیام امن وسلامتی کی ذمہ داری انہی کی ہے۔

دنیا کا ہر کافر، خواہ وہ کسی قوم وملک سے ہو، اللہ تعالیٰ کا نافرماں، سرکش، باغی اور فسادی ہے، اگر چہ بزعم خویش وہ زمین کی آبادی اور فلاح وبہبود کا دعویٰ کرے، اس کا یہ دعویٰ باطل اور مردود ہے، قرآن مجید کی متعدد آیات اور حضور آقا ومولیٰ ﷺ کی احادیث صحیحہ اس کی دلیل قطعی ہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو حکم دیا کہ کافروں سے دوستی نہ رکھو، انہیں

marfat.com

اپنا راز دار نہ بناؤ.....لہٰذا کسی نوع کے کافر کو حق نہیں پہنچتا کہ نافرمانی پر قائم رہ کر اپنے رب کی زمین پر رہ سکے۔

حضرت ابوالبشر سیدنا آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی تخلیق سے پہلے اس زمین پر جن آباد تھے، ان کی سرکشی اور فساد سے زمین آلودہ ہو چکی تھی، اللہ تعالیٰ نے اپنے مطیع بندوں، فرشتوں کو حکم دیا کہ جنوں کے فساد سے زمین کو پاک کردو، چنانچہ انہوں نے بزورِ قوت زمین کی ہموار اور قابلِ رہائش سطح سے مار بھگایا اور ان کو غاروں، وادیوں، نالوں، پہاڑوں اور تاریک مقامات تک محدود کر دیا، زمین ان کے شر، فساد، سرکشی اور عناد سے پاک ہوگئی اور قیامت تک پاک رہے گی۔

اللہ تعالیٰ نے کفار کی سرکشی، نافرمانی، فساد اور عناد کے باعث اپنے مخلص بندوں، مومنوں کو حکم دے رکھا کہ میری پاک زمین کو ان کے شر و فساد سے پاک کردو، یہی روحِ جہاد ہے۔

.....

کوئی حاکم اپنی حکومت و سلطنت میں اپنے باغی اور سرکش کو بغاوت اور سرکشی کے لئے کھلا نہیں چھوڑتا، باغی کے لئے دو ہی صورتیں ہوتی ہیں۔

(۱) حاکم کی اطاعت پر آمادہ ہو جائے۔

(۲) بصورت دیگر اپنے بھیانک انجام کے لئے تیار ہو جائے۔

ہاں ایک صورت اور ہے اور وہ یہ ہے کہ بھاگ کر اپنی بغاوت سمیت اس کے ملک و سلطنت سے باہر نکل جائے۔

کافر اپنے رب قادر و قدیر جل جلالہ کا باغی ہے، رب کی سلطنت میں اس کے لئے صرف دو صورتیں ممکن ہیں۔

(۱) کفر ترک کر کے اسلام قبول کر لے، سلامتی پائے گا۔

(۲) بصورت انکار اپنے بھیانک انجام اور دین و دنیا کی رسوائی کے لئے تیار ہو جائے۔

تیسری صورت اس کے لئے ممکن ہی نہیں، ذرا رب کریم کا ارشاد ملاحظہ ہو۔

marfat.com

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۔ لَاتَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ☆ (سورۃالرحمٰن آیت،۳۳)

اے جن وانس کے گروہ! اگر تم سے ہو سکے کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل جاؤ، تو نکل جاؤ، جہاں نکل کر جاؤ گے اسی کی سلطنت ہے۔

ہاں اس نے اپنے فضل واحسان سے بچاؤ کے لئے ایک اور آسان صورت بتائی ہے کہ اے میرے باغیو! اگر میری اطاعت تمہیں ناگوار ہو اور اپنی جان ومال بھی عزیز ہو اور اسے محفوظ رکھنا چاہتے ہو تو میرے مومن بندوں اور میرے مطیع حکمرانوں کی اطاعت کرلو، دنیا میں تمہاری جان محفوظ رہے گی، تمہارے مال تمہارے ہی رہیں، میرے مطیع حاکموں کو اطاعت کی علامت کے طور پر نہایت قلیل رقم دے دیا کرو اور بس، وہ تمہاری جان ومال کی حفاظت کریں گے اور تم پر کوئی اور مالی یا دفاعی ذمہ داری عائد نہ ہوگی، ہاں یاد رکھو جو اپنے دین پر قائم رہتے ہوئے اور میرے مطیع حاکموں کو جو حقیر رقم ادا کروگے میں نے اس کا نام جزیہ رکھا ہے، یہ میرا احسان ہے تم احسان کو جانو اور مانو۔

.....

ہر حکومت اپنے مالی وسائل اپنے عوام سے پوری کرتی ہے، حکومت کے کارندوں، مجاہدوں، محافظوں، ناظموں اور دیگر ملازمین کی کفالت، رفاہ عامہ، تعلیم، صحت اور عوامی فلاح وبہبود وغیرہ مصارف عوامی عطیات اور ٹیکسوں سے پورے ہوتے ہیں، اسلامی حکومت کے مالی مصارف بیت المال، تجارت کے سامان، زیور اور مویشیوں کی زکوٰۃ، خراج، مالیہ، فطرانہ وغیرہ سے پوری ہوتی ہے، علاوہ ازیں ہنگامی حالات میں نافذ شدہ ٹیکس بھی اسی زمرے میں آتے ہیں، یہ تمام محاصل مسلمان رعایا سے وصول ہوتے ہیں، اسلامی ریاست میں رہنے والے ذمی اس سے مستثنیٰ ہوتے ہیں، ان سے صرف جزیہ وصول کیا جاتا ہے، جزیہ کی رقم بہر صورت مسلم آبادی کے محصولات کے مقابلہ میں نہایت حقیر ہوتی ہے۔

.....

مساوات (برابری) دنیا کا بہترین معاشرتی اصول اور دین اسلام کا اہم حکم ہے، لیکن اس کا تعلق صرف عدل و انصاف کے ساتھ ہے، یعنی حاکم، قاضی، حَکَم، پنچ، جرگہ اور سوسائٹی کا فرض ہے کہ انصاف ہر ایک کے ساتھ ایک جیسا

marfat.com

ہو، اس میں امارت، غربت، خاندان، قبیلہ، عہدہ، منصب اور عزت وجاہ حائل نہ ہو، بلکہ مومن اور کافر کے درمیان بھی ایک جیسا انصاف ہو، حق اگر کافر، غریب، نادار، محکوم، غلام کا ہو تو اسے ملنا چاہیئے، اسلام کی تعلیم یہی ہے، خود سید عالم ﷺ نے عمل کرتے ہوئے مسلمان کے مقابل یہودی کے حق میں فیصلہ دیا، وہ نام نہاد مسلمان اس پر ناراض ہو گیا لیکن آپ ﷺ نے اس کی طرف داری نہ فرمائی، اس پر آیتِ مبارکہ نازل ہوئی۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ☆

(سورۃ النسآء آیت، ۶۰)

کیا تم نے انہیں نہ دیکھا جن کا دعویٰ ہے کہ وہ ایمان لائے اس پر جو تمہاری طرف اترا اور اس پر جو تم سے پہلے اترا پھر چاہتے ہیں کہ شیطان کو اپنا پنچ بنائیں اور ان کو تو حکم یہ تھا کہ اسے اصلاً نہ مانیں اور ابلیس یہ چاہتا ہے کہ انہیں دور بہکا دے۔

اسلام کے بہترین دورِ خلافت اور شوکت وعظمت کے زمانہ میں امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق اور امیر المؤمنین سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما کے خلاف دو یہودیوں نے الگ الگ مقدمہ دائر کیا، قاضی نے دونوں خلفاء کو عدالت میں جواب دہی کے لئے طلب کیا، اس نوعیت کے ان گنت واقعات ہیں جس میں مسلمان قاضیوں نے بلا رُو رعایت حق دار کے حق میں فیصلہ دیا اگر چہ وہ نادار، فاسق یا کافر ہی کیوں نہیں تھا۔

حق وانصاف کی علمبردار قومیں آج بھی اس غیر جانبداری اور حق وعدل کا جواب پیش نہیں کر سکتیں۔

حق وعدالت کے سوا معاشرت، معیشت، دولت، عزت کے دیگر معاملات میں مساوات نہ ممکن ہے اور نہ مقصدِ شرع، بلکہ اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کا بھی اسی پر عمل ہے۔

اسلام کی نظر میں اندھیرا اور روشنی، دھوپ اور سایہ، بینائی اور نابینائی، جہالت اور علم، کفر اور ایمان، فسق اور اطاعت برابر نہیں، اسلام میں عزت، فضیلت، شرف وکرامت اور اعلیٰ مقام صرف ایمان اور اطاعتِ خدا اور رسول میں منحصر ہے، کفر، فسق، فجور، سرکشی، بغاوت اور اللہ ورسول سے دوری ذلت ورسوائی، حقارت ونفرت، سفلہ پن اور غضب و

marfat.com

رَزالت کا باعث ہے، کافر اللہ ورسول (جل وعلا وﷺ) کے ہاں ذلیل اور دنیا وآخرت میں رسوا ہے، مومن اور کافر ایک درجہ کے نہیں، بلکہ ایمان والوں میں بھی درجات ہیں، بعض کو بعض پر فضیلت وعزت حاصل ہے اور کافر کفر کی شدت کے پیش نظر ذلیل سے ذلیل تر ہیں۔

اسلام میں عزت وذلت کا معیار انصاف پر مبنی ہے، کسی پر بے جا سختی نہیں۔

کرۂ ارض پر بسنے والی تہذیب وتمدن کی دعویدار قومیں بلاوجہ بعض دوسروں کو حقیر اور نچلے درجے کی شمار کرتی ہیں، ان میں آپس میں مساوات مفقود ہے، صاحبِ بصیرت ہر روز اور ہر آن اس کا مشاہدہ کرتا ہے، اقوام عالم کا قیام امن سلامتی اور دیگر معاملات طے کرنے کا ادارہ ''اقوام متحدہ'' (U.N.O) خود عدم مساوات، حق تلفی اور کمزور قوموں کی تذلیل کا باعث ہے، اگر تمام اقوام عالم برابر ہیں تو جن ملکوں کو حق استسر اد (ویٹو) حاصل ہے، اس کا کیا جواز ہے؟ اور پھر طاقت ور ملکوں اور قوموں نے دنیا کے نقشہ پر جو چودہراہٹ قائم کر رکھی ہے اس کی کون سی دلیل آسمانوں سے نازل ہوئی یا دیگر اقوام نے اس چودہراہٹ کو کب بطیب خاطر قبول کیا؟ کیا یہ بے انصافی، ظلم اور دھونس دھاندلی بلا جواز وبلا دلیل موجود نہیں؟ اس کے خلاف کمزور آواز اٹھانے کی سکت نہیں رکھتے۔

اب آیئے! عزت اور ذلت، مساوات اور دھاندلی، محبت اور نفرت کے ''اسلامی تصور'' کا جائزہ لیتے ہیں، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

لَایَسْتَوِیْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۔ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُوْنَ ☆

دوزخ والے اور جنت والے برابر نہیں، جنت والے ہی مراد کو پہنچے۔ (سورۃ الحشر آیت، ۲۰)

رب تعالیٰ فرماتا ہے۔

قُلْ هَلْ يَسْتَوِى الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۔ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ☆ (سورۃ الانعام آیت، ۵۰)

تم فرماؤ کیا برابر ہو جائیں گے اندھے اور انکھیارے، تو کیا تم غور نہیں کرتے۔

دل کے اندھے کافر اور دل کی آنکھ والے مومن برابر نہیں۔

marfat.com

اسی کا ارشاد فیض بنیاد ہے۔

وَمَا یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ ۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا الْمُسِیْٓءُ ۔ قَلِیْلًا مَّا تَتَذَکَّرُوْنَ ☆

(سورۃ المومن آیت، ۵۸)

اور اندھا اور انکھیارا برابر نہیں اور نہ وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور بدکار، کتنا کم دھیان کرتے ہو۔

اسی کا فیصلہ ہے۔

اَفَمَنْ کَانَ مُؤْمِنًا کَمَنْ کَانَ فَاسِقًا ۔ لَا یَسْتَوٗنَ ☆ اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی نُزُلًا ۔ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ☆ وَاَمَّا الَّذِیْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ النَّارُ ۔ ..... الآیۃ

تو کیا جو ایمان والا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہے، یہ برابر نہیں، جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کے لئے بسنے کے باغ ہیں اور ان کے کاموں کے صلہ میں مہمان داری رہے اور وہ جو بے حکم ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے۔

(سورۃ السجدہ آیات، ۱۸، ۱۹)

مومن کافر، صالح فاسق، حلال حرام اور طیّب خبیث برابر نہیں، ان کو ایک سطح پر لانے والا خود دین سے خارج ہے، رب تعالیٰ کا ارشاد سنیئے۔

قُلْ لَا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَةُ الْخَبِیْثِ ۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ☆

(سورۃ المائدہ آیت، ۱۰۰)

تم فرمادو کہ گندا اور ستھرا برابر نہیں اگرچہ تجھے گندے کی کثرت بھائے، تو اللہ سے ڈرتے رہو اے عقل والو! تاکہ تم فلاح پاؤ۔

اس جیسی کثیر آیات میں واضح طور پر فرمایا گیا کہ مومن اور کافر برابر نہیں، انہیں ایک سطح پر رکھنا یا سمجھنا نصوص قطعیہ کا انکار ہے۔

رب تعالیٰ نے ایمان کی برکت سے مومن کو اعلیٰ بنایا، دنیا و آخرت میں عزت اسی کا حصہ ہے، اور دارین کی

marfat.com

رسوائی کافر کا مقدر ہے، عذاب اس پر مزید ہے۔

رب کریم جل وعلا کا اعلانِ حق سن لیجیئے۔

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ☆ (سورہ آل عمران آیت، ۱۳۹ .سورہ محمد آیت، ۳۵)

تمہیں غالب آؤ گے اگر ایمان رکھتے ہو۔

کافروں کی دنیا وآخرت میں رسوائی کا ذکر قرآن مجید میں متعدد مقامات پر موجود ہے۔

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ☆ (سورۃ البقرۃ آیت، ۱۱۴)

ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب۔

کافروں کی اسی رسوائی کا ذکر سورہ مائدہ آیت، ۱۴، سورہ مائدہ آیت، ۳۳، سورہ بقرہ آیت، ۸۵، وغیرہ میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

قرآن مجید کے ان نا قابل تردید دلائل کی روشنی میں یہ حقیقت عیاں اور بے غبار ہے کہ کافر جب تک کفر پر قائم اور مُصِر ہے، ذلیل ہے، رسوا ہے، بے عزت ہے، جھوٹا ہے، بے وقار ہے، اگر چہ اس کے پاس بے شمار دولت ہو، حکومت ہو، قوت ہو، علم ہو، اس کی یہ سب فخر کی اشیاء عارضی اور چند روزہ ہیں اللہ ورسول (جل وعلا وﷺ) اور مومنوں کے ہاں ان کا کوئی اعتبار نہیں۔

قرآن مجید میں جزیہ کے حکم کی آیت کا آخری کلمہ یہی تو ہے۔

حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ ☆

☆ یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں اور چھوٹے بن کر رہیں۔ (ابوالاعلیٰ مودودی)

☆ یہاں تک کہ وہ ذلیل وخوار ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔ (مولوی محمد جوناگڑھی)

☆ کہ وہ ماتحت ہو کر اور رعیّت ہو کر جزیہ دینا منظور کریں۔ (شیخ اشرف علی تھانوی)

☆ یہاں تک کہ دیویں جزیہ ہاتھ اپنے سے اور وہ ذلیل ہوں۔ (شاہ رفیع الدین دہلوی)

marfat.com

☆ جب تک وہ دیں جزیہ سب ایک ہاتھ سے اور وہ بے قدر ہوں۔

(شاہ عبدالقادر دہلوی/تصحیح سید عبدالغفور لدھیانوی)

☆ جب تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے ماتحت ہو کر جزیہ نہ دیویں۔ (ابو محمد عبدالحق حقانی دہلوی)

☆ یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر۔ (شیخ محمود الحسن)

☆ یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں اور چھوٹے بن کر رہیں۔ (ڈاکٹر محمد عثمان)

☆ یہاں تک کہ وہ (حکم اسلام کے سامنے) تابع و مغلوب ہو کر اپنے ہاتھ سے خراج ادا کریں۔

(ڈاکٹر محمد طاہر القادری)

☆ یہاں تک کہ دیں وہ جزیہ اپنے ہاتھ سے اس حال میں کہ وہ مغلوب ہوں۔

(پیر محمد کرم شاہ الازہری)

☆ یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں اس حال میں کہ وہ ذلیل ہوں۔

(سید احمد سعید کاظمی)

☆ تا آنکہ بدہند جزیہ از دست خود خوار شدہ۔ (شاہ ولی اللہ محدث دہلوی)

☆ تاوقتیکہ بدہند جزیہ یعنی آنچہ از خراج بہ نسبت ہر کس از ایشاں مقرر شود بدہند از دست خود و حال آنکہ ایشاں خوار شدگان باشند۔ (سید حسین الواعظ الکاشفی)

☆ جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔ (امام احمد رضا محدث بریلوی)

.....

جزیہ کے بارے میں اسلامی تاریخ کے چند حوالہ جات اختصار سے پیش کئے جاتے ہیں، اس سے اس کی مذہبی، شرعی، سیاسی، معاشرتی اور نفسیاتی حیثیت کا تعین ہو سکے گا، ان شاء اللہ العزیز الغالب والقادر جل وعلا.

(۱) سب سے پہلا جزیہ حضور سید عالم ﷺ نے بنو قریظہ اور بنو نضیر سے وصول کیا۔ (۶)

---

(۶) لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۲۹

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۳۸

marfat.com

﴿۲﴾ یمن کے اہل نجران سے حضور سید الکونین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دو ہزار کپڑوں کے جوڑے بطور جزیہ وصول کئے اور انہیں امان دی۔(۷)

﴿۳﴾ اکیدر بن عبدالملک شاہ دومۃ الجندل کی طرف آقا و مولیٰ حضور تاجدار عرب و عجم ﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بھیجا، اکیدر نے جزیہ دے کر صلح کا معاہدہ کیا۔(۸)

﴿۴﴾ ہجر (ایک مقام کا نام ہے) کے مجوسیوں نے حضور انور نبی اکرم ﷺ کو جزیہ ادا کر کے صلح کا معاہدہ کیا اور اسلامی ریاست کا ماتحت شہری ہو کر رہنا قبول کیا۔(۹)

﴿۵﴾ امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق اور امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما نے سواد (عراق) کے مجوسی باشندوں سے جزیہ لے کر صلح کی، مجوسیوں نے اسلامی ریاست کے ماتحت ہو کر شرعی اصولوں کے مطابق زندگی بسر کرنا قبول کیا۔(۱۰)

﴿۶﴾ امیر المؤمنین سیدنا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو اہل بربر (شمالی افریقہ) نے جزیہ دے کر اسلامی ریاست کا مطیع ہو کر رہنا قبول کیا۔(۱۱)

---

(۷) ☆ ابو داؤد، بیہقی، بحوالہ.....

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۴۱

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۱۶۹

(۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۴۱

(۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۳۱

(۱۰) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۹۲

(۱۱) ☆ موطا امام مالک (کتاب الخراج)، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی، ص ۱۲۱

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۳۰

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۴

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۶

marfat.com

﴿۷﴾ خلفیہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فارس کے مجوسیوں سے جزیہ لے کر انہیں امان دی، اندرونی اور بیرونی حملہ آوروں سے ان کی حفاظت کا ذمہ لیا۔ (۱۲)

﴿۸﴾ حضور سید عالم ﷺ نے یمن کے گورنر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو وہاں کے غیر مسلموں سے جزیہ وصول کرنے کا حکم ان کلمات میں دیا۔

(ترجمہ) ''یہود و نصاریٰ کو اپنا دین چھوڑنے کی آزمائش میں نہ ڈالا جائے اور ان پر جزیہ عائد کیا جائے.....'' (۱۳)

﴿۹﴾ حضور پرنور ﷺ نے منذر بن ساوی حاکم بحرین کو گرامی نامہ لکھا:

(ترجمہ) تم سلامت رہو، میں اس اللہ کی حمد تم تک پہنچاتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بعد ازاں، معلوم ہو کہ جو ہماری نماز پڑھے اور ہمارے قبلہ کی طرف رُخ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھائے تو وہ ایسا مسلم ہے جسے اللہ کا ذمہ اور رسول کی ضمانت حاصل ہے، مجوسیوں میں سے جو اس طریقہ کو اختیار کرے تو وہ مامون (امن والا) اور بے خوف ہو گیا اور جو اسے منظور نہ کرے تو اس پر جزیہ عائد ہوگا۔ (۱۴)

﴿۱۰﴾ حضور رسول اللہ ﷺ کا ایک اور گرامی نامہ ہے جو اسید بین عباد اللہ کے نام عمان اور اسد عمان میں سے ہیں، کے نام ہے۔

(ترجمہ) ''اللہ کے نبی محمد ﷺ اور اس کے رسول کی جانب سے، اسید بین عباد اللہ کے نام عمان و اسد عمان، میں سے جو بحرین میں مقیم ہیں، یہ لوگ اگر ایمان لے آئیں، نماز قائم کریں، زکوٰۃ ادا کریں

---

(۱۲) موطا امام مالک (کتاب الخراج)، مطبوعہ مطبع مجتبائی دھلی، (۱۳۹۷ھ)، ص ۱۲۱

(۱۳) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۲۹

☆☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحیی بن آدم الفرشی (م ۲۰۳ھ) مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولیٰ)، ص ۷۵

☆☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۴

(۱۴) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۲۸

marfat.com

اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں اور نبی ﷺ کا حق دے دیں اور مسلمانوں کے طور طریقے اختیار کرلیں تو یہ لوگ اپنے آپ کو مامون و بے خوف کرلیں گے، اسلام لاتے وقت جو املاک ان کی ہوں گی وہ انہی کی رہیں گی، البتہ صرف آتش کدہ کی املاک اس سے مستثنیٰ ہو کر اللہ و رسول (جل وعلا ﷺ) کی ہو جائیں گی، ....."(۱۵)

﴿۱۱﴾ اہل یمن کو آپ نے گرامی نامہ لکھا:

(ترجمہ) "جو یہودی یا عیسائی اسلام قبول کرلے وہ جماعت مومنین میں شامل ہو جائے گا، اس کو وہ حقوق ملیں گے جو مسلمانوں کو حاصل ہیں، اسی طرح اس پر وہ ذمہ داریاں عائد ہیں، اور جو اپنی یہودیت یا نصرانیت پر باقی رہنا چاہے اسے اس کے دین سے چھڑانے کے لئے کسی قسم کے فتنہ یا آزمائش میں مبتلا نہیں کیا جائے گا بلکہ اس پر جزیہ عائد ہوگا۔(۱۶)

﴿۱۲﴾ اسی حکم پر مشتمل آپ نے ایک مکتوب حارث بن عبد کلال، شریح بن عبد کلال اور نعیم بن عبد کلال کو لکھا تھا۔(۱۷)

﴿۱۳﴾ شاہ روم کے نام حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک مکتوب لکھا۔

(ترجمہ) "محمد رسول اللہ کی طرف سے بادشاہ روم کے نام۔

میں تمہیں اسلام قبول کرنے کی دعوت دیتا ہوں، اگر تم اسلام قبول کر لیتے ہو تو جو مراعات مسلمانوں کو حاصل ہوں گی وہی تمہیں حاصل ہوں گی اور جو واجبات ان پر عائد ہوتے وہی تم پر عائد ہوں گے، لیکن اگر تم دائرۂ اسلام میں داخل نہیں ہونا چاہتے تو پھر جزیہ ادا کرو، اس لئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے۔

---

(۱۵) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام اباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۲۹

(۱۶) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۰

(۱۷) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۰

marfat.com

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَايُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ ☆

(ترجمہ) اہل کتاب میں سے جولوگ اللہ پراورروزِ آخرت پرایمان نہیں رکھتے اوراللہ ورسول کی حرام کی ہوئی چیزوں کوحرام قرارنہیں دیتے اورنہ دین حق کی اطاعت قبول کرتے ہیں ان سے جنگ جاری رکھوتا آنکہ وہ ماتحتی قبول کرتے ہوئے خودآ کر جزیہ دیں۔ (سورۃ التوبۃ آیت،۳۰)

بصورت دیگرتم فلاحین (کاشتکار،مرادعام شہری) اوراسلام کے درمیان حائل نہ رہو، وہ چاہیں تو دائرۂ اسلام میں داخل ہوجائیں یا پھر جزیہ دیں۔(۱۸)

﴿۱۴﴾ شہنشاہِ دوعالم ﷺ جب کسی لشکر یا فوجی دستہ پر کسی کوامیر مقرر فرماتے تو اسے خصوصیت کے ساتھ تَقْوَى اللّٰهِ (اللہ سے ڈرنے) کی ہدایت فرماتے، نیز اس کی معیت میں رہنے والے مسلمانوں کے ساتھ بہتر سلوک کا حکم دیتے، پھر فرماتے:

(ترجمہ) اللہ کے نام سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو، جو اللہ کا انکار کرے اس سے جنگ جاری رکھو، خیانت نہ کرنا، بے وفائی اور بدعہدی نہ کرنا، مقتولین کے اعضا کاٹ کر انہیں بدنما (مُثلہ) نہ کرنا، کسی بچہ کو قتل نہ کرنا، جب تمہارا اپنے مشرک دشمنوں سے مقابلہ ہو تو انہیں تین باتوں میں سے کسی ایک کے قبول کر لینے کی دعوت دینا، ان میں سے جو ایک بات بھی قبول کرلیں تو اس پر رضامند ہو جانا اور ان پر دست درازی سے رک جانا۔

پہلے انہیں اسلام قبول کرنے کی دعوت دینا، اگر وہ تمہاری دعوت قبول کرلیں تو ان سے تعرض نہ کرنا پھر انہیں اپنے علاقے سے نکل کر مہاجرین کے مرکز (مدینہ طیبہ) میں منتقل ہونے کی دعوت دینا اور انہیں بتادینا کہ اگر وہ ہجرت کرلیں گے تو انہیں مہاجرین کی سی مراعات حاصل ہوں گی، اور ان پر مہاجرین کی سی ذمہ داریاں عائد ہوں گی، اگر وہ ہجرت نہ کرنا چاہیں تو انہیں بتادینا کہ ان کی

(۱۸) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۰، ۳۱

marfat.com

حیثیت اسلام قبول کرنے والے اعراب (عرب کے دیہاتی قبائل) کی سی ہوگی، جن پر مسلمانوں کی طرح اسلامی احکام نافذ ہوں گے، لیکن مالِ غنیمت اور فے میں سے انہیں اس وقت تک کچھ نہ ملے گا جب تک وہ مسلمانوں کے ساتھ مل کر جہاد میں حصہ نہ لیں، اگر وہ یہ پیش کش قبول کرنے سے انکار کردیں تو ان سے جزیہ دیتے رہنے کا مطالبہ کرنا، اگر وہ اس پر رضامندی کا اظہار کریں تو تم اسے قبول کرلینا اور ان سے تعرض نہ کرنا، لیکن اگر وہ اس شرط کو تسلیم کرنے سے انکار کردیں تو پھر اللہ سے مدد طلب کرنا اور ان سے جنگ کردینا۔ (۱۹)

﴿۱۵﴾ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ایران کے قلعوں میں سے ایک کا محاصرہ کرلیا تو انہوں نے کہا: (ترجمہ) میں ان لوگوں سے لڑائی شروع نہیں کروں گا جب تک کہ ان کے ساتھ وہی طریقہ اختیار نہ کرلوں جو حضور سرورِ کائنات ﷺ اختیار فرماتے..... پھر وہ ان لوگوں کے پاس پہنچے اور ان سے کہا: (ترجمہ) میں تمہیں میں سے ایک فرد ہوں، جس نے اسلام قبول کرلیا ہے، تم دیکھتے ہو کہ عرب میرا کس درجہ احترام کرتے ہیں، یقین کرو کہ اگر تم اسلام قبول کرلو گے تو تم مسلمانوں کے برابر ہو جاؤ گے، جو مراعات انہیں حاصل ہیں وہی تمہیں حاصل ہوں گی اور جو فرائض ان پر عائد ہیں وہی تم پر عائد ہوں گے، اگر تمہیں یہ دعوت منظور نہیں تو پھر تمہیں جزیہ ادا کرنا ہوگا، اگر تمہیں یہ شرط بھی قبول نہ ہو تو پھر ہم تم سے جنگ کریں گے۔

یہ شرط آپ تین بار پیش کرتے، ایک سند میں ''تمہیں جزیہ ادا کرنا ہوگا'' کے بعد فارسی جملہ ''خاک برسر'' کا اضافہ ہے، جس کے معنٰی ہیں تمہارے سر پر مٹی۔ (۲۰)

---

(۱۹) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۴، ۳۵

(۲۰) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۶

marfat.com

﴿۱۶﴾ غزوہ تبوک سے واپسی پر جب حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ طیبہ تشریف لائے تو مدینہ طیبہ، خیبر، یمن اور بحرین کے تمام اہل ذمہ پر جزیہ عائد کیا۔(۲۱)

﴿۱۷﴾ امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کی سنت کی پابندی کی، ان کے عہدِ خلافت میں جزیرہ عرب سے باہر سب سے پہلا مفتوح شہر بُصریٰ تھا، آپ نے اس کے باشندوں کو جزیہ یا اسلام دونوں کا اختیار دیا، وہ جزیہ دینے پر راضی ہو گئے۔(۲۲)

﴿۱۸﴾ حوران اور مآب کے لوگوں نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے اہل بُصریٰ کی شرائط پر صلح کر لی۔(۲۳)

﴿۱۹﴾ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اہل دمشق پر جزیہ مقرر کیا۔(۲۴)

﴿۲۰﴾ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اہل شام سے جزیہ پر صلح کر لی۔(۲۵)

﴿۲۱﴾ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فتوحات کا دائرہ سرعت سے وسیع ہوتا گیا اور مختلف شہروں اور علاقوں، شام، عراق، مصر اور ایران کے غیر مسلموں نے جزیہ پر صلح کر لی۔(۲۶)

﴿۲۲﴾ امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی اپنے دور خلافت میں ذمیوں سے نہایت نرمی سے جزیہ وصول کر لیا کرتے تھے۔(۲۷)

---

(۲۱) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۴

(۲۲) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۵

(۲۳) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۵

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۹

(۲۴) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۵

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۹

(۲۵) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۵

(۲۶) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۹

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۵

(۲۷) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۴

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۶

marfat.com

﴿۲۳﴾ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ مجوسیوں سے جزیہ وصول کرلیا کرتے تھے، اگرچہ ان کے مذہب میں بہن بھائی آپس میں نکاح کرلیتے تھے مگر آپ نے حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے ان کے مذہبی معاملات میں تعرض نہ کیا اور ایسے نکاح بحال رکھے۔(۲۸)

﴿۲۴﴾ عباسی دور خلافت میں مالیات، جزیہ، خراج، فے، غنیمت وغیرہ کے نظام کی تنظیم ہوئی، اس دور میں چار عظیم الشان کتابیں اسی نظام کے لئے تصنیف کی گئیں۔

(ا) کتاب الخراج: امام ابو یوسف (م ۱۸۲ھ تلمیذ امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت

(ب) کتاب الخراج: امام یحییٰ بن آدم القرشی (م ۲۰۳ھ)

(ج) کتاب الاموال: امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)

(د) الاحکام السلطانیہ: امام ابوالحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی

اس کے علاوہ فقہ اسلامی کی تدوین بھی مکمل ہوگئی، کتب فقہ میں جزیہ، خراج، جہاد اور غیر مسلم حکومتوں سے مسلم حکومت کے تعلقات کے احکام واضح درج ہوگئے۔(۲۹)

﴿۲۵﴾ عثمانی خلافت میں (دسویں صدی ہجری/سولہویں صدی عیسوی) کے دوران جزیہ وصول کیا جاتا رہا۔(۳۰)

﴿۲۶﴾ برعظیم پاک و ہند کی اسلامی ریاستوں میں جزیہ کا ذکر خال خال ملتا ہے، جب محمد بن قاسم نے مہران سے اس طرف کے ایک دریا کو عبور کیا تو ''سربیدس'' کے بت پرست اس کے پاس آئے اور اپنے لوگوں کی طرف سے معاہدۂ صلح طے کیا جس میں جزیہ دینا منظور کیا۔(۳۱)

---

(۲۸) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۳۶

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۶

(۲۹) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۶

(۳۰) ☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۶

(۳۱) ☆ فتوح البلدان بلاذری بحوالہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۸

marfat.com

﴿۲۷﴾ المامون کے عہد میں جب عمران بن موسیٰ سندھ کا والی (گورنر) بنا تو وہاں کے غیر مسلم جاٹوں سے جزیہ وصول کیا۔(۳۲)

﴿۲۸﴾ عمران بن موسیٰ نے برہمن آباد کے غیر مسلموں پر جزیہ عائد کیا۔(۳۳)

﴿۲۹﴾ دہلی کی اسلامی سلطنت میں جزیہ کا شاذ و نادر ہی تذکرہ ملتا ہے، جزیہ اور خراج کے الفاظ کتب تاریخ میں ملتے ہیں۔(۳۴)

﴿۳۰﴾ فیروز شاہ تغلق نے علماء سے فتویٰ حاصل کر کے ہندوؤں پر جزیہ مقرر کیا، اپنے عہد حکومت میں اس نے حکم دیا کہ بیت المال کی آمدنی کے ذرائع صرف وہی ہوں جو شرع حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے ثابت ہیں اور دینی کتابیں اس پر شاہد ہیں۔

(ا) خراج، عشر و زکوٰۃ

(ب) جزیہ ہنود

(ج) ترکات، اور

(د) مال غنیمت و معادن کا خمس۔(۳۵)

﴿۳۱﴾ شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر رحمۃ اللہ علیہ نے متحدہ ہندوستان میں شریعت اسلامی کی ترویج کی کوششیں شروع کیں تو ۱۰۹۰ھ میں ہندوؤں پر جزیہ عائد کرنے کا حکم دیا۔(۳۶)

مستند تاریخی حوالہ جات نے یہ حقیقت واضح کر دی کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے لے کر آج تک ذمیوں پر جزیہ عائد ہوتا رہا، ذمیوں نے جزیہ کے بدلے جان و مال کی حفاظت پر اسلامی ریاست سے مصالحت کی۔

.....

(۳۲) فتوح البلادن: بلاذری/بحوالہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۸

(۳۳) چچ نامہ/بحوالہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۷

(۳۴) اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۷

(۳۵) فتوحات فیروز شاہی /بحوالہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۷

(۳۶) مآثر عالمگیری/بحوالہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج۷، ص ۲۴۸

marfat.com

اسلامی تعلیمات سے ناواقف دانشوروں اور متعصب مُستشرقین نے جزیہ کے بارے میں غلط پروپیگنڈا کیا اور یہ روَش آج تک جاری ہے کہ ''جزیہ اسلام کا ظالمانہ نظام ہے، غیر مسلموں پر بے جا بوجھ ہے، جبر ہے..... وغیرہ'' اس غلط فہمی کے ازالہ کے لئے اسلام کی تعلیمات اور تاریخ اسلام کے چند واقعات بیان کر دینا ہی کافی ہیں، یہ ایک شفاف آئینہ ہے، اس میں اصل صورت اجاگر ہوگی۔

﴿۱﴾ شارعِ اسلام رسول اکرم ﷺ نے غیر مسلموں سے انصاف، نرمی اور معاہدہ کی پابندی کی سخت تاکید فرمائی، ارشاد فرمایا:

(ترجمہ) خبردار، سن لو! جس نے کسی ذمی معاہد پر ظلم کیا، یا اس کے حقوق میں کمی کی، یا اسے اپنی طاقت سے زیادہ کسی شئ کا مکلّف کیا، یا اس کی رضامندی کے بغیر اس سے کوئی شئ لی تو میں (رحمۃ للعالمین) روز قیامت اس کا دادخواہ ہوں گا۔ (۳۷)

﴿۲﴾ اگر کوئی ذمی مسلمان ہو جائے تو اس سے جزیہ ساقط ہو جائے گا، جزیہ صرف کفر کی حالت میں نافذ ہوتا ہے۔ حضور رحمۃ للعالمین نبی رؤف ورحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ارشاد فرماتے ہیں۔

(ترجمہ) (ذمی اگر مسلمان ہو جائے تو اسلام لانے کے بعد) مسلمان پر جزیہ نہیں۔ (۳۸)

﴿۳﴾ اہل کتاب اگر جزیہ دیں تو ان کی عورتوں سے نکاح کرنا مسلمان کے لئے جائز ہے۔ (۳۹)

گویا جزیہ کی معمولی رقم دے کر اہل کتاب ذمی، مسلمانوں کی معاشرتی زندگی میں داخل ہو جائیں گے، اسلام کی طرف سے ان کے لئے یہ کمال نرمی ہے۔

﴿۴﴾ ذمی عورتوں، ضعیفوں، معذوروں، تارک الدنیا راہبوں، ناداروں پر جزیہ عائد نہیں ہوتا۔ (۴۰)

---

(۳۷) ☆ ابوداؤد، ج۲، ص۷۷

(۳۸) ☆ ابوداؤد، ج۲، ص۷۷ ☆ الترمذی (فی کتاب الزکوۃ) ☆ امام احمد فی مسندہ، ج۱، ص۲۸۵

(۳۹) ☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۱۷۰

(۴۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۹۶

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج۲، ص۹۲۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۱۱۲

marfat.com

﴿۵﴾ ذمیوں سے سوائے جزیہ کے اورکوئی شرعی محصول عائدنہیں،مثلاً زکوٰۃ،عشر،صدقہ فطر،پھلوں کی زکوٰۃ، جانوروں کی زکوٰۃ وغیرہ۔

امام دارالھجرۃ امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

اہل ذمہ اورمجوسی اہل ذمہ پران کے گھوڑوں،انگوروں،پھلوں،کھیتوں،مویشیوں،پرزکوٰۃ نہیں، ان اشیاء پرصرف مسلمانوں سے زکوٰۃ لی جائے گی،تاکہ ان کامال پاک ہواوروہ زکوٰۃ مسلمان فقراء پرتقسیم ہوگی،اہل کتاب پرجزیہ ان کوچھوٹارکھنے کے لئے نافذکیا گیا ہے۔(۴۱)

﴿۶﴾ جزیہ کی مقداراتنی کم ہے کہ اس سے کم مقدارکا کوئی شرعی یاملکی محصول شاید ہی دنیامیں رائج ہو۔

(ا) امیر پراڑتالیس درہم سالانہ،چاردرہم ماہوار۔

(ب) درمیانہ درجہ کے ذمیوں پر چوبیس درہم سالانہ،دودرہم ماہوار۔

(ج) کمائی کے قابل غریب ذمی پربارہ درہم سالانہ،ایک درہم ماہوار۔(۴۲)

یادرہے کہ درہم چاندی کاایک سکہ تھا،جس کاوزن ساڑھے چارماشہ تھا۔(ساڑھے چارماشہ =4.374 گرام)

﴿۷﴾ امیرالمؤمنین حضرت عمرفاروق رضی اللہ عنہ کے عہدخلافت میں جب اسلامی فوجیں حمص (شام) سے ہٹ آئیں تو وہاں کے گورنراورسپہ سالارحضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے وہاں کے یہودی اورعیسائی ذمیوں کوبلاکرکئی لاکھ کی رقم جزیہ یہ کہہ کرواپس کردی کہ چونکہ اب ہم تمہاری حفاظت نہیں کرسکتے اس لئے یہ جزیہ کی رقم بھی نہیں رکھ سکتے۔(۴۳)

---

(۴۱) الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان،ج۸،ص ۱۱۲
موطاامام مالک،ازامام مالک،مطبوعہ مطبع مجتبائی دھلی،ص ۱۲۲

(۴۲) مصنف ابن ابی شیبہ،ج۷،ص ۵۸۳
کتاب الخراج،تالیف امام یحیی بن آدم القرشی (م۲۰۳ھ)مطبوعہ المکتبہ العلمیہ،لاھور،(طبعہ اولی)،ص ۲۱
(ترجمہ) کتاب الاموال،تالیف امام ابوعبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)،مترجم عبدالرحمن طاھرسورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی،اسلام آباد،مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء،ص ۵۹

(۴۳) فتوح الشام ازدی،بحوالہ
حضرت عمررضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط،مرتبہ حوزشیداحمدفاروقی،استادادبیات عربی،دھلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دھلی،طبع اول(۱۹۵۹ء)،ص ۹
اردو دائرہ معارف اسلامیہ،ج۷،ص ۲۴۲

marfat.com

﴿۸﴾ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اپنے ایک گورنر سعید بن عامر رضی اللہ عنہ سے جزیہ کی تاخیر کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ ''ہم اہل ذمہ کی سہولت کے لئے ان کی فصلیں تیار ہونے تک انہیں مہلت دے دیا کرتے ہیں'' آپ اس پر اتنے خوش ہوئے کہ فرمایا! ''جب تک میں زندہ ہوں تجھے معزول نہ کروں گا''۔(۴۴)

﴿۹﴾ اہل ذمہ کی شخصی آزادی کی بحالی کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے گورنر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو ایک مراسلہ میں تاکید کی:

(ترجمہ) جن لوگوں سے تم صلح کرو یا جو جزیہ دے کر تمہاری پناہ میں آجائیں ان کی بستیوں سے دور پڑاؤ ڈالو اور کسی کو ان بستیوں میں نہ جانے دو، سوائے اس شخص کے جس کی راست بازی پر تم کو پورا بھروسا ہو، تمہارا کوئی سپاہی یا فوجی افسر بستی والوں کی کسی چیز پر ناجائز قبضہ نہ کرے کیونکہ تم نے ان کی حفاظت، ان کی جان و مال اور آبرو کے احترام کا ذمہ لیا ہے اور یہ ایک آزمائش ہے جس طرح اپنے مواخذات سے عہدہ برآ ہونے کی ذمہ داری ان (ذمیوں اور اہل ذمہ) کے لئے ایک آزمائش ہے جب تک وہ اس ذمہ داری کو خوبی سے انجام دیتے رہیں تمہارا فرض ہے کہ تم ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو، جن لوگوں نے تم سے صلح کی ہو ان پر ظلم و ستم کر کے دشمن پر فتح پانے کی خواہش نہ کرو''۔(۴۵)

﴿۱۰﴾ اہل ذمہ کے مذہبی شعار اگرچہ کفر ہیں مگر اسلام ان کی ادائیگی میں کس قدر رودار ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک نامہ پڑھئے۔

(ترجمہ) ''رہا ان کی عید (ایسٹر) کے ایام میں صلیبیں نکالنے کا معاملہ، تو یہ لوگ بلا جھنڈوں کے اگر شہر سے باہر صلیبیں نکالیں، جیسا کہ انہوں نے اجازت مانگی ہے، تو ان سے تعرض نہ کرو، البتہ شہر کے

---

(۴۴) ☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۶۵

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۵

(۴۵) ☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط، مرتبہ خورشید احمد فاروقی، استاد ادبیات عربی، دہلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دہلی، طبع اول (۱۹۵۹ء)، ص ۱۴۵

marfat.com

اندر مسلمانوں کے محلوں یا مسجدوں کے پاس صلیبیں نہ نکالی جائیں''۔(۴۶)

﴿۱۱﴾ بیت المقدس کی فتح کے موقعہ پر غیر مسلموں سے جو معاہدہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا، اس میں یہودیوں اور عیسائیوں کے لئے جن مراعات اور شرائط کا ذکر ہے وہ پڑھئے۔

(ترجمہ) **بسم اللہ الرحمن الرحیم**

عبداللہ، عمر، امیر المؤمنین نے امان دی اہل ایلیا (بیت المقدس) کی جان، مال، عبادت گاہوں، صلیبوں کے شہر کے بیماروں، تندرستوں، اور ہر مذہب وملت کے لوگوں کو،.....ان کے کنیسوں میں سکونت اختیار نہیں کی جائے گی، نہ ان کو ڈھایا جائے گا، نہ ان کی متعلقہ اراضی یا (سونے چاندی کی) صلیبوں یا ان کی مال دولت کا کوئی حصہ کم کیا جائے گا، ان کو اپنا مذہب بدلنے پر مجبور نہ کیا جائے گا اور نہ کسی کو کوئی نقصان پہنچایا جائے گا اور نہ ان کے ساتھ ایلیا میں کوئی یہودی رہے گا۔

اہل ایلیا پر لازم ہے کہ اتنا جزیہ دیں جتنا شام کے دوسرے شہر ادا کرتے ہیں، ان پر لازم ہے کہ ایلیا سے رومیوں اور ڈاکوؤں کو نکال دیں، جو رومی نکلیں گے ان کی جان اور مال رومی حکومت کی عمل داری میں پہنچنے تک محفوظ رہے گی اور جو رومی ٹھہرنا چاہیں ان کو امان ہے بشرطیکہ وہ اہل ایلیا کے برابر جزیہ دینے کو تیار ہوں (ایلیا کے اصلی باشندوں میں سے) جو اپنا مال ومتاع لے کر رومیوں کے ساتھ جانا چاہیں وہ اور ان کے کنیسے اور صلیبیں اس وقت تک محفوظ رہیں گی جب تک وہ رومی حکومت کی عمل داری میں نہ پہنچ جائیں، ایلیا میں فلاں کے قتل سے پہلے جو زمین دار آ گئے تھے ان میں جو چاہیں جزیہ دے کر ایلیا ٹھہر سکتے ہیں اور جو چاہیں اپنے گاؤں دیہاتوں کو لوٹ جائیں ان کاشت کاروں سے اگلی فصل کٹنے تک لگان نہیں لیا جائے گا''۔(۴۷)

---

(۴۶) ☆ کتاب الخراج: امام قاضی ابو یوسف /بحوالہ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط، مرتبہ خورشید احمد فاروقی، استاد ادبیات عربی، دھلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دھلی، طبع اول (۱۹۵۹ء)، ص ۲۰۸

(۴۷) ☆ طبری، ج ۴، ص ۱۵۹ /بحوالہ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط، مرتبہ خورشید احمد فاروقی، استاد ادبیات عربی، دھلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دھلی، طبع اول (۱۹۵۹ء)، ص ۶۶، ۶۷

marfat.com

کسی مفتوحہ علاقہ کے باشندوں کو اتنی مراعات، کسی فاتح نے شاید ہی دی ہوں، یہ اسلام کی رواداری انصاف اور احسان ہے جو وہ غیر مسلموں سے روا رکھتا ہے۔

﴿۱۲﴾ ذمیوں کے حقوق کی پاسداری تاریخ اسلام کا ایک شاندار اور قابل فخر باب ہے، اس باب میں بے شمار واقعات موجود ہیں، یہ کثیر در کثیر واقعات غیر متعصّب مستشرقین کے سامنے ہیں، ہم اس مقام پر صرف ایک واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں۔

اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ ذمی (جو غیر مسلم جزیہ دے کر اسلامی ریاست کا مطیع ہو کر رہتا ہے) کی جان مسلمان کی جان کے برابر قابل احترام ہے، رسول اللہ ﷺ کا واضح ارشاد ہے۔

مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًامِنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

وفی روایة: مَنْ قَتَلَ نَفْسًامُعَاهِدَةً لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَاِنَّ رِيْحَهَاتُوْجَدُمِنْ مُسِيْرَةِ اَرْبَعِيْنَ عَامًا (۴۸)

جس نے کسی ذمی معاہد کو (ناحق) قتل کر دیا وہ جنت کی خوشبو نہ پائے گا حالانکہ جنت کی خوشبو چالیس برس کی مسافت تک پائی جاتی ہے۔

کوفہ میں ایک ذمی قتل ہوا، مسلمان قاتل ایک ممتاز شاہسوار تھا، جس نے قیمتی خدمات انجام دی تھیں، کوفہ کے گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے صورت حال لکھ کر قاتل کے بارے میں حکم دریافت کیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بحیثیت امیر المؤمنین قرآنی اصول "اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ" کے مطابق جواب دیا۔

---

(۴۸) ☆ رواہ البخاری عن عبداللہ بن عمر، ج۲، ص ۱۰۲۱، وفی کتاب الجزیة و کتاب الاحکام

☆ ورواہ ابوداؤد فی کتاب الترجل

☆ والترمذی فی کتاب الطلاق والدیات

☆ والنسائی فی کتاب الزینة

☆ وابن ماجه فی کتاب الصدور والدیات

☆ واحمد، ج۱، ص ۲۷۲، ج۲، ص ۱۷۱، ۱۸۶، ۱۹۴، ج۴، ص ۶۱

marfat.com

''(مسلمان) قاتل کومقتول کے وارثوں کے حوالے کردو، اگر وہ چاہیں اس کوقتل کردیں اور چاہیں تو معاف کردیں''

قاتل کومقتول کے وارث حُنین کے حوالہ کردیا گیا، حُنین قتل کرنے سے گھبرایا، کہیں رائے عامہ اس کے خلاف نہ ہوجائے اوراس کونقصان پہنچے، مسلمان اس کو کہتے قاتل کوقتل کیوں نہیں کرتے، وہ ٹال دیتا، بالآخر مسلمان کے اصرار پراس نے قاتل کو مارڈالا، ورنہ غالباً وہ اس کومعاف کردیتا یا خون بہالے لیتا۔(۴۹)

اسلامی ریاست مسلمانوں کے مال کی زکوٰۃ، صدقہ ءِ فطر، زمین کی پیداوار کا عشر، بھیڑ بکری، گائے بھینس، اونٹ، گھوڑے وغیرہ کی زکوٰۃ وغیرہ شرعی محصولات انتہائی احتیاط اورشرعی احکام کے مطابق وصول کرتی ہے، اورشرعی احکام کے مطابق جائز مصارف پرخرچ کرتی ہے، اللہ ورسول نے یہ مصارف واضح بیان فرمادیئے ہیں، ان مصارف کے علاوہ کسی اورجگہ خرچ کرنا خیانت تصور ہوتا ہے، محصول اورمصرف سب عبادت اوراطاعت خداورسول ہے، اسی طرح جزیہ اسلام کا ایک شرعی حکم ہے، اس کے حاصل کرنے کا طریقہ شریعت نے متعین کردیا ہے اوراس کا مصرف بھی بتادیا ہے، بلکہ علماء نے تصریح فرمائی کہ احکام خداوندی میں سے یہ سب سے آخری حکم ہے جونازل ہوا۔(۵۰)

یہ کوئی جگا ٹیکس یا ظالمانہ محصول نہیں جسے ریاست یا حاکم کی مرضی پرچھوڑ دیا جائے، بلکہ قرآن مجید کا صریحی حکم ہے، اس کا حصول صرف اللہ ورسول کی اطاعت اور باعثِ اجر ہے، اورقدرت کے باوجوداس کے حصول میں تساہل یا صرف نظر کرنے میں بے احتیاطی حکم خداوندی کی نافرمانی ہے، اسلامی ریاستوں اورحاکم اسلام کے لئے فرض ہے کہ بقدراستطاعت اس شرعی حکم کو پورا کریں، حضورسیدالانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام، خلفائے راشدین اوردیگرسلاطینِ اسلام کے

---

(۴۹) جامع المسانید، امام ابو حنیفہ، ازخوارزمی/بحوالہ

حضرت عمررضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط، مرتبہ خورشیداحمدفاروقی، استادادبیات عربی، دھلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دھلی، طبع اول (۱۹۵۹ء)، ص ۲۸۰

(۵۰) (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابو عبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام اباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۲۷

marfat.com

عہد میں اسی پر عمل ہوتا رہا۔(۵۱)

.....

جزیے کی حکمت کے بارے میں اہل علم نے بہت سے نکات بیان کئے ہیں، مثلاً چونکہ ذمی لوگ ایک طرف کفر پر مصر ہیں اور دوسری طرف وہ اپنی جان و مال کی حفاظت چاہتے ہیں، لیکن مسلمانوں کے ساتھ مل کر دارالاسلام کے دفاع میں اور دارالحرب کے خلاف جہاد میں شریک ہونے کے لئے تیار نہیں ہوتے اس لئے ان کے سامنے ایک آسان متبادل صورت رکھی گئی ہے اور وہ یہ کہ شہری حقوق کے بدلے وہ مالی ذمہ داری قبول کریں، چنانچہ ایک شہری کے طور پر جزیے کی مناسب مقدار انہیں ادا کرنا پڑتی ہے، اس میں ایک نفسیاتی نکتہ بھی ہے، چونکہ دارالاسلام کے باشندے اسی کی حفاظت و دفاع کے لئے اپنی رغبت سے جان و مال کی قربانی دیتے ہیں اور ایک غیر مسلم سے یہ توقع نہیں ہوتی کہ دارالاسلام سے اسے قلبی وابستگی ہو اور ظاہر ہے کہ قدرۃً اس کا اندرونی میلان دارالحرب ہی کی طرف ہوتا ہے، اس لئے اس سے سچی قربانی اور کامل امداد کی توقع نہیں رکھی جاسکتی۔(۵۲)

.....

جزیہ چونکہ شرعی محصول ہے، اس لئے اسے قواعد شرعیہ کے مطابق ہی وصول کیا جاتا ہے، جب کبھی اس اصول سے انحراف کیا گیا خلفاء، سلاطینِ اسلام اور حکام نے اس کی اصلاح کی، آل مروان، عبدالملک بن مروان اور حجاج بن یوسف نے اس قاعدہ شرعیہ کی مخالفت کرتے ہوئے ان پر بھی جزیہ عائد رکھا جو ذمی مسلمان ہو چکے تھے، حالانکہ شرعی طور

---

(۵۱) ☆ کتاب الخراج: از امام ابویوسف

☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحییٰ بن آدم الفرشی (م ۲۰۳ھ) مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولی)، ص ۲۱

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبید القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۷

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۷

(۵۲) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۰

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۱، ۲۴۲

marfat.com

پران پر جزیہ کا جواز نہ رہا تھا، حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ جب خلیفہ بنے تو آپ نے ان مسلمانوں سے جزیہ معاف کر دیا۔ (۵۳)

برعظیم کے تغلق خاندان کے حکمران فیروز شاہ تغلق نے اپنے عہد حکومت میں یہ حکم دیا تھا کہ بیت المال کی آمدنی کے ذرائع صرف وہی ہوں جو شرع محمد مصطفیٰ ﷺ سے ثابت ہیں اور دینی کتابیں ان پر شاہد ہیں۔

(۱) خراج، عشر و زکوٰۃ

(۲) جزیہ ہنود

(۳) ترکات

(۴) مال غنیمت اور معادن کا خُمس

فیروز شاہ نے جزیہ عائد کرنے کے لئے علماء سے فتویٰ حاصل کیا۔ (۵۴)

.....

دورِ غلامی بالخصوص انیسویں، بیسویں صدی عیسوی میں نام نہاد مسلمان دانشوروں نے جزیہ کے بارے میں بڑی معذرتیں پیش کیں، غیر مسلموں کا اسے ظالمانہ نظام قرار دینا تو سمجھ میں آسکتا ہے کہ ان کی تعصب کی آنکھ یہی کچھ دیکھتی ہے مگر حیرت ان نام نہاد مسلمان دانشوروں پر ہے جو اس فرض دینی پر معذرت پیش کرنے میں غیر مسلموں سے پیچھے نہیں رہے، دینِ اسلام اس سے بہت بلند ہے کہ اس کے کسی حکم پر معذرت پیش کی جائے، یہ حقیقی دین ہے، ناقابل تنسیخ دین ہے، اس کے احکام اٹل ہیں، انصاف پر مبنی ہیں۔

(۵۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۲

☆ تاریخ الخلفاء، ص ۱۶۵

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۶

(۵۴) ☆ فتوحات فیروز شاہی مطبوعہ علی گڑھ، ص ۶ / بحوالہ

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ص ۲۴۶

marfat.com

جولوگ دین فطرت کواختیار نہیں کرتے وہ اللہ جل وعلا اوراس کے رسول ﷺ کے باغی ہیں، خدا کا باغی زیادہ سے زیادہ اتنی آزادی کا مستحق ہے کہ خود جو غلطی کررہا ہے، کرتا پھرے، مگر وہ خدا کی زمین پر کسی جگہ اقتدار حاصل نہیں کرسکتا، جہاں وہ انسانوں کی اجتماعی زندگی کواپنے نظام کے مطابق چلائیں گے وہاں فساد ہوگا، اہل ایمان کا فرض ہے کہ ان خدا کے باغیوں کواس اقتدار سے بے دخل کردیں اوراسلامی حکومت کا مطیع بنادیں۔

اسلام کاان خدا کے باغیوں پراحسانِ عظیم ہے کہ واجب القتل افراد کومناسب رقم جزیہ کے بدلے نہ صرف زندگی عطافرماتا ہے بلکہ ان کی جان ومال کی حفاظت کرتا ہے، انہیں اندرونی وبیرونی حملوں سے محفوظ رکھتا ہے، مسلمانوں کا دفاع ان کے ذمے نہیں، جزیہ اس آزادی کی قیمت ہے جوانہیں اسلامی اقتدار کے ماتحت اپنی گمراہیوں پر قائم رہتے ہوئے دی جاتی ہے اوراس قیمت کواس صالح نظام حکومت اورمسلمانوں کے مفادات عامہ پرصرف کیا جاتا ہے۔

اس تمام بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ

''غیر مسلموں پر جزیہ عینِ انصاف بلکہ احسان ہے''

.....

یہ امرانتہائی تاسُف کا باعث ہے کہ جوں جوں وقت گذرتا جارہا ہے ہم اسلام سے دور ہوتے جارہے ہیں، ہماری فکری، دینی، دنیوی، معاشرتی، سیاسی، انفرادی اوراجتماعی زندگیوں میں اسلام کی روح مدہم ہوتی جارہی ہے، اسلامی اقدار کوہم نے بدل دیا، نتیجۃً اقتدار ہم سے چھن گیا، آج دنیا کے نقشے پر ساٹھ کے قریب مسلمان ملک ہیں، کہنے کوان میں مسلمان حکمران ہیں مگر اقتداران کے پاس نہیں، اختیار کسی اور کے ہاتھ ہے، یہ محض کٹھ پتلی بن چکے ہیں، اقتدار اگران کے ہاتھ ہوتا تو یہ ساری دنیا کے حکمران ہوتے، دنیا والے انہیں خراج دیتے، جزیہ دیتے، ان کی غلامی کرتے، ان کے اختیار کوتسلیم کرتے، مگر افسوس! ایسا نہیں۔

تاریخ بتاتی ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور کی چندصدیوں میں اسلامی اقتدار حقیقی طور پر قائم رہا، غیر مسلم، مسلمان حکمرانوں کو جزیہ دیتے رہے، مگر بعد میں حالات میں انقلاب آگیا۔

marfat.com

۱۰۹۴ھ میں مفسر قرآن عارف باللہ علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ کا مشاہدہ یہ تھا کہ اب غیر مسلم حربی بن چکے ہیں ذمی نہ رہے۔

۱۱۳۰ھ میں علامہ احمد المعروف بہ ملا جیون رحمۃ اللہ علیہ نے مشاہدہ کیا ہندوستان کے غیر مسلم ذمی نہیں بلکہ حربی ہو چکے ہیں۔

۱۲۴۸ھ میں علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ نے بتایا کہ یہود و نصاریٰ نے غلبہ حاصل کر لیا ہے۔

۱۲۷۰ھ میں علامہ محمود آلوسی بغدادی نے انتہائی تاسف کا اظہار کیا ہے کہ مسلمان اتنے کمزور ہو چکے ہیں کہ وہ حربیوں کے ہاتھوں کا بوسہ تک دیتے ہیں۔(۵۵)

آخر میں چند حروف ان حضرات کے لئے جو جہاد، قتال، جزیہ وغیرہ اسلامی احکام کو تشدد، دہشت گردی اور اسلام کا تعصب، نام دیتے ہیں، حالانکہ یہی احکام اسلام کا عادلانہ نظام واضح کرتے ہیں، ان حضرات کے لئے ''تصویر کا دوسرا رخ'' پیش نظر ہے، اس آئینہ میں اپنے کردار کا جائزہ لیں، ممکن ہے حقیقت تک رسائی ہو جائے۔

''میر مغنی کے لئے داؤد کا مزبور

انہوں نے نیکی کے بدلے مجھ سے بدی کی ہے

اور میری محبت کے بدلے عداوت

تو کسی شریر آدمی کو اُس پر مقرر کر دے

اور کوئی مُخالف اس کے دہنے ہاتھ کھڑا رہے

(۵۵) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۳

التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۵۸

ردالمحتار حاشیہ درمختار، ج ۴، ص ۲۰۸

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۷۹، ۸۰

marfat.com

جب اس کی عدالت ہو تو وہ مجرم ٹھہرے

اور اس کی دعا بھی گناہ گنی جائے

اس کی عمر کوتاہ ہو جائے

اور اس کا منصب کوئی دوسرا لے لے

اس کے بچے یتیم ہو جائیں

اور اس کی بیوی بیوہ ہو جائے

اس کے بچے آوارہ ہو کر بھیک مانگیں

ان کو اپنے ویران مقاموں سے دور جا کر ٹکڑے مانگنا پڑیں

قرض خواہ اس کا سب کچھ چھین لیں

اور پردیسی اس کی کمائی کاٹ لیں

کوئی نہ ہو جو اس پر شفقت کرے

نہ اس کے یتیم بچوں پر ترس کھائے

اس کی نسل کٹ جائے

اور دوسری پشت میں اس کا نام مٹا دیا جائے

اس کے باپ دادا کی بدی خداوند کے حضور یاد رہے

اور اس کی ماں کا گناہ مٹایا نہ جائے

وہ برابر خداوند کے سامنے رہیں

تا کہ وہ زمین پر سے ان کا ذکر مٹا دے''۔(۵۶)

(۵۶) ☆ زبور، پانچویں کتاب، آیت ۵ تا ۱۵، مطبوعہ بائیبل سوسائٹی ہند، منگلور، ۱۹۷۱ء، ص ۵۹۴

marfat.com

نیز ملاحظہ ہو:

''خداوند تیرے دہنے ہاتھ پر

اپنے قہر کے دن بادشاہوں کو چھید ڈالے گا

وہ قوموں میں عدالت کرے گا

وہ لاشوں کے ڈھیر لگا دے گا

اور بہت سے ملکوں میں سروں کو کچلے گا''۔(۵۷)

حضرت داؤد علیہ السلام کا ارشاد:

''میں خداوند کے نام سے ان کو کاٹ ڈالوں گا

انہوں نے مجھے گھیر لیا، بیشک گھیر لیا

میں خدا کے نام سے ان کو کاٹ ڈالوں گا

انہوں نے شہد کی مکھیوں کی طرح مجھے گھیر لیا، وہ کانٹوں کی آگ کی طرح بجھ گئے

میں خداوند کے نام سے ان کو کاٹ ڈالوں گا''۔(۵۸)

میر مغنی کے لئے داؤد کا مزبور:

''مجھے گھیرنے والوں کے منہ کی شرارت

انہی کے سر پر پڑے

ان پر انگارے گریں

(۵۷) ☆ زبور، پانچویں کتاب، آیت نمبر ۶،۵، مطبوعہ بائبل سوسائٹی ہند، منگلور، ص ۵۹۵

(۵۸) ☆ زبور، پانچویں کتاب، آیت ۱۲،۱۱، مطبوعہ بائبل سوسائٹی ہند، منگلور، ص ۵۹۸

marfat.com

وہ آگ میں ڈالے جائیں

اور ایسے گڑھوں میں کہ پھر نہ اٹھیں''۔(۵۹)

زبور کی ایک اور عبارت پڑھیں اور عبرت حاصل کریں۔

''جب تو کسی شہر کا محاصرہ کرے تو ان پر امان پیش کرے اگر وہ لوگ امان قبول کریں، تو سب لوگ محفوظ رہیں گے، لیکن اگر وہ لوگ انکار اور دشمنی کا اظہار کریں تو ان کا سخت محاصرہ کر اور فتح حاصل ہونے کے بعد ہر شخص (مرد) کو قتل کر دے''۔(۶۰)

جہاد، قتال اور جزیہ کے نام پر پریشان حضرات مذکورہ عبارات کے بعد اسلامی جہاد، قتال اور جزیہ کے بارے میں کچھ کہنا پسند کریں گے۔

وماعلینا الا البلاغ

وماتوفیقی الا باللہ العلی العظیم

اے الٰہ العالمین! اے رب العالمین!

ہم تیرے گناہ گار بندے ہیں، تیری نافرمانیوں میں صبح وشام غرق ہیں، تیرے اور تیرے حبیب لبیب (ﷺ) کے آسان احکام کو بھول چکے ہیں، ترک کر چکے ہیں، اس لئے دنیا میں عملی طور پر بے وقار ہیں، اقتدار کے باوجود بے اقتدار و بے اختیار ہیں، رسوا ہیں، مگر.....

اے اللہ! اے مہربان! اے رحیم رب!

تیرے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام لیوا ہیں، اپنی رحمت کا واسطہ، اپنے حبیب ومحبوب کا وسیلہ، ہم پر رحم فرما، فضل فرما، کرم فرما، ہمیں اپنا بنا، اپنے احکام پر کاربند فرما، اپنے حبیب کریم کا سچا، سچا، پکا غلام، وفادار، جاں نثار،

---

(۵۹) زبور، پانچویں کتاب، آیت نمبر ۹، ۱۰، مطبوعہ بائیبل سوسائٹی ہند، منگلور، ص ۶۱۱

(۶۰) کتاب استثنا، باب ۲۰، آیت نمبر ۱۰ تا ۱۸، مطبوعہ منگلور، ص ۱۸۵

marfat.com

جاں سپار بنا، اپنی اور اپنے پیارے حبیب ﷺ کی سچی محبت، اطاعت اور وفا شعاری نصیب فرما، ہمارا وقار، اقتدار، اختیار ہمیں عطا فرما، ہماری عظمتِ رفتہ بحال فرما، ہم رحم کے قابل ہیں، رحم فرما۔

اے اللہ!

اے رب!

اے کریم!

اے رؤف ورحیم!

ہم پر کرم فرما، رحم فرما، اپنا فضل شامل حال فرما، ہماری کوتاہیوں، گناہوں، لغزشوں اور بداعمالیوں سے درگذر فرما اور ہمیں سچا مسلمان بنا، آمین

بحرمة سیدالمرسلین امام الانبیاء والمحبوبین سیدنا ومولانا محمد واله وصحبه و بارک وسلم

ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار، وصلی اللہ تعالی علی حبیبه سیدنا ومولانا محمد واله وصحبه وبارک وسلم

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۱۹۲):

زکوٰۃ کی فرضیت اور نصاب

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ کَثِیْرًامِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّھْبَانِ لَیَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۔ وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّھَبَ وَالْفِضَّۃَ وَلَایُنْفِقُوْنَھَافِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۔ فَبَشِّرْھُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ☆

(سورۃالتوبۃ آیت، ۳۴)

اے ایمان والو! بے شک بہت پادری اور جوگی لوگوں کا مال ناحق کھا جاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور وہ کہ جوڑ کر رکھتے ہیں سونا اور چاندی اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انہیں خوشخبری سناؤ دردناک عذاب کی۔

حل لغات:

"**اَلْاَحْبَارُ**": حِبْرٌ (حا کے کسرہ اور فتحہ کے ساتھ) کی جمع ہے۔

حِبْرٌ کا معنٰی ہے، روشنائی، خوبصورتی، نقش ونگار، نیک عالم، دینی پیشوا، پوپ، پادری، یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار، جیّد عالم بشرطیکہ اہل کتاب سے ہو، ذمی ہو یا مسلمان۔

چونکہ اس عالم کے علوم کا اثر لوگوں پر ہوتا ہے اور وہ اپنے خوشنما افعال کی وجہ سے لوگوں کا مقتدا بن جاتا ہے۔

marfat.com

قرآن مجید میں اس کا استعمال یہود اور نصاریٰ کے علماء پر ہوتا ہے۔(۱)

"اَلرُّهْبَانُ": رَاهِبٌ کی جمع ہے اور کبھی رُهْبَانٌ کو مفرد بھی کہا گیا ہے۔

رَاهِبٌ نصاریٰ میں سے زاہد، لوگوں سے کنارہ کش ہو کر گرجا میں عزلت نشین، جوگی۔

یاد رہے کہ رَاهِبٌ میں حضور خاتم المرسلین ﷺ کی مخالفت کا مفہوم بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اس لئے مسلمان زاہد (درویش، پیر، پارسا) پر اس کا اطلاق درست نہیں۔

چونکہ یہودیوں میں کوئی فرد زاہد، تارک الدنیا نہیں ہوتا، اس لئے نصاریٰ کے تارک الدنیا گوشہ نشین کو رَاهِبٌ کہا جاتا ہے۔(۲)

---

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۲۲۳
☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ و النظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۱۱۵
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۱۰۶
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۵۸
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۱۱۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۲۲
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۷
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۵۹
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۸۴
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۰۴
☆ الفروق اللغویۃ، از ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ص ۲۷۱
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۱۷
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۲۸۰
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۲۲
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۴
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۴
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۵۹

marfat.com

"**لَيَاْكُلُوْنَ**": وہ ضرور کھاتے ہیں، وہ حرام مال اپنے مفاد میں خرچ کرتے ہیں، چونکہ مال کا سب سے بڑا فائدہ غذا ہے، اگر چہ اس کے دیگر استعمال بھی ہیں، مثلاً پینا، لباس، مکان، سواری، علاج، آرائشی ساز وسامان۔ اس لئے اس سے مراد تمام وجوہِ منافع واستعمال ہیں۔(۳)

"**بِالْبَاطِلِ**": حرام، ناجائز اور ممنوع ذرائع سے وہ لوگوں کا مال کھاتے ہیں، ان کے حرام ذرائع آمدنی کے بارے میں علمائے تفسیر نے چند وجوہ ذکر کی ہیں۔

(ا) رشوت لے کر ناحق کو حق کر دیتے تھے، مجرم کی سزا میں تخفیف کر دیتے یا معاف کر دیتے، جیسے امیروں کے لئے آیت رجم میں تحریف کر دی۔

(ب) یہود ونصاریٰ کے پادری اور جوگی لوگوں کو اپنی اطاعت پر مجبور کرتے اور کہتے کہ حق ہماری اطاعت میں ہے، جب یہ بات منوا چکے تو لوگوں سے خوامخواہ پیسے بٹورتے۔

(ج) گرجا اور عبادت گاہ کی تعمیر کے نام پر لوگوں سے چندے، نذرانے، عطیات وصول کرتے اور اس کا کثیر حصہ اپنی عیاشیوں پر صرف کرتے۔

---

(۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۰۴

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۲۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص۴۲۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۴۶

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۱۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۸۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۴۲

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۲۶۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد حازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۴

marfat.com

(د) عوام الناس کی منشا، مرضی اور سہولت کے مطابق کچھ اپنی طرف سے لکھ کر لوگوں میں پیش کرتے اور اسے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرتے، اس طرح لوگوں سے کثیر نذرانے وصول کرتے۔

(ہ) تورات اور انجیل میں نبی آخر الزمان ﷺ کی صفات ہوتیں، ان آیات کو بدل دیتے تاکہ لوگ ان کے آنے پر ان پر ایمان نہ لے آئیں۔

(و) تورات وانجیل کی جن آیات میں صفاتِ مصطفیٰ ﷺ کا ذکر ہوتا ان کی غلط تاویل کرتے، تحریف وغلط تاویل کا تیشہ خوب چلاتے۔

ان تمام امور سے حاصل ہونے والی حرام کمائی سے ان کا مقصود جاہ وعزت اور کثیر دولت جمع کرنا تھا، حرص وجاہ نے انہیں یہ حرام کام کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ (۴)

"وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللّٰه":

صَدّ کا معنٰی ہے روکنا اور سَبِیلِ اللہِ سے مراد دینِ اسلام، حضور مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اطاعت ہے۔ یہود ونصاریٰ کے علماء اور زُہّاد لوگوں کو دینِ اسلام اور حضور اکرم نبی انور ﷺ کی اطاعت سے روکتے، تاکہ لوگ

(۴)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۴
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۱۲۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص ۳۵
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص ۴۲۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۳۴
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص ۱۴۶
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۳
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۴۱۷
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۸۶
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص ۲۱۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص ۴۲

marfat.com

ان کے فرماں بردار نہ بن جائیں، اس سے انہیں سیادت وقیادت خطرے میں نظر آتی تھی، اس مذموم مقصد کے لئے وہ کئی ناپاک حرکتیں کرتے تھے، دینِ حق کو تبدیل کرتے، آیات شانِ مصطفیٰ ﷺ کو بدل ڈالتے تھے، اور بعض اوقات ان کی غلط تاویل کرتے تھے۔(۵)

"**یَکْنِزُوْنَ**": کَنْزٌ کا لغوی معنٰی ہے، جمع کرنا، ملانا، زمین میں دفن کرنا۔(۶)

اصطلاحِ شرع میں کنز وہ مال ہے جس سے زکوٰۃ اور حقوق واجبہ ادا نہ کئے گئے ہوں، یہ مال اگرچہ دفن نہ ہو پھر بھی کنز کہلاتا ہے۔(۷)

---

(۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۲۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۱۲۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۴۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱
(۶) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی' مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۱۲۱
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۴۲
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی' مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقری الفیومی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۹۲
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ص ۴، ص ۷۵
(۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۲۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۱۲۳
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۰
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۳
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۴۶
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۴۴
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۲۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی' پشاور، ص ۴۶۰
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱

marfat.com

شانِ نزول:

جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں یہود ونصاریٰ کے علماء، پوپ، پادریوں اور جوگیوں کی حرصِ مال اور طلبِ جاہ کی مذمت کی گئی تو مسلمانوں پر آیت کے ظاہر کلمات گراں گذرے کہ اس میں مطلقاً مال جمع کرنے کی مذمت کی گئی ہے جو مشکل امر ہے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یہ مشکل میں حل کئے دیتا ہوں۔ چنانچہ وہ بارگاہ عرش پناہ حضور رحمۃ للعالمین ﷺ میں حاضر ہوئے اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی مشکل پیش کی، حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا: (اس آیت میں زکوٰۃ کی فرضیت کا بیان ہے اور) زکوٰۃ اس لئے فرض کی گئی ہے کہ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد باقی مال پاک ہو جائے۔(۸)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ زکوٰۃ فرضِ قطعی ہے، قرآن مجید اور احادیث طیبہ کی نصوص قطعیہ، کثیرہ، صریح الدلالۃ سے اس کی فرضیت ثابت ہے، اجماع امت بھی اس کی فرضیت پر قائم ہے، اس کا انکار کرنے والا کافر اور ادا نہ کرنے والا فاسق مردود الشہادۃ ہے۔(۹)

﴿۲﴾ زکوٰۃ کے کثیر مسائل قرآن مجید نے تفصیل سے بیان نہیں فرمائے، ان کا تفصیلی بیان احادیث صحیحہ میں ہے جو

---

(۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۰۶

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۳۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۶۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۱۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۲۶

(۹) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۵۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۱۱

marfat.com

درجہ استفاضہ میں ہیں، نیز اجماع امت بھی انہی پر قائم ہے۔(۱۰)

﴿۳﴾ زکوٰۃ فرض ہونے کے لئے چند شرائط کا ہونا لازمی ہے، ان میں سے کوئی شرط بھی اگر نہ پائی گئی تو زکوٰۃ فرض نہ ہوگی۔

(ا) مسلمان ہونا، لہٰذا کافر پر زکوٰۃ فرض نہیں۔

تمام فرائض کی طرح زکوٰۃ کا مکلّف بھی مسلمان ہے، کافر ایمان لانے کے بعد فرائض اسلام کا مکلّف ہے۔

(ب) بالغ ہونا۔

(ج) عاقل ہونا۔ اسلام کے تمام احکام عاقل بالغ پر عائد ہوتے ہیں۔

(د) آزاد ہونا۔ غلام پر زکوٰۃ واجب نہیں۔

(ہ) مال بقدرِ نصاب اس کی مِلک میں ہونا۔

(و) مال کا پورے طور پر مالک ہونا۔

(ز) نصاب کا دَین سے فارغ ہونا، خواہ دَین بندہ کا ہو، جیسے قرض، زرِ ثمن، تاوان، یا اللہ عزوجل کا دَین ہو، جیسے زکوٰۃ، خراج۔

(ح) نصاب کا حاجت اصلیہ سے فارغ ہونا۔

(ط) مال نامی، یعنی بڑھنے والا مال۔

(ی) نصاب پر سال گذرنا۔

---

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص۱۰۵

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۳۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۱۲۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۴۶

marfat.com

زکوٰۃ کی فرضیت کی شرائط کے بیان میں چند احادیث صحیحہ:

﴿۱﴾

لَیْسَ فِیْمَادُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسَقٍ مِنَ التَّمرِ صَدَقَةٌ ، وَلَیْسَ فِیْمَادُوْنَ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ ، وَ لَیْسَ فِیْمَادُوْنَ خَمْسِ اَواقٍ مِنَ الْوَرَقِ صَدَقَةٌ(۱۱)

پانچ وسق کھجور سے کم میں زکوٰۃ فرض نہیں اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔

﴿۲﴾

لَازَکَاةَ فِیْ مَال اِمْرِئٍ حَتّٰی یَحُوْلَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ(۱۲)

آدمی کے مال میں سال گذرنے کے بعد زکوٰۃ فرض ہوتی ہے۔

﴿۳﴾

اِذَاکَانَتْ لَکَ مِأتَادِرْهَمٍ وحَالَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ فَفِیْهَاخَمْسَةُ دَرَاهِمَ وَلَیْسَ عَلَیْکَ شَیْءٌ یَعْنِیْ فِی الذَّهَبِ حَتّٰی یَکُوْنَ لَکَ عِشْرُوْنَ دِیْنَارًاوَاِذَاکَانَتْ لَکَ عِشْرُوْنَ دِیْنَارًاوحَالَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ فَفِیْهانِصْفُ دِیْنَارٍفَمازَادَ فَبِحِسَابِ ذٰلِکَ،قَالَ: لَااَدْرِیْ أَعَلِیٌّ یَقُوْلُ فَبِحِسَابِ ذٰلِکَ اَوْرَفَعَهُ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ وَلَیْسَ فِیْ مَالٍ زَکٰوةٌ حَتّٰی یَحُوْلَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ(۱۳)

جب تیرے پاس (اے مخاطب) دوسو درہم ہو جائیں اور ان پر سال گذر جائے تو اس میں پانچ درہم زکوٰۃ فرض ہے اور سونے پر اس وقت تک زکوٰۃ نہیں جب تک بیس دینار نہ ہوں اور جب بیس

---

(۱۱) ☆ رواہ الائمہ مالک و الشافعی و احمدو البخاری و مسلم و ابو داؤ دو الترمذی و النسائی و ابن ماجه عن ابی سعید/بحواله جامع صغیر ،مصنفه امام جلال الدین سیوطی ،مطبوعه مصر ، ج ۲ ،ص ۳۳۱

(۱۲) ☆ رواہ الدارقطنی عن ابن عمر مرفوعاو موقوفا، ج ۲ ،ص ۹۰

(۱۳) ☆ رواہ ابو داؤ دعن علی مرفوعا، ج ۱ ،ص ۲۲۸

marfat.com

دینار ہوں تو ان پر سال گذر جائے تو اس میں نصف دینار زکوٰۃ ہے اور جو اس سے زائد ہو تو اسی حساب سے (اس پر زکوٰۃ فرض ہے) راوی کہتا ہے کہ میں نہیں جانتا کہ ''اسی حساب سے زکوٰۃ فرض ہے'' کا جملہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہے یا حضور نبی پاک ﷺ کا ہے۔ (۱۴)

﴿۴﴾ سونا اور چاندی ثمنیّت (قیمت بننے) کے لئے متعین ہیں، معیار نصاب یہی دو چیزیں ہیں، باقی اجناس کا نصاب ان کی قیمت کے مطابق متعین ہوگا، دوسرے مال معیار نصاب نہیں۔ (۱۵)

﴿۵﴾ مومن کے مال میں صرف زکوٰۃ فرض ہے، بعض اوقات ایسے حالات رونما ہو جاتے ہیں جس سے زکوٰۃ کے علاوہ اور صدقات بھی واجب ہو جاتے ہیں، اس وقت ان کی ادائیگی لازمی ہو جاتی ہے، مثلاً بھوک کی وجہ سے قریب المرگ شخص نے کھانا مانگا اور وہاں کوئی اور دینے والا نہیں اس کے پاس کھانا موجود ہے۔

اسی طرح برہنہ لباس طلب کرتا ہے، اس کے پاس لباس خریدنے کے لئے قیمت نہیں، نہ اسے کوئی اور لباس دینے والا ہے۔

میت بے کفن ہے، کوئی اور ایسا نہیں جو اسے کفن دے اور اس کے پاس کفن دینے کی استطاعت ہے۔

یہ حقوق عارضہ مثل حقوق اصلہ کے ادا کرنا لازم ہیں۔ (۱۶)

﴿۶﴾ جمیع مال خرچ کرنا واجب نہیں، اگر جمیع مال خرچ کرنا فرض ہو تو پھر زکوٰۃ کی فرضیت معطل ہو جائے گی، جو کسی صورت جائز نہیں۔ (۱۷)

---

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۲۴

☆☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۵

☆☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۲۶۱

(۱۵) ☆☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۶۳

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۶۳

(۱۷) ☆☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۵

☆☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۴

☆☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۸۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۶۴

marfat.com

﴿۷﴾ مال سے زکوٰۃ اور حقوق واجبہ ادا کرنے کے بعد مال جمع کرنا جائز اور حلال ہے، وعید اس مال جمع کرنے کی ہے جس سے زکوٰۃ ادا نہ کی جائے، اسی پر اجماع امت ہے۔(۱۸)

﴿۸﴾ جائز ذرائع سے حاصل کی گئی دولت، نقد، زمین، مکان، سامان تجارت، مویشی اور سامان ضرورت کی شرع مطہر نے کوئی حد مقرر نہیں کی، اس لئے بڑی دولت یا زمین یا مکان والے سے دولت، زمین یا مکان وغیرہ چھین کر دوسروں کو دینا جائز نہیں، ایسا کرنا غصب ہوگا، حضور سید عالم شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ مبارک میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں سے بعض حضرات دولت مند تھے، ان کی دولت مندی کی شہرت تھی۔ حضور سید عالم ﷺ یا کسی دوسرے صحابی رضی اللہ عنہ نے ان کی دولت پر اعتراض نہیں کیا، حضور مختار کل ﷺ نے باوجود قدرت، اختیار اور اثر کے کسی کی دولت چھین کر دوسرے کو نہ دی، دولت مند صحابہ میں حضرت عثمان غنی، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت طلحہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہم وغیرہ شامل ہیں۔

اگر مال کی ملکیت ناجائز ہوتی تو وراثت کے تمام مسائل اور تیسرے حصہ میں وصیت کا قانون بے کار ہو جاتے، جہاد فی سبیل اللہ میں مال سے حصہ لینے کا حکم خداوندی معطل ہو جاتا.....اور اس طرح کے مال میں زکوٰۃ کے علاوہ کثیر مسائل شرعیہ معطل اور بے کار ہو جاتے، جب کہ یہ تمام مسائل قرآن مجید اور احادیث طیبہ صحیحہ کثیرہ میں موجود ہیں، لہٰذا مال کی ملکیت بغیر کسی حد کے جائز ہے۔(۱۹)

---

(۱۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۶۴

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۴۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۰

(۱۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۴۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۲۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۱۸

marfat.com

﴿۹﴾ سونے کانصاب بیس دینار ہے،اورچاندی کانصاب دوسودرہم ہے،رائج الوقت وزن کے حساب سے ساڑھے باون تولے یاچھ سوگیارہ گرام (610.9057)چاندی اورساڑھے سات تولے یاستاسی گرام(87.3422)سونایااس سے زائدسونایاچاندی یارائج الوقت کسی بھی ملک کی کرنسی ہو،سونایاچاندی یا اس کی قیمت کی رقم اگرسال بھرقرض اورحاجت اصلیہ سے فارغ رہےتواس پرزکوٰۃ فرض ہے،سونے اور چاندی کایہ نصاب احادیث صحیحہ کثیرہ میں بیان ہواہے،اسی پراجماعِ امت ہے۔(۲۰)

﴿۱۰﴾ سونے یاچاندی کے علاوہ سونے چاندی کے زیورات،برتن اورسامان آرائش میں بھی زکوٰۃ ہے،کیونکہ یہ اشیاءبھی مثل سونے چاندی کے بین الاقوامی طور پرثمنیّت (قیمت)رکھتی ہیں،زیورات مرد کی ملک ہو یاعورت کی ملک،پہنے ہوئے ہوں یارکھے ہوں،ان سب کاحکم یکساں ہے۔(۲۱)

﴿۱۱﴾ زکوٰۃ تین قسم کے مال پرفرض ہے،جب کہ یہ نصاب کوپہنچ جائیں۔

(ا) ثمن(سونا،چاندی)

(بقیہ ۱۹) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج۲،ص۲۳۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۵۹

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت،ج۴،ص۱۷۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور،ج۲،ص۲۳۴

(۲۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان،ج۳،ص۱۰۵

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۳۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۱۲۴

☆ جامع المسانید،ج۱،ص۴۵۹

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۶۱

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۵،ص۲۶۳

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان،ج۳،ص۱۰۷

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۳۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۱۲۶

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج۱۶،ص۴۶

marfat.com

(ب) مال تجارت

(ج) سائمہ (چرائی پر جانور) (۲۲)

﴿۱۲﴾ مال تجارت خواہ کسی جنس سے ہو (غلہ، کپڑا، برتن، اشیاء خوردونوش، ادویات، کتابیں، کاغذ وغیرہ) اگر ان کی قیمت سونا یا چاندی میں سے کسی ایک نصاب کی قیمت کو پہنچ جائے تو اس پر بھی زکوٰۃ فرض ہے، چونکہ ان اشیاء کی بین الاقوامی کوئی قیمت متعین نہیں، یہ اشیاء بعض اوقات بے وقعت ہو جاتی ہیں، اس لئے ان کا اپنا کوئی نصاب نہیں۔ (۲۳)

﴿۱۳﴾ سونا، چاندی، سامان تجارت اور نقد رقم موجود ہے، مگر ان میں اکیلا کوئی بھی نصاب کو نہیں پہنچتا، مگر ان کی مجموعی قیمت کسی ایک نصاب کو پہنچ جاتی ہے تو اسی نصاب کے لحاظ سے سب کی زکوٰۃ دی جائے۔

سونے اور چاندی کو ساتھ ذکر کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ تعیینِ نصاب کے لئے ایک کو دوسرے کے ساتھ ملایا جا سکتا ہے اور ملانے کے بعد ایک نصاب بنا کر اس کی زکوٰۃ ادا کی جائے۔ (۲۴)

﴿۱۴﴾ زکوٰۃ ادا کرنے میں فقیر کو مال زکوٰۃ کا مالک بنانا شرط ہے۔ (۲۵)

﴿۱۵﴾ زکوٰۃ ادا کرنے میں افضل یہ ہے کہ اپنے غریب بھائی کو دے، اگر بھائی غریب نہ ہو تو غریب چچا کو دے، اگر وہ بھی نہ ہو تو غریب ماموں کو دے، اگر وہ بھی نہ ہو تو غریب رشتہ دار کو دے، اگر وہ بھی نہ ہو تو غریب ہمسایہ کو

---

(۲۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۸

(۲۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۴۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۰

(۲۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبد اللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۲۴

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۱

(۲۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسوی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۹

marfat.com

دے، اگر ہمسایہ غریب نہ ہوتو اپنی آبادی، محلّہ کے کسی غریب کو دے، اگر اپنے محلّہ میں کوئی غریب نہ ہوتو اپنے شہر کے کسی غریب کو دے، اگر شہر میں کوئی غریب نہ ہوتو دوسرے شہر کے غریب کو دے، یہ ترتیب افضلیت کے لئے ہے، اگر اس کا خلاف کرے گا پھر بھی فرض ادا ہو جائے گا۔ (۲۶)

﴿۱۶﴾ یہود و نصاریٰ عقائد حقہ سے انحراف کے علاوہ اخلاق و اطوار کے اعتبار سے بھی نفرت و مذمت کے لائق ہیں، دولت کی حرص، اقتدار کی ہوس اور طلبِ جاہ کی خاطر ہر مذموم حرکت کر لیتے ہیں، ان کے پاس کوئی ضابطہ ء اخلاق نہیں، ان کا ضابطہ ءِ اخلاق اپنے اپنے شیطانی و نفسانی خواہشات پورا کرنے میں ظلم، جبر، تکبر، ریا، غرور وغیرہ کو روا رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ جل وعلا نے قرآن مجید میں کثیر مقامات پر ان کی حرکاتِ مذمومہ کا ذکر فرمایا ہے، اس لئے بندۂ مومن پر لازم ہے کہ یہود و نصاریٰ، ہنود و مشرکین، بے دین اور ملحدین کی مذموم حرکات سے نفرت کرے، ان سے احتراز کرے، ان کو برا جانے، ان سے دوستی نہ رکھے، آیت مذکورہ عنوان میں یہود و نصاریٰ کی برائیاں بیان ہوئیں مگر خطاب دل نواز مومنوں سے ہے، ظاہر ہے اس کا مفاد یہ ہے کہ مسلمان ان برائیوں سے اپنے دامن کو پاک رکھیں اور ان کی تعظیم نہ کریں۔ (۲۷)

﴿۱۷﴾ دین دے کر دنیا حاصل کرنا خسارے کا سودا ہے، لہٰذا مومن کو کسی حال میں بھی یہ سودا کرنا جائز نہیں۔ (۲۸)

﴿۱۸﴾ جائز کام کے لئے رشوت لینا حرام ہے، ناجائز کام کے لئے بطریقِ اولیٰ حرام ہے۔

---

(۲۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۲۶۹

(۲۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۲۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۳، ص ۲۳۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۰

(۲۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۰

marfat.com

حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

لَعَنَ اللّٰہُ الرَّاشِیَ وَالْمُرْتَشِیَ وَالرَّائِشَ الَّذِیْ یَمْشِیْ بَیْنَھُمَا (۲۹)

اللہ تعالیٰ نے رشوت دینے والے، رشوت لینے والے اور رشوت کا معاملہ طے کرانے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ (۳۰)

﴿۱۹﴾ مسجد، مدرسہ، مقبرہ، مزار، پُل، راستہ، سڑک وغیرہ دینی یا رفاعی کاموں کا نام لے کر عطیات اکٹھے کر کے خود ہضم کر جانا سخت حرام اور یہود و نصاریٰ کا مذموم طریقہ ہے، بندۂ مومن کو اس سے احتراز لازم ہے۔ (۳۱)

﴿۲۰﴾ حدیث کو وضع کر کے حضور سرور عالم ﷺ کی طرف منسوب کرنا حرام ہے، اسی طرح حضور صادق و مصدوق سید عالم ﷺ کی صحیح احادیث کی آپ کی منشاء کے خلاف غلط تاویل کر کے امت مرحومہ کو گمراہ کرنا بھی حرام ہے، اسی

---

(۲۹) ☆ رواہ احمد عن ثوبان/بحوالہ

☆ جامع صغیر مصنفہ امام جلال الدین سیوطی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۲۰۸

(۳۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۰۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۹۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۲۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱

(۳۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی حصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۰۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۹۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۱۲۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۴۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۱۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۴۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۶۱

marfat.com

طرح اللہ تعالیٰ جل وعلا، رسول اللہ ﷺ، خلفائے راشدین، صدیقین، صلحاء اولیاء اور دیگر معظمانِ دینی کی طرف غلط قول منسوب کرنا یا ان کے صحیح کلام کی غلط تاویل وتوجیہ کر کے امت مسلمہ کو گمراہ کرنا حرام اور یہود ونصاریٰ کا طریقہ مذمومہ ہے، بندۂ مومن کو ان تمام کاموں سے احتراز لازم ہے۔(۳۲)

﴿۲۱﴾ سید الانبیاء امام المرسلین رحمۃ للعالمین حضور پرنور نبی مکرم رسول محتشم، دیگر انبیائے کرام علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام اور دیگر معظمان دینی ومقربان خداوندی کی شان ارفع کو کم کرنا، کم بیان کرنا، کم تحریر کرنا حرام حرام اور اشد حرام ہے، یہ طریقہ یہود ونصاریٰ کا ہے، بندۂ مومن کو اس راہ گرد سے بھی دور ونفور رہنا لازم ہے۔(۳۳)

﴿۲۳﴾ عوام کی نفسانی وشیطانی خواہشات کے مطابق غلط فتویٰ دینا، لکھنا، تائید کرنا، تاکہ ان سے دنیا کا فانی مال

---

(۳۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۰۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۲۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۳۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۲۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۳، ص۲۳۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۴۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۶۱

(۳۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۰۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۲۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۳۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۲۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۴۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۵۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی انروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۱۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۴۶

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۶۲

marfat.com

وصول کریں، حرام ہے، ایسے فتویٰ لینے والے اور فتویٰ دینے والے آگ کا ایندھن ہیں، یہ یہود و نصاریٰ کا طریقہ رہا ہے، مسلمان کو اس سے پوری طرح دور رہنا فرض ہے۔ (۳۴)

﴿۲۳﴾ جس طرح حرص اور بخل حرام ہے، اسی طرح فضول خرچی حرام ہے، حلال مال کو حرام کاموں میں خرچ کرنا بھی حرام ہے۔ (۳۵)

☆☆☆☆☆

(۳۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۰۴

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۱۲۲

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص ۳۵۰

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص ۳۵

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص ۴۲۱

انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۳

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۳، ص ۲۳۴

مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیرمدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۳۴

تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه

تفسیرصاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص ۱۴۶

تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص ۲۶

تفسیرروح البیان ازعلامه اسماعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۴۱

تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۲۶

(۳۵) احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۴

☆☆☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۳):

احکامِ شرع میں قمری تقویم کا اعتبار ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوۡرِ عِنۡدَاللّٰهِ اثۡنَاعَشَرَشَهۡرًافِیۡ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوۡمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ مِنۡهَآ اَرۡبَعَةٌ حُرُمٌ ۔ ذٰلِكَ الدِّيۡنُ الۡقَيِّمُ فَلَا تَظۡلِمُوۡافِيۡهِنَّ اَنۡفُسَكُمۡ وَقَاتِلُواالۡمُشۡرِكِيۡنَ كَآفَّةً كَمَايُقَاتِلُوۡنَكُمۡ كَآفَّةً ۔ وَاعۡلَمُوۡآ اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الۡمُتَّقِيۡنَ☆ (سورۃالتوبۃ آیت،۳۶)

بے شک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں،اللہ کی کتاب میں، جب سے اُس نے آسمان اورزمین بنائے،اِن میں سے چارحرمت والے ہیں، یہ سیدھادین ہے،توان مہینوں میں اپنی جان پرظلم نہ کرواورمشرکوں سے ہروقت لڑوجیسا کہ وہ تم سے ہروقت لڑتے ہیں اورجان لوکہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

حل لغات:

"عِدَّةَ": بمعنٰی تعداد،گنتی ہے۔(۱)

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی،مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۵۸۱

marfat.com

"اَلشُّهُوْر": شَهْرٌ کی جمع ہے بمعنٰی، ماہ، مہینہ۔

آیت مبارکہ کا معنٰی ہے کہ جب سے اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان (اور چاند ستارے سورج) پیدا فرمائے اسی وقت سے سال کے مہینوں کی تعداد بارہ ہے، اس مخصوص تعداد کو اللہ تعالیٰ نے اپنے علم وقدرت سے لوح محفوظ میں لکھ دیا ہے، اللہ تعالیٰ کے ہاں برس کے مہینوں کی تعداد نہ کم ہوسکتی ہے نہ زیادہ۔(۲)

"حُرُمٌ": حَرَامٌ کی جمع ہے، عزت وتعظیم والے۔

حرمت والے چار ماہ: رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ، محرم الحرام، کی حرمت کی دو وجہیں تھیں۔

(۱) شروع ہی سے ان مہینوں میں قتل وقتال، لوٹ مار اور غارت گری کو حرام سمجھا جاتا تھا، ابتدائے اسلام کے چند سالوں تک یہی حکم باقی رہا۔

(بقیہ ۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۳۲۴

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت، ص ۳۱۷

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۲۱

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۱۷

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۹

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۳۷

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۲

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۲

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۲۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۳

marfat.com

(۲) لوگوں کے دلوں میں ان مہینوں کی عزت دوسرے مہینوں کی نسبت زیادہ تھی، اگر کسی کے باپ یا بیٹے یا بھائی کا قاتل ان مہینوں میں سامنے آجاتا تو اسے کچھ نہ کہا جاتا تھا۔

ان مہینوں میں معصیّت اشد عذاب وعقاب اور اطاعت اکثر ثواب کا باعث تھی اور ہے۔(۳)

" ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ":

اَلدِّيْنُ بمعنٰی حساب اور ملت ہے۔

اور اَلْقَيِّمُ بمعنٰی مستقیم اور غیر متبدل وغیر متغیر ہے۔

آیت کے اس جُز کا معنٰی یہ ہے۔

(ا) سال کے بارہ ماہ کا حساب مستقیم ہے، اس میں کوئی کمی، کجی یا رکاوٹ نہیں۔

(ب) یہ دین، جس کا حساب بارہ ماہ سے ہے ایسا ہے جو نہ تبدیل ہوتا ہے نہ متغیر ہوتا ہے، جب سے آسمان وزمین اور کائنات کی تخلیق ہوئی ہے۔ اس میں تغیر وتبدل نہیں ہوا۔(۴)

" فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ ":

فِيْهِنَّ ضمیر کا مرجع چار ماہ حرمت والے یا بارہ ماہ ہیں۔

ظلم سے مراد گناہ ومعصیت اور تجاوز ہے۔

---

(۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۱۰

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۳۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۳۶

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص ۴۲۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص ۹۰

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص ۴۶۲

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص ۲۲۸

(۴) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص ۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۳۶

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۲۳۶

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص ۴۳۳

marfat.com

معنٰی یہ ہے کہ.....

(ا) اِن حرمت والے چار ماہ میں گناہ اور معصیت کے کام نہ کرو کہ ان کا گناہ، عقاب وعذاب بھی اشد ہے۔

(ب) ان حرمت والے چار مہینوں کو مقدم ومؤخر نہ کرو، یہ ازل سے متعین ہیں، ان میں تغیر وتبدل، تقدم و تأخر، ظلم وبے دینی اور اللہ تعالیٰ کی حدوں کو توڑنا ہے، اس سے بچو۔

(ج) ان بارہ ماہ میں گناہ نہ کرو، چونکہ زندگی سالوں سے عبارت ہے اور سال میں بارہ ماہ ہوتے ہیں، گویا ساری عمر گناہ سے بچو۔

(د) اللہ تعالیٰ نے سال کے بارہ ماہ مقرر کر دیئے، ان کی تعداد میں اس کے ہاں کمی بیشی نہیں ہوتی، اس لئے تم ایک سال، بارہ ماہ کی بجائے تیرہ یا چودہ ماہ کا نہ بناؤ، یہ اللہ کی مخلوق میں تبدیلی ہے۔(۵)

"كَآفَّةً": بمعنٰی جَمِيْعًا، جَمَاعَةً اور مَعًا ہے، یعنی تمام لوگ، اکٹھے، سب لوگ۔

اس کا ایک معنٰی کفایت کرنے والا، بچانے والا بھی ہے، ارشاد ربانی ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ .....الآية (سورہ سبا آیت ۲۸)

(ا) اور اے محبوب! ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام لوگوں کو گھیرنے والی ہے۔

(۲) اور اے محبوب! ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام لوگوں (کی تمام دینی و دنیوی ضروریات) کو کفایت کرنے والی ہے۔

(۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۳۹
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۳
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۹
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۲

marfat.com

(۳) اورائے محبوب! ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام لوگوں کو تمام گناہوں سے بچانے والی ہے۔

آیت زیب عنوان میں "کَآفَّةً" سے مراد عموم وشمول ہے، یعنی تمام کافروں کو گھیر کر، تمام کافروں کو اکٹھے، تمام کافروں کو ہر وقت۔(۶)

شانِ نزول:

اللہ تعالیٰ نے جب سے چاند، سورج، بُرج، آسمان اور زمین بنائے ہیں، اسی وقت سے یہ حساب چلا آتا ہے کہ طلوعِ ہلال سے مہینہ شروع ہوتا ہے اور اگلے طلوعِ ہلال تک وہی مہینہ رہتا ہے، اس حساب سے سال بارہ ماہ کا ہوتا ہے، ان میں چار ماہ وہ ہوتے ہیں جن میں جنگ وجدل حرام تھی، چونکہ قمری سال شمسی سال سے تقریباً دس روز کم ہوتا ہے اس لئے حج کبھی گرمیوں میں آتا، کبھی سردیوں میں، کبھی بہار میں، کبھی خزاں میں آتا، یہ امر زمانہ جاہلیت میں لوگوں کے لئے گراں تھا، اس لئے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں، جس میں کسی کے لئے ردوبدل کی گنجائش نہ تھی، ان میں دو طرح کی تبدیلیاں کرلیں۔

(۱) حج کے موقعہ پر موسم سازگار ہوتا تو تجارتی قافلے مکہ معظمہ آتے، اس سے انہیں کثیر تجارتی نفع ہوتا اور اگر موسم ناسازگار ہوتا تو انہیں خاطر خواہ نفع نہ ہوتا، اس کے لئے انہوں نے اپنی دنیوی غرض کے لئے اللہ تعالیٰ کے متعینہ حساب میں ردوبدل کرلیا اور حج کو ایک ہی موسم میں ادا کرتے، اس سے اگرچہ دنیوی غرض پوری ہوگئی مگر دینی طور پر یہ نقصان ہوا کہ ۹، ۱۰ ذوالحجہ کو حج چونتیس برس آتا، تینتیس برس حج اپنے مقررہ وقت پر نہ آتا، دنیوی مفاد کے لئے اتنا عظیم نقصان انہوں نے برداشت کرلیا، گویا دین کو پسِ پشت ڈال دیا اور دنیا کو مقدم رکھا۔

---

(۶) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۱۰۳

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۴۳۳

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۹۰

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۶، ص ۳۳۵

marfat.com

(۲) حرمت والے چار ماہ (رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم) میں جنگ وجدال اور غارت گری چونکہ حرام تھی، جب کہ ان کی بسر اوقات اکثر لڑائی اور غارت گری پر تھی، پورے تین ماہ متواتر (ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم) میں ان پر تنگی آ جاتی، یہ لوگ اپنے مقتداؤں سے درخواست کرتے کہ ان حُرمت کے مہینوں میں بعض کو ہمارے لئے حلال کر دیں، چنانچہ وہ کچھ نذر لے کر ان کو حرمت والے مہینے حلال قرار دے دیتے، اور پھر حرامت والے مہینوں کی گنتی پوری کرنے کے لئے کچھ ماہ اور بڑھا دیتے، اس طرح ان کا سال تیرہ یا چودہ ماہ کا بن جاتا، یہ بھی خلاف فطرت تھا اور اللہ تعالیٰ کے حرام کردہ کو حلال کرنا تھا، یہ بھی کفر تھا۔

اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اُن کے اس مذموم کردار کا رد فرمایا اور فرمایا کہ سال بارہ ماہ کا ہے اور ان میں چار ماہ حرمت والے ہیں، اے مومنو! تم ان مشرکوں سے لڑو جو اللہ کی تخلیق میں ردوبدل کر کے مشرک ہو چکے ہیں اور تم سے آمادہ جنگ رہتے ہیں۔ (۷)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ سال میں بارہ ماہ ہوتے ہیں، یہ اللہ تعالیٰ جل وعلا کی تخلیق ہے، کسی کو اس میں کمی بیشی یا ردوبدل کا اختیار نہیں،

---

(۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۹
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۳۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۰
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۳
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۰
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۸۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۶
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۳
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳

marfat.com

جوان میں کمی بیشی یا ردوبدل کرے گا وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی تخلیق میں تبدیلی کا مجرم اور مشرک ٹھہرے گا۔(۸)

﴿۲﴾ ہر ماہ کی ابتداء رؤیت ہلال سے ہوتی ہے، چاند خود دیکھا جائے یا اس کی رؤیت شرعی قواعد اور اصولوں کے مطابق جب بھی ہو جائے مہینہ شروع ہو جاتا ہے، اور اسی کے ساتھ ہی گذشتہ مہینہ ختم ہو جاتا ہے، اسے قمری مہینہ کہتے ہیں، بارہ قمری مہینوں کا ایک قمری سال ہوتا ہے، یہی تقویم ابتدائے آفرینش سے ہے، اور یہی اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب و پسندیدہ ہے، اسی پر عمل اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔(۹)

﴿۳﴾ قمری مہینہ کبھی انتیس دن کا اور کبھی تیس دن کا ہوتا ہے، نہ اس سے کم نہ اس سے زیادہ ہوتا ہے، ایک سال میں

---

(۸)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۰۹
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان. ج۲، ص۹۳۷
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۵۳
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص۳۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر. ج۱۶، ص۵۲
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۳
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۳۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور. ج۲. ص۲۳۶
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور. ج۲. ص۲۳۶
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کونه، ج۳، ص۴۲۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان. ج۱۰، ص۸۹
☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۶۲
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی. ج۵، ص۲۲۸

(۹)
☆☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۰
☆☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۳۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور. ج۲. ص۲۳۶
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کونه، ج۳، ص۴۲۰
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۳۷
☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۶۲
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی 'مطبوعه بیروت، ج۳، ص۴۳۲

marfat.com

کوئی مہینہ انتیس دن کا ہوتو اگلے سال وہی مہینہ تیس دن کا ہوسکتا ہے۔(۱۰)

﴿۴﴾ قمری سال کے بارہ مہینوں کے نام یہ ہیں۔

(۱) مُحَرَّمُ الْحَرَام

(۲) صَفَرُالْمُظَفَّر

(۳) رَبِیْعُ الْاَوَّلُ شریف

(۴) رَبِیْعُ الثَّانِیُ شریف

(۵) جُمَادُی الْاُوْلٰی

(۶) جُمَادُی الْاُخْرٰی(یاجُمَادُی الثَّانِیَةِ)

(۷) رَجَبُ الْمُرَجَّبُ

(۸) شَعْبَانُ الْمُعَظَّمُ

(۹) رَمَضَانُ الْمُبَارَکُ

(۱۰) شَوَّالُ الْمُکَرَّمُ

(۱۱) ذُوالْقَعْدَه شریف

(۱۲) ذُوالْحِجَّه شریف

مسلمان ان ناموں کو صحیح تلفظ سے یاد رکھیں، اپنی کلام یا گفتگو یا تحریر میں انہیں ہی استعمال کریں۔(۱۱)

(۱۰) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۶

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۳۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۲۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۹۱

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۶۲

(۱۱) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۳۶

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۲۰

marfat.com

﴿۵﴾ قمری سال تین سو چون دن اور چوتھائی دن کا ہوتا ہے، جب کہ شمسی سال تین سو پینسٹھ دن اور چوتھائی دن کا ہوتا ہے۔

شمسی سال کے بعض ماہ تیس دن اور بعض اکتیس دن کے ہوتے ہیں، جب کہ ایک ماہ (فروری) اٹھائیس روز کا ہوتا ہے اور ہر چوتھے سال (فروری کا مہینہ) اٹھائیس کے بجائے انتیس کا ہوتا ہے۔

رومیوں کا سال بارہ ماہ کا ہوتا ہے مگر مہینے اٹھائیس، تیس اور اکتیس دن کے ہوتے ہیں۔

فارسیوں کا سال بھی بارہ ماہ کا ہوتا ہے مگر ہر مہینہ تیس دن اور ایک مہینہ پینتیس دن کا ہوتا ہے۔

قبطیوں کا سال بھی بارہ ماہ کا ہوتا ہے، ہر مہینہ تیس دن کا مگر آخری مہینہ پینتیس دن کا ہوتا ہے۔ (۱۲)

﴿۶﴾ مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ اپنے معاملات اور عبادات قمری تقویم سے متعین کریں مثلاً زکوٰۃ، حج، رمضان کے روزے، عیدین، یکم محرم شریف، عاشورہ شریف، میلاد النبی ﷺ، دَین، عدت، بیع، تجارات، اجارہ، کفالت، حوالہ وغیرہ۔

ان سب معاملات اور عبادات میں قمری تاریخ اور مہینہ کا اعتبار لازم ہے، رومی، قبطی، ہندی، عجمی، شمسی تقویم کا اعتبار نہیں، مثلاً زکوٰۃ کے لئے سال کی شرط قمری اعتبار سے ہوگی، اسی طرح عورت کی عدت میں تین ماہ یا چار ماہ دس دن قمری مہینوں سے ہوگی۔

سہولت کے لئے قمری تقویم کے ساتھ شمسی یا دوسری تقویم کا حوالہ دیا جا سکتا ہے، مثلاً یوں کہہ لیں:

۵/ ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ مطابق ۶/ جون ۲۰۰۳ء

بروز جمعۃ المبارک کو میں اپنا قرضہ ادا کروں گا، ان شاء اللہ العزیز

---

(۱۲)
- ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۰
- ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۵۳۶
- ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۱
- ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۲
- ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

marfat.com

ایسا کرنے سے فطرت کا تقاضا پورا ہوگا اور اسلامی اقدار کے غلبہ کا انتظام ہو سکے گا، یہی حکم ربانی کا منشاء ہے۔
زمانہ قدیم سے اہل عرب کے ہاں قمری مہینوں کے نام رائج تھے، اگر چہ باقاعدہ قمری تقویم (موجودہ صورت میں) معرض وجود میں نہ تھی، سیدنا حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور سیدنا حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ علی نبینا وعلیہما الصلوۃ والسلام کے وقت سے یہی متوارث رہا ہے، زیب عنوان آیت کریمہ اس امر کی قوی دلیل ہے، علاوہ ازیں دیگر آیات کریمہ میں اسی امر کو بیان کیا گیا ہے۔

هُوَالَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْراً وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَالسِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ ۔ مَاخَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِکَ اِلَّابِالْحَقِّ ۔ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ☆ (سورہ یونس آیت، ۵)

وہی ہے جس نے سورج کو جگمگا تا بنایا اور چاند کو چمکتا اور اس کے لئے منزلیں ٹھہرائیں کہ تم برسوں کی گنتی اور حساب جانو، اللہ نے اسے نہ بنایا مگر حق، نشانیاں مفصل بیان فرماتا ہے علم والوں کے لئے۔
حکیم وقدیر رب تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ☆ (سورہ یٰسین آیت، ۳۹)

اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہاں تک کہ پھر ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈالی۔
وہی ارشاد فرماتا ہے۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۔ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ۔ .....الآیۃ (سورۃ البقرۃ آیت، ۱۸۹)

تم سے نئے چاند کو پوچھتے ہیں، تم فرمادو، وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لئے۔
یہ تمام آیات کریمہ قمری نظام تقویم کی قدامت، قدرتی، فطرتی اور خدائی منشاء کے مطابق نظام تقویم پر دلالت کر رہی ہیں۔ (۱۳)

(۱۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۵۹
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۳۷
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۸
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۳

marfat.com

فائدہ:

یونس حاکمی مصری نے علم زیج کے حوالے سے سے واضح کیا ہے کہ یکم محرم الحرام ۱۴ھ کو جمعرات کا روز تھا۔(۱۴)

﴿۷﴾ باری تعالیٰ عزاسمہٗ جو چاہتا ہے کرتا ہے، جو ارادہ فرماتا ہے، حکم دیتا ہے، اس پر کوئی جبر نہیں، وہ کسی قانون اور ضابطے کا پابند نہیں بلکہ تمام قوانین، اصول اور ضابطے اس کے پابند ہیں، اس کے عمل کی کوئی ''علت'' نہیں، بلکہ یہ سب کچھ اس کی ''حکمت'' سے ہوتا ہے، حکمت کبھی ظاہر ہوتی ہے اور کبھی مخفی ہوتی ہے، مسلمانوں کی عبادات روزے اور حج ایک ہی موسم میں نہیں آتے اور ایک ہی موسم میں آنا منشاء خدوندی کے مطابق نہیں، اللہ تعالیٰ کے اس حکم میں بے شمار حکمتیں ہیں، جن کا حقیقی علم اسی کو ہے، ایک حکمت اس نے بندوں پر ظاہر فرمائی ہے۔

اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے بندے اپنی مرضی اور سہولت کے تابع نہ ہوں، وہ بندۂ خواہشات بن کر نہ رہ جائیں، بلکہ ہر حال، ہر وقت اور ہر موسم میں اس کے حکم کی فرماں برداری پر آمادہ رہیں، زمانے کی تمام گردشوں، حالات اور کیفیات میں اس کی اطاعت وفرماں برداری پر پورے اتریں، حکم الٰہی ماننا ان کی فطرت بن جائے، اگر سردیوں یا بہار میں روزے آئیں تو بھی رکھیں اور اگر سخت چلچلاتی دھوپ میں ماہ رمضان آجائے تو بطیّب خاطر روزے رکھیں، سازگار حالات اور موافق موسم میں اگر حج آجائے تو بھی کریں اور ضمنی طور پر تجارتی فوائد

(بقیہ ۱۳) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۹

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۱۳۶

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۱۳۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ۴۶۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۲۸

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۰

(۱۴) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۰

marfat.com

حاصل کریں اور اگر سخت موسم میں حج آئے تو بھی برضا و رغبت فریضہ حج ادا کریں اور متوقع تجارتی نقصانات برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں کہ..... ''یہی حکم خداوندی ہے''۔

چونکہ دین اسلام نظامِ عدل پر مبنی ہے، اس لئے روزوں اور حج کے لئے ایک ہی موسم تجویز کر دیا جائے تو دنیا میں اکثر علاقوں کے مسلمانوں کے ساتھ انصافی ہوگی، فرض کیجئے اگر نومبر، دسمبر یا فروری مارچ میں روزے فرض ہوں تو ان دنوں میں دنیا کے بعض خطوں میں سخت سردی ہوگی اور بعض میں سخت گرمی، چونکہ کرۂ ارض پر شمالی، وسطی اور جنوبی خطوں میں ایک وقت میں موسم یکساں نہیں رہتا، اس لئے ایسا کرنا بعض علاقوں کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔

یہود و نصاریٰ نے ایسا ہی کیا اور اللہ کے حکم کے خلاف اپنے روزے موسم بہار میں رکھ لئے اور بزعم خویش اس گناہ کے ازالہ کے لئے دس روزے بڑھا لئے، رب تعالیٰ نے ان کی مذمت فرمائی کہ یہ لوگ عبادت میں بندۂ خدا نہیں بنے بلکہ بندۂ نفس بن چکے ہیں۔

اس لئے بندۂ مومن ہر قسم کے حالات اور کیفیات میں حکم خداوندی کی اطاعت کا خوگر بن جائے، یہی اس کی معراج ہے۔(۱۵)

﴿۸﴾ امیر حج کی طرف سے حج کی جو تاریخ مقرر ہو اس میں فریضہ حج ادا کرنا صحیح ہے، اگرچہ فی الواقع ۹، ۱۰ ذوالحجہ نہ ہو، ۹ھ کو حضور سید عالم کی طرف سے ﷺ سب سے پہلے اسلامی حج کے لئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیر حج مقرر کیا گیا، آپ نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ہمراہ ۹، ۱۰ ذی الحجہ کو جو حج ادا فرمایا وہ دراصل ۹، ۱۰ ذی الحجہ کی

(۱۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۳۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۲

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ' مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۳۷

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۲۸

marfat.com

تاریخ نہ تھی، بلکہ عرب کے مروجہ دستور کبیسہ رُو سے وہ ذوالقعدہ کا مہینہ تھا، اس کے باوجود حضور سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام کا حج مقرر اور جائز رکھا۔(۱۶)

فائدہ جلیلہ:

۱۰ھ کو حضور سید عالم نبی مکرم رسول معظم ﷺ نے جو حج ادا کیا اس سال ۹، ۱۰ ذوالحجہ کو ہی حج ادا ہوا، ایسا اسلام میں یہ پہلی مرتبہ ہوا اور اب تک ذوالحجہ میں حج ادا ہوتا ہے، میدانِ منٰی میں ۱۰ ذوالحجہ کو جو خطبہ حضور سید الانام شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اس میں فرمایا۔

اِنَّ الزَّمَانَ قَدِاسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ .....الحدیث (۱۷)

اس برس حج کا وقت گردش کرتا ہوا ٹھیک اپنی اس تاریخ آ گیا ہے جیسا اس روز تھا جب اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا فرمائے۔

مشہور منجم محمد بن موسیٰ نے آٹھ سال محنت شاقہ کی، انہوں نے ابتدائے آفرینش سے لے کر حجۃ الوداع تک کا حساب لگایا اور ثابت کیا کہ کبیسہ سے متاثر ہونے کے بعد حج کا اصل وقت وہی تھا جس میں حضور خاتم المرسلین ﷺ نے حج فرمایا اور حضور نبی الامی ﷺ کا فرمان درست ہے۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ (۱۸)

﴿۹﴾ سال میں چار ماہ حرمت والے ہیں۔

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۹۰

(۱۷) ☆ رواہ البخاری فی کتاب التفسیر و کتاب بدء الخلق و کتاب المغازی و کتاب الاضاحی و کتاب التوحید

☆ ورواہ مسلم فی کتاب القسامۃ

☆ وابوداؤد فی کتاب المناسک

☆ ورواہ احمد عن ابی ہریرۃ/بحوالہ

☆ المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث، ج ۲، ص ۱۵۸

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۵

marfat.com

رجب المرجب، ذوالقعدہ شریف، ذوالحجہ شریف، محرم الحرام۔

اسلام آنے سے پہلے ان مہینوں میں احترام کی وجہ سے قتل وقتال حرام تھا، اسلام آنے کے بعد دیر تک اسی پر عمل ہوتا رہا، لیکن اب قتال کی حرمت منسوخ ہے، مگر ان کا احترام وہی ہے جو پہلے تھا، جمہور علماء کا یہی موقف ہے۔(۱۹)

﴿۱۰﴾ اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اپنی مخلوقات میں بعض اجناس وانواع میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی، بعض کا رتبہ بڑھایا ہے، دوسروں کی نسبت بعض کی تاثیر زائد کردی ہے، ان افضل، بہتر اور زائد تاثیر والوں میں اشخاص، اوقات، جگہیں، اشیاء وغیرہ ہیں، اس فضیلت، کرامت، برکت اور تاثیر کا خالق اللہ باری عزاسمہٗ ہے وہ وہی ذات ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے، اس کی عطا، تخلیق اور تاثیر پر کسی کو اعتراض کا حق نہیں، چانچہ ان میں .....

☆ اللہ تعالیٰ نے بارہ مہینوں میں سے صرف چار کو حرمت والے قرار دیا ہے، یہ چار دوسرے آٹھ سے برکت، حرمت، عزت، کرامت اور تاثیر میں زائد ہیں۔

☆ رمضان المبارک کا مہینہ دوسرے مہینوں سے برکت میں زائد ہے۔

☆ لیلۃ القدر دیگر راتوں سے ثواب، برکت اور عزت میں ہزار راتوں سے افضل ہے۔

☆ یوم جمعہ دیگر ایام سے افضل ہے۔

☆ یوم جمعہ کی ایک مخصوص ساعت باقی اوقات سے اجابتِ دعا، برکت اور ثواب میں بڑھ کر ہے۔

☆ یوم عرفہ بخشش، مغفرت، رحمت، برکت اور ثواب میں باقی ایام سے بہت زائد ہے۔

☆ عشرہ ذوالحجہ قربِ خداوندی کے اعتبار سے باقی ایام سے زائد ہے۔

☆ ربیع الاول شریف کی بارہ تاریخ شبِ ولادت باعثِ ایجادِ عالم رحمۃ عالمیاں ﷺ، باقی تمام دنوں اور راتوں سے بے انتہاء زائد ہے۔

---

(۱۹) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۲، ص ۵۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۶۳

marfat.com

☆ بلدِ حرام شریف دیگر تمام شہروں سے لاکھوں درجہ ثواب، اجابتِ دعا، مغفرت، برکت، سعادت میں افضل ہے۔

☆ مزار پُر انوار دربار دُر بار گہر بار حضور سید الابرار شافعِ مجرماں ﷺ کی خاک پاک برکت، کرامت، شرافت، عزت، سعادت اور مغفرت کے اعتبار سے دنیا و مافیہا سے ہزاروں درجے زائد ہے، ائمہ کرام اور جلیل القدر علماء عظام نے تصریح فرمائی کہ جسدِ اطہر نبی انور ﷺ کے ساتھ مس ہونے والی خاک پاک کعبہ معظّمہ اور عرش الٰہی سے بھی افضل ہے۔

☆ حجر اسود دنیا کے بقیہ عظمت والے پتھروں سے بھی برتر ہے، اس کا استلام کرنے والے حاجیوں، طواف کرنے والوں، عمرہ کرنے والوں کے ایمان کی گواہی بروز حشر رب غفار جل وعلا کے حضور ادا کرے گا اور ان کی شفاعت کا طلب گار ہوگا۔

☆ قرآن مجید کے مقدس اوراق عزت، شرافت، عظمت میں دیگر اوراق سے لاتعداد درجوں زائد ہیں۔

☆ ملائکہ میں سے رُسلِ ملائکہ افضل ہیں۔

☆ رُسلِ ملائکہ سے رُسلِ بشر افضل ہیں۔

☆ رُسلِ بشر سے اولوالعزم رسول افضل ہیں۔

☆ اولوالعزم رسولوں سے امام الرسل ہادی السُبل خاتم الانبیاء حبیب کبریا محبوب رب العلا تاجدار عرب وعجم فخر آدم و بنی آدم علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات صلاۃ وسلاما علیک یارسول اللہ بے انتہاء مرتبہ، عزت، شرف، عظمت، کرامت، سعادت، برکت، حُرمت، قربِ رب العزت جل وعلا میں افضل، اعلیٰ، برتر، انور، اکرم، اعظم اور اقدس ہیں۔

اللہ تعالیٰ جب کسی شئ کو عظمت دیتا ہے تو اس میں ہونے والے عمل کا اجر کئی گنا بڑھا دیتا ہے اور اسی شئ میں ہونے والے گناہ کا عقاب بھی بڑھا دیتا ہے، اللہ تعالیٰ نے ازواجات مطہرات سے ارشاد فرمایا۔

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۔ وَكَانَ ذٰلِكَ

marfat.com

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ☆ وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَآ اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ☆ (سورۃ الاحزاب آیات، ۳۰، ۳۱)

اے نبی کی بیبیو! جو تم میں صریح حیا کے خلاف کوئی جرات کرے تو اس پر اوروں سے دونا عذاب ہوگا اور یہ اللہ کو آسان ہے، اور جو تم میں فرمانبردار رہے اللہ اور رسول کی، اور اچھا کام کرے ہم اسے اوروں سے دونا ثواب دیں گے اور ہم نے اس کے لئے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِ الْاَبْرَارِ اِمَامِ الْاَخْيَارِ وَعَلٰى آلِهِ الْاَنْوَارِ وَصَحْبِهِ الْاَبْرَارِ اِلٰى يَوْمِ الْقَرَارِ

.....شامل ہیں، اس لئے ان مبارک اشخاص، ذوات قدسی صفات، اوقات مبارکہ، مقامات مقدسہ، اشیاء معظّمہ کا حتی الامکان قُرب، ہم نشینی، مجلس اور زیارت کر کے سعادت، برکت، شرافت، عزت، کرامت اور مغفرت حاصل کرنے کی کوشش کرنا منشاء الٰہی، رضائے مصطفوی اور مقاصد شرع کے عین مطابق ہے، مولیٰ تعالیٰ تقدس وتبارک نصیب کرے۔ (۲۰)

﴿۱۱﴾ ذوات مبارکہ، اوقات مبارکہ، مقامات مقدسہ اور اشیاء منورہ کی قربت وقوعِ طاعت کی تاثیر سے طہارتِ نفس میں زائد ہے، اس لئے ان مبارک، مقدس، مطہّر، منوّر ذوات، اوقات، مقامات اور اشیاء کی تاثیر میں ایک حکمت یہ بھی ہے کہ جب بندۂ مؤمن ان میں حصول برکت وثواب میں کوشاں ہوتا ہے اور گناہوں سے بچنے کی

---

(۲۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۴۳۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۷، ص ۲۲۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۴

marfat.com

حتی الامکان کوشش کرتا ہے تو اس کی یہ مشق اسے دیگر اوقات میں گناہوں سے بچانے میں ممد و معاون ہوگی اور وہ طاعاتِ خداوندی میں زیادہ رغبت، انہماک سے مشغول رہے گا، گویا یہ مختصر مشق اس کی بقیہ زندگی کے سنوارنے میں مفید ہوگی، اس لئے بندۂ مومن کو لازم ہے کہ اس مبارک مشق کو حضورِ قلب سے ادا کرے۔ (۲۱)

﴿۱۲﴾ ایک ظلم بروز قیامت کئی ظلموں کی صورت میں نامہ اعمال میں موجود ہوگا، حدیث شریف نے اس کو واضح فرما دیا ہے۔

اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ (۲۲)

قیامت کے روز ایک ظلم کئی ظلموں کی صورت میں نمودار ہوگا۔

اس لئے بندۂ مومن پر فرض ہے کہ وہ.....

(ا) حرمت والے مہینوں کی حرمت و عزت کے پیش نظر صغیرہ، کبیرہ، ہر نوع کے گناہوں سے محفوظ رہے تا کہ اس مشق سے بقیہ ایام گناہوں سے محفوظ رہے۔

(ب) بارہ مہینے یعنی تمام عمر ہر قسم کے گناہوں سے بچے، کیونکہ گناہ کا ارتکاب کسی دن، مہینے، سال جائز نہیں۔

(ج) احکامِ دین کی خلاف ورزی ظلم ہے، احکامِ دین کو اسی طرح ادا کریں جس طرح منشاءِ دین ہے، اس میں اپنی خواہش، مرضی سے کمی بیشی نہ کریں۔

(د) احکامِ شرع جن اوقات کے ساتھ مخصوص ہیں، انہیں اوقات میں ادا کرنا طاعتِ خداوندی ہے، اوقاتِ مخصوصہ میں ردوبدل کا اختیار کسی بندے کو حاصل نہیں، اس لئے ان اوقات اور عبادات کی

---

(۲۱) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۳۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۴

☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دار الرشید، بیروت، ج ۲، ص ۲۳۷

(۲۲) ☆ رواہ البخاری، ج ۱، ص ۳۳۱

☆ والترمذی فی کتاب البر عن عبداللہ بن عمر

marfat.com

پابندی کریں۔(۲۳)

﴿۱۳﴾ تمام حربی کافروں سے جہاد قیامت تک جاری رہے گا، اللہ تعالیٰ نے انہیں گھیر کر، تمام حربیوں سے جہاد کا حکم دیا ہے، یہ اسی لئے کہ وہ ہر لمحہ، ہر حال میں اور ہر طرح مسلمانوں کے خلاف برسرِ پیکار رہتے ہیں، مسلمانوں کو اپنے دفاع اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے ان سے جہاد کرنا جائز ہے۔(۲۴)

فائدۂ جلیلہ:

تقویم قمری کا موجودہ نظام:

تقویم قمری کے مہینے محرم الحرام تا ذوالحجہ شریف تو ابتدائے تخلیق عالم سے ہی متعارف رہے ہیں لوگ انہیں اپنی

---

(۲۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۳۹

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۹

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۳۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۳

(۲۴) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۴۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۴

☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دارالرشید، بیروت، ج ۲، ص ۲۳۷

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۳۷

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۲۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۹۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۲۹

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۱

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج ۴، ص ۱۸۷

marfat.com

گفتگو، تحریر وتقریر میں بیان کرتے تھے، مگر سال کا تعین کسی خاص واقعہ کی نسبت ہوتا، مثلاً .....

''عام الفیل''، یعنی جس سال ابرہہ نے ہاتھیوں سمیت بیت اللہ شریف پر حملہ کا ارادہ کیا۔

''عام الحزن''، جس سال سرکار دو عالم ﷺ کو یکے بعد دیگرے دو صدمات سے دوچار ہونا پڑا، ام المؤمنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا وصال اور آپ ﷺ کے ہم درد چچا جناب ابو طالب کا انتقال۔

''عام الحدیبیہ'' حدیبیہ کے مقام پر عمرہ کی نیت سے آئے، حضور سید عالم ﷺ کے ساتھ، کفار مکہ کا جس سال معاہدہ ہوا۔

لیکن اس میں بھی وقت اور سال کا تعین دشوار تھا، ایک مرتبہ امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک مراسلہ اپنے گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا، اس میں شعبان المعظم کی تاریخ لکھی، حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ کون سے سال کا شعبان المعظم؟ اس خاص واقعہ کے پیش نظر ضرورت محسوس ہوئی کہ سال کا تعین کس طرح کیا جائے، ملک الاھواز جو قید ہو کر آیا تھا اور مدینہ منورہ میں آکر مسلمان ہو گئے تھے انہوں نے رومیوں، قبطیوں وغیرہ کی تقویم کا حال عرض کیا، مگر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور انور نور مجسم نبی معظم ﷺ کی ہجرت کو بنیاد بنا کر سال کا تعین کیا جائے، اس طرح سن ہجری کا اجراء ہوا جو درحقیقت قمری تقویم ہے، یہی تقویم مسلمانوں میں رائج ہے۔ (۲۵)

☆☆☆☆☆

(۲۵) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ج ۱۰ ص ۹۰

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۱۹۴):

فرضیتِ جہاد اور اس کے آداب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنفِرُوا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ☆ (سورۃ التوبۃ آیت ۴۱)

کوچ کرو ہلکی جان سے، چاہے بھاری دل سے، اور اللہ کی راہ میں لڑو اپنے مال اور جان سے، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر جانو۔

حل لغات:

"**انفروا**": صیغہ امر ہے۔ نَفَرَ یَنْفِرُ نَفْرًا نُفُوْرًا بمعنی عوام کا دشمن کے مقابلہ کے لئے اٹھ کھڑا ہونا، نکل پڑنا جہاد کے لئے، دشمن کے مقابلہ کے لئے روانہ ہونا مراد ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا (۱) جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو نکلو۔ (۲)

---

(۱) ☆ رواہ ابن ماجہ

(۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۳۷

☆ السحد از لونیس معلوف الیسوعی مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۰۲

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۰۱

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقری الفیومی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۲۹

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۳۱۳

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۵۸۷

marfat.com

"**خفافاًوّثقالاً**": خِفافاً جمع خَفِیفٌ کی ہے، اس سے مراد جان سے ہلکے پھلکے ہوکر نکلو جس سے یہ سفر آسان طے ہو۔

ثِقالاً جمع ہے ثَقِیلٌ کی، اس سے مراد یہ ہے کہ اے جماعت صحابہ! اس طرح سفر کے لئے نکلو کہ تمہیں یہ سفر آسان معلوم ہو اور دشمن پر یہ بھاری ہو، یہ معنی آیت کے منشا کے بہت قریب ہے۔

خفافاًوّثقالاً کی تفسیر میں مفسرین کرام نے اور معانی بھی بتائے ہیں، جوان اور بوڑھے، غنی اور فقیر، کاروبار میں مشغول اور فارغ، خوش دلی سے یا بادل نخواستہ، سوار ہوکر یا پیدل، دستکار ہو یا غیر دستکار، عیال دار ہو یا بے عیال، ساز وسامان ساتھ ہو یا بے ساماں، بہادر ہو یا بزدل، مقدمۃ الجیش ہو یا لشکر میں۔

اے صحابہ! خواہ تم کسی حالت وکیفیت میں ہو، رسول اللہ ﷺ کے بلانے پر غزوہ تبوک کے لئے سفر اختیار کرو۔

مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ آیت مبارکہ تمام معانی کا احتمال رکھتی ہے۔ (۳)

"**فی سبیل اللّٰہ**": اللہ کی راہ سے مراد مصطفیٰ کریم ﷺ کی ذات ہے۔ ہر وہ عمل جو اللہ تعالیٰ جل وعلا کے تقرب کے حصول کی نیت سے کیا جائے خواہ فرض ہو یا واجب یا نفل یا دیگر نوع طاعت۔

---

(۳) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۷

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۵۲

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۱۵۰

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۶۵

تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۰

انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۵

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۴۴

مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۴۴

تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۴

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۳

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۰۴

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محمدی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۹۰

الدر المنثور فی تفسیر المأثور مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۰۹

marfat.com

اگر فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کے ساتھ کوئی قید نہ ہو تو مطلق "فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ" سے مراد جہاد ہوتا ہے۔ یہی معنٰی آیت میں متعین ہے۔(۴)

شانِ نزول:

سنہ ۹ ہجری کو حضور نبی اکرم ﷺ فتح مکہ، غزوہ حُنین، غزوہ طائف اور عمرہ جعرانہ سے فارغ ہو کر ذی قعدہ کو مدینہ منورہ واپس ہوئے کچھ وقت قیام فرمایا تو خبر ملی کہ رومی لشکر بڑی تعداد میں شام کی سرحد تبوک اور اس کے آس پاس جمع ہے اور مسلمانوں پر بڑی شدت سے حملہ کرنے والا ہے۔ حضور سید الکونین رسول اکرم ﷺ نے ارادہ فرمایا کہ ان کی پیش قدمی سے پہلے ہی وہاں پہنچ کر ان پر جہاد کر دیا جائے۔

یاد رہے تبوک ایک چشمہ تھا جو مدینہ منورہ سے بارہ منزل شام کے نزدیک واقع ہے۔

اپنے اس ارادے سے صحابہ کرام کو مطلع فرما دیا کہ ہم تبوک پر حملہ کرنا چاہتے ہیں تاکہ رومی فوج کو اس کے علاقہ میں ہی دردناک انجام سے دوچار کر دیا جائے۔ اس اعلان کے ساتھ ہی جہاد کی علانیہ تیاری شروع فرما دی۔ اس سے پہلے اکثر جہاد کے مقام کو ظاہر نہیں کیا جاتا تھا۔ غزوۂ تبوک کے لئے اعلان میں خاص حکمت تھی۔ تبوک چونکہ مدینہ منورہ سے دور، قریب پانچ سو میل پر تھا، موسم سخت گرم تھا۔ اہل مدینہ کے باغ میں کھجوریں تیار ہو چکی تھیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ارادہ تھا کہ درختوں کے سایہ میں گرمیاں گزاریں گے اور پھل کھالیں گے۔

نبی پاک ﷺ نے واضح مقام کا اعلان فرما دیا تاکہ مسلمان پوری تیاری کر لیں۔ یہ جہاد منافقوں پر بالعموم اور بعض صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین پر بالخصوص گراں معلوم ہوتا تھا۔

ان حالات میں تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے لئے جہاد میں شامل ہونے کا حکم تھا۔(۵)

---

(۴) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۳۸

(۵) احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۵۴

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۵۹

تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۴۲

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ جہاد فرض قطعی اور اسلام کا اہم رکن ہے۔ قطعی الدلالہ واضح الثبوت نصوص کثیرہ اس کی فرضیت پر دلالت کرتے ہیں۔ چند آیات پیش کرتے ہیں جن میں جہاد کی فرضیت کا واضح بیان ہے۔

(ا) آیت زیب عنوان میں جہاد کا حکم بڑی تاکید سے دیا گیا ہے۔

(ب) يٰاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْامَالَكُمْ اِذَاقِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْافِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۔ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَامِنَ الْاٰخِرَةِ ۔ فَمَامَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَافِي الْاٰخِرَةِ اِلَّاقَلِيْلٌ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت ۳۸)

اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوا؟ جب تم سے کہا جاوے خدا کی راہ میں کوچ کرو تو بوجھ کے مارے زمین پر بیٹھ جاتے ہو۔ کیا تم نے دنیا کی زندگی آخرت کے بدلے پسند کرلی اور جیتی دنیا کا اسباب آخرت کے سامنے نہیں مگر تھوڑا۔

(ج) اِلَّاتَنْفِرُوْايُعَذِّبْكُمْ عَذَابًااَلِيْمًاوَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًاغَيْرَكُمْ وَلَاتَضُرُّوْهُ شَيْئًا ۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت ۳۹)

اگر نہ کوچ کرو گے تو تمہیں سخت سزا دے گا اور تمہاری جگہ اور لوگ لے آئے گا اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے اور اللہ سب کچھ کرسکتا ہے۔

(د) وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۔ فَاِنِ انْتَهَوْافَلَاعُدْوَانَ اِلَّاعَلَى الظّٰلِمِيْنَ ☆

اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور ایک اللہ کی پوجا ہو۔ پھر اگر وہ باز آئیں تو زیادتی نہیں مگر ظالموں پر۔ (سورۃالبقرۃ آیت ۱۹۳)

(ہ) وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۔ فَاِنِ انْتَهَوْافَاِنَّ اللّٰهَ بِمَايَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ☆

اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فساد باقی نہ رہے اور سارا دین اللہ ہی کا ہوجائے۔ پھر اگر وہ باز رہیں تو اللہ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔ (سورۃالانفال آیت ۳۹)

(و) قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَقَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ☆

marfat.com

تو ان سے لڑو اللہ انہیں عذاب دے گا تمہارے ہاتھوں اور انہیں رسوا کرے گا اور تمہیں ان پر مدد دے گا اور ایمان والوں کا جی ٹھنڈا کرے گا۔ (سورۃ التوبۃ آیت ۱۴)

(ر) قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ☆

لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ پر اور قیامت پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جس کو حرام کیا اللہ اور اس کے رسول نے، اور سچے دین کے تابع نہیں ہوتے یعنی وہ جو کتاب دیئے گئے، جب تک اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ دیں ذلیل ہو کر۔ (سورۃ التوبۃ آیت ۲۹)

(س) فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْٓا اِلَى السَّلْمِ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ☆

تو تم سستی نہ کرو اور آپ صلح کی طرف (کافروں کو) نہ بلاؤ۔ اور تم ہی غالب آؤ گے اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمہارے اعمال میں تمہیں نقصان نہ دے گا۔ (سورہ محمد آیت ۳۵)

(ط) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ☆

پھر اگر وہ (کافر) منہ پھیریں تو انہیں پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کرو اور ان میں سے کسی کو دوست نہ ٹھہراؤ نہ مددگار۔ (سورۃ النسآء آیت ۸۹)

(ی) فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ☆

(سورۃ التوبہ ایت ۵)

پھر جب حرمت والے مہینے نکل جائیں تو مشرکوں کو مارو۔ جہاں پاؤ، اور انہیں پکڑو اور قید کر لو اور ہر جگہ ان کی تاک میں بیٹھو پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم رکھیں اور زکوٰۃ دیں تو ان کی راہ چھوڑ دو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(ک) وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ☆

marfat.com

اورمشرکوں سے ہروقت لڑوجیساوہ تم سے ہروقت لڑتے ہیں اورجان لوکہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ (سورۃالتوبۃ آیت ۳۱)

(ل) یٰـاَیُّھاالَّـذِیْـنَ اٰمَـنُـوْاھَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی تِجَارَۃٍ تُنْجِیْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ☆ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَ رَسُوْلِـہٖ وَتُـجَاھِـدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِاَمْـوَالِکُـمْ وَاَنْـفُسِکُمْ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ☆ (سورۃالصف آیات، ۱۰، ۱۱)

اے ایمان والو! کیامیں بتادوں وہ تجارت، جوتمہیں دردناک عذاب سے بچالے، ایمان رکھواللہ اوراس کے رسول پراوراللہ کی راہ میں اپنے مال وجان سے جہادکرو یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگرتم جانو۔

اس آیت مبارکہ میں فرائض جہادکاذکرفرمایا۔ نیزفرمایاکہ نجات دینی واُخروی جہادمیں ہے۔

(ک) رحمۃللعالمین نبی کریم ﷺ کوخود جہادکاحکم دیاگیااورساتھ ہی حکم دیاگیاکہ اپنے ماننے والوں کوجہادپرآمادہ کرو۔ارشادربانی ہے۔

فَقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ لَاتُکَلَّفُ اِلَّانَفْسَکَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّکُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ۗ وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًاوَّاَشَدُّتَنْکِیْلًا☆ (سورۃالنسآء آیت ۸۵)

تواے محبوب! اللہ کی راہ میں لڑو،تم تکلیف نہ دیئے جاؤگے مگراپنے دَم کی اورمسلمانوں کوآمادہ کرو۔قریب ہے کہ اللہ کافروں کی سختی روک دے اوراللہ کی آنچ سب سے سخت تر ہے اوراس کا عذاب سب سے کڑا۔

(ع) جہادکسی مسلمان سے ساقط نہیں ہرمسلمان پرفرضیتِ جہادکی کیفیت مختلف ہے۔اجمال ارشادربانی میں ملاحظہ ہو:

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِیُؤْذَنَ لَھُمْ وَقَعَدَالَّذِیْنَ کَذَبُوااللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ ۚ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْامِنْھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ☆لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ وَلَاعَلَی الْمَرْضٰی وَلَاعَلَی الَّذِیْنَ لَایَجِدُوْنَ مَایُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَانَصَحُوْاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ مَاعَلَی الْمُحْسِنِیْنَ مِنْ سَبِیْلٍ ۗ وَاللّٰہُ

marfat.com

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ☆ (سورۃالتوبۃ آیات، ۹۰، ۹۱)

اور بہانے بناونے والے گنوار آئے کہ انہیں رخصت دی جائے اور بیٹھ رہے وہ جنہوں نے اللہ اور رسول سے جھوٹ بولا تھا۔ جلد ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب پہنچے گا۔ ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں اور نہ بیماروں پر، اور نہ ان پر جنہیں خرچ کا مقدور نہ ہو، جب کہ اللہ اور رسول کے خیر خواہ رہیں نیکی والوں پر کچھ راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

جو مسلمان کسی شرعی عذر کے باعث جہاد میں عملی یا مالی یا لسانی طور پر شامل نہ ہو سکے اس پر لازم ہے کہ پیچھے رہ کر اللہ و رسول کی خیر خواہی میں مشغول رہے، مجاہدین کے بیوی بچوں کی دیکھ بھال اور حتی الامکان حفاظت پر مامور رہے۔ یہ بھی ایک طرح سے اس کا جہاد ہے۔

آیات قرآنی اور ارشادات ربانی کے واضح نصوص کثیرہ کے علاوہ چند احادیث طیبہ ذکر کی جاتی ہیں جن میں فرضیت جہاد کا واضح بیان ہے۔

(۱) امام اجل ابوبکر الجصاص رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند کے ساتھ حدیث بیان کرتے ہیں کہ حضرت بشیر بن الخصاصیۃ رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس سرکارِ انور ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض گذار ہوئے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ کس چیز پر مجھ سے اسلام کی بیعت لیں گے۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنا دست مقدس بڑھایا اور فرمایا: میں اس امر پر آپ سے بیعت لوں گا کہ آپ شہادت دیں کہ اللہ کے سوا عبادت کے لائق اور کوئی نہیں اور میں اس کا بندہ اور رسول ہوں۔ تو پانچ فرض نمازیں اپنے وقت پر ادا کرے، فرض زکوٰۃ ادا کرے، رمضان کے روزے رکھے اور بیت اللہ کا حج کرے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میں صرف دو چیزوں کی طاقت رکھتا ہوں، زکوٰۃ کی ادائیگی کے بارے میں عرض ہے کہ میرے پاس صرف اہل خانہ کی گذراوقات کے لئے ہے۔ رہا جہاد، سو میں بزدل ہوں، مجھے خوف ہے کہ میں ڈر کر بھاگ جاؤں گا۔ نبی اکریم ﷺ غضب ناک ہوئے۔ آپ ﷺ نے اپنا دست مقدس کھینچ لیا اور فرمایا:

marfat.com

یَابَشِیرُ! لَاجِهَادَوَلَاصَدَقَةَ فِیمَ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ

اے بشیر! اگر جہاد اور صدقہ (زکوٰۃ) نہ ہو تو جنت میں کیسے داخل ہوگا۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ اپنا دست مقدس بڑھایئے، آپ نے ایسا کیا تو میں نے ان تمام امور پر (جہاد اور زکوٰۃ سمیت) آپ کے دست اقدس پر بیعت کی۔(۶)

حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ(۷)

مشرکوں سے مال، جان اور زبان سے جہاد کرو۔(۸)

﴿۲﴾ حالات، اسباب اور واقعات کے اعتبار سے فرضیت جہاد دو نوع پر ہے۔

فرض کفایہ۔ فرض عین

---

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۵

(۷) ☆ الجصاص، ج۳، ص۱۱۵

(۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۵۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۰۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۷۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۴۵

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۴۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۳۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۰۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۴۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۹۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۴۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۶۳

marfat.com

(ا) **فرض کفایہ** : اگرحربی دارالاسلام کی کسی ایک سرحد یا سرحدوں یا شہر یا شہروں پرحملہ کردے یا ذمی معاہدہ توڑکرحربی بن جائے اوردارالاسلام کے کسی حصہ پر قبضہ کرلے یا کوئی باغی دارالاسلام کے کسی شہر پر قابض ہو جائے تو وہاں کے رہنے والوں پرفرض ہے کہ ان کا مقابلہ کرکے دشمن کو واپسی پر مجبور کردے وہ علاقہ، شہر، سرحدکو ان سے آزادکرالے۔ اگراس سرحد، شہر یا علاقہ والے دشمن کا مقابلہ کرنے کی طاقت رکھتے ہوں تو صرف ان پر جہادفرض ہے باقی مسلمانوں پرفرض نہیں، گویا بعض مسلمانوں کے فریضہءِ جہادادا کرنے سے باقی کے ذمہ سے ساقط ہوجائے گا۔

(ب) **فرض عین** : دارالاسلام کی سرحد، شہر یا علاقہ کے رہنے والے دشمن کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہ رکھتے ہوں اور عاجز ہوں تو قریب رہنے والے مسلمانوں پران کی امدادفرض ہے۔

اگردشمن دارالاسلام کی سرحدوں کے قریب آجائے اورابھی داخل نہ ہوا ہو پھربھی دارالاسلام کے تمام مسلمانوں پر جہاد کے لئے نکلنا فرض ہے۔ یہاں تک کہ اللہ کا دین غالب آجائے، سرحدیں محفوظ ہوجائیں۔ دشمن رسوا ہوجائے اوراس کی کمرٹوٹ جائے۔ ایسی صورت حال میں جہادفرض عین ہے۔(۹)

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۱۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۵۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۱۵۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۶۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۶۹

☆ تفسیر البحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۴۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۳۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ص ۱۴۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۳، ص ۲۴۴

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۴۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۲۹۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۶۳

marfat.com

﴿۳﴾ جہاد فرائض اسلام میں سے ہے اور باقی فرائض کی طرح قیامت تک باقی، نافذ، واجب الایمان، واجب العمل، محکم اور غیر منسوخ ہے، کوئی فرد، جماعت، حاکم، ہیئت مقتدرہ اسے منسوخ قرار نہیں دے سکتی۔ اس کی فرضیت کا انکار کفر اور اس کا ترک اشد حرام گناہ کبیرہ ہے۔ جہاد کی بقا اور نفاذ سے اسلام کی شوکت، غلبہ، سطوت، دارالاسلام اور مسلمانوں کا امن وامان وابستہ ہے۔ دین حقہ کی سربلندی اسی کی بدولت قائم ہے اور ان شاء اللہ قائم رہے گی۔ مسلمانوں کا جو گروہ جہاد سے اعراض کرتا ہے عزت سے محروم ہو جاتا ہے۔

قرآن مجید کی کثیرہ واضح البیان آیات کریمہ اور احادیث صحیحہ کثیرہ اس کی فرضیت کا اعلان فرما رہی ہیں۔

حضور سید عالم ﷺ نے فتح مکہ معظمہ کے روز اعلان فرمایا:

لاهجرة بعدالفتح، ولكن جهادٌ ونيّةٌ واذااستنفرتم فانفروا (۱۰)

فتح مکہ معظمہ کے بعد مکہ معظمہ سے ہجرت کی فرضیت ختم ہو چکی ہے (کیونکہ مکہ معظمہ اب دارالاسلام بن چکا ہے، اور دارالاسلام سے ہجرت کا کیا مقصد؟) البتہ جہاد اور نیت اخلاص (قیامت تک) باقی ہے اور جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو نکل پڑو۔

فائدہ جلیلہ:

سورہ توبہ، جس کا اکثر حصہ جہاد کے احکام ومسائل پر مشتمل ہے، میں سب سے پہلی آیت وہ اتری جو زیب عنوان ہے، اس میں جہاد کی فرضیت کا اعلان ہے۔ (۱۱)

---

(۱۰) رواہ مسلم (کتاب الامارہ، باب المبایعة) عن عائشة
ورواہ احمد والنسائی عن صفوان بن امیہ
ورواہ احمد والترمذی والنسائی عن ابن عباس بنحوالہ
بنحوالہ کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱۰، ح۲۲۵۰۴

(۱۱) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۶۹
الدرالمنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۰۸
احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص۱۱۳
احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۵۴
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۷۰
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۴۵

marfat.com

﴿۴﴾ اگر حاکمِ اسلام یا اس کا مقرر کردہ نائب مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ اسلامی ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرے اور اسے حفاظت میں عجز نہ ہو تو باقی مسلمانوں سے جہاد ساقط ہے۔ البتہ دشمن کا حملہ اگر اس شدت کا ہو کہ لشکر عاجز آجائے تو باقی مسلمانوں پر اس کی امداد بقدر امکان واستطاعت فرض ہے۔ یہاں تک کہ کفار مغلوب ہو کر جزیہ ادا کرنے پر راضی ہو جائیں یا دارالحرب میں واپس شکست خوردہ بھاگ جائیں۔ (۱۲)

﴿۵﴾ غزوہ تبوک میں حضور پرنور تاجدار کونین حامی وناصر ثقلین رحمۃ للعالمین ﷺ کی دعوت میں ہر مستطیع صحابی کے لئے جہاد میں نکلنا فرض تھا۔ ان میں کسی کے لئے تخلُّف (پیچھے رہ جانا) جائز نہ تھا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ☆

(سورۃ التوبۃ آیت، ۱۲۰)

مدینہ والوں اور ان کے گرد دیہات والوں کو لائق نہ تھا کہ رسول اللہ سے پیچھے بیٹھ رہیں اور نہ یہ کہ ان کی جان سے اپنی جان پیاری سمجھیں۔ یہ اس لئے کہ انہیں جو پیاس یا تکلیف یا بھوک اللہ کی راہ میں پہنچتی ہے اور جہاں ایسی جگہ قدم رکھتے ہیں، جس سے کافروں کو غیظ آئے اور جو کچھ کسی دشمن کا بگاڑتے ہیں، ان سب کے بدلے ان کے لئے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بیشک اللہ نیکوں کا ''نیگ'' ضائع نہیں کرتا۔

حضور انور ﷺ کے دیگر غزوات کا یہ عالم نہ تھا اور قیامت تک جہاد کی وہ اشد فرضیت کسی اور مقام پر متحقق نہ ہو سکی اور ان شاء اللہ متحقق نہ ہو سکے گی، کیونکہ اب کسی نئے نبی کی بعثت محال ہے۔ (۱۳)

(۱۲) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۳، ۱۱۴

(۱۳) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۲

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۵۴

تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۹

تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۴

marfat.com

﴿۶﴾ حاکمِ اسلام پرفرض ہے کہ ہرسال (یاکم وبیش وقت میں، جیسا کہ حالات کا تقاضا ہو) ایک لشکر دشمن کی سمت اپنی سرحد پر روانہ کرے اور وہ خود یا اس کا معتمد نائب ان کے ساتھ نکلے۔ وہ دشمن کو دعوتِ اسلام دے اور ان کے عوام کی تکلیف کو دور کرے۔ دینِ اسلام کو ان پر غالب کریں یہاں تک کہ وہ اسلام میں داخل ہو جائیں یا جزیہ دینے پر رضامند ہو جائیں یا وہ اپنے دارالحرب میں امن سے رہنے کا معاہدہ کرلیں۔

فائدہ جلیلہ:

دورِ جدید میں اسلامی لشکر کا جنگی مشقیں کرنا اسی کی جدید صورت ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہیں، اسلامی لشکر کی تیاریوں کا حال معلوم کر کے دشمن خوفزدہ اور مغلوب رہتا ہے۔ ''امن کے لئے جنگ کی تیاری رکھو'' کا اُصول مسلّمہ ہے۔ (۱۴)

﴿۸﴾ جہاد میں شہادت پانے والے شہداء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو حیات جاودانی نصیب ہوتی ہے۔ وہ اللہ کے ہاں زندہ ہیں۔ رزق دیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی نوازشات پر وہ فرحت محسوس کرتے ہیں۔ انہیں ''مردہ'' کہنا یا سمجھنا کفر اور آیات ربانی کا انکار ہے۔ رب جلیل جل شانہ ارشاد فرماتا ہے:

وَلَاتَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۔ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ ☆ (۱۵)

اور جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں، ہاں تمہیں خبر نہیں۔

نیز شہداء کرام کے بارے میں ان کا رب کریم جل جلالہ ارشاد فرماتا ہے۔

وَلَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۔ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ☆ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۔ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ ☆ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۔ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَايُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ☆ (۱۶)

---

(۱۴) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان ج ۸ ص ۱۵۲

(۱۵) سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۴

(۱۶) سورہ آل عمران آیات ۱۶۹، ۱۷۰، ۱۷۱

marfat.com

اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہرگز انہیں مردہ خیال نہ کرنا، بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں، روزی پاتے ہیں، شاد ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا اور خوشیاں منا رہے ہیں کہ اپنے پچھلوں کی، جو ابھی ان سے نہ ملے۔ ان پر نہ کچھ اندیشہ ہے اور نہ غم۔ خوشیاں مناتے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل کی، اور یہ کہ اللہ اجر ضائع نہیں کرتا مسلمانوں کا اجر۔

حیات، رزق پانا، اللہ کی عطاؤں پر فرحت پانا، پچھلوں کی خوشیاں محسوس کرنا، اندیشہ اور خوف سے آزاد ہونا اور اللہ تعالیٰ کے انعامات اور فضل سے بشارت حاصل کرنا۔ یہ زندوں کی علامات ہیں، انہیں مردہ کیسے کہا اور سمجھا جا سکتا ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنے فضل و کرم سے ان کے اجسام کو محفوظ رکھتا ہے۔ عام طور پر مرنے کے کچھ دیر بعد انسانی جسم متعفن ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ شہداء کرام کے بدنوں کو موجب تعفن عفونت کو دور کر دیتا ہے۔ یہی کیفیت اولیاء، صلحاء، اتقیاء اور انبیائے کرام کو حاصل ہے۔ انبیائے کرام کے بارے میں حضور امام الاتقیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے۔

انَّ اللہَ تعالٰی حَرَّمَ علی الْاَرْضِ انْ تَاْکُلَ اَجْسَادَالْاَنْبِیَآءِ(۱۷)

اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کیا ہے کہ وہ انبیاء کے بدنوں کو کھائے۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے جب یہ آیت تلاوت فرمائی.....

انْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ☆

(سورۃ التوبۃ آیت ۴۱)

کوچ کرو ہلکی جان سے، چاہے بھاری دل سے، اور اللہ کی راہ میں لڑو اپنے مال اور جان سے، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر جانو۔

تو اپنے بچوں سے فرمایا: میرا سامانِ جہاد تیار کرو، بچوں نے اپنے بوڑھے باپ سے عرض کیا، ہم جہاد کے

رواہ الائمہ احمد و ابو داؤد و النسائی و ابن ماجہ و ابن حبان و الحاکم عن اوس بن اوس بحوالہ کنز العمال فی سنن الاقوال و الافعال، ج ۱۱، ح ۳۲۲۴۴

marfat.com

لئے کافی ہیں، باپ کے اصرار پر ان کا سامان تیار کیا گیا، جہاد میں شریک ہونے کے لئے کشتی پر سوار ہوئے، کشتی میں ہی وصال فرمایا، ان کے دفن کے لئے کوئی جزیرہ راستے میں نہ ملا، سات روز کے بعد ساحل پر پہنچ کر دفن ہوئے، لیکن اس عرصہ میں ان کا جسم عفونت زدہ ہونے سے محفوظ رہا۔

شہداء کو یہ انعامات دنیا میں ملتے ہیں، عقبیٰ یقیناً اس سے بہتر ہوگی۔ لہٰذا جب موقعہ ملے تو بندۂ مومن جہاد میں شریک ہو، زندہ رہا تو غازی اور غنیمت پائے گا، شہادت پا گیا تو مراد کو پہنچا۔ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا (۱۸)

﴿۸﴾ ''جہاد''.....

☆ فساد

☆ ملک گیری کی ہوس

☆ مالِ غنیمت کے حصول کی تمنا

☆ جُرأت و بسالت کا اظہار

☆ اظہار تفاخر

☆ حصول تمغہ جات و اعزازات

☆ غازی یا شہید کہلانے کی خواہش

☆ خونریزی و تشدد

☆ مخلوقِ خدا کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کا عزم

---

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۱۱۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۳، ص ۳۵۹

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۴۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبد الرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۰۹

☆ صحیح ابن حبان بترتیب ابن بلبان، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالہ بیروت، طبع ثالثہ، ج۱۶، ص ۲۰۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسوی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۴۳۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۵۰

marfat.com

☆ یا تاریخ عالم میں عمدہ اور بڑے کارناموں کی فہرست میں اضافہ اوران میں اپنا نام درج کرنے کے عزم بالجزم کا نام نہیں۔ اگر کوئی ایسا کہتا یا سمجھتا ہے یا لکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ ورسول اللہ ﷺ کی تعلیمات کا سخت مخالف، حقائق سے دور اور سخت غلط فہمی، یا حسد وعناد کا شکار اور فساد پھیلانے والا ہے۔

ہاں ہاں ''جہاد'' نام ہے:

☆ اللہ تعالیٰ جل شانہ اور اس کے محبوب رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کا

☆ دفع فساد کا

☆ اعلائے کلمۃ اللہ کا

☆ شوکتِ اسلام قائم کرنے کا

☆ اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک لہ کی زمین پر اسی کا نظام نافذ کرنے کا

☆ خلیفۃ اللہ حضور رسول اللہ ﷺ کی اتباع اور رِضا میں مال، جان، عزت، آبرو، وطن، خاندان اور تمام دنیوی تعلقات قربان کردینے کا

☆ اللہ ورسول کے نافرمان مجرموں اور باغیوں کو اس کی مقرر کردہ سزا دینے کا

☆ مخلوقِ خدا کو مادر پدر آزادی، جبر وتسلط، ظلم وتشدد اور غلط کاریوں سے روکنے کا

☆ غلبہءِ اسلام کے قائم کرنے اور رکھنے کا

☆ قرآن وسنت، اجتہاد، فقہ اور شرائع اسلام کی حفاظت کا

☆ زیردستوں اور مظلوموں کی دادرسی، فریادرسی اور عملی ہمدردی کا

☆ بین الاقوامی طور پر قیام امن وصلح کا

☆ اقوام عالم کو ان کے جائز حقوق دلانے کا

☆ اطاعت امیر کے اسلامی حکم پر عملی اقدام کا

☆ بین الاقوامی معاہدات کی پاسداری کا

☆ مُثلہ کی ممانعت کا

marfat.com

☆ عورتوں، بچوں، معذوروں، مذہبی پیشواؤں کو دورانِ جنگ قتل نہ کرنے کا

☆ میعادِ معاہدہ سے قبل جنگ کی ممانعت کا

☆ اظہارِ اسلام پر قتال سے دست برداری کا

☆ لوٹ مار کی ممانعت کا

☆ بدنظمی اور انتشار کی ممانعت کا

☆ غیر جانبداروں سے عدم تعرض کا

☆ پناہ چاہنے والے غیر مسلموں کو پناہ دینے کا

☆ غیر اہل قتال کے قتال کی ممانعت کا

☆ سفیروں کے قتل کی ممانعت کا

☆ مالِ غنیمت سے قبلِ تقسیم خفیہ طور پر کچھ نہ لینے کا۔ وغیرہ۔

''جہاد'' کے مذکورہ فلسفہ پر قرآن وحدیث، سنت رسول اللہ ﷺ، اخیارِ امت، ابرارِ قوم اور بین الاقوامی طور پر مُسلّم مُسلِم قائدین کا طرزِ عمل شاہد عادل ہے، یہ بے غبار حقیقت سورج وچاند سے زیادہ روشن ہے، سلیم الفطرت حضرات اس سے بخوبی واقف ہیں۔ البتہ حسد، عناد، جہل، تعصب اور تشدد کے پرچارکوں کو یہ حقائق نظر نہیں آتے، یا وہ ان حقائق کو قصداً مسخ کرنے پر کمر بستہ ہیں۔ روشن دن میں اگر چمگادڑ کو سورج نظر نہ آئے تو اس میں قصور سورج کا نہیں اس کی فطرت کی کجی ہی اس کے لئے مانع ہے۔

قرآن وسنت اور تاریخ عالم کے ناقابل تردید چند شواہد اپنی چشم بصیرت سے دیکھ لیجئے، ان شاء اللہ سلیم الفطرت کے لئے کافی ہوں گے۔ دلائل کے پہاڑ اور انبار بھی بد باطن کے لئے ناکافی ہوتے ہیں۔

ارشاد ربانی ہے۔

(۱) وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَاتَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ الایۃ (سورۃ الانفال، آیت ۳۹)

اور ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فساد باقی نہ رہے اور سارا دین اللہ ہی کا ہو جائے۔

marfat.com

(ب) لَایَنْهٰکُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ لَمْ یُقَاتِلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ وَلَمْ یُخْرِجُوْکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَیْهِمْ ۔ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ ☆ اِنَّمَا یَنْهٰکُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِیْنَ قٰتَلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ وَاَخْرَجُوْکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓی اِخْرَاجِکُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۔ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ☆

(سورۃالممتحنۃ آیات،۸،۹)

اللہ تمہیں اس سے منع نہیں کرتا جو تم سے دین میں نہ لڑیں اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہ نکالا کہ ان کے ساتھ احسان کرو اور ان سے انصاف کا برتاؤ برتو، بے شک انصاف والے اللہ کو محبوب ہیں۔

اللہ تمہیں انہی سے منع کرتا ہے جو تم سے دین میں لڑے یا تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا یا تمہارے نکالنے پر ان کی مدد کی کہ ان سے دوستی کرو، جو ان سے دوستی کرے وہی ستم گار ہیں۔

مسلمانوں سے دین میں لڑنے والوں، لڑنے والوں کی مدد کرنے والوں، مسلمانوں کو گھروں سے نکالنے والوں، نکالنے والوں کی مدد کرنے والوں سے دوستی منع ہے، ان سے جہاد جائز بلکہ فرض ہے، اس کے علاوہ دیگر امن پسند کافروں سے احسان اور انصاف کا برتاؤ اور دنیوی معاملات، معاہدات کی پاسداری جائز ہے۔

پناہ کے طالب کافروں کا حکم اللہ رب العزت جل شانہ نے یہ بیان فرمایا ہے۔

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ اسْتَجَارَکَ فَاَجِرْهُ حَتّٰی یَسْمَعَ کَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۔ ذٰلِکَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا یَعْلَمُوْنَ ☆

(سورۃالتوبۃ آیت،٦)

اور اے محبوب! اگر کوئی مشرک تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو کہ وہ اللہ کا کلام سنے، پھر اسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دو، یہ اس لئے کہ وہ نادان لوگ ہیں۔

مُوالات (دلی دوستی) کی دو قسمیں ہیں۔

اول: حقیقیہ

دوم: صوریہ

موالات حقیقیہ چند نوع پر ہے۔

marfat.com

(ا) رُکن،.....دل کا ادنیٰ میلان

(ب) وَدَاد،.....محبت

(ج) اِتحاد،.....دوسرے سے مل جانا

(د) اِلْقِیَاد،.....اپنی خواہش سے بے خوف طمع دوسرے کی اتباع

(ہ) تَبَتُّل،..... پوری طرح دوسرے کا تابع فرمان ہو جانا۔

دوم: موالات صوریہ، اس کی چند نوع ہیں۔

(ا) برتاؤ: اس کی صورت یوں ہے کہ دل کافر کی طرف اصلاً مائل نہ ہو مگر برتاؤ وہ کرے کہ جو بظاہر محبت و میلان کا پتا دیتا ہو۔

یہ بحالت ضرورت و مجبوری صرف بقدر ضرورت و مجبوری مطلقاً جائز ہے۔

(ب) مدارات: محبت نما برتاؤ۔

(ج) بِرّ: احسان۔

(د) اِقْسَاط: عدل و انصاف کا برتاؤ۔

(ہ) معاشرت: معاملات دنیویہ میں میل جول۔

(و) مداھنت: کافروں فاسقوں سے میل جول میں دینی امور میں سُستی اختیار کرنا۔

(ز) مجرد مُعاملت: معاملات دنیویہ مثلاً لین دین، خرید و فروخت، اجارہ، کرایہ، استصناع (کچھ رقم دیکر کوئی چیز بنوانا) وغیرہ۔

مُعاملت سوائے مرتد کے ہر کافر و مشرک سے جائز ہے۔ اور مُوالات ہر کافر و مشرک سے حرام ہے۔

بقدر ضرورت و مجبوری ان سے مدارات، برّ، اقساط اور معاشرت جائز ہے۔

ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کی جنگ (جہاد) اور کافروں کی جنگ کے موازنہ میں چند مثالیں پیش کر دی جائیں تا کہ اسلام کے خلاف ''تشدد اور دہشت گردی'' کے الزامات کی حقیقت کھل جائے۔ مگر پہلے ایک امر

marfat.com

کی وضاحت ضروری ہے کہ کوئی گروہ، جو اسلام کا نام استعمال کرتا ہو مگر اسلامی تعلیمات کا پابند نہ ہو اس کے عمل کی ذمہ داری مسلمانوں پر عائد نہ ہوگی، اسلامی تعلیمات سے اس کا کوئی تعلق نہیں اور نہ اسلام ان کے مَن مانے کردار کا جواب دہ ہے۔ ان کے کرتوتوں سے اسلام کا دامن پاک ہے۔ صاحبِ سیف رسول حضور رحمۃ للعالمین ﷺ نے دعوتِ اسلام کے تیرہ سال مکہ معظّمہ میں گذارے، دشمنوں کی ایذاؤں کے باوجود آپ ﷺ نے حکم ربانی کے تحت ہمیشہ درگذر سے کام لیا۔ ہجرت مدینہ طیبہ کے دوسرے سال غزوۂ بدر کا معرکہ ہوا اور پھر غزوۂ احد، غزوۂ احزاب، غزوۂ موتہ، فتح مکہ، غزوۂ خیبر، غزوۂ طائف وحنین وتبوک وغیرہ معرکے پیش آئے۔

متعدد فوجی دستے آپ ﷺ نے اطراف میں روانہ فرمائے۔ جنہیں سیرت کی اصطلاح میں "سَرِیَّہ" کہتے ہیں۔ اربابِ سِیَر اور محدثین نے بتایا ہے کہ حضور ﷺ کی جہاد کی حیاتِ مبارکہ ۲ھ تا ۱۰ھ یعنی صرف آٹھ برس ہے، جس میں سولہ یا اٹھارہ غزوات ہیں اور باقی چونسٹھ کے قریب دوسرے سفر ہیں جو مختلف اغراض ومقاصد کے لئے اختیار کئے۔ (۱۹)

ان غزوات میں مسلمانوں اور کافروں کا جو نقصان ہوا، وہ حسب ذیل ہے۔

شہادت پانے والے مسلمان =	۴۵۹
زخمی مسلمان =	۱۲۷
اسیر مسلمان =	۱
مجموعہ =	۵۸۷
مقتول کافر =	۷۵۹
اسیر کافر =	۶۵۶۴
مجموعہ =	۷۳۲۳ (۲۰)

(۱۹) بخاری شریف، ج ۲، ص ۲۴۲

عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری، ج ۱۸، ص ۷۹

(۲۰) رحمۃ للعالمین، مصنفہ قاضی محمد سلیمان، سلمان منصور پوری، مطبوعہ شیخ غلام اینڈ سنز، لاہور، ج ۲، ص ۲۱۹

marfat.com

غزوہ حنین کے (۶۴۳۷) قیدی ازراہ لطف واحسان بغیر کسی شرط کے آزاد فرمادیئے، جن کی تقریب یوں ہوئی کہ ان قیدیوں میں حضور سرورعالم ﷺ کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہ کے قبیلہ کے لوگ شامل تھے، اس رشتہ داری کے حوالہ سے انہوں نے رہائی کی درخواست کی۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم ایسا کرنا جب ہم نماز ظہر باجماعت ادا کرچکیں تو تم میں کوئی ہم سے ان کلمات سے استغاثہ کرے:

فَقُوْمُوْا فَقُوْلُوْا اِنَّانَسْتَعِیْنُ رَسُوْلَ اللّٰہِ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اَوِالْمُسْلِمِیْنَ فِیْ نِسَآئِنَاوَاَبْنَائِنَا (۲۱)

نماز کے بعد کھڑے ہوکر کہنا: یارسول اللہ! ہم اپنی عورتوں اور بیٹوں کے بارے میں مسلمانوں سے رہائی کے لئے آپ سے مدد چاہتے ہیں۔

چنانچہ حضور پرنور ﷺ نے ان کے چھ ہزار سے زائد قیدی ازراہ لطف وکرم بغیر فدیہ کے آزاد کردیئے۔ (۲۲)

اب ذرا دور جدید کے تہذیب وتمدن کے مدعیان کا حال پڑھیے، کہنے کو تو وہ، کُتّے، بلّی کی جان بچانے میں کوشش کرتے ہیں لیکن ان کی درندگی کا یہ حال ہے کہ.....

۱۴/ اگست ۱۹۱۴ء سے شروع ہونے والی جنگ عظیم اول ۳/ مارچ ۱۹۱۷ء کو جب ختم ہوئی تو چھوٹی قوموں کو آزادی دلانے کے بہانے لاکھوں نفوس اور کھربوں روپیہ خاک وخون میں ملادیا گیا۔

روزنامہ ''ہمدم'' بمبئی کی اشاعت مجریہ ۱۷/ اپریل ۱۹۱۹ء کے مطابق افراد کے نقصان کی تفصیل یوں ہے۔

مقتولین روس = ۱۷ لاکھ

مقتولین جرمنی = ۱۶ لاکھ

مقتولین فرانس = ۱۲ لاکھ ستر ہزار

مقتولین اٹلی = ۴ لاکھ ساٹھ ہزار

مقتولین اسٹریا = ۸ لاکھ

(۲۱) رواہ النسائی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ، ج ۲، ص ۱۳۶

(۲۲) رحمۃ للعالمین، مصنفہ قاضی محمد سلیمان، سلمان منصورپوری، مطبوعہ شیخ غلام اینڈ سنز، لاہور، ج ۲، ص ۲۲۰

marfat.com

مقتولین برطانیہ= ۷لاکھ

مقتولین ترکی= دولاکھ بچاس ہزار

مقتولین بلجئیم= ایک لاکھ دو ہزار

مقتولین بلغاریہ= ایک لاکھ

مقتولین رومانیہ= ایک لاکھ

مقتولین سریانٹی لنگر= ایک لاکھ

مقتولین امریکہ= پچاس ہزار

برطانیہ اور فرانس کی نوآبادیوں کی تعداد اور زخمیوں، اسیروں اور گم شدگان کی تعداد اس میں شامل نہیں۔ (۲۳)

جنگ عظیم دوم (۱۹۳۹ء تا ۱۹۴۵ء) صرف جانی نقصان ملاحظہ ہو۔ املاک، جانور، تجارت، معیشت وغیرہ کا نقصان اندازہ میں نہیں آسکتا۔

مقتولین برطانیہ، امریکہ وغیرہ اتحادی افواج= ایک کروڑ چھ لاکھ پچاس ہزار

مقتولین فریقین کا مجموعی اندازہ= ایک کروڑ پچاس لاکھ

مقتولین روس= پچھتر لاکھ

مقتولین جاپان= پندرہ لاکھ پچاس ہزار

مقتولین جرمنی= اٹھائیس لاکھ پانچ ہزار (۲۴)

اب ذرا حالیہ امریکہ، برطانیہ، فرانس، جرمنی وغیرہ تین درجن کے قریب اتحادیوں نے (جن میں دنیا کی ایٹمی ریاستیں بھی شامل ہیں) نہتے، بے گناہ مسلمان افغانیوں پر ہر قسم کے جدید ترین مہلک اسلحہ کی بوچھاڑ اس طرح کی کہ آسمان سے بارش نازل ہو رہی ہے۔ اسلامی ملک افغانستان کا کوئی چپہ بمباری سے محفوظ نہ رہا۔ شہری آبادی، ہسپتالوں، تعلیمی مراکز، مدارس اسلامیہ، مساجد اور اکثر اولیاء، صلحاء کے مزارات کو ملیامیٹ کر دیا۔

(۲۳) رحمۃ للعالمین، مصنفہ قاضی محمد سلیمان، سلمان منصور پوری، مطبوعہ شیخ غلام اینڈ سنز، لاہور، ج ۲، ص ۲۲۰، ۲۲۱

(۲۴) انسائیکلوپیڈیا آف برطانیہ / بحوالہ ضیاء النبی، ج ۷، ص ۵۷۷

marfat.com

ہاں تو سوال کیجئے ان مظلوموں کا گناہ کیا ہے؟ کیا یہ کسی سلطنت، حکومت کے خلاف حملہ آور ہوئے ہیں؟ کیا انہوں نے بین الاقوامی معاہدات کی خلاف ورزی کی ہے؟ اِن جیسے سب سوالوں کا ایک ہی جواب ہے کہ ''یہ راسخ العقیدہ اور راسخ العمل مسلمان ہیں۔ مسلمان ہونا ہی ان کا ناقابل معافی گناہ ہے''۔ استغفر اللہ.

اسلامی ملک افغانستان کی تباہی ہلاکو اور چنگیز کی بربریت سے کسی طرح کم نہیں۔ اب تو نیا محاورہ بن چکا ہے کہ تمہیں ''تورابورا'' بنادیں گے۔

یاد رہے ''تورابورا'' افغانستان کا وہ شہر ہے جس کے کھنڈرات ہی اس کی عظمت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ ''تورابورا'' اب کھنڈرات کے مترادف بن گیا ہے۔

مذکورہ بالا اجمالی خاکہ ''جہاد اور کافروں کی جنگ'' کے موازنہ کا نقشہ پیش کرتا ہے، جس سے ظاہر وعیاں ہے کہ:

(ا) جہاد دفع فساد ہے خونریزی نہیں۔ ایک ہزار کے قریب جانوں کے نقصان سے اسلام نے انقلاب برپا کر دیا اور تمام دنیا میں اپنے اثرات مترتب کئے۔

(ب) کافروں کی جنگ فساد، شر، بربادی، خونریزی اور تباہی ہے۔ اس میں لاکھوں کیا، کروڑوں قیمتی جانوں کے ضیاع کی پرواہ نہیں کی جاتی ہے۔ اس لئے مسلمان پر جہاد فرض ہے اور جنگ وجدال سے بچنے کا حکم ہے۔ (۲۵)

﴿۹﴾ جہاد اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف سے مخلوق کے لئے رحمت اور برکت کا باعث ہے۔ دفعِ فساد ہے اگر دنیا سے جہاد اٹھالیا جائے تو ہر طرف فساد ہی فساد رہ جائے۔ اس مشکل حقیقت تک رسائی کے لئے ارشادات ربانی ہماری راہنمائی فرماتے ہیں۔

(ا) اَلَّذِیْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ بِغَیْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ یَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۔ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

---

(۲۵) تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۰
احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۵
احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۵۴
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۶۹
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۳۷

marfat.com

بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۔ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ☆ (سورۃالحج آیت، ۴۰)

وہ جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے صرف اتنی بات پر کہ انہوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، اور اللہ اگر آدمیوں میں ایک کو دوسرے سے دفع نہ فرماتا تو ضرور ڈھادی جاتیں خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں، جن میں اللہ کا بکثرت نام لیا جاتا ہے اور بیشک اللہ ضرور مدد فرمائے گا اس کی جو اس کے دین کی مدد کرے گا۔ بیشک ضرور اللہ قوت والا غالب ہے۔

آیت مبارکہ نے بتایا کہ کافروں کی طرف مسلمانوں کو ایذا ''اسلام لانے'' کی دی جاتی ہے، اور اگر اللہ تعالیٰ جہاد کے ذریعے ان کا فساد دور نہ فرمائے تو تمام عبادت گاہیں مٹادی جائیں۔

(ب) وَاُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۔ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ ☆ (سورۃالحج آیت، ۳۹)

پروانگی عطا ہوئی انہیں جن سے کافر لڑتے ہیں اس بنا پر کہ ان پر ظلم ہوا، اور بے شک اللہ ان کی مدد پر ضرور قادر ہے۔

جہاد کی اجازت ہجرت مدینہ طیبہ کے دوسرے برس نازل ہوئی اس سے پہلے مسلمانوں کو ایذائیں دی گئیں، انہیں اپنے گھروں سے، وطن سے نکالا گیا۔ گویا جہاد کفار کے اعمال کا بدلہ ہے۔

(ج) جہاد کی اجازت جس پس منظر میں دی گئی اس کا حال پڑھئے۔

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ☆

اور اللہ کی راہ میں لڑو ان سے جو تم سے لڑتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو، اللہ پسند نہیں رکھتا حد سے بڑھنے والوں کو۔

(سورۃ البقرہ آیت، ۱۹۰)

یعنی اذنِ جہاد اس لئے دیا گیا کہ اللہ و رسول (جل وعلا ﷺ) اور مسلمانوں کے دشمن، مومنوں سے لڑتے ہیں۔ مکافاتِ عمل کے طور پر مسلمانوں پر جہاد فرض ہوا۔ گویا لڑائی کی پہل کافروں کی طرف سے ہوئی، مسلمان دفاع پر مجبور و مامور ہوئے۔ نیز مسلمانوں کو ہدایت کی گئی کہ حد سے تجاوز نہ کرنا، ورنہ تم بھی مجرم بن جاؤ گے۔

marfat.com

(۹) ظلم، قتال اور جنگ کا بدلہ لینے میں برابر کا بدلہ لینا لازمی ہے اور جس پر زیادتی ہو وہ اپنی زیادتی کی مقدار بدلہ لے سکتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

فَمَنِ اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَیْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰی عَلَیْکُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ☆ (سورۃ البقرۃ آیت، ۱۹۴)

تو جو تم پر زیادتی کرے اس پر زیادتی کرو اتنی ہی جتنی اس نے کی اور اللہ سے ڈرتے ہو، اور جان رکھو کہ اللہ ڈر والوں کے ساتھ ہے۔

مومن پر فرض ہے کہ جہاد ایسی رحمت الٰہی کے حصول میں حتی المقدور کوشش کرے اور اسے رحمت و برکت ہی رکھے۔ اسلامی ہدایات کی خلاف ورزی کر کے جہاد کو اپنے اور مخلوق خدا کے لئے وبالِ جان نہ بنا دے۔ (۲۶)

(۱۰) جہاد اسلام کے فرائض میں سے اہم فرض ہے۔ ایمان باللہ اور ایمان بالرسل کے بعد سب سے زیادہ تاکیدی فرض جہاد ہے۔ قیام جہاد کے لئے بعض حالات میں نماز کی جماعت ساقط ہو جاتی ہے اور بعض حالات میں نماز قضا کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ غزوہ احزاب میں سید عالم سید المرسلین ﷺ نے ہجوم اعداء کے باعث عصر کی نماز قضاء کی۔

جہاد سے اظہارِ اسلام اور ادائے فرائض ممکن ہے۔

ترکِ جہاد میں (العیاذ باللہ) غیر مسلموں کا غلبہ، دین کی رسوائی متوقع ہو جاتی ہے۔ اس لئے جہاد کو فساد، عناد، غارت گری اور دہشت گردی ایسے غیر مہذب کلمات سے بیان کرنا کفر اور توہینِ فرضِ اسلام ہے۔ (۲۷)

(۱۱) قرآن مجید اور حدیث شریف میں فرائض کے ضمن میں اکثر وہ فرائض بیان ہوتے ہیں جو انسان کو عام طور پر لاحق ہوتے ہیں مثلاً نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ، مگر اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ صرف بیان کردہ امور ہی

---

(۲۶) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ص ۴۳۷

(۲۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۵

☆ رواہ البخاری عن علی، ج ۲. ص ۹۹۰، ج ۱. ص ۸۴

marfat.com

فرائض ہیں، بلکہ بعض وہ فرائض ہیں جو کبھی کبھار پیش آتے ہیں ان کو عام طور پر بیان نہیں کیا جاتا، حالانکہ وہ بھی فرائض ہیں۔ مثلاً امر بالمعروف ونہی عن المنکر، اقامتِ حدود، علوم دینیہ کا سیکھنا ہر شخص پر بقدر ضرورت، مُردوں کو غسل دینا، کفن دینا، دفن کرنا فرائض ہیں۔ گویا عدم بیان، بیانِ عدم نہیں نیز عدم بیان سے نفی لازم نہیں آتی۔ (۲۸)

﴿۱۲﴾ جہاد کو ترک کرنے والی قوم پر اللہ تعالیٰ ذلت ورسوائی مسلط کر دیتا ہے۔ وہ مسلمان جماعت ہمیشہ غیروں کے تابع ہو کر رہتی ہے۔ البتہ جب جہاد قائم کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں عزت دیتا ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاضَنَّ النَّاسُ بِالدِّیْنَارِ وَالدِّرْهَمِ وَتَبَایَعُوْا بِالْعِیْنَةِ وَتَبِعُوْا اَذْنَابَ الْبَقَرِ وَتَرَکُوا الْجِهَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ اَدْخَلَهُ اللهُ عَلَیْهِمْ ذُلًّا لَایَرْفَعُهُ عَنْهُمْ حَتّٰی یُرَاجِعُوْا دِیْنَهُمْ. (۲۹)

جب لوگ درہم ودینار (روپے پیسے) کے بارے میں بخل سے کام لیں اور نیکی کے کاموں میں خرچ نہ کریں اور خریدیں ادھار اور بیچیں نقد (تاکہ نفع حاصل کریں) اور کھیتی باڑی میں مشغول ہو جائیں اور اللہ کی راہ میں جہاد ترک کر دیں اللہ تعالیٰ ان پر رسوائی مسلط کر دیتا ہے۔ وہ رسوائی ان سے نہیں دور کرتا یہاں تک کہ وہ اپنے دین حق کی طرف رجوع نہ کر لیں۔ (۳۰)

﴿۱۳﴾ جہاد ایک منظّم عبادت ہے۔ شریعت مقدسہ نے اس کے نظم وترتیب اور آداب بیان فرما دیئے ہیں۔ ان آداب اور امور کی خلاف ورزی سے جہاد، جہاد نہ رہے گا۔ بلکہ ظالمانہ اور بے ہنگم جنگ میں تبدیل ہو جائے گا۔ چند آداب یہ ہیں۔

(۱) ابتداء سے انتہاء تک اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری رہے اور اللہ تعالیٰ کے ذکر وبرکت سے فتح حاصل کی جائے۔

اپنا زور، ہتھیار، اسلحہ اور دیگر اسباب کے استعمال کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی تائید کے لئے متوجہ رہے، فتح اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

(۲۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۶

(۲۹) ☆ رواہ الائمہ ابن حبان والطبرانی والبیهقی عن ابن عمر بحوالہ

☆ جامع صغیر، ج ۱، ص ۴۹

(۳۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۱۶

marfat.com

وَمَاالنَّصْرُاِلَّامِنْ عِنْدِاللهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ☆[1] (سورۃالانفال آیت،۱۲۶)

اور مدد نہیں مگر اللہ غالب حکمت والے کے پاس سے۔

حضور سید المجاہدین فی سبیل اللہ رحمۃ عالم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

اِنْطَلِقُوْا بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ ..... الحدیث (۳۱)

جہاد میں اللہ کے نام اور اس کی برکت کے ساتھ اور رسول اللہ ﷺ کی ملت کے تابع ہو کر نکلو۔

(ب) جہاد اس وقت فرض ہوگا جب معقول مقدار میں سامانِ حرب موجود ہو اور لڑائی پر قدرت رکھتا ہو، نیز گمان غالب ہو کہ اس سے شوکتِ اسلام بڑھے گی اور اگر اس کی امید نہ ہو تو جائز نہیں کہ خود کو ہلاکت میں ڈالے۔

(ج) کفار سے جب مقابلہ کی نوبت آئے تو ان کے گھروں کو آگ لگا دینا اور اموال، درختوں اور کھیتوں کو جلا دینا اور تباہ کر دینا سب جائز ہے، یعنی جب معلوم ہو کہ اگر ایسا نہ کیا تو فتح میں سخت مشقت اٹھانی پڑے گی اور اگر فتح کا گمان غالب ہو تو اموال وغیرہ تلف نہ کریں کہ عنقریب مسلمانوں کو ملیں گے۔

(د) جہاد کے لئے جب کوئی دستہ، گروہ، لشکر یا جماعت روانہ ہو تو حاکمِ اسلام یا اس کا نائب اس لشکر پر ایک امیر مقرر کرے جس کی اطاعت لازم ہو۔ حدیث شریف میں ہے۔

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ اِذَابَعَثَ اَمِيْرًاعَلٰى سَرِيَّةٍ اَوْجَيْشٍ اَوْصَاهُ بِتَقْوَى اللهِ فِىْ خَاصَّةِ نَفْسِهٖ وَ بِمَنْ مَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا. (۳۲)

رسول اللہ ﷺ جب کسی جماعت یا لشکر پر کسی کو امیر مقرر کرتے تو اسے خود اپنے بارے میں اور مسلمان ہمراہیوں کے بارے میں نیکی کا حکم فرماتے۔

(ہ) ضرورت کے مطابق، دشمن کے مقابلہ کے وقت ہر قسم کے قدیم اور جدید ہتھیار اور اسلحہ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ انسانی جان اگرچہ قابل تعظیم ہے مگر جو جان اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی باغی ہے وہ قابل تعظیم نہیں۔ حرمت اور عزت اللہ و رسول کے تعلق سے ہوتی ہے۔ لاتعلقی سے نہیں۔

---

(۳۱) ☆ رواہ ابوداؤد عن انس (کتاب الجہاد)، ج ۱، ص ۳۵۹

(۳۲) ☆ رواہ ابوداؤد عن بریدہ، ج ۱، ص ۳۵۸

marfat.com

حضور سید عالم ﷺ نے ''رمی'' کے بارے میں خاص تاکیدی حکم دیا۔ رمی کے معنی و مفہوم میں ہر ہتھیار اور اسلحہ کا نشانہ مستحکم کرتا ہے۔ صحیح مرفوع حدیث شریف میں ہے:

عَلَیْکُمْ بِالرَّمْیِ فَاِنَّهٗ مِنْ خَیْرِ لَهْوِ کُمْ (۳۳)

وَفِیْ رِوَایَةٍ مِنْ خَیْرِ لَعِبِکُمْ (۳۴)

نشانہ بازی سیکھو کہ تمہارے لئے اچھا کھیل ہے۔

اس لئے ہر قدیم اور جدید ترین اسلحہ تیار کرنا اور دشمن کو شکست سے دوچار کرنا مقاصدِ شرع میں شامل ہے۔

(د) لڑائی میں عورت، بچہ، پاگل، بہت بوڑھے، اندھے، لُولے لنگڑے، معذور، اپاہج، راہب، پجاری جو لوگوں سے ملتے جلتے نہ ہوں، کو قتل کرنا جائز نہیں۔ جب کہ یہ لڑائی میں کسی قسم کی مدد نہ کرتے ہوں، ہاں اگر ان میں کوئی خود لڑتا ہو، یا اپنے مال سے، یا مشورے سے مدد پہنچاتا ہو تو اسے قتل کر دیا جائے۔

حضور سید عالم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

لَاتَقْتُلُوْا شَیْخًا فَانِیًا وَّلَا طِفْلًا وَلَا صَغِیْرًا وَّلَا اِمْرَأَةً ..... الحدیث (۳۵)

بوڑھے، بچے، چھوٹے اور عورت کو (جہاد میں) قتل نہ کرو۔

(ز) حضور سید عالم ﷺ کی اتباع میں خلیفۃ المسلمین امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت یزید بن ابی سفیان کی سرکردگی میں ایک لشکر روانہ فرمایا تو انہیں دس نصیحتیں فرمائیں۔

☆ کسی عورت کو قتل نہ کرنا۔

☆ کسی بچے یا بوڑھے کو قتل نہ کرنا۔

☆ پھل دار درختوں کو نہ کاٹنا۔

---

(۳۳) ☆ رواہ البزار عن سعد

(۳۴) ☆ رواہ الطبرانی فی الاوسط عن سعد/بنحوالہ

☆ جامع صغیر، ج ۲، ص ۱۰۴

(۳۵) ☆ رواہ ابوداؤد عن انس بن مالک، ج ۱، ص ۳۵۹

marfat.com

☆ کھجور کے درختوں کو نہ کاٹنا اور نہ انہیں نذرِ آتش کرنا۔

☆ کسی آبادی کو تباہ و برباد نہ کرنا۔

☆ کھانے کے مقصد کے بغیر کسی گائے یا بکری کو ذبح نہ کرنا۔

☆ بزدلی نہ دکھانا اور خیانت نہ کرنا۔(۳۶)

﴿۱۴﴾ جہاد کئی قسم پر ہے۔

(ا) جہادبالسیف: یعنی ہتھیار اور اسلحہ سے میدانِ کارزار میں شامل ہونا۔

(ب) جہادبالمال: اپنے مال سے جہاد کی تیاری اور مجاہدین کی ضروریات پوری کرنا۔

(ج) **جہادبالقلم**: صاحبِ علم حضرات کا لوگوں کو جہاد کی ترغیب دینا، جہاد کے فضائل، مسائل اور اجر بیان کرنا تاکہ لوگ جہاد کے لئے تیار ہو سکیں، لہٰذا جو شخص جس امر کی طاقت رکھتا ہو اسی قسم کا جہاد اس پر فرض ہے۔(۳۷)

---

(۳۶) ☆ خاتم النبیین ﷺ از الامام محمدابوزہرہ، مطبوعہ دار الفکر العربی، قاہرہ، ج ۲، ص ۷۵۲/بحوالہ.....

☆ ضیاء النبی از پیر محمد کرم شاہ الازہری، مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور، ج ۷، ص ۵۷۴

(۳۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۱۷

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج ۲، ص ۹۵۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج ۸، ص ۱۵۰

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۶۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۰

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۴۴

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۴۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۳۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۰۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۹۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۴۴

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۴۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۰۸

marfat.com

﴿۱۵﴾ جس کے پاس مال ہواور وہ خود مریض، معذور یا ضعیف ہو یا قتال کی صلاحیت نہ رکھتا ہواس پر جہاد بالمال فرض ہے کہ مال دے تا کہ دوسرے اس کے مال سے جہاد کی تیاری کرسکیں۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے غزوہ تبوک میں اپنے گھر کا تمام اثاثہ، سوئی سلائی سمیت غزوہ کی تیاری کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا آدھا مال غزوہ میں پیش کر دیا۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے مجاہدین کے لئے سواریاں پیش کیں۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے دوسواوقیہ سونا پیش کیا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اتنا مال دیا کہ تہائی لشکر اس سے تیار ہوا۔ (۳۸)

﴿۱۶﴾ جس کے جسم میں قوت اور طاقت ہواور اس کے لئے جہاد بالسیف ممکن ہوتو اس پر جہاد بالسیف فرض ہے اگر چہ اس کے پاس مال نہ ہو۔ (۳۹)

﴿۱۷﴾ جس کے پاس مال ہواور جسم قوی ہوتو اس پر دونوں طرح (جہاد بالمال اور جہاد بالسیف) فرض ہے۔ (۴۰)

---

(۳۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۷۰

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۲، ص۲۹۲

(۳۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۷

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۲۹۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۷۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۳۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۱۰۴

(۴۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۱۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۷۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۳۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۱۰۴

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۲، ص۲۹۲

marfat.com

﴿۱۸﴾ جوشخص عاجز اور نادار ہو اس پر جہاد فرض نہیں۔ان پر خیر خواہی کا جہاد فرض ہے۔مسلمانوں کی فتح کی دعا مانگنا، صاحبِ رائے کا مشورہ دینا، غازیوں کے گھروں کی دیکھ بھال کرنا وغیرہ امور خیر خواہی کا جہاد ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَاعَلَى الْمَرْضٰى وَلَاعَلَى الَّذِيْنَ لَايَجِدُوْنَ مَايُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۔ مَاعَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۔ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ☆

ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں اور نہ بیماروں پر، اور نہ ان پر جنہیں خرچ کا مقدور نہ ہو، جب کہ اللہ اور رسول کے خیر خواہ رہیں نیکی والوں پر کچھ راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔(سورۃ التوبۃ آیت ۹۱)(۴۱)

فائدہ جلیلہ:

اسلام کے علاوہ پہلی قوموں یہود و نصاریٰ پر بھی جہاد فرض رہا ہے۔وہ قومیں قتال میں مصروف رہیں۔دلچسپی اور افادہ کی خاطر بائیبل مقدس سے چند حوالہ جات پیش نظر رہیں۔

(۱) یہودیوں کو حکم دیا جارہا ہے۔

''جب خداوند تیرا خدا تجھ کو اس ملک میں جس پر قبضہ کرنے کے لئے تو جارہا ہے، پہنچادے اور تیرے آگے ان بہت سی قوموں یعنی حبشیوں اور جرجاسیوں اور اموریوں اور کنعانیوں اور فرریوں اور حویّوں اور یبوسیوں کو جو سات قومیں تجھ سے بڑی اور زور آور ہیں نکال دے، اور جب خداوند تیرا خدا ان کو تیرے آگے شکست دلائے اور تو ان کو مار لے تو تو ان کو بالکل نابود کر ڈالنا تو ان سے کوئی عہد نہ باندھنا۔اور نہ ان پر رحم کرنا۔تو ان سے بیاہ شادی بھی نہ کرنا۔نہ ان کے بیٹوں کو اپنی بیٹیاں دینا''۔(۴۲)

---

(۴۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص۱۱۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۴۵

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی 'مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۴۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۲۹۱

(۴۲) ☆ کتاب استثناء باب نمبر ۷، آیت نمبر ۱ تا ۴ کتاب مقدس 'مطبوعہ بائیبل سوسائٹی ہند، بنگلور سال طباعت (۱۹۷۱ء) ص۱۷۳

marfat.com

(ب) ''اور جس کے پاس نہ ہو وہ اپنی پوشاک بیچ کر تلوار خریدے''۔(۴۳)

(ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں۔(افتراء)

''کیا تم گمان کرتے ہو کہ میں زمین پر صلح کرانے آیا ہوں میں تم سے کہتا ہوں کہ نہیں بلکہ جدائی کرانے۔ کیونکہ اب سے ایک گھر کے پانچ آدمی آپس میں مخالفت رکھیں گے دو سے تین اور تین سے دو''۔(۴۴)

(د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں۔(افتراء)

''یہ نہ سمجھو کہ میں زمین پر صلح کرانے آیا ہوں، صلح کروانے نہیں بلکہ تلوار چلوانے آیا ہوں، کیونکہ میں اس لئے آیا ہوں کہ آدمی کو اس کے باپ سے اور بیٹی کو اس کی ماں سے اور بہو کو اس کی ساس سے جدا کر دوں''۔(۴۵)

(ہ) یہود سے خطاب ہے۔

''جب تو کسی شہر سے جنگ کرنے کو اس کے نزدیک پہنچے تو پہلے اسے صلح کا پیغام دینا۔ اور اگر وہ تجھ کو صلح کا جواب دے اور اپنے پھاٹک تیرے لئے کھول دے تو وہاں کے سب باشندے تیرے باج گذار بن کر تیری خدمت کریں۔ اور اگر وہ تجھ سے صلح نہ کرے بلکہ تجھ سے لڑنا چاہے تو تو اس کا محاصرہ کرنا۔ اور جب خداوند تیرا خدا اسے تیرے قبضے میں کر دے تو وہاں کے ہر مرد کو تلوار سے کاٹ دینا۔ لیکن عورتوں اور بال بچوں اور چوپایوں اور اس شہر کے سب مال اور لوٹ کو اپنے لئے رکھ لینا۔ اور تو اپنے دشمنوں کی اس لوٹ کو جو خداوند تیرے خدا نے تجھ کو دی ہو، کھانا۔ ان سب شہروں کا یہی حال کرنا جو تجھ سے بہت دور ہیں اور ان قوموں کے شہر نہیں۔ پَر ان قوموں کے شہروں میں جن کو خداوند تیرا خدا میراث کے طور پر کسی ذی نفس کو بچا نہ رکھنا۔''(۴۶)

---

(۴۳) کتاب لوقا، باب نمبر ۲۲، آیت نمبر ۳۶، نیا عہدنامہ، مطبوعہ بائبل سوسائٹی ہند، بنگلور ص ۷۷

(۴۴) کتاب لوقا، باب نمبر ۱۲، آیت نمبر ۵۱ تا ۵۳، نیا عہدنامہ، مطبوعہ بائبل سوسائٹی ہند، بنگلور ص ۶۷

(۴۵) کتاب متی باب نمبر ۱۰، آیت نمبر ۳۴ تا ۳۵ انجیل مقدس (نیا عہدنامہ) مطبوعہ بنگلور، ص ۱۳

(۴۶) کتاب استثنا باب نمبر ۲۰، آیت نمبر ۱۰ تا ۱۷ کتاب مقدس، مطبوعہ بنگلور، ص ۱۸۵، ۱۸۶

marfat.com

باب(۱۹۵) :

﴿مالِ زکوٰۃ کن لوگوں پر صرف کیا جائے﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰکِیْنِ وَالْعٰمِلِیْنَ عَلَیْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِی الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِیْنَ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَابْنِ السَّبِیْلِ ۔ فَرِیْضَةً مِّنَ اللّٰہِ ۔ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ☆ (سورۃالتوبہ آیت،۶۰)

زکوٰۃ تو انہیں لوگوں کے لئے ہے جو محتاج اور نرے نادار ہوں اور جو اسے تحصیل کر کے لائیں اور جن کے دلوں کو اسلام سے الفت دی جائے اور گردنیں چھوڑانے میں اور قرض داروں کو اور اللہ کی راہ میں اور مسافر کو۔ یہ ٹھہرایا ہوا ہے اللہ کا۔ اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

حل لغات:

"اَلصَّدَقٰتُ": صَدَقَةٌ کی جمع ہے۔ اگر چہ صدقہ کا مفہوم عام ہے ہر صَرف پر اس کا اطلاق ہوتا ہے مگر قرآن مجید میں اس سے زکوٰۃ مراد ہے۔

چونکہ زکوٰۃ مختلف انواع پر فرض ہے مثلاً سونا، چاندی، نقدی، کھیتی باڑی کی پیداوار، چرائی کے جانور، سامانِ

marfat.com

تجارت وغیرہ۔اس لئے اس مقام پر صدقہ کی جمع صدقات آئی ہے۔(۱)

"لِلْفُقَرَآء": فَقِیْرٌ کی جمع ہے۔فقیر اس محتاج کو کہتے ہیں جس کے پاس نصاب سے کم کچھ نہ کچھ ہو، یا نصاب کے مقدار مال تو ہے مگر اس کی حاجت یا قرض میں مستغرق ہو۔

مسکین وہ محتاج ہے جو نادار ہو۔اس کے پاس کچھ نہ ہو۔مسکین کا حال فقیر سے بدتر ہے۔

لِلْفُقَرَآءِ میں لام اختصاص کا ہے۔یعنی زکوٰۃ فقیروں محتاجوں ناداروں وغیرہ کے لئے خاص ہے۔(۲)

---

(۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۵۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۶۸۔

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۱۱۳

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۵۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۱۲۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۶۶

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۸

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۲۲

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۶۹

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۵۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۶۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۱۰۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳،ص۴۵۶

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۱۲۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۳۰۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۵۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۶۶

marfat.com

"وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا": جسے حاکمِ اسلام زکوٰۃ اور عشر وغیرہ وصول کر کے لانے کے لئے مقرر کرے، عامِل کہلاتا ہے، عامِل زکوٰۃ کا مُحَصِّل، تقسیم کرنے والا، کاتب، عاشر وغیرہ شامل ہیں۔ یہ سب زکوٰۃ کا مصرف ہیں۔(۳)

"وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ": مُؤَلَّفه، تَالِيْفٌ سے بنا ہے اس کا مادہ اُلْفَت ہے۔ بمعنیٰ میلان، محبت۔

مُؤَلَّفَة قُلُوْبُهُمْ وہ ہیں جن کے دلوں کو اسلام کی طرف مائل کیا جائے۔ انہیں اسلام کی محبت دی جائے۔ یہ لوگ تین قسم کے تھے۔

(۱) وہ کفار، جو اسلام کی طرف میلان رکھتے تھے انہیں مال دے کر اسلام کی طرف مائل رکھا جاتا۔

(۲) وہ نومسلم، جن کے دلوں میں ابھی اسلام پختہ نہیں ہوا تھا۔ اِن ضعیف الاسلام لوگوں کو زکوٰۃ سے کچھ دیا جاتا تاکہ وہ پختہ ایمان والے ہو جائیں۔ مرتد نہ ہو جائیں جیسے: عُیَیْنہ بن حصن، الاقرع بن حابس، العباس بن مرداس السلمی۔

---

(۳)

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۲۳

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۲۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۷۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۱۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۶۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۱۳

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۸

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۳

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۲۲

marfat.com

(۳) بعض سردار کافروں کو کچھ دیا جاتا تھا کہ مسلمان ان کے شر سے محفوظ رہیں۔(۴)

"**وَفِی الرِّقَابِ**": رِقَاب جمع ہے رَقَبَۃٌ کی۔بمعنی گردن۔اس سے مراد ہے مکاتب غلام آزاد کرنا۔

مکاتب وہ غلام ہے جسے مالک نے کہہ دیا ہو کہ تو اپنی قیمت ادا کر کے آزاد ہو سکتا ہے۔

مکاتب کو زکوٰۃ دی جا سکتی ہے تا کہ وہ اپنا بدلِ کتابت ادا کر کے آزادی حاصل کر لے۔(۵)

---

(۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۲۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۱۷۸

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۵۶،۵۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص ۱۲۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۵۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۳۱۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۶

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۸

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۵۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۳۶۵

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۲۲۴

(۵) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۲۵

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۶۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۳۶۵

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۵۴

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص ۱۲۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۶۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۱۱۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۵۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۳۱۷

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۶۰

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۲۲۴

marfat.com

"وَالْغٰرِمِیْنَ": یہ کلمہ غَرَمٌ سے بنا ہے جس کا معنی ہے، ناگوار چیز کا لازم ہو جانا۔ اب یہ قرض کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ غَارِم وہ ہے جس کے ذمہ قرض لازم ہو اور وہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو۔

یہ دو قسم کے لوگ ہیں۔

(۱) اپنی ضروریات کے لئے قرض لیا۔ اب وہ ادا کرنے پر قادر نہیں۔

(۲) کسی مقروض کا کفیل یا ضامن بنا اور اسے قرضہ ادا کرنا پڑ گیا۔ یہ اگرچہ غنی ہو مگر زکوٰۃ لے سکتا ہے تاکہ قرض اتار سکے۔ (۶)

"وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ": اور اللہ کی راہ میں۔

اس سے مراد غازی ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلا۔ چونکہ وہ کسبِ معاش سے معذور ہے اس لئے وہ زکوٰۃ کا مصرف ہے۔ ہر وہ جو اللہ کی راہ میں کوشاں ہو مثلاً: طالب علم، جو علمِ دین کی تحصیل میں مشغول ہو اور کسب معاش سے معذور ہو، اسی طرح حج کو جانے والا اگر راستہ میں زادِ راہ ختم ہو جائے یا اس کی رقم ضائع ہو

(۶)
- ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۶
- ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۸
- ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۸۳
- ☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۶۰
- ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۵
- ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۱۲
- ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۳
- ☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۱۹
- ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳
- ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۳
- ☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی 'مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۵۷
- ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۲۶۰
- ☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور 'مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی 'مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۲۵

marfat.com

جائے زکوٰۃ لے سکتا ہے۔(۷)

"وَابْنِ السَّبِيْلِ":اور مسافر۔

اس سے مراد وہ مسافر ہے جس کا زادِراہ ختم ہو چکا ہو۔ یہ بھی زکوٰۃ کا مصرف ہے۔(۸)

شانِ نزول:

(۱) منافقین نے طعن دیا کہ رسول اللہ ﷺ زکوٰۃ کو اپنے لئے اور اپنے اقارب کے لئے جمع کرتے ہیں۔ جسے چاہتے ہیں دیتے ہیں اور جسے چاہتے ہیں منع کر دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ کے مصارف بیان فرما دیئے تا کہ

---

(۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۲۷

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۶۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۸۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳،ص۴۵۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ، ج۱۰،ص۱۲۳

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت، ج۵،ص۶۰

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃالمطالع قاهره ازهر. ج۱۶،ص۱۱۳

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعه بیروت، ج۳،ص۴۵۸

☆ تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیّه مکه مکرمه

☆ تفسیرصاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲،ص۱۵۴

☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء اللهپانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمه)مطبوعه دهلی، ج۵،ص۳۲۱

(۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۲۷

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۷۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد حازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲،ص۲۵۴

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیرمدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲،ص۲۵۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳،ص۴۵۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ، ج۱۰،ص۱۲۴

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃالمطالع قاهره ازهر. ج۱۶،ص۱۱۳

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۶۷

☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء اللهپانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمه)مطبوعه دهلی، ج۵،ص۳۲۱

marfat.com

منافقین کے لئے جائے طعن نہ رہے۔(۹)

(۲) آیت مبارکہ میں زکوٰۃ کے مصارف بیان کئے گئے تا کہ غلط طور پر جولوگ زکوٰۃ کی طمع لگائے ہوئے ہیں ان کی طمع ختم ہوجائے اور ظاہر کردیا جائے کہ وہ صدقات کے مستحق نہیں اور رسول اللہ ﷺ نے جس طرح زکوٰۃ تقسیم کی وہ صحیح ہے۔گویا یہ آیت رسول اللہ کی تقسیم کی تصویب اور تحقیق کے لئے نازل ہوئی۔(۱۰)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ تمام مخلوق کی تمام ضروریات پوری کرنا اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اپنے ذمہ کرم پر لے رکھی ہے۔ارشاد ربانی ہے۔

وَمَامِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّاعَلَی اللهِ رِزْقُهَاوَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهاوَمُسْتَوْدَعَهَا . كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ☆

(سورہ ھود آیت،۶)

اورزمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمہءِ کرم پر نہ ہواور جانتا ہے کہ کہاں ٹھہرے گا اور کہاں سپرد ہوگا۔سب کچھ ایک صاف بیان کرنے والی کتاب میں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض بندوں کو وافر دولت دی۔ان کے ذمہ فرض کیا کہ اپنی دولت کا حصہ میری راہ میں دو۔ اس طرف غریبوں محتاجوں کو حکم دیا کہ تم میرا حصہ دولت مندوں سے وصول کرو۔گویا وصول کرنے میں تم میرے نائب ہوگے۔اس طرح اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دیتا ہے تو بندوں کے ذریعے دیتا ہے اور بندوں سے لیتا ہے تو بندوں کے ذریعے لیتا ہے۔گویا زکوٰۃ شکرِ نعمتِ الٰہی ہے اور بندوں کی پرورش کا خدائی نظام ہے۔

---

(۹) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۳۶۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۳۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۱۰۰،۱۰۵

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۵۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۵۰

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۷۔۵

(۱۰) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۳۸

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۳۰۸

marfat.com

اس لئے اس نظام کو قائم رکھنے کی کوشش لازمی ہے۔(۱۱)

﴿۲﴾ زکوٰۃ جن کو ادا کرنا جائز ہے وہ زکوٰۃ کے مصارف کہلاتے ہیں۔زکوٰۃ کے مصارف سات ہیں۔

فقیر، مسکین، عامل زکوٰۃ، مکاتب آزاد کرنا، مقروض، مجاہد، مسافر جس کا زادِراہ ختم ہو چکا ہو۔

زکوٰۃ کا آٹھواں مصرف ''مولفہ قلوب'' اب اجماع صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ساقط ہو چکا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں عیینہ بن حصن اور اقرع بن حابس خلیفۃ المسلمین کے پاس آئے اور درخواست کی فلاں قطعہ زمین ان کے نام الاٹ کر دی جائے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے زمین کی الاٹمنٹ کا نامہ انہیں لکھ دیا۔حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو جب اس کی خبر ہوئی تو آپ نے وہ تحریر پھاڑ دی۔اس پر تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے موافقت فرمائی۔اس طرح مولفہ قلوب کا حصہ عملاً ساقط ہو گیا۔

مولفہ قلوب کا حصہ دین کے اعزاز کے لئے دیا جاتا تھا۔اس وقت اسلام قوی نہ تھا۔اب اسلام قوی ہو چکا ہے۔

اب مولفہ قلوب کو نہ دینے میں اسلام کا اعزاز ہے۔گویا علت کے ختم ہونے سے حکم ختم ہو گیا۔(۱۲)

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۵۷

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۶۸

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۲۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۶۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۸۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۶۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۵۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۳۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۵۴

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج۱۰،ص۱۲۲

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳،ص۴۵۷

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۵۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص۳۱۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۶۶

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص۲۲۴

marfat.com

﴿۳﴾ سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ صحیح الاسلام صحابی ہیں، حضور سید عالم ﷺ نے انہیں کاتب وحی مقرر فرمایا۔ ان کی ہمشیرہ آپ ﷺ کی ازواج مطہرات میں شامل ہیں۔ اس لئے آپ پر طعن جائز نہیں۔ (۱۳)

﴿۴﴾ فقیر وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ نہ کچھ ہو مگر اتنا نہ ہو کہ نصاب کو پہنچ جائے۔ یا نصاب کی قدر ہو مگر اس کی حاجت اصلیہ میں مستغرق ہو۔ مثلاً رہنے کا مکان، پہننے کے کپڑے، خدمت گار، علمی مشاغل رکھنے والے کے لئے دینی کتابیں جو اس کی ضرورت سے زائد نہ ہوں، یا اگر مدیون (مقروض) ہے اور دَین نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے ایسا شخص فقیر ہے اور زکوٰۃ لینے کا حق دار ہے۔ (۱۴)

﴿۵﴾ غنی وہ ہے جس کے پاس حاجت اصلیہ پورا کرنے کے بعد بقدر نصاب مال موجود ہو۔ اس کے لئے زکوٰۃ لینا حرام ہے۔ اگر کسی نے غنی کو زکوٰۃ دی تو اس کی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ گویا نصاب کا مالک ہونا ہی غنی ہونا ہے۔ (۱۵)

---

(۱۳)
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۶
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۸۱

(۱۴)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۲
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۱
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۶۹
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۱
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۵۴
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۸
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۰۷
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۵۶
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۰۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۶۶

(۱۵)
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۳۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۱
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۵۵
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۶۰
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۸۱

marfat.com

﴿۶﴾ عالمِ دین کے پاس اگر ضرورت کی کتابیں ہوں اگر چہ بقدر نصاب ہوں اگر اس کے پاس اور کوئی مال نہیں تو وہ فقیر ہے اسی طرح حرفت والے کے پاس آلاتِ حرفت ہوں، کاشت کار کے پاس کاشت کاری کے اوزار ہوں، حکیم، جراح یا ڈاکٹر کے پاس اس کے فن کے ضروری آلات ہوں اگر ان کے پاس اور مال نہ ہو تو یہ فقیر ہیں۔ یہ زکوٰۃ کے مستحق ہیں۔(۱۶)

﴿۷﴾ کھیتی باڑی کے جانور اور اسی طرح دیگر مشینی آلات، ٹریکٹر، ٹرالی، تھریشر وغیرہ، باربرداری کے جانور اور دیگر آلات مثلاً ٹرک، ٹریلا وغیرہ اور گھریلو پالتو جانوروں میں زکوٰۃ نہیں کہ یہ حاجات اصلیہ میں شامل ہیں۔(۱۷)

﴿۸﴾ اگر مال بقدرِ نصاب موجود ہے مگر فراہمی ضروریات اس سے وابستہ ہیں تو اس نصاب کا وجود بھی کالعدم ہے۔ جیسے کسی کے پاس پانی ہو مگر پینے کو کفایت کرتا ہو تو اس کے لئے تیمّم جائز ہے کہ پانی نہ ہونے کے حکم میں ہے۔ لہٰذا جو قرض دار نصاب کا مالک ہو لیکن اس کا نصاب قرض سے زائد نہ ہو، یا مجاہد ہو اور مالکِ نصاب نہ ہو، یا مسافر ہو اور اس کے گھوڑے کی قیمت بقدرِ نصاب ہو، یا کوئی عالم ہو اور مطالعہءِ مسائل یا درس وتدریس، تحقیق وتحریر، تصنیف وتالیف کی ضرورت کے لئے اس کے پاس کتابیں ہوں یا کسی کے پاس رہنے کا مکان ہو تو ان سب کو زکوٰۃ دینا جائز ہے کہ یہ فقیر کے حکم میں ہیں۔(۱۸)

﴿۹﴾ اگر کوئی شخص کمائی کر کے ضروریات پوری کر سکتا ہے مگر مقروض یا حاجت مند ہے تو اسے زکوٰۃ دینی جائز ہے۔ محتاج طاقتور، قوی الاعضاء کو زکوٰۃ دینا جائز ہے، مگر اس کے لئے سوال کرنا مکروہ ہے۔(۱۹)

﴿۱۰﴾ وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو، یہاں تک کہ کھانے اور بدن چھپانے کے لئے اس کا محتاج ہو وہ مسکین ہے۔ مسکین کے لئے سوال کرنا حلال ہے۔ فقیر کے لئے سوال کرنا ناجائز ہے۔ جس کے پاس ایک دن کی خوراک

---

(۱۶) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۰

(۱۷) تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۵۹

(۱۸) تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۳۳۵

(۱۹) تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۹

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۳۳۵

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۳۳۶

marfat.com

اور ستر عورت ہوا سے سوال کرنا ناجائز ہے۔(۲۰)

﴿۱۱﴾ حکم کا مدار اگر صفت پر ہو تو صفت حکم کی علت ہوتی ہے۔ جہاں وہ صفت پائی گئی وہاں حکم ہوگا اور جہاں وہ صفت نہ پائی گئی وہ حکم وہاں نہ ہوگا۔ زکوٰۃ کے مصارف سوائے عاملین کے باقی سب میں فقر ومحتاجی علت جواز ہے۔ فقیر، مسکین، مسافر، مجاہد، مکاتب، مقروض، سب میں محتاجی کی صفت ہے۔ لہٰذا جو بیوہ، یتیم، دائم المرض وغیرہ نصاب کی مقدار مال کے مالک نہ ہوں وہ زکوٰۃ لینے کے حق دار ہیں۔(۲۱)

﴿۱۲﴾ حاکمِ اسلام زکوٰۃ اور عشر وصول کرنے کے لئے جسے مقرر کرے وہ عامل کہلاتا ہے۔ عامل مصرف زکوٰۃ ہے۔ یہ بوجہ محتاجی کے زکوٰۃ کا مستحق نہیں بلکہ کام کی اجرت کے طور پر زکوٰۃ کا مستحق ہے۔ لہٰذا غنی عامل بھی زکوٰۃ کا مستحق ہے۔(۲۲)

---

(۲۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۲۲۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۶۹

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۰۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۸

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۵۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۵۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۳۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۳۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۰ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۶۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۰۹

(۲۱) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۷۔

(۲۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۳۔

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۱

marfat.com

﴿۱۳﴾ عامل کے زمرے میں مُحَصِّل (وصول کرنے والا)، تقسیم کرنے والا، کاتب، عاشر، مددگار سب شامل ہیں۔ سب زکوٰۃ کے مصرف ہیں۔(۲۳)

﴿۱۴﴾ عامل مدت عمل میں اوسط درجہ اجرت میں صرف اتنی زکوٰۃ لینے کا حق دار ہے جو اس کو کفایت کر سکے۔ اگر مدتِ عمل میں اتنی زکوٰۃ جمع ہوئی کہ عامل کی کفالت میں چلی جائے گی تو صرف نصف رقم اسے دی جائے گی۔(۲۴)

﴿۱۵﴾ حاکم اسلام پر ایسا عامل مقرر کرنا واجب ہے جو فضول خرچ اور بد دیانت نہ ہو۔(۲۵)

﴿۱۶﴾ عامل نے اگر زکوٰۃ وصول کر لی لیکن اس کے پاس سے ضائع ہوگئی اور ضائع ہونے میں اس کی کوتاہی شامل نہ ہو تو مدتِ عمل کا اجر باطل ہوگیا۔ بیت المال سے اس کا نفقہ ادا نہ کیا جائے گا۔(۲۶)

(بقیہ ۲۲)

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۸، ص۱۷۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۱۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ' مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۵۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۱۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی' پشاور، ص۴۶۶

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۲۲۲

(۲۳) تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۹

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۲۲۲

(۲۴) احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۳، ص۱۲۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۱۳

(۲۵) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱

(۲۶) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱

marfat.com

﴿۱۷﴾ غنی کو اگر عامل مقرر کیا گیا تو اسے مدت عمل کی اجرت زکوٰۃ سے دینا جائز ہے اگرچہ وہ غنی ہے۔ زکوٰۃ وصول کرنے والے اور تقسیم کرنے والے فقراء کے وکیل (ایجنٹ) ہیں وہ انہی کے کام میں مشغول رہتے ہیں۔ لہٰذا ان کا حق محنت ادا کرنا فقراء پر واجب ہے گویا یہ حکماً اور ضمناً فقراء میں شمار ہوتے ہیں۔ جیسے بیوی نے اپنا وقت خاوند کی خدمت کے لئے وقف کیا اور قاضی نے اپنا وقت عامہ مسلمین کے لئے وقف کیا اس لئے وہ بیوی خاوند سے نفقہ اور قاضی بیت المال سے مشاہرہ کا حق دار ہے۔ اسی طرح نماز ہر مسلمان پر یکساں فرض ہے کوئی مسلمان نماز کی ادائیگی پر دوسرے سے اجرت وصول نہیں کرسکتا۔ مگر امام نے امامت کے لئے اتنا وقت نمازیوں کے لئے وقف کیا اس لئے وہ امامت کا مشاہرہ وقت وقف کرنے کے اعتبار سے وصول کرسکتا ہے۔ (۲۷)

﴿۱۸﴾ اگر کوئی خود آ کر اپنی زکوٰۃ حاکم وقت کو ادا کرے تو عامل اس سے حق دار نہیں۔ (۲۸)

﴿۱۹﴾ ہاشمی کو اس کے شرف کی وجہ سے عامل زکوٰۃ مقرر نہ کیا جائے کیونکہ زکوٰۃ مال کا میل ہے اور مال کا میل ہاشمی کی شان کے خلاف ہے۔ عامل اگرچہ کام کی اجرت پاتا ہے تاہم زکوٰۃ سے اس کو اجرت لینا بھی مناسب نہیں۔ (۲۹)

---

(۲۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۱۷۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۶۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱

(۲۸) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۳

(۲۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۳۱
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۶۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۱۹۱
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۴
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۵۹
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۱۰
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۲۱
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۳۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۶۷

marfat.com

﴿۲۰﴾ غلام، کافر، یہودی، عیسائی وغیرہ کو زکوٰۃ کا عامل مقرر کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ انہیں زکوٰۃ لینا حرام ہے۔ اسی پر اجماع امت ہے۔ (۳۰)

﴿۲۱﴾ زکوٰۃ کی تحصیل کے علاوہ ہاشمی اُجرت پر کام کرسکتا ہے۔ (۳۱)

﴿۲۲﴾ زکوٰۃ، فطرانہ اور صدقات واجبہ ہاشمی کو نہیں دیئے جاسکتے۔ اس کے علاوہ صدقات نافلہ، نیاز، ختم شریف کا تبرک وغیرہ ہاشمی کو دیا جاسکتا ہے۔ (۳۲)

﴿۲۳﴾ آل علی، آل عباس، آل جعفر، آل عقیل اور آل حارث بن عبدالمطلب کے لئے زکوٰۃ اور صدقات واجبہ لینا حرام اور صدقات نافلہ لینا حلال ہے۔ (۳۳)

---

(۳۰) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۲
احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۳۴
احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۶۰
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۷۴
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۱۵
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۰۹
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۵۵

(۳۱) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۶۱، ۹۷۴
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۷۸

(۳۲) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱
احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۷۴
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۵
تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۹
تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۴
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۴۱

(۳۳) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۳۱
تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۹
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۴۱
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۵
تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۴

marfat.com

﴿۲۴﴾ ہاشمی دولت مند ہاشمی فقیر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔(۳۴)

﴿۲۵﴾ مکاتب کو زکوٰۃ دینا جائز ہے کہ وہ بدل کتابت ادا کر کے آزادی حاصل کر لے۔صحیح حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ اَعَانَ مُجَاهِدًافِیْ سَبِیْلِ اللهِ اَوْغَارِمًافِیْ عُسْرَتِهٖ اَوْمُكَاتِبًافِیْ رَقَبَتِهٖ اَظَلَّهُ اللهُ فِیْ ظِلِّهٖ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّهٗ(۳۵)

جس نے اللہ کی راہ میں مجاہد کی مدد کی یا مقروض کی محتاجی میں اس کی مدد کی یا مکاتب کو آزاد کرانے میں اس کی مدد کی، اللہ تعالیٰ اسے اپنے سایہ رحمت میں لے گا جس روز کوئی اور سایہ نہ ہوگا۔(۳۶)

﴿۲۶﴾ جو قیدی جرمانہ کی وجہ سے قید ہو اور وہ خود ادا کرنے کے قابل نہ ہو، زکوٰۃ سے اس کا جرمانہ ادا کیا جا سکتا ہے۔(۳۷)

---

(۳۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۹۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۳۴۱

(۳۵) ☆ رواہ احمد و الحاکم عن سہل بن حنیف و الجصاص بسندہ/بحوالہ جامع صغیر، ج۲، ص ۲۸۲

(۳۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۱۲۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۶۵

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۵۴

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۵۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۲۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۱۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ حگی پشاور، ص ۴۶۷

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۲۴

(۳۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۶۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۸۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۶۰

marfat.com

﴿۲۷﴾ غارِم سے مراد مدیون (مقروض) ہے۔ یہ وہ شخص ہے کہ اس پر اتنا دَین (قرضہ) ہو کہ اسے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے۔ اگرچہ اس کا اَوروں پر باقی ہو مگر لینے پر قادر نہ ہو۔ مدیون زکوٰۃ لے سکتا ہے مگر شرط یہ ہے کہ ہاشمی نہ ہو۔ (۳۸)

﴿۲۸﴾ فقیر کی نسبت مقروض کو زکوٰۃ ادا کرنا اولیٰ ہے۔ (۳۹)

﴿۲۹﴾ مقروض قوی قادر علی الکسب اور غیر قادر دونوں زکوٰۃ کے مصارف میں سے ہیں۔ (۴۰)

﴿۳۰﴾ فی سبیل اللہ، یعنی راہِ خدا میں خرچ کرنا، اس کی چند صورتیں ہیں۔ مثلاً کوئی شخص محتاج ہے کہ جہاد میں جانا چاہتا ہے۔ سواری اور زادِ راہ اس کے پاس نہیں تو اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں کہ یہ راہِ خدا میں دینا ہے اگرچہ وہ کمانے پر قادر ہو۔ یا کوئی حج کو جانا چاہتا ہے اور اس کے پاس مال نہیں اس کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں مگر اس کو حج کے لئے سوال کرنا جائز نہیں۔ یا طالب عالم کہ علمِ دین پڑھتا یا پڑھنا چاہتا ہے اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں کہ یہ بھی راہِ

---

(۳۸) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۶

☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۶۸

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۸۳

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۶۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۱۱۲

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص۶۰

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳، ص۴۵۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۱۲۳

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۵۴

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۳۱۹

☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۶۷

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۲۵

(۳۹) ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۱۲۳

(۴۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۲۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۷۳

marfat.com

خدامیں دیناہے بلکہ طالب علم سوال کر کے بھی زکوٰۃ لے سکتا ہے جب کہ اس نے اپنے آپ کو اس کام کے لئے فارغ کر رکھا ہو۔ اگر چہ کسب پر قادر ہو۔ یونہی ہر نیک بات میں زکوٰۃ صرف کرنا فی سبیل اللہ ہے جبکہ بطور تملیک ہو۔ بغیر تملیک زکوٰۃ ادا نہیں ہو سکتی۔ (۴۱)

﴿۳۱﴾ ابن السبیل، یعنی مسافر جس کے پاس زادراہ نہ رہا، زکوٰۃ لے سکتا ہے۔ اگر چہ اس کے گھر مال موجود ہو۔ اسی طرح ہر وہ شخص جو اپنے مال سے منقطع ہو وہ مسافر کے حکم میں ہے اگر چہ شہر میں ہو۔ جس کے قبضہ میں اتنا مال نہ ہو جو زکوٰۃ کے استحقاق سے محروم کر دے خواہ ملکیت میں کتنا ہی مال ہو بغیر قبضہ کے ملکیت استحقاق زکوٰۃ سے مانع نہیں لہٰذا جو مال دار اپنے وطن میں ہو مگر اپنے مال پر اس کا قبضہ نہ ہو یا دوسروں پر اس کا مال قرض ہو اور قبضہ میں نہ ہو تو ایسا شخص باوجود مال کا مالک ہونے کے نادار اور مفلس ہے۔ (۴۲)

---

(۴۱)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان. ج۳. ص۱۲
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ السعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان. ج۲. ص۹۶۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان. ج۸. ص۱۸۵
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت. ج۵. ص۶۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۱۶. ص۱۱۳
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی مطبوعہ بیروت. ج۳. ص۴۵۸
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ. ج۲. ص۱۵۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور. ج۲. ص۲۵۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کونیہ. ج۳. ص۴۵۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج۱۰. ص۱۲۳
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج۵. ص۳۲۱

(۴۲)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان. ج۳. ص۱۲۷
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان. ج۲. ص۹۷۰
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان. ج۸. ص۱۸۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور. ج۲. ص۲۵۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کونیہ. ج۳. ص۴۵۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج۱۰. ص۱۲۴
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۱۶. ص۱۱۳
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی. ج۵. ص۳۲۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدحیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور. ص۴۶۷

marfat.com

﴿۳۲﴾ مسافر کے لئے حاجت سے زیادہ لینا جائز نہیں۔(۴۳)

﴿۳۳﴾ مسافر کے لئے قرضہ لینا زکوٰۃ لینے سے بہتر ہے۔(۴۴)

﴿۳۴﴾ اگر کسی مسافر کے پاس وطن میں بہت مال ہو مگر سفر میں ساتھ اتنا مال نہ ہو کہ منزلِ مقصود تک پہنچ سکتا ہو اور نہ اتنا مال ہو کہ زکوٰۃ لینے سے مانع ہو تو اس کو بالاتفاق زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔(۴۵)

﴿۳۵﴾ تاجر کا دَین اگر لوگوں پر ہو اور وہ لینے پر قادر نہ ہو اور اس کے پاس کچھ نہ ہو تو یہ زکوٰۃ لے سکتا ہے۔ کیونکہ یہ مانند مسافر کے ہے۔(۴۶)

﴿۳۶﴾ اگر کسی نے دَین مؤجل لوگوں سے وصول کرنا ہو اور یہ خود نفقہ کا محتاج ہو تو قرضہ کی مدت آنے تک بقدر کفایت زکوٰۃ لے سکتا ہے اور اگر دَین غیر مؤجل ہو اور مقروض مفلس ہو تو قرض خواہ بقدر کفایت زکوٰۃ لے سکتا ہے۔ کیونکہ یہ بمنزلہ مسافر کے ہے اور اگر مدیون مالدار ہو اور قرض کا اقرار کرتا ہو تو قرض خواہ کو زکوٰۃ لینا جائز نہیں اور اگر مدیون قرض کا انکار کرتا ہو مگر قرض خواہ کے پاس عادل گواہ ہیں تو پھر بھی زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔ اور اگر گواہ عادل نہیں تو قاضی تک مقدمہ لے جانے تک زکوٰۃ نہیں لے سکتا اور اگر قاضی تک مقدمہ لے گیا اور مقروض نے انکار کی حلف دے دی تو اب وہ بقدر کفایت زکوٰۃ لے سکتا ہے۔(۴۷)

﴿۳۷﴾ زکوٰۃ دینے والے کو اختیار ہے کہ وہ ان ساتوں قسموں کو زکوٰۃ دے یا ان میں سے کسی ایک کو دے۔ خواہ ایک قسم کے چند اشخاص کو دے یا ایک ہی کو دے۔ تمام قسموں کو زکوٰۃ دینا لازم نہیں۔ اسی پر اجماع امت ہے۔(۴۸)

---

(۴۳) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۴

(۴۴) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۷۰

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۴

(۴۵) تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۲۱

(۴۶) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۴

(۴۷) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۴

(۴۸) تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۰۵

مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۰

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۴

marfat.com

﴿۳۸﴾ مال زکوٰۃ اگر بقدر نصاب نہ ہوتو ایک شخص کو دینا افضل ہے اور ایک شخص کو بقدر نصاب دینا مکروہ ہے۔ مگر دے دے تو ادا ہو جائے گی۔ ایک شخص کو بقدر نصاب دینا اس وقت مکروہ ہے کہ وہ فقیر مدیون نہ ہو اور مدیون ہو تو اتنا دینا کہ دَین نکال کر کچھ نہ بچے یا نصاب سے کم بچے تو مکروہ نہیں۔ یونہی اگر فقیر بال بچوں والا ہے کہ اگرچہ مال زکوٰۃ نصاب یا زیادہ دے مگر اہل وعیال پر تقسیم کریں تو سب کو نصاب سے کم ملتا ہے تو اس صورت میں بھی حرج نہیں۔ (۴۹)

﴿۳۹﴾ سونا، چاندی، غلہ، جانوروں کی زکوٰۃ میں مقدار معین اسی جنس سے نکالنا لازمی نہیں بلکہ اس کی قیمت بھی ادا کی جاسکتی ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهٗ بِنْتُ مُخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهٗ وَعِنْدَهٗ بِنْتُ لَبُوْن فَاِنَّهَاتُقْبَلُ مِنْهَاوَيُعْطِيْهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا اَوْشَاتَيْنِ.....الحدیث (۵۰)

اور جس کی زکوٰۃ بنت مخاض ہو اور وہ (بنت مخاض) اس کے پاس نہ ہو (بنت مخاض اونٹ کا بچہ مادہ جو ایک

(بقیہ ۴۸)

تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۵۹

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۵۴

تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۴

التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۶۸

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۳۰

احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۳۹

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۶۷

تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۴

تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۷

الدر المنثور فی التفسیر المأثور مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۲۱

(۴۹) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۳۶

الجامع لأحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۷۵

تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۵۹

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۵

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۴۱

(۵۰) رواہ البخاری عن انس، ج ۱، ص ۱۹۵

marfat.com

سال کا ہو چکا ہو دوسرے برس میں ہو) لیکن اس کے پاس بنت لبون ہو (بنت لبون اونٹ کا مادہ بچہ جو دو سال کا ہو چکا ہو تیسرے برس میں ہو) تو زکوٰۃ لینے والا بنت لبون لے کر بیس درہم واپس کرے۔ یا دو بکریاں لے لے۔

سونا چاندی، غلہ، جانوروں کی زکوٰۃ نقد روپیہ سے یا اس کا عکس بھی جائز ہے۔ (۵۱)

﴿۴۰﴾ فقراء میں سے بعض کو زکوٰۃ دینا افضل ہے اس ترجیح کی متعدد وجوہات ہیں۔ مثلاً

(ا) سوال نہ کرنا: وہ مسکین جو کسی سے سوال نہیں کرتا مگر ہے وہ واقعتاً مسکین محتاج، سوال کرنے والے مسکین سے ترجیح رکھتا ہے۔

(ب) مسافر فقیر، مقیم فقیر سے زیادہ حاجت مند اور قابل ترجیح ہے۔

(ج) مجاہد، حاجی، مکاتب، طالب علم دوسروں سے زیادہ حق رکھتا ہے۔

(د) اسباب ترجیح میں سے رشتہ داری اور قرابت بھی ہے۔ حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

(ترجمہ) افضل صدقہ وہ ہے کہ جس کو دینے کے بعد غنا قائم رہے اور دینا اپنے عیال سے شروع کرو۔ (۵۲)

(ہ) اسباب ترجیح میں سے ہمسائیگی ہے۔ ہمسایہ کافقیر دور کے فقیر سے زکوٰۃ پانے میں احق ہے۔

(ز) سوال بھی اسباب ترجیح سے ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

وَاَمَّاالسَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ اور منگتا کو نہ جھڑکو۔ (سورۃالضحی آیت، ۱۰)

حدیث شریف میں ہے کہ سائل کو رد نہ کرو اگر چہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔

(ح) اسی طرح یتیم ہونا اور اسیر ہونا بھی اسباب ترجیح میں سے ہے۔ (۵۳)

---

(۵۱) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۵۸

(۵۲) رواہ البخاری عن ابی ہریرۃ ورواہ مسلم عن حکیم بن حزام

(۵۳) تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۳۲۳، ۳۲۸

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۹۰

marfat.com

﴿۴۱﴾ رشتہ ولادت اور تعلق زوجیت رکھنے والے ایک دوسرے کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔ مثلاً باپ اپنے بیٹے، بیٹی، پوتا پوتی، نواسا نواسی کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔ اسی طرح بیٹا اپنے باپ، دادا، نانا، نانی کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا۔ شوہر اپنی بیوی کو اور بیوی اپنے شوہر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔ کیونکہ عرفاً اور شرعاً ان کے منافع مشترک ہوتے ہیں۔ البتہ دیگر رشتہ داروں کو، اگر وہ زکوٰۃ کے مستحق ہو، زکوٰۃ دینا اجنبی کو زکوٰۃ دینے سے زیادہ بہتر ہے۔ مثلاً بھائی، بہن، چچا، چچی، پھوپھا، پھوپھی، ماموں، خالہ وغیرہ کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ (۵۴)

﴿۴۲﴾ اگر بعض قرابت دار زیر کفالت ہوں، ان کے خرچ کی کفالت صاحبِ مال کرتا ہو اور قاضی نے ان کا خرچ ان کے ذمے نہ کیا ہو تو بہ نیت زکوٰۃ ان کو کچھ دینے اور زکوٰۃ کے مال سے ان کی پرورش کرنے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ ہاں اگر قاضی نے ان کا خرچ اس پر مقرر کر دیا ہو اور یہ ان کی پرورش کرتا ہو تو ان کی بہ نیت زکوٰۃ کچھ دینے سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ (۵۵)

﴿۴۳﴾ ادائیگیٔ زکوٰۃ میں کسی محتاج کو مالک بنا دینا شرط ہے۔ ورنہ زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ لہٰذا زکوٰۃ کی رقم سے مسجد بنانا، میت کو کفن دینا، قرآن مجید خرید کر وقف کرنا، میت کا قرض ادا کرنا، بیوی، اولاد، مملوک، غنی، بنی ہاشم کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔ (۵۶)

---

(۵۴)
- احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۱۳۴
- الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۸۹
- تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۵۹
- تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۲۳
- احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۷۲
- لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۵۵
- تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۵۹

(۵۵)
- تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۲۴

(۵۶)
- تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۶۰
- تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۱۰، ص ۴۵۵
- التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۰ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۶۸
- الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۱۸۵

marfat.com

﴿۴۴﴾ ایک شہر کی زکوٰۃ دوسرے شہر کو منتقل کرنا جائز ہے، مگر مکروہ ہے۔ کراہت اس وقت ہے جب اس شہر میں زکوٰۃ کے زیادہ مستحق موجود ہوں اور اگر دوسرے شہر میں زیادہ حق دار ہوں تو کراہت بھی نہیں۔ (۵۷)

﴿۴۵﴾ فقیر، مسکین اور عاملین، زکوٰۃ کی رقم کے مالک ہونے کے بعد اسے اپنی مرضی سے صرف کر سکتے ہیں۔ جہاں چاہیں خرچ کریں۔ مگر مکاتب، مقروض، غازی اور مسافر صرف اسی جگہ صَرف کر سکتا ہے جس کے لئے زکوٰۃ حاصل کی۔ (۵۸)

﴿۴۶﴾ عامل اور مسافر کے علاوہ دیگر مصارف میں فقیر ہونا لازمی ہے۔ (۵۹)

﴿۴۷﴾ غنی اور فقیر میں کوئی واسطہ نہیں۔ یعنی جو غنی ہے وہ فقیر نہیں اور جو فقیر ہے وہ غنی نہیں۔ ایسا کوئی نہیں جو نہ غنی ہو اور نہ فقیر ہو۔ (۶۰)

﴿۴۸﴾ فقیر، مسکین، مقروض، مجاہد، مسافر کا دعویٰ احتیاج اس پر غور کرنے کے بعد قبول کر لیا جائے گا۔ بشرطیکہ ان کا ظاہر حال ان کے دعویٰ کی تصدیق کرتا ہو۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اگر ان کا حال ان کے بیان کے خلاف ثابت ہوا تو بھی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ (۶۱)

---

(۵۷) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۳۶

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۷۵

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۷۵

(۵۸) لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۵

تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۵۹

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۳، ص ۴۵۳

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۱۰، ص ۴۵۳

تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۴

(۵۹) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۲۳

(۶۰) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۲۸

(۶۱) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۳۸

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۷۰

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۷۹، ۱۸۸

تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان 'اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۵۹

marfat.com

﴿۴۹﴾ بیت المال کی آمدنی کے متعدد ذرائع ہیں اوران کے مصارف بھی مقرر ہیں۔

اول: زکوٰۃ وصدقات واجبہ:

ان کے مصارف یہ ہیں: فقیر، مسکین، عامل، مکاتب کی آزادی، مقروض کا قرضہ ادا کرنے میں، مجاہدین کی ضروریات، مسافر کا زادراہ۔

دوم: مال غنیمت:

ان کا مصرف یہ ہیں: یتیم، مسکین، مسافر۔

سوم: جزیہ اور خراج۔

دارالاسلام اور مسلمانوں کی فلاح و بہبود، سرحدوں کی حفاظت، جہاد کی تیاری، ذرائع آبپاشی، والی، امام، قاضی، مؤذن، قاری، مفتی، معلم، محتسب کا مشاہرہ، مجاہدین کے لئے اسلحہ، راستوں کو پرامن بنانے میں، پلوں کی مرمت، اوران کو بنانے میں۔

چہارم: بلاوارث کا ترکہ۔

فقیر، مریض کا نفقہ، دوا، علاج، عاجز کا نفقہ وغیرہ۔ (۶۲)

☆☆☆☆☆

(۶۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۵۵

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۶):

احکامِ شریعت کے ساتھ استہزاء کفر ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّانَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۔ قُلْ أَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ☆ لَاتَعْتَذِرُوْاقَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَاِيْمَانِكُمْ ۔ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ۔ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ☆

(سورۃالتوبۃ آیات،۶۵،۶۶)

اورائے محبوب!اگرتم اُن سے پوچھوتو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے۔تم فرماؤ: کیااللہ اوراس کی آیتوں اوراس کے رسول سے ہنستے ہو۔ بہانے نہ بناؤتم کافر ہو چکے مسلمان ہوکر۔اگرہم تم میں سے کسی کومعاف کر دیں تو اوروں کوعذاب دیں گے اس لئے کہ وہ مجرم تھے۔

حل لغات:

نَخُوْضُ: خَوْضٌ سے بنا ہے۔لغوی معنی ہے پانی یا کیچڑ میں داخل ہونا۔گھسنا،جس میں تلویث (لتھڑنا) اور ایذا (گندگی) ہو۔

اس سے مراد یہ ہے کہ راستہ چلتے (پیدل یا سوار) ایسی باتیں کرنا جس میں حق و باطل میں تمیز نہ ہو،ہنسی کھیل کے

marfat.com

طور پر باتیں کرنا جس سے مقصود سفر طے کرنا ہو، سنجیدگی مراد نہ ہو۔(۱)

"تَسْتَهْزِءُوْنَ": اِسْتِهْزَاءٌ سے بنا ہے، اس کا مجرد هَزَأَ، هَزِئَ، يَهْزَأُ، هُزُوًا، هُزُوًا، هَزْوًا ہے۔ جس کا معنی ہے: کسی سے مسخری کرنا۔

اِسْتِهْزَأَ کا معنی ہے: ٹھٹھا کرنا جس میں کسی کی تحقیر مقصود ہو اور تحقیر کا اعتقاد ہو۔(۲)

"لَاتَعْتَذِرُوْا": بہانے نہ بناؤ۔

اِعْتِذَارٌ، عُذْرٌ یا عُذُرٌ سے بنا ہے، جس کا لغوی معنی ہے مٹانا، یا کاٹنا۔

گناہوں کا اثر مٹانا یا ختنہ کی کھال کاٹنا۔

اِعْتِذَارٌ سے مراد ہے وہ کام کرنا جس سے گناہ کا اثر یا الزام مٹ جائے۔

اس کی تین صورتیں ہیں:

اول: مثلاً یہ کہے کہ یہ جرم میں نے نہیں کیا۔

دوم: مثلاً یہ کہے کہ یہ غلط میں نے اس وجہ سے کیا۔

---

(۱)
- ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۳۵۶
- ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۱۶۱
- ☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۸۹
- ☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۵، ص ۲۷
- ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۲۲
- ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۷
- ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۵۹
- ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۳۱

(۲)
- ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۴۲۵
- ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۵۴۲
- ☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۴۰
- ☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۳۸
- ☆ الفروق اللغویۃ، از ابو ہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ص ۳۸، ۲۸۴

marfat.com

اس سے اس کی مراد گناہ کا الزام مٹانا ہے۔

سوم: مثلاً میں نے یہ گناہ کیا ہے اب دوسرا نہیں کروں گا۔

یہ توبہ ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ اعتذار سے مراد یہاں بہانہ سازی ہے۔اور اپنے گناہ (استہزاء) کا بہانہ پیش کرنا ہے۔(۳)
آیت سے مراد یہ ہے اللہ تعالیٰ، قرآن کی آیات اور رسول اللہ ﷺ سے تم نے (اے منافقو!) جو استہزاء کیا ہے اب اس کا عذر پیش کرتے ہو۔ بہانہ سازی سے اپنا گناہ مٹانا چاہتے ہو۔اب ایسا نہ کرو۔اس لئے کہ تم نے یہ استہزاء تحقیر کی خاطر کیا ہے۔ان بارگاہوں کی تحقیر ناقابل معافی جرم ہے۔(۴)

---

(۳) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۳،ص۳۸۵

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۲۲

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۷۸۵

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص۳۲۷

☆ الفروق اللغویۃ ،ازابوہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۴۰۰ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ،ص۲۶۳

(۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص۱۴۲

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۹۷۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص۱۹۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۶۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص۱۲۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۵۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۵۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص۱۳۱

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۶۶

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳،ص۴۶۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۶۹

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۵۷

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۳۹

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۵۶

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت، ج۴،ص۲۲۹

marfat.com

شانِ نزول:

اس آیت مبارکہ کے شانِ نزول میں متعدد روایات مروی ہیں۔

(۱) غزوہ تبوک سے واپسی کے سفر میں کسی راستہ سے گذر رہے تھے کہ منافقوں میں سے چند ایک نے باہم مشورہ کر کے طے کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ گھاٹی پر سے گذریں تو انہیں (نعوذ باللہ) قتل کر دیں۔ چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ نے گھاٹی پر چلنے کا ارادہ کیا تو منافق بھی آپ کے ساتھ ہو لئے تا کہ آپ کو گھاٹی میں قتل کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اس مکاری کی اطلاع رسول اللہ ﷺ کو دے دی۔ چنانچہ جب آپ گھاٹی پر چڑھنے لگے تو آپ کی طرف سے ایک منادی نے ندا دی کہ رسول اللہ ﷺ گھاٹی کے راستہ میں جا رہے ہیں خبردار! کوئی بھی گھاٹی کے راستہ سے نہ جائے۔ سب وادی کے اندر سے جائیں۔ تم لوگوں کے لئے وادی کے اندر سے جانا آسان بھی ہے۔ حسب الحکم سب لوگوں نے وادی کے اندر سے راہ لی۔ مگر جن منافقوں نے آپ کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا وہ اپنے ارادے سے باز نہ آئے اور اپنے منصوبے کی تکمیل کے لئے تیار ہو گئے اور چہروں پر کپڑا باندھ لیا اور گھاٹی پر جا چھپے۔ رسول اللہ ﷺ نے جب گھاٹی پر اس شان سے چلنا شروع کیا کہ حسب الحکم آگے آگے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اونٹنی کی مہار پکڑے جا رہے تھے اور پیچھے پیچھے حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ اونٹنی ہنکا رہے تھے۔ اچانک چھپے ہوئے منافقوں کی کچھ آہٹ محسوس ہوئی۔ ساتھیوں نے نیزے تان لئے اور اونٹنی کو تیز چلایا۔ اونٹنی اتنی تیزی سے چلی کہ کچھ سامان بھی گر پڑا۔ رات اندھیری تھی۔ حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گھاٹی میں پہنچ گئے۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ گھاٹی کے اندر مشعل کی طرح میری پانچوں انگلیاں روشن ہو گئیں۔ جن کی روشنی میں ہم نے گرا پڑا سامان جمع کر لیا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ آنے والے لوگوں کو واپس لوٹا دیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک ٹیڑھی مونٹھ کی برچھی دار لاٹھی تھی۔ آپ اس لاٹھی سے آنے والے لوگوں کی سواریوں کے رخ لوٹانے لگے اور فرمایا۔ اے اللہ کے دشمنو! اُدھر ہی

marfat.com

جاؤ، اُدھر ہی رہو۔ ان لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ کو ہمارے ارادے کی خبر مل گئی ہے اس لئے ذرا تیزی کے ساتھ گھاٹی سے اُتر کر دوسرے لوگوں میں جا ملے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آ گئے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حذیفہ! اونٹنی کو مارو اور عمار! تم پیدل چلو۔ سب لوگ تیزی سے چلے یہاں تک کہ یہ دونوں بزرگ گھاٹی کے اوپر پہنچ گئے اور رسول اللہ ﷺ گھاٹی سے باہر نکل گئے اور لوگوں کا انتظار کرنے لگے۔

پھر حضرت حذیفہ سے فرمایا: ''جن لوگوں کو تم نے لوٹایا تھا کیا ان میں سے کسی کو پہچانا بھی؟''

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''حضور رات کا اندھیرا تھا اور ان کے چہروں پر کپڑے بندھے ہوئے تھے۔ میں نے نہیں پہچانا۔ ہاں ان کی اونٹنیوں کو پہنچان لیا''

فرمایا: تم سمجھے بھی، ان کا ارادہ کیا تھا؟''

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ''خدا کی قسم حضور! مجھے تو کچھ علم نہیں''۔

فرمایا: ''انہوں نے داؤ کیا تھا کہ میرے ساتھ ساتھ چلیں اور جب میں گھاٹی پر چڑھوں تو پتھر مار مار کر مجھے گھاٹی سے نیچے پھینک دیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کے نام اور باپوں کے نام بتا دیئے ہیں۔ ان شاء اللہ تم کو ان کی اطلاع دوں گا''۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! جب لوگ آ جائیں تو آپ حکم دیں کہ ان بے ایمانوں کی گردنیں ماردی جائیں''۔

فرمایا۔ ''نہیں'' لوگ باتیں بنائیں گے اور کہیں گے کہ محمد (ﷺ) نے اپنے ساتھیوں کو قتل کرنا شروع کر دیا ہے۔ ہمارے لئے اللہ کافی ہے''۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت حذیفہ اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما اور ان کے ساتھیوں کو ان منافقوں کے نام بتا دیئے تھے۔ مگر فرمایا کہ ان کو پوشیدہ رکھنا۔

غرض، صبح ہوئی تو حضرت اُسَید بن حُضَیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! رات آپ وادی کے اندر کی راہ

marfat.com

سے کیوں چلے۔ یہ راستہ تو گھاٹی کے راستہ سے آسان تھا۔فرمایا:

ابو یحییٰ (حضرت اُسید کی کنیت ہے) کیا تم جانتے ہو کہ منافقوں کا میرے متعلق کیا ارادہ تھا اور انہوں نے کیا طے کیا تھا۔ان کا خیال تھا کہ میرے پیچھے پیچھے آئیں گے اور رات کی تاریکی میں میری اونٹنی کا سینہ بند اور تسمے کاٹ کر اونٹنی کو آزاد چھوڑ دیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔قریب تھا کہ اونٹنی سے مجھے نیچے پھینک دیں۔''

حضرت اُسید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔''یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! سب لوگ جمع ہیں اور اُتر چکے ہیں۔آپ ہر خاندان کو حکم دیں کہ اس خاندان کے جس شخص نے یہ ارادہ کیا ہو خاندان والے ہی اس کو قتل کر دیں اور اگر آپ کی رائے میں مناسب ہو تو مجھے ان کے نام بتا دیجئے۔قسم ہے اس ذات کی، جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اس جگہ سے ہٹوں گا بھی نہیں کہ ان کے سر آپ کی خدمت میں لا کر حاضر کر دوں گا''۔

فرمایا۔''مجھے یہ بات پسند نہیں کہ لوگ باتیں بنائیں اور کہیں: جب محمد (ﷺ) کی لڑائی مشرکوں سے ختم ہوگئی تو وہ اپنے ساتھیوں پر ہاتھ صاف کرنے لگا''حضرت اُسید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! وہ تو آپ کے ساتھی نہیں ہیں۔

فرمایا: کیا وہ لا الہ الا اللہ کی شہادت کا اظہار نہیں کرتے۔حضرت اُسید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا۔جی، کرتے تو ہیں فرمایا: اس وجہ سے میں ان کو قتل کرنے سے باز رہا۔

مذکورہ بالا واقعہ کی تفصیل امام احمد نے حضرت ابو طفیل کی روایت سے،

بیہقی نے حضرت حذیفہ کی روایت سے،

ابن سعد نے حضرت جُبَیر بن مطعم کی روایت سے،

ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ نے ضحاک کے حوالہ سے،

بیہقی نے عروہ کے حوالہ سے، نیز ابن اسحٰق کی روایت سے،

محمد بن عمر نے اپنے مشائخ کی سند سے بیان کیا ہے۔(۵)

---

(۵) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۵۶، ۲۵۷

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵، ص۳۴۶

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۵۶

marfat.com

(۲) غزوہ تبوک کی واپسی اور رات کو گھاٹی کے واقعہ کے بعد، جب صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ عبداللہ بن سعد بن ابی السرج، ابوحاضر اعرابی، عامر ابوعامر، حلاس بن سوید بن صامت، مجمع بن حارثہ، ملیح تمیمی، حُصَیر بن نُمَیر، طعمہ بن ابیرق، عبداللہ بن عیینہ اور مرّہ بن ربیع کو بلا لاؤ۔

حلاس ہی وہ شخص تھا جس نے کہا تھا کہ جب تک آج رات گھاٹی سے محمد کو ہم پھینک نہ دیں گے باز نہ رہیں گے۔ اگر محمد اور اس کے ساتھی ہم سے بہتر ہیں تو ہم پھر بکریاں ہیں اور وہ چرواہے۔ ہم بے عقل ہوں گے اور وہ عقل والے۔

ملیح تمیمی وہ شخص تھا جس نے کعبہ کی خوشبو چرائی تھی اور مرتد ہو کر بھاگ گیا تھا۔ مگر سمجھ میں نہ آتا تھا کہ کہاں جائے۔ ملک میں مارا مارا پھرتا تھا۔

حُصَیر بن نُمَیر نے زکوٰۃ چرائی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا تھا ''کم بخت تو نے یہ حرکت کیوں کی''۔ کہنے لگا۔ ''مجھے اس حرکت پر اس خیال نے آمادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اس بات پر مطلع نہیں کرے گا۔ لیکن اب جب اللہ نے آپ کو آگاہ کر دیا تو مجھے یقین ہو گیا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اب میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اس وقت سے پہلے میں آپ پر ایمان نہیں لایا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات سنی اور اس سے درگذر فرمایا اور معاف کر دیا۔

عبداللہ بن عیینہ وہی شخص تھا جس نے اپنے ساتھیوں سے کہا تھا۔ آج رات جاگ لو، ہمیشہ کے لئے نجات پالو گے۔ خدا کی قسم اس شخص (مراد رسول اللہ ﷺ) کو قتل کے سوا تمہارا کوئی کام نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے بلوا کر فرمایا۔ ''کم بخت اگر میں مارا جاتا تو تجھے کیا فائدہ پہنچتا''۔ دشمن خدا کہنے لگا۔ ''اے اللہ کے نبی! خدا کی قسم جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح عنایت کی ہے ہم برابر خیریت کے ساتھ ہیں۔ ہم تو بس اللہ اور آپ کی ذات کے سبب سے خیریت اور آسائش میں ہیں'' رسول اللہ ﷺ نے اس کو چھوڑ دیا۔

مُرّہ بن ربیع وہ شخص تھا جس نے عبداللہ بن ابی السرج کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا تھا۔ اس رکاوٹ کو دور کر دو۔ اس ایک اکیلے شخص کے قتل کے بعد تو ہمارے لئے چین ہی چین ہے۔ عام لوگ اس کے قتل سے

marfat.com

مطمئن ہوں گے''۔رسول اللہ ﷺ نے اس کو بلوا کر فرمایا: ارے! تو نے ایسی باتیں کیوں کیں۔اس نے جواب دیا کہ یارسول اللہ! میں نے تو ان میں سے کوئی بات نہیں کہی۔اگر کہی ہوتی تو آپ کو معلوم ہی ہوتی۔

غرض ان بارہ منافقوں کو رسول اللہ ﷺ نے جمع کیا، جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے خلاف جنگ کرنا چاہی تھی اور رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔سب کو ان کی کہی ہوئی باتیں، ان کی گفتگو اور ان کے ظاہر و باطن کی حالت بتائی۔آپ ﷺ کو ان چیزوں کا علم وحی سے ہوا تھا۔یہ بلدہ آدمی نفاق اور اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کے خلاف جنگ کے ارادہ ہی کی حالت میں مر گئے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان بارہ منافقوں کے لئے بددعا کی کہ یاالٰہی ان کو دُنبل میں مبتلا کر۔یعنی آگ کی چنگاری جو ان کے دلوں کی رگ پر لگے اور وہ ہلاک ہو جائیں۔(۶)

(۳) غزوۂ تبوک کے موقعہ پر چند منافقوں نے کہا تھا: یہ (اشارہ رسول اللہ ﷺ کی طرف تھا) چاہتا ہے کہ شام کے محلات اور قلعوں کو فتح کر لے۔افسوس، افسوس۔

اللہ تعالیٰ نے اس کی خبر رسول اللہ ﷺ کو دی، منافقوں نے اپنی کہی ہوئی باتوں کا انکار کر دیا اور کہا کہ ہم تو سفر طے کرنے کے لئے ہنسی مذاق کی باتیں کر رہے تھے۔(۷)

---

(۶) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۳۴۹

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج۲، ص ۹۷۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۸، ص ۱۹۶

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۶۶

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۳۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج۳، ص ۴۵۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۲۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۶۵

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی' مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۵۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی' پشاور، ص ۴۶۹

☆ لباب النقول فی اسباب النزول مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دار الرشد، بیروت، ص ۲۳۹

marfat.com

(۴) غزوہ تبوک کے سفر میں ایک منافق نے حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے بارے میں کہا۔ یہ پیٹ کے پجاری ہیں، زبان کے جھوٹے ہیں اور جنگ کے وقت بزدل ہیں، ایک صحابی نے اس سے کہا، تو نے جھوٹ کہا، وہ ایسے نہیں۔ میں حضور اکرم ﷺ کو اس کی خبر دوں گا۔ جب آپ ﷺ تک یہ خبر پہنچی تو اس پر قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی۔ وہ شخص حضور نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے کجاوہ کے ساتھ لپٹا جا رہا تھا۔ پتھروں سے اس کے پاؤں زخمی ہو رہے تھے اور وہ کہہ رہا تھا کہ ہم نے صرف ہنسی اور کھیل کے طور پر ایسا کہا ہے۔ ہم اس پر معذرت خواہ ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: اب معذرت کا وقت گذر چکا ہے۔ (۸)

(۵) غزوہ تبوک کے موقعہ پر جب کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم کی مدد کرے گا کہ ملک شام کے محلات پر وہ قبضہ کرے گا۔ منافقین نے اللہ تعالیٰ کی قدرت کا استہزاء کیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (۹)

(۶) جَد بن قیس، ودیعہ بن خذام اور جُہیر بن حُمیر غزوہ تبوک سے واپسی پر حضور نبی اکرم ﷺ کا مذاق کر رہے تھے۔ جُہیر نے صرف استہزاء کا کلمہ سنا اور اس پر ہنس دیا۔ اس پر آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ جُہیر نے توبہ کی۔ (۱۰)

(۷) ایک منافق بولا کہ یہ (حضور انور ﷺ کی طرف اشارہ تھا) خبر دیتا ہے کہ گم شدہ اونٹ فلاں وادی میں ہے وہ غیب کیا جانے'' اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (۱۱)

---

(۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۷۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۲۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۶۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۵۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۵۰

(۹) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۲۳

(۱۰) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۶۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۵۱

(۱۱) ☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۶۵

marfat.com

اس طرح کے ڈیڑھ درجن کے قریب واقعات اس آیت کے شانِ نزول میں بیان کئے گئے ہیں۔ان سب میں وجہ اشتراک حضور نبی اکرم ﷺ کی شان ارفع واعلیٰ میں تحقیر، استہزاء، تمسخر اور توہین کا پہلو نمایاں ہے۔آیت مبارکہ میں اس کی تردید کی گئی ہے۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ کسی دوسرے کو حقیر جاننا، اس کے عیوب کو ہنسی کے طور پر ذکر کرنا، خواہ زبان سے ہو یا فعل سے، یا اشارہ سے، یہ استہزاء ہے۔شریعت کے کسی حکم کے ساتھ استہزاء کفر ہے۔(۱۲)

﴿۲﴾ اللہ تعالیٰ عزاسمہٗ کے اسماء حُسنیٰ میں سے کسی اسم کا تمسخر اڑایا، اس کے حکموں میں سے کسی حکم کا تمسخر اڑایا، یا کہا کہ کاش کوئی نبی نہ آتا تاکہ احکام شریعت نہ ہوتے، ایسا استخفاف (خفیف جاننا) کے قصد سے ہو یا عداوت کے قصد سے، یا بلند جگہ پر مانند مفتی یا قاضی کے بیٹھے اور اس کے گرد لوگ جمع ہوں وہ اس سے مسائل دریافت کریں اور اس پر ہنسی کریں اور اسے تکیہ سے ماریں، یا کلمہ کفر کو ہلکا جان کر کہنا، اگرچہ اس کا اعتقاد نہ کرے، ان سب صورتوں میں وہ کافر ہو جائے گا۔(۱۳)

---

(۱۲)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۲
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۹۷۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۱۹۷
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۵۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۵۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۲۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۶۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۶۰
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۷۰

(۱۳)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۱۴۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۲۳
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۷۰

marfat.com

﴿۳﴾ کلمہ شہادتین پڑھنا لیکن اس میں ادنیٰ سا شک کرنا کفر ہے۔(۱۴)

﴿۴﴾ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لانا فرض ہے اگر کسی نبی کی نبوت میں ادنیٰ سا شک کرے یا حضور خاتم المرسلین ﷺ کی ختم نبوت میں کسی بھی تاویل سے شک کرے یہ کفر ہے۔(۱۵)

﴿۵﴾ رسول اللہ ﷺ کی ذات قدسی صفات میں طعن کرنا یا آپ ﷺ کو ایذا دینا کفر ہے۔(۱۶)

﴿۶﴾ باطل کلام سے رکنا فرض ہے۔(۱۷)

﴿۷﴾ کلمہ کفر کے اظہار میں سنجیدہ ہو کر یا ہنسی مذاق میں گفتگو کرنا یا تحریر کرنا ہر طرح سے کفر ہے، اسی پر اجماع ہے، بنی اسرائیل نے اپنے قاتل کا پتہ معلوم کرنے کے لئے جب حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا تو آپ نے ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا، قوم نے اسے مذاق سمجھا، آپ نے فرمایا:

قَالَ اَعُوْذُبِاللّٰہِ اَنْ اَکُوْنَ مِنَ الْجَاھِلِیْنَ ☆ (سورۃ البقرہ آیت، ۶۷)

فرمایا، خدا کی پناہ، کہ میں جاہلوں سے ہوں۔

یعنی حکم الٰہی کو مذاق ٹھہرانا جاہلوں اور کافروں کا کام ہے۔(۱۸)

---

(۱۴) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۶۰

(۱۵) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۰

(۱۶) تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۶

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۶۰

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۳۱

(۱۷) تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۴

(۱۸) احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۲

احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۷۷

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۱۹۷

تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۶۵

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۳۱

marfat.com

﴿۸﴾ ہنسی مذاق، کھیل کود میں اگر کسی مرد اور عورت کا نکاح کیا تو نکاح ہوگیا۔ اسی طرح ہنسی مذاق میں اپنی بیوی کو طلاق دی طلاق واقع ہو جائے گی۔ اپنی مطلقہ بیوی سے (جسے طلاق رجعی دی ہو) طلاق سے رجوع ہنسی مذاق میں کرے، رجوع ثابت ہو جائے گی۔ حدیث شریف میں ہے۔

ثَلاثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ: اَلنِّكَاحُ وَالطَّلَاقُ وَالرَّجْعَةُ (۱۹)

تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان کی سنجیدگی اور ہنسی مذاق دونوں کا حکم سنجیدگی ہے: نکاح، طلاق، رجعت۔ (۲۰)

﴿۹﴾ سفید ریش مسلمان، عالمِ دین اور انصاف کرنے والے حاکم کی عزت وتوقیر مسلمانوں پر واجب ہے، ان کی تحقیر حرام ہے۔ حدیث شریف میں ہے:

ثَلَاثَةٌ لَايَسْتَخِفُّ بِحَقِّهِمْ اِلَّامُنَافِقٌ : ذُوالشَّيْبَةِ فِى الْاِسْلَامِ، وَذُوالْعِلْمِ، وَاِمَامٌ مُقْسِطٌ (۲۱)

تین آدمیوں کے حق کو صرف منافق ہی کم سمجھتا ہے۔ سفید ریش مسلمان، علمِ دین والا، انصاف کرنے والا حاکم۔ (۲۲)

﴿۱۰﴾ اہل بیت رسول، اولادِ رسول، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تعظیم رسول اکرم ﷺ کی تعظیم ہے، اس لئے ان کی تعظیم واجب ہے۔ (۲۳)

﴿۱۱﴾ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا لطف وکرم بلاسبب بھی متوقع بلکہ واقع ہے۔ البتہ اظہارِ غضب بغیر جرم کے ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ مجرموں کو سزا دیتا ہے۔ اس لئے اس کا کوئی حکم توڑ کر نافرمانی اور جُرم اس سے اجتناب فرض ہے۔ (۲۴)

---

(۱۹) ☆ رواہ ابوداؤد والترمذی وابن ماجہ والدارقطنی عن ابی ہریرہ، بحوالہ
☆ جامع صغیر، ج ۱، ص ۲۳۵

(۲۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۷۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱۹۰

(۲۱) ☆ رواہ الطبرانی عن ابی امامہ/بحوالہ جامع صغیر، ج ۱، ص ۲۴۲

(۲۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۰

(۲۳) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۰

(۲۴) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۳، ص ۴۶۰

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۷):

کافروں اور منافقوں سے سلوک

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَاالنَّبِیُّ جَاهِدِالۡکُفَّارَ وَالۡمُنٰفِقِیۡنَ وَاغۡلُظۡ عَلَیۡهِمۡ ؕ وَمَاۡوٰهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ☆

(سورۃالتوبۃ آیت،۷۳)

اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر، اور ان پر سختی کرو، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور کیا ہی بُری جگہ پلٹنے کی۔

حل لغات:

"اَلنَّبِیُّ": عربی لفظ ہے اس کے دو مادہ اشتقاق بتائے گئے۔

(۱) اَلنَّبَاءُ بمعنی بڑی خبر، ایسی خبر جس میں عظیم فائدہ ہو، اس سے علم یا غلبہ ظن حاصل ہو، سچی ہو کہ جھوٹ سے پاک ہو، قرآن مجید میں یہ کلمہ اس معنی میں متعدد مقامات پر استعمال ہوا ہے۔ مثلاً ارشاد خداوندی ہے۔

عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ ☆ عَنِ النَّبَاِالۡعَظِیۡمِ ☆

(سورۃالنباء آیات، ۱، ۲)

یہ آپس میں کاہے کی پوچھ گچھ کر رہے ہیں، بڑی خبر کی۔

نیز ارشاد ربانی ہے۔

ذٰلِکَ مِنۡ اَنۡۢبَآءِ الۡغَیۡبِ نُوۡحِیۡهِ اِلَیۡکَ .....الآیۃ

(سورہ آل عمران آیت، ۴۴)

یہ غیب کی خبریں ہیں کہ ہم خفیہ طور پر تمہیں بتاتے ہیں۔

marfat.com

ان آیات میں اَلنَّبَآء اور اس کی جمع اَنبآء کا معنی عظیم خبر ہے۔

اس اشتقاق کے اعتبار سے اَلنَّبِیُّ کا معنیٰ ہے۔ بڑی خبریں دینے والا، جس میں عظیم فائدہ ہو۔ یعنی غیب کی خبریں دینے والا۔(۱)

(۲) اَلنَّبَوُ ، اَلنَّبُوَّۃُ ، اَلنَّبَاوَۃُ . ان کا معنی ہے، ارتفاع، بلندی، بلند زمین۔

اس اشتقاق کے اعتبار سے اَلنَّبِیُّ کا معنی ہے۔ تمام مخلوقات سے اعلیٰ واشرف۔ ایسا ارفع واعلیٰ کہ تمام جہاں اسی سے ہدایت پاتا ہے۔ اس کی بلند شان ہی سراپا ہدایت ہے۔(۲)

اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم نے اپنے محبوب کریم ﷺ کو پیارے القابات سے خطاب فرمایا ہے۔ اس مقام پر خطاب ہوا۔

اے غیب کی خبریں دینے والے! اے رفیع الشان ذات!(۳)

"جَاهِدٌ": جِهَادٌ سے امر کا صیغہ ہے۔ لغوی معنیٰ ہے کوشش کرنا، سخت محنت کرنا۔

اصطلاحی معنی ہے۔ باطل والوں کے خلاف طاقت صرف کرنا اور انہیں ہدایت کی دعوت دینا۔ اس میں قتال کا

---

(۱) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۲۱

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۱۶

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۴۸۱

☆ الفروق اللغویۃ، ازابوھلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ص ۵۳

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۵

☆ المنجد ار لونیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۲۴۴

(۲) ☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۲۱، ج ۱۰، ص ۳۵۴

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۴۸۲

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۱۶

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۵

(۳) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۲۰۴

☆ الشفاء بتعریف حقوق المصطفی، ج ۱، ص ۳۱

marfat.com

ہونا یا نہ ہونا دونوں احتمال موجود ہیں۔(۴)

"**وَاغْلُظْ**": غِلْظَةٌ سے امر کا صیغہ ہے۔اس کا معنی ہے: شدت، سختی، رَأْفَةٌ کا نقیض ہے۔

یعنی منافقین پر سختی کرو۔ان سے ترش روئی سے پیش آؤ۔ان کے ساتھ معاملات میں دل کی سختی بروئے کار لاؤ۔نرمی نہ کرو۔(۵)

"**مُنَافِقٌ**": منافق وہ ہے جو اسلام ظاہر کرے اور شریعت پر عمل کرے مگر باطن میں کفر چھپائے۔شک یا عناد کی بنا پر اس کے باطن میں کفر ہو۔(۶)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ اللہ تعالیٰ جل مجدہ الکریم نے اپنے نبیوں کو جب بھی خطاب فرمایا تو ان کے اسم ذاتی سے خطاب فرمایا۔مثلاً

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ .....الآية (سورۃ البقرہ آیت، ۳۵)

اور ہم نے فرمایا، اے آدم! تو اور تیری بی بی اس جنت میں رہو۔

---

(۴) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۶۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۷

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۰۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۵۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۳۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۷۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۳۶۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۱

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۰۵

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۳۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۷

marfat.com

قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَیْسَ مِنْ اَهْلِکَ .....الآیة (سورہ ھود آیت،۴۶)

فرمایا: اے نوح! وہ تیرے گھر والوں میں نہیں۔

یٰاِبْرَاهِیْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا.....الآیة (سورہ ھود آیت ۷۶)

اے ابراہیم! اس خیال میں نہ پڑ۔

یٰمُوْسٰی لَاتَخَفْ اِنِّیْ لَایَخَافُ لَدَیَّ الْمُرْسَلُوْنَ☆ (سورۃالنمل آیت،۱۰)

(اور ہم نے فرمایا) اے موسیٰ! ڈر نہیں۔ بے شک میرے حضور رسولوں کو خوف نہیں ہوتا۔

اِذْقَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰٓی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ.....الآیة (سورہ آل عمران آیت،۵۵)

یاد کرو جب اللہ نے فرمایا! اے عیسیٰ! میں تجھے پوری عمر تک پہنچاؤں گا اور تجھے اپنی طرف اٹھالوں گا۔

مگر جب بھی محبوب کریم رسول عظیم سیدنا و مولانا حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کو خطاب فرمایا تو ذاتی نام سے نہیں بلکہ پیارے القاب سے خطاب فرمایا۔ مثلاً

یٰاَیُّهَاالنَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًاوَّمُبَشِّرًاوَّنَذِیْرًا☆وَّدَاعِیًااِلَی اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًامُّنِیْرًا☆

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب۔ (سورۃ الاحزاب آیات،۴۵،۴۶)

یاد رہے کہ یٰاَیُّهَاالنَّبِیُّ کا پیارا دل نواز خطاب قرآن مجید میں متعدد مرتبہ آیا ہے۔ مثلاً

یٰاَیُّهَاالنَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ☆ (سورۃالانفال آیت نمبر ۶۴)

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ تمہیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمہارے پیرو ہوئے۔

یٰاَیُّهَاالنَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ.....الآیة (سورۃ الانفال آیت نمبر ۶۵)

اے غیب کی خبریں بتانے والے مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دو۔

یٰٓاَیُّهَاالنَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْٓ اَیْدِیْکُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓی ۙاِنْ یَّعْلَمِ اللّٰهُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ خَیْرًایُّؤْتِکُمْ خَیْرًامِّمَّآاُخِذَمِنْکُمْ وَیَغْفِرْلَکُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ☆ (سورۃالانفال آیت نمبر ۷۰)

marfat.com

اے غیب کی خبریں بتانے والے جو قیدی تمہارے ہاتھ میں ہیں ان سے فرماؤ اگر اللہ نے تمہارے دلوں میں بھلائی جانی تو جو تم سے لیا گیا اس سے بہتر تمہیں عطا فرمائے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۔ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ۔ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ☆

اے غیب کی خبریں دینے والے (نبی) جہاد فرماؤ کافروں اور منافقوں پر اور ان پر سختی کرو اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔

(سورۃ التوبۃ آیت ۷۳)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۔ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ۔ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ☆

اے غیب بتانے والے (نبی) کافروں اور منافقوں پر جہاد کرو اور ان پر سختی فرماؤ، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور کیا ہی برا انجام۔

(سورۃ التحریم آیت نمبر ۹)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ☆

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) اللہ کا یونہی خوف رکھنا اور کافروں اور منافقوں کی نہ سننا بے شک اللہ علم و حکمت والا ہے۔

(سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۱)

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ .....الآية

(سورۃ الممتحنة آیت نمبر ۱۲)

اے نبی جب تمہارے حضور مسلمان عورتیں حاضر ہوں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ☆

(سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۲۸)

اے غیب بتانے والے (نبی) اپنی بیویوں سے فرما دے اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں مال دوں اور اچھی طرح چھوڑ دوں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ☆

(سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۴۵)

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا۔

marfat.com

يٰٓاَيُّهَاالنَّبِيُّ اِنَّآاَحْلَلْنَالَکَ اَزْوَاجَکَ الّٰتِیْ اٰتَیْتَ اُجُوْرَهُنَّ .....الآیة (سورۃالاحزاب آیت، ۵۰)

اے غیب بتانے والے (نبی) ہم نے تمہارے لئے حلال فرمائیں تمہاری وہ بیویاں جن کو مہر دو۔

يٰٓاَيُّهَاالنَّبِيُّ اِذَاطَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُواالْعِدَّةَ .....الآیة (سورۃالطلاق آیت نمبر ۱)

اے نبی جب تم لوگ عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کے وقت پر انہیں طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو۔

يٰٓاَيُّهَاالنَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآاَحَلَّ اللّٰهُ لَکَ ۚ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِکَ ۔ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ☆

اے غیب بتانے والے (نبی) تم اپنے اوپر کیوں حرام کئے لیتے ہو وہ چیز جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کی اپنی بیبیوں کی مرضی چاہتے ہو اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (سورۃ التحریم آیت نمبر ۱)

يٰٓاَيُّهَاالرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآاُنْزِلَ اِلَيْکَ مِنْ رَّبِّکَ ۔ .....الآیة (سورۃالمائدہ آیت نمبر ۶۷)

اے رسول پہنچا دو جو کچھ اتارا تمہیں تمہارے رب کی طرف سے۔

يٰٓاَيُّهَاالْمُزَّمِّلُ ☆ (سورۃالمزمل آیت نمبر ۱)

اے جھرمٹ مارنے والے

يٰٓاَيُّهَاالْمُدَّثِّرُ ☆ (سورۃالمدثر آیت نمبر ۱)

اے بالا پوش اوڑھنے والے۔

رب کریم جل وعلا کا اپنے محبوب کریم ﷺ کو القاب اور صفات سے خطاب فرمانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ اُس کے نزدیک اس کا مقام کتنا بلند ہے۔ اس کی شانِ ارفع واعلیٰ ظاہر کرنے کے لئے خطابات کا یہ انداز اپنایا گیا۔ لہٰذا بندۂ مومن پر فرض ہے کہ جب بھی اپنے آقا و مولیٰ ﷺ کو خطاب کرے عمدہ اور محبوب القاب سے خطاب کرے۔ عامی آدمیوں کی طرح آپ کو خطاب نہ کرے۔ مثلاً یوں خطاب کرے۔

یارسول اللہ۔ یاحبیب اللہ۔ یانبی اللہ۔ یانور اللہ۔

اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عام آدمی کے سے خطاب کی طرح سے منع فرمادیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

marfat.com

لَاتَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ..... الآية (سورۃ النور آیت نمبر ۶۳)

رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسا تم میں ایک دوسرے کو پکارتا ہے۔

اسی لئے ائمہ مجتہدین اور علماء ربانیین نے فرمایا ہے کہ اگر کسی مقام پر حضور انور ﷺ کو نام لے کر پکارا گیا ہو تو تم اس خطاب کو القاب سے بدل لو۔ مثلاً حضور آقا و مولیٰ ﷺ نے اپنے ایک صحابی کو دعا تلقین فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدًا نَبِیِّ الرَّحْمَةِ یَامُحَمَّدُ اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ فَتَقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ (۷)

مذکورہ دعا میں "یامحمد" کی بجائے "یَارَسُوْلَ اللّٰهِ" کہے۔ (۸)

﴿۲﴾ معظمانِ بارگاہِ الٰہی، خیر کی تعلیم دینے والے، اہل فضل اور اہل ارشاد، اساتذہ اور والدین کو نام سے خطاب کرنا بے ادبی اور ان کی توہین ہے۔ ان کو ہمیشہ عزت والے ایسے القاب سے خطاب کرنا لازم ہے جو ان کی تعظیم پر دلالت کریں۔ (۹)

﴿۳﴾ حربی کفار کے ساتھ جہاد قیامت تک جاری رہے گا۔ حضور سید عالم ﷺ نے کفار کے خلاف جہاد کیا۔ آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، اور ان کے بعد تابعین عظام سے لے کر آج تک امت کے مقتدیٰ حضرات نے جہاد میں حصہ لیا۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ جہاد قیامت تک جاری ہے اسے کوئی منسوخ نہیں کرسکتا۔ آیت مذکورہ بالا میں خطاب اگرچہ نبی کریم ﷺ سے ہے مگر اس میں امت بھی شامل ہے۔ (۱۰)

---

(۷) ☆ رواہ احمد عن عثمان بن حنیف، ج ۴، ص ۱۳۸

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۲۰۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۵

☆☆ الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ، ج ۱، ص ۳۱

(۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۶۵

(۱۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۴۳

☆☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۹۷۷

☆☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۲۰۴

☆☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۷۱

marfat.com

﴿۴﴾ ذمی، مستامن اور معاہد کے خلاف اس وقت تک جہاد جائز نہیں جب تک وہ مسلمانوں کے ذمہ میں ہوں یا مدت معاہدہ ابھی باقی ہو۔(۱۱)

﴿۵﴾ منافقین کے ساتھ تلوار سے جہاد جائز نہیں بلکہ ان کے شبہات دور کر کے انہیں سچا مسلمان بنایا جائے۔اسی طرح کفار کے خلاف اسلام کی حقانیت کے دلائل قائم کرنا ہمیشہ جاری رہے گا۔یہ زبانی اور تحریری جہاد ہے جو قیامت تک باقی رہے گا۔(۱۲)

﴿۶﴾ کافروں اور منافقوں سے محبت کا سلوک کبھی جائز نہیں بلکہ ان کے ساتھ ترش روئی اور دل کی سختی کے ساتھ معاملہ کیا جائے۔اسلام کی یہی تربیت ہے۔یہی تہذیب اسلامی ہے۔اس کے برعکس مسلمانوں کے ساتھ

(بقیہ ۱۰) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۴۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۳۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۱

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۵۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۱

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۶۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۶۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۶۱

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۳۹

(۱۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص ۳۶۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص ۲۰۴

(۱۲) ☆ احکام القرآن از امام ابو بکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص ۱۴۳

☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج۲، ص ۹۷۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص ۲۰۴

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۶۹

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۳۹

marfat.com

ہمیشہ نرمی اور محبت سے برتاؤ کیا جائے۔اسی طرح ہر فاسد عقیدہ والے کے ساتھ ترش روئی سے پیش آؤ۔(۱۳)

﴿۷﴾ گناہگار فاسق منافق نہیں ہوتا۔اس کے ساتھ منافقوں والا سلوک جائز نہیں۔(۱۴)

﴿۸﴾ دل کے حالات اللہ تعالیٰ اور اس کے بتانے سے اس کا رسول جانتا ہے، رسول اللہ ﷺ نے منافقین کی تمیز کر دی تھی۔آج جب کہ وحی ختم ہو چکی ہے اس لئے دل کے نفاق پر اطلاع آسان نہیں۔جب تک کوئی خاص علامت ظاہر نہ ہو ہم کسی کو منافق نہیں کہہ سکتے۔اگر کوئی شخص باطن میں کفر چھپا رکھتا ہے مگر اس کا ظاہر مسلمانوں جیسا ہے تو ہم اسے مسلمان ہی جانیں گے اور اس کے ساتھ مسلمانوں والا سلوک روا رکھیں گے۔ اس کے کفر کے باعث اس کے خلاف تلوار چلانا روا نہیں۔(۱۵)

---

(۱۳)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج۲، ص۹۷۸
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۰۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۷۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۳۵
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۳۶۵
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۸
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۷۰
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۴۱
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۶۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۱
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۱
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۷۲

(۱۴)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۰۵
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۸

(۱۵)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج۲، ص۹۷۸
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۳۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۱
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۷۰
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۳۶۵
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۷

marfat.com

فائدہ جلیلہ:

آیت مبارکہ زیب عنوان نے (کفار کے ساتھ) عفو، صفح اور درگذر کی تمام آیات مسوخ کردی ہیں۔ یہ آیت ان سب کی ناسخ ہے۔(۱۶)

☆☆☆☆☆

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۰۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۳۶۶

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۸

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۳۶۱

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۸):

﴿زندیق کی توبہ قبول ہے﴾

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

یَحۡلِفُوۡنَ بِاللّٰہِ مَاقَالُوۡا ۔ وَلَقَدۡقَالُوۡا کَلِمَۃَ الۡکُفۡرِ وَکَفَرُوۡا بَعۡدَ اِسۡلَامِہِمۡ وَھَمُّوۡا بِمَالَمۡ یَنَالُوۡا ۔ وَمَانَقَمُوۡٓا اِلَّآ اَنۡ اَغۡنٰھُمُ اللّٰہُ وَ رَسُوۡلُہٗ مِنۡ فَضۡلِہٖ ۔ فَاِنۡ یَّتُوۡبُوۡا یَکُ خَیۡرًا لَّھُمۡ ۔ وَاِنۡ یَّتَوَلَّوۡا یُعَذِّبۡھُمُ اللّٰہُ عَذَابًا اَلِیۡمًا فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ ۔ وَمَالَھُمۡ فِی الۡاَرۡضِ مِنۡ وَّلِیٍّ وَّلَانَصِیۡرٍ ☆

(سورۃالتوبہ آیت ۷۴)

اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انہوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آکر کافر ہو گئے اور وہ چاہا تھا جو انہیں نہ ملا اور انہیں کیا بُرا لگا یہی نہ کہ اللہ ورسول نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ تو اگر وہ توبہ کریں تو ان کا بھلا ہے اور اگر وہ منہ پھیریں تو اللہ انہیں سخت عذاب کرے گا دنیا اور آخرت میں اور زمین میں کوئی ان کا حمایتی ہوگا اور نہ مددگار۔

marfat.com

حل لغات:

"**يَحْلِفُوْنَ**":وہ قسم کھاتے ہیں،صیغہ جمع کا ہے جب کہ قسم کھانے والا ایک ہی تھا۔(شان نزول سے معلوم ہوگا)اسی طرح قَالُوْا جمع کا صیغہ ہے حالانکہ کہنے والا ایک تھا۔چونکہ کہنے والے اور قسم کھانے والے کی قسم اور بات سے دوسرے منافق رضامند تھے۔اس لئے فعل کی نسبت دوسروں کی طرف بھی کردی گئی۔(۱)

"**هَمُّوْا**":هَمَّ (از باب نَصَرَ)هَمًّا کا معنی ہے۔ارادہ کرنا،چاہنا،پکاارادہ کرنا،قصد کرنا۔(۲)

"**لَمْ يَنَالُوْا**": نَيْلٌ مطلوب پانا،حاصل کرنا۔(۳)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ منافقین نے جو حاصل کرنا چاہا وہ نہ پاسکے۔اپنے مطلوب کو پانے میں ناکام رہے۔

"**وَمَانَقَمُوْا**": نَقَمَ ونَقِمَ (از باب ضَرَبَ وَسَمِعَ)نَقْمًا کا معنی ہے مکروہ جاننا،ملامت کرنا،عیب لگانا،سخت ناپسند کرنا۔(۴)

"**اِلَّآ اَنْ اَغْنٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ**":

منافقین کو یہی بات بُری لگی ہے کہ انہیں اللہ اور اس کے رسول (جل وعلا وﷺ) نے غنی کردیا ہے۔اس سے پہلے وہ تنگ دست تھے۔

---

(۱) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ،ج۳،ص۴۶۷

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۰،ص۱۳۸

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی،ص۱۴۳۵

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج۲،ص۱۴

(۳) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی،ص۱۳۳۷

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج۲،ص۱۳۷

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص۵۰۹

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی،ص۱۳۱۵

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص۵۰۴

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج۲،ص۱۳۴

marfat.com

"**مِنْ فَضْلِهٖ**": رسول اللہ ﷺ نے اپنے فضل سے مومنوں یا منافقوں کو غنی کر دیا ہے۔ آیت مبارکہ میں فَضْلِهٖ کی ضمیر کا مرجع رَسُوْلُهٗ ہے، کیونکہ یہی قریب ہے۔ (۵)

شانِ نزول:

آیت مبارکہ دو حصوں: حلف، مقصد کے بارے میں چند روایات مروی ہیں، ممکن ہے تمام واقعات کے بارے میں آیت مبارکہ نازل ہوئی ہو۔

(۱) غزوہ تبوک کے موقعہ پر حضور نبی اکرم نور مجسم ﷺ دو ماہ تبوک میں قیام پذیر رہے۔ اس عرصہ میں آپ خطبہ میں منافقین کا حال بیان فرماتے اور فرماتے کہ منافق رِجْسٌ (ناپاک) ہیں۔ جُلَاس (بروزن غُراب) بن سوید بن صامت نے کہا: جو کچھ محمد (ﷺ) لایا ہے اور کہتا ہے اگر وہ سچ ہے تو ہم گدھوں سے بھی بدتر ہیں۔ جب حضور نبی اکرم ﷺ کو خبر ہوئی تو آپ ﷺ نے اسے بلا کر دریافت فرمایا۔ جُلاس انکار کر بیٹھا اور قسم کھا گیا کہ میں نے یہ نہیں کہا۔ اس پر آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (۶)

---

(۵) تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۷۳
تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۷۳
احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۳
احکام القرآن از علامه ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۷۹
تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۷۱
تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج ۲، ص ۱۵۸
انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۱
تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از علامه ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج ۳، ص ۴۷۰
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۶۱
تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۱۳۸
تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۷۲
الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۴۰
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۱۳۶

marfat.com

(۲) جُلاس بن سوید بن صامت اور ودیعہ بن ثابت نے حضور سید المرسلین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ اجمعین الی یوم الدین کی شانِ اقدس میں گستاخانہ کلمات کہے۔ اگر محمد ہمارے سرداروں اور بہترین لوگوں سے سچا ہے تو ہم گدھوں سے بدتر ہیں۔ حضرت عامر بن قیص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں، محمد صادق ومصدوق ہیں اور تم واقعی گدھوں سے بدتر ہو، حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے اس واقعہ کی خبر رسول اللہ ﷺ تک پہنچائی۔ آپ نے جُلاس کو بلایا۔ اس نے واقعہ کا انکار کر دیا اور منبر کے پاس آ کر قسم کھائی کہ میں نے ایسا نہیں کہا۔ حضرت عامر رضی اللہ عنہ نے بھی منبر کے پاس آ کر قسم کھائی کہ اس نے ایسا کہا ہے اور پھر بارگاہ رب العزت میں دعا کی یا اللہ! سچے نبی کی برکت سے سچ واضح فرما، اس پر آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

ایک روایت میں یوں ہے کہ جُلاس نے عامر کو قتل کر دینے کا ارادہ کیا تا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو نہ بتائے۔ اس پر آیت کا دوسرا حصہ: وَهَمُّوْا بِمَالَمْ يَنَالُوْا ..... الآیۃ نازل ہوئی۔ (۷)

(۳) ایک موقعہ پر سید عالم ﷺ ایک درخت کے نیچے آرام فرما رہے تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایک آدمی آنے والا ہے جو شیطان کی نظر دیکھتا ہے۔ جلد ہی ایک آدمی آیا جس کی آنکھیں نیلی تھیں، آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: تم مجھے کیوں بُرا بھلا کہتے ہو، وہ آدمی چلا گیا اور تھوڑی دیر بعد اپنے ساتھیوں کو لے آیا سب نے قسم کھائی کہ ہم نے ایسا نہیں کیا اور نہ آپ کو بُرا بھلا کہا ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (۸)

---

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۰۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۷
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۴۶۷

(۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۷۲
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۷۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۶۱
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۴۱

marfat.com

﴿۴﴾ قبیلہ غِفار اور قبیلہ جہینہ کے دو شخصوں کا آپس میں جھگڑا ہوا۔ جس میں غِفاری غالب آ گیا۔ غفاری قبیلہ انصار کا حلیف تھا۔ عبداللہ بن ابی بن سُلول (سرادِ منافقین) بولا، اپنے بھائی جہینی کی مدد کرو، ہماری حالت تو اس کہاوت کی مانند ہوگئی ہے۔ (ترجمہ) اپنے کتے کو پالو تا کہ وہ تمہیں کاٹ کھائے۔ اس سے مراد (العیاذ باللہ) حضور رحمۃ للعالمین اور ان کے مہاجر ساتھی تھے۔ (صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین)

عبداللہ بن ابی نے کہا:

لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۔ ..... الآیۃ (سورۃ المنافقون آیت ۸)

ہم مدینہ پھر کر گئے تو ضرور جو بڑی عزت والا ہے وہ اس میں سے نکال دے گا اسے جو نہایت ذلت والا ہے۔

جب سید عالم ﷺ کو اس کی خبر پہنچی تو آپ نے عبداللہ بن ابی سے دریافت کیا۔ وہ انکار کر بیٹھا کہ میں نے یہ کلمہ نہیں کہا۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (۹)

(۵) عبداللہ بن ابی بن سلول نے جو کلمہ خبیثہ صحابہ کرام کے بارے میں کہا تھا (اوپر کی روایت میں گذر چکا ہے) بعض علماء نے فرمایا ہے کہ یہ کلمہ منافقین کی ایک جماعت نے کہا تھا۔ اس پر آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ (۱۰)

(۶) غزوہ تبوک سے واپسی کے موقعہ پر منافقین نے ایک گھاٹی میں حضور سید عالم ﷺ کو (العیاذ باللہ) قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ (یہ واقعہ گذشتہ صفحات میں گذر چکا ہے) مگر وہ اپنے منصوبہ میں ناکام رہے۔ صبح کو حضور سید عالم

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۳
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۷۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۰۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۷۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۳۶
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۷۰
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۳۸
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص ۲۴۱

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۳
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۷۹

marfat.com

نبی غیب دان ﷺ نے ان کے نام معہ ان کے باپوں کے اور تعداد بتائی۔ یہ تعداد بارہ تھی۔

عبداللہ بن ابی سعد۔ سعد بن ابی سرح۔ ابوحاصر اعرابی۔ عامر۔ ابوعامر۔ جلاس بن سوید۔ مجمع بن حارثہ۔ ملیح التیمی۔ حصین بن عمیر۔ طعمہ بن ابیرق۔ عبداللہ بن عیینہ۔ مرہ بن ربیع۔

حضور سید عالم ﷺ نے ان کے لئے بددعا فرمائی۔ الٰہی! ان کو دُنبل میں مبتلا کر۔ یعنی آگ کی ایک چنگاری جوان کے دلوں کی رگ پر لگے اور وہ ہلاک ہو جائیں۔

یہ بارہ (یا دوسری روایت کے مطابق پندرہ) اپنے مقصد میں ناکام رہے۔ اس پر آیت کا دوسرا حصہ نازل ہوا۔ (۱۱)

(۷) اسود منافق نے ایک موقعہ پر حضور نبی اکرم ﷺ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ مگر ناکام رہا۔ اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ (۱۲)

(۸) منافقوں نے کہا تھا (غزوہ بنی مُصطلق یا غزوہ تبوک سے واپسی پر) مدینہ پہنچ کر ہم عبداللہ بن ابی کے سر پر سرداری کا تاج رکھ دیں گے۔ لیکن ان کی یہ مراد پوری نہ ہوئی۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (۱۳)

---

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۲۰۷
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۳۶
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۴۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۹
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۶۳
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۷۳
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۴۳

(۱۲) ☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۴۲

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۲۰۷
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۷۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۶۲
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۷۱
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۳۹
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۴۲
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۶۳

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ہر کلمہ، جس میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی نعمت کا انکار ہو، یا ہر اس امر کا انکار ہو جو مرتبہ میں اللہ تعالیٰ کی نعمت کے ہم مرتبہ ہو، یا وہ شے جو تصدیق اور معرفت کے متناقض ہو۔ یہ سب کفر ہے۔ حضور سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہیں۔ آپ کی ذات تصدیق الٰہی اور معرفت الٰہی کا سب سے بڑا اور اہم ذریعہ ہے۔ اس لئے آپ کا انکار، آپ کی شانِ ارفع واعلیٰ کا انکار، آپ سے متعلق اور منسوب شے کی عظمت کا انکار کفر ہے۔ اسلام، قرآن، سنت اور حضور رحمۃ للعالمین ﷺ پر طعن کرنا، ان کو عیب لگانا اور ان کو سب وشتم (گالی گلوچ) کرنا کفر ہے۔ جُلاس بن سوید کا قول: ''جو کچھ محمد لایا اگر وہ حق ہے تو ہم گدھوں سے بدتر ہیں'' اس میں اگر مگر کی صورت میں حضور کے دین میں شک کا اظہار ہے۔

اسی طرح جُلاس بن سوید اور ودیعہ بن ثابت کا قول: اگر محمد ہمارے سرداروں اور بہترین لوگوں سے سچا ہے تو ہم گدھوں سے بدتر ہیں'' میں حضور سید عالم روحِ عالم جانِ عالم ﷺ سے عرب کے سرداروں کو افضل قرار دیا گیا ہے، یہ کلمہ قطعاً کفر ہے۔ کیونکہ حضور پرنور ﷺ سب مخلوقات جن وانس، ملائکہ، زمین وآسمان کی تمام مخلوق سے اعلیٰ، افضل واشرف ہیں۔ اس کا انکار کفر ہے۔

نیلی آنکھ والے منافق نے حضور انور نبی اکرم ﷺ کی شان مبارک میں نازیبا کلمات کہے جو یقیناً کفر ہیں۔

عبداللہ بن ابی بن سلول اور دیگر منافقین کا یہ کہنا کہ مدینہ پہنچ کر ہم عزت والے ذلت والوں (صحابہ کرام بالخصوص مہاجرین) کو نکال دیں گے۔ انبیاء ومرسلین اور ملائکہ مقربین کے بعد مخلوق میں سب سے افضل جماعت صحابہ کرام (مہاجرین اور انصار) کی ہے۔ رضی اللہ عنہم۔ انہیں ذلیل تر کہنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ کرام کی توہین ہے اور یہ کلمہ کفر ہے۔

منافقین کا یہ ارادہ کہ ہم سرداری کا تاج عبداللہ بن ابی کے سر پر رکھیں گے یہ کفر ہے۔ حضور امام الانبیاء، خاتم المرسلین ﷺ ہی سب کے آقا ومولیٰ، سرور وسردار، سیادت وشرافت کے مالک ہیں۔ اس کے خلاف منصوبہ بنانا کفر ہے۔

marfat.com

مسلمان کے لئے فرض ہے کہ اس نوعیت کے کلمات استعمال کرنے سے قطعاً گریز کرے اور ان کلمات کے قائل کے ساتھ قطع تعلق کر لے۔ کیونکہ ان کلمات سے راضی ہونا بھی کفر ہے۔(۱۴)

﴿۲﴾ جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔

قسم کے مفصل احکام سورۃ النسآء آیت نمبر ۲۳ اور سورہ مائدہ آیت نمبر ۸۹ میں گذر چکے ہیں۔

﴿۳﴾ کلمہ کفر کہنا اور اس پر راضی رہنا دونوں کفر ہیں۔ جُلاس نے کلمہ کفر کہا اس کے دوسرے ساتھی اس پر راضی رہے رب تعالیٰ نے فرمایا کہ سب نے کلمہ کفر کہا۔(۱۵)

﴿۴﴾ منافق اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے نزدیک کافر ہیں۔ منافق کا چونکہ ظاہر اسلام ہے اس لئے مومن منافق سے مومنوں جیسا سلوک کریں گے۔ البتہ منافق کا کفر اور نفاق ظاہر ہو جائے تو مومنوں کے نزدیک بھی وہ کافر

---

(۱۴)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان. ج۳،ص ۱۴۳
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت 'لبنان. ج۲. ص ۹۷
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸،ص ۲۰۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵،ص ۲۷
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر. ج۲. ص ۱-۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃالمطالع قاهره ازهر. ج۱۶. ص ۳۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور. ج۲. ص ۲۱
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی مطبوعه لاهور. ج۲. ص ۲۶۲
☆ تفسیر جلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه. ج۲. ص ۱۵۱
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبدالله بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی. ص ۳۴۱
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی. مطبوعه بیروت. ج۳،ص ۴۰-۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان. ج۱۰،ص ۱۳۸
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه. ج۳،ص ۴۶۷
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی. ج۵،ص ۳۶۲
☆ الدرالمنثور فی التفسیر المأثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکر بیروت، ج۴،ص ۲۴۲

(۱۵)
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه. ج۳،ص ۴۶۷
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان. ج۱۰،ص ۱۳۸

marfat.com

ہوگا۔مومن اس سے کافروں جیسا سلوک کریں گے۔(۱۶)

﴿۵﴾ جوشخص کفرکو چھپاتا ہےاور بندوں کے سامنے اسلام ظاہر کرتا ہے، زندیق ہے۔

زندیق اگر سچے دل سے کفر سے توبہ کرلے تو شرعاً اس کی توبہ قبول ہے۔حضرت جُلاس بن سوید رضی اللہ عنہ نے نفاق اور باطنی کفر سے توبہ کرلی۔ نبی پاک صاحبِ لولاک ﷺ نے ان کی توبہ قبول فرمالی۔اس طرح بعد میں وہ مخلص صحابہ کرام میں شمار ہوئے۔(۱۷)

﴿۶﴾ ایمان اور اسلام ایک ہی شے ہے، جومسلمان ہے وہی مومن ہےاور جومومن ہے وہی مسلمان ہے۔رب تعالیٰ نے منافقین (جن کا ظاہر مومنوں جیسا تھا) کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ.....الآیۃ (۱۸)

﴿۷﴾ یہ کہنا کہ ''اللہ اوراس کے رسول نے غنی کردیا'' یا ''اللہ اوراس کے رسول نے یہ نعمت دی'' یا ''اللہ اوراس کے رسول نے ایمان کی دولت دی'' جائز ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اہل مدینہ (بلکہ ساری مخلوق) کوحضور نبی اکرم ﷺ کی برکت سے غنی کردیا۔آیت مبارکہ زیب عنوان کا یہی مفہوم ہے۔خودسرکار دوعالم ﷺ نے انصار پراس نعمت کا اظہار یوں فرمایا:

---

(۱۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۴۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۰۷

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۱۳۶

(۱۷) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۴۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۷

☆ تفسیر البحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۴۷

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۴۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۰۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونیہ، ج۳،ص ۴۶۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۶۲

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۳۶۴

(۱۸) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۶۲

marfat.com

اَلَمْ اَجِدْکُمْ ضُآلًّافَھَدَاکُمُ اللّٰہُ بِیْ وَکُنْتُمْ مُتَفَرِّقِیْنَ فَاَلَّفَکُمُ اللّٰہُ بِیْ وَعَالَۃً فَاَغْنَاکُمُ اللّٰہُ بِیْ

کیا میں نے تمہیں راستہ سے بہکا ہوا نہ پایا تو اللہ تعالیٰ نے میری برکت سے تمہیں ہدایت دی اور تم متفرق تھے اللہ تعالیٰ نے میری برکت سے تم میں الفت ڈال دی، کیا میں نے تمہیں تنگ دست نہ پایا تو اللہ تعالیٰ نے میری برکت سے تمہیں غنی کر دیا۔(۱۹)

﴿۸﴾ قرآن مجید میں جہاں کہیں وارد ہوا ہے کہ ''ان کے لئے یا تمہارے لئے کوئی حمایتی اور مددگار نہیں'' اس سے مراد کافر، مشرک اور منافق ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ان کی کوئی سفارش نہ کر سکے گا اور قیامت میں ان کے شریک ان کی مدد نہ کر سکیں گے۔ مومنوں کے لئے اللہ تعالیٰ کے رسول، رسول اکرم ﷺ، صحابہ کرام، صدیقین اور اولیائے کاملین قبر، حشر میں حمایتی اور مددگار ہوں گے۔ اس لئے اولیاء اللہ کو اللہ کا دوست جان کر مدد کے لئے پکارنا جائز ہے۔ اولیاء اللہ باذنہ تعالیٰ اپنے محبین کے مددگار ہیں۔(۲۰)

☆☆☆☆☆

(۱۹) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۷۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۷

(۲۰) ☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبد الرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۴۵

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۱۹۹):

﴿نذرِ شرعی، نفاقِ عملی، حرص وہوا کا انجام﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَاللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَامِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ☆ فَلَمَّااٰتٰهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْابِهٖ وَتَوَلَّوْاوَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ☆ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰی يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوااللّٰهَ مَاوَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ☆

(سورۃالتوبۃآیات،۷۵،۷۶،۷۷)

اوران میں کوئی وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر ہمیں اپنے فضل سے دے گا تو ہم ضرور خیرات کریں گے اورضرور ہم بھلے آدمی ہوجائیں گے،تو جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا اس میں بخل کرنے لگے اور منہ پھیر کر پلٹ گئے،تو اس کے پیچھے اللہ نے ان کے دلوں میں نفاق رکھ دیا اس دن تک کہ اس سے ملیں گے بدلہ اس کا کہ انہوں نے اللہ سے جھوٹا وعدہ کیا اور بدلہ اس کا کہ جھوٹ بولتے تھے۔

حل لغات:

"وَمِنْهُمْ": اوران میں سے کچھ ہیں،یعنی منافقین کے بعض گروہ وہ ہیں (جن کا حال ان آیات میں بیان ہوا ہے)

marfat.com

چونکہ منافقین مختلف کردار کے لوگ تھے، ان میں بعض وعدہ خلافی کرنے والے تھے۔(۱)

"**مَنْ عٰهَدَ اللّٰهَ**": جنہوں نے اللہ سے معاہدہ کیا تھا۔ پختہ عہد کو معاہدہ کہتے ہیں۔ معاہدہ ہمیشہ دو افراد یا دو جماعتوں کے درمیان ہوتا ہے۔ منافقین نے اللہ سے وعدہ کیا تھا۔ منافقین کا یہ معاہدہ درحقیقت حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے ہوا تھا۔ گویا آپ ﷺ سے کیا ہوا معاہدہ اللہ سے معاہدہ ہے۔ یا یوں کہہ لو کہ جو اللہ سے معاہدہ کرنا چاہے وہ حضور نبی اکرم ﷺ سے معاہدہ کر لے۔

یاد رہے ان کا یہ معاہدہ زبانی تھا۔ یعنی زبان سے انہوں نے معاہدہ کیا تھا۔ معاہدہ ہمیشہ تلفظ کرنے یا تحریر سے ہوتا ہے۔(۲)

"**مِنْ فَضْلِهٖ**": اپنے فضل سے ہمیں دے اس میں اللہ کا ہر قسم کا عطیہ شامل ہے: فصل سے، جانوروں، جانوروں کے بچوں سے، تجارت سے۔

اللہ تعالیٰ کا عطیہ اس کا فضل ہے بندہ کی کمائی، محنت، مشقت اس میں مؤثر نہیں البتہ یہ چیزیں اسباب ہیں۔

"**لَنَصَّدَّقَنَّ**": اصل میں یہ کلمہ لَنَتَصَدَّقَنَّ تھا۔ تا اور صاد قریب المخرج اور ایک ہی جگہ میں جمع ہوئے ہیں، تا کو صاد سے بدل کر صاد میں ادغام کر دیا۔

اس کا معنی ہے کہ ہم ضرور صدقہ کریں گے، اس صدقہ سے مراد صدقات واجبہ اور صدقات نافلہ دونوں ہیں،

---

(۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۳۸

(۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۳

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۸۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۱۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۷۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۴۰

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴-۴

marfat.com

جن کے صدقہ کرنے کا معاہدہ (نذر) کیا گیا۔(۳)

"**بَخِلُوْا بِهٖ**": اللہ کے دیئے مال میں بخل کرنے لگے۔واجب مالی امور کی ادائیگی نہ کرنا بخل ہے جیسے زکوٰۃ، فطرانہ، نذر شرعی نفقات واجبہ وغیرہ۔

مستحب مالی امور کی ادائیگی نہ کرنا "شحّ" کہلاتا ہے۔(۴)

"**فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَوْنَهٗ**": اَعْقَبَ، عَقْبٌ سے بنا ہے، جس کا معنی ہے پیچھے کرنا۔ پیچھے لانا۔آیت میں مراد یہ ہے کہ ان منافقوں کی بداعمالیوں کے بدلے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں نفاق کو ڈال دیا۔اور یہ نفاق اللہ کے عذاب یا اللہ کے ملنے کے دن (قیامت) تک ان کے دلوں میں جم گیا ہے۔(۵)

"**بِمَا اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ**": منافقوں کے دل میں نفاق جم جانے کا سبب ہوا ہے:

(۱) اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے وعدے کی انہوں نے خلاف ورزی کی۔

---

(۳) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۴۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۸۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۱۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵،ص ۳۶۷

(۴) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۸۳

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۷۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۱۴۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵،ص ۳۶۷

(۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۹۸۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۱۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۱۴۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰،ص ۱۴۵

marfat.com

(۲) وہ ہمیشہ جھوٹ بولتے تھے۔

یہ دونوں جرم اتنے قبیح ہیں کہ ان کے مجرموں کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی وہ کفر ونفاق پر ہی مرتے ہیں۔(العیاذباللہ) (۶)

شان نزول:

ان آیات مبارکہ کے شانِ نزول میں چند روایات منقول ہیں۔

(۱) سب سے مشہور روایت یہ ہے کہ مدینہ منورہ کا ایک شخص ثعلبہ بن حاطب انصار سے تھا۔ یہ شخص بہت عابد وزاہد تھا، زیادہ وقت مسجد نبوی شریف میں گذارتا، اسی وجہ سے اس کا لقب "**حمامۃ المسجد**" پڑ گیا۔ یعنی مسجد کا کبوتر، کثیر سجدوں کے وجہ سے اس کی پیشانی پر اونٹ کے گھٹنے کی طرح کا ایک نشان بن گیا تھا۔ کچھ وقت بعد اس نے نماز فجر کے فوراً بعد بغیر دعا مانگے مسجد سے نکلنا شروع کر دیا۔ حضور پرنور ﷺ نے اس سے وجہ پوچھی اور فرمایا: مسجد سے جلد بھاگ جانا منافقین کا طریقہ ہے۔ ثعلبہ کہنے لگا میں بہت مفلس ہوں، ہماری غریبی کا یہ حال ہے کہ ہم میاں بیوی کے درمیان صرف ایک کپڑا ہے پہلے میں اس کو پہن کر نماز ادا کر لیتا ہوں پھر یہی کپڑا میری بیوی پہن کر نماز پڑھتی ہے۔ حضور! دعا فرمائیں کہ میں امیر بن جاؤں، حضور رحمت عالم ﷺ نے فرمایا:

''جس تھوڑے مال کا شکر ادا ہو وہ اس زیادہ مال سے بہتر ہے جس کا شکر ادا نہ ہو سکے''۔

کچھ وقت بعد اس نے یہی درخواست پیش کی، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا:

''تو مجھے دیکھ! اگر میں چاہوں تو یہ پہاڑ میرے ساتھ سونے کے بن کر چلیں، جہاں میں جاؤں، مگر دیکھ، میں کس طرح زندگی بسر کر رہا ہوں''۔

---

(۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۸۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۵، ص ۳۶۷

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۱۴

marfat.com

اس نے تیسری مرتبہ یہی درخواست پیش کی اور کہنے لگا:

''اس ذات کی قسم، جس نے آپ ﷺ کو نبی بنا کر بھیجا ہے اگر آپ ﷺ کی دعا سے مجھے کثیر مال مل گیا تو میں اس میں سے ہر حق دار کو حق ادا کروں گا''۔

حضور نبی انور رسول اکرم ﷺ نے ثعلبہ کے لئے دعاء فرمائی کہ ''یا اللہ! ثعلبہ کو بہت مال دے''۔

ثعلبہ کو ایک بکری ملی، کیڑے مکوڑوں کی طرح اس کے اتنے بچے ہوئے کہ مدینہ منورہ کی گلیاں اس سے تنگ ہوگئیں۔ اس لئے اس نے اپنے مویشی مدینہ شریف سے باہر ایک وادی میں رکھنے شروع کئے۔ اور خود وہاں رہنا شروع کر دیا۔ صرف ظہر اور عصر کی نماز کی جماعت کے لئے مسجد نبوی میں حاضر ہوتا۔ پھر مویشیوں کی کثرت سے وادی تنگ ہوگئی اور وہ دور کسی اور وادی میں چلا گیا۔ اب صرف جمعہ کی نماز کے لئے مسجد نبوی میں حاضر ہوتا۔ مال بڑھتا رہا اس وجہ سے جمعہ کی حاضری سے بھی محروم ہوگیا۔ ادھر آنے والوں سے راستہ میں مل لیتا اور حالات معلوم کر لیتا۔ اسی دوران زکوٰۃ کی وصولی کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ نے دو آدمیوں کو روانہ فرمایا۔ دونوں حضرات کو زکوٰۃ کے احکام تحریر کروا دیئے۔ مگر آپ بار بار فرماتے: ثعلبہ پر افسوس، یہ دونوں صحابی زکوٰۃ وصول کرتے ہوئے ثعلبہ کے پاس پہنچے اور جانوروں کی زکوٰۃ کا حکم سنایا۔ ثعلبہ نے فرمانِ رسالت مآب ﷺ پڑھا اور ناگواری کا اظہار کیا۔ کہنے لگا: یہ جزیہ ہے یا جزیہ کی طرح کا ٹیکس ہے، اس وقت تم جاؤ، واپسی پر آنا۔ یہ حضرات دوسروں سے زکوٰۃ وصول کر کے پھر ثعلبہ کے پاس آئے۔ ثعلبہ پھر بولا یہ جزیہ ہے۔ (غیر مسلموں پر لگایا ہوا ٹیکس)۔ تم جاؤ میں سوچ لوں۔ یہ حضرات حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس پہنچے، حضور نبی اکرم ﷺ نے ان محصلین زکوٰۃ کو دیکھتے ہی فرمایا۔ ثعلبہ پر افسوس۔ ان حضرات نے ثعلبہ سے ہونے والا واقعہ پیش کیا۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

آیت نازل ہونے پر بعض لوگوں نے ثعلبہ نے کہہ دیا کہ تیری خیر نہیں۔ تیرے بارے میں قرآن مجید کی آیات نازل ہو چکی ہیں۔ اس پر منافقت کے طور پر زکوٰۃ لے کر صرف بدنامی سے بچنے کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ کی

marfat.com

بارگاہ میں حاضر ہوا۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تیری زکوٰۃ لینے سے منع فرمادیا ہے۔ (کیونکہ تو منافق ہو چکا ہے اور منافق کی زکوٰۃ قبول نہیں) ریاکاری کی خاطر ثعلبہ نے اپنے سر پر خاک ڈال لی اور رونے لگا۔ لیکن محروم واپس لوٹا۔ حضور انور نبی اکرم ﷺ کا وصال ہوگیا۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پھر زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا۔ مگر آپ رضی اللہ عنہ نے یہ کہہ کر زکوٰۃ قبول نہ فرمائی کہ جس کی زکوٰۃ رسول اللہ ﷺ نے قبول نہ فرمائی ابوبکر کیسے اس سے قبول کرسکتا ہے۔ امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں پھر زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بھی یہی فرمایا اور زکوٰۃ رد کردی۔ ان کے وصال کے بعد امیر المومنین سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافت کے زمانہ میں زکوٰۃ حاضر کی۔ مگر آپ رضی اللہ عنہ نے فرمادیا جس کی زکوٰۃ آقا و مولا نبی اکرم ﷺ نے رد فرمادی۔ امیر المومنین صدیق اکبر اور امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہما نے قبول نہ فرمائی عثمان کیوں کر قبول کرسکتا ہے۔ چنانچہ وہ محروم واپس چلا گیا اور آپ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں مرگیا۔ (۷)

---

(۷)
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۸۰
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۲۰۹
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ' مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۵۹
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۱
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۷۴
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۷۴
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۳۸
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۷۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۶۹
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۴۳
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۴۶
☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دار الرشید، بیروت، ص ۲۴۶
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۶۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۳

marfat.com

الارشاد:

ثعلبہ بن حاطب منافق کے ہم نام ایک مخلص صحابی ہیں، یہ بدری حضرت سیدنا ثعلبہ بن حاطب بن عمرو بن عبید انصاری ہیں رضی اللہ عنہ۔ اور یہ شخص جس کے بارے میں یہ آیت اتری ثعلبہ بن حاطب (یا ابی حاطب) ہے۔ اگرچہ یہ بھی اسی قوم سے تھا۔ مگر وہ بدری صحابی ہیں۔ خود زمانہ اقدس حضور پرنور ﷺ میں جنگ اُحد میں شہید ہوئے اور یہ منافق زمانہ عِ خلافت امیر المومنین عثمان رضی اللہ عنہ میں مرا۔

اللہ تعالیٰ اہل بدر رضی اللہ عنہم کی نسبت فرما چکا:

اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ، فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

جو چاہو کرو میں تمہیں بخش چکا ہوں۔ (۸)

(۲) ثعلبہ یا حاطب بن ابی بلتعہ کا مال ملک شام میں پڑا تھا۔ جو اسے مل نہ رہا تھا۔ اس نے نذر مانی کہ اگر میرا مال شام سے آ گیا تو میں اس سے صدقہ کروں گا۔ جب اس کا مال ملک شام سے آ گیا تو اس نے صدقہ نہ کیا۔ اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ (۹)

(۳) ثعلبہ بن حاطب اور معتب بن قُشَیر بنی عمرو بن عوف قبیلہ سے تھے۔ ایک روز اس قوم کے سردار اکٹھے بیٹھے تھے یہ دونوں ان کے سامنے سے گذرے اور ان کے سامنے قسم کھائی اگر اللہ نے انہیں مال دیا تو یہ خیرات کریں گے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں مال دیا مگر یہ بخیل ہو گئے اور صدقہ وخیرات سے ہاتھ روک لیا۔ (۱۰)

(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۱۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۴۳

(۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص ۹۸۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۶۴
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۴۴

(۱۰) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۷۴
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج حمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص ۴۷۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۶۴
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۳۶۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۴۴

marfat.com

(۴) ثعلبہ نے قسم کھائی اگر اللہ نے اسے مال دیا تو وہ ہر حق دار کا حق ادا کرے گا۔اس کا چچازاد بھائی فوت ہوا، اس کی کثیر وراثت کا مالک بن گیا۔مگر اب بخیل بن گیا۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔(۱۱)

(۵) نبتل بن حارث، جد بن قیس، ثعلبہ بن حاطب اور معتب بن قشیر نے نذر مانی کہ اگر اللہ نے انہیں مال دار کر دیا تو وہ صدقہ وخیرات کریں گے۔مال دار ہو جانے کے بعد وہ بخیل ہو گئے۔اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔(۱۲)

ممکن ہے کہ مذکورہ واقعات قریب قریب واقع ہوئے ہوں اور سب کے جواب میں آیت کریمہ نازل ہوئی ہو۔

مسائل شرعیہ:

(۱) نذر شرعی کا اسی طرح پورا کرنا واجب ہے جس طرح مانی تھی۔نذر شرعی کا ترک معصیت ہے۔نذر شرعی پوری کرنے کی تاکید قرآن مجید اور احادیث شریفہ میں بارہا آئی۔ارشاد ربانی ہے۔

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِاللّٰهِ اِذَاعٰهَدْتُّمْ ..... الآیۃ (سورۃالنحل آیت، ۹۱)

اور اللہ کا عہد پورا کرو جب قول باندھو۔

اللہ تعالیٰ اپنے صالح بندوں کی تعریف میں فرماتا ہے۔

یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِیْرًا ☆ (سورۃالدھر آیت، ۷)

اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہے۔

حضور سید عالم رسول اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

مَنْ نَذَرَ نَذْرًا وَسَمَّاهُ فَعَلَیْهِ الْوَفَآءُ وَمَنْ نَذَرَ نَذْرًا وَلَمْ یُسَمِّهٖ فَعَلَیْهِ کَفَّارَةُ یَمِیْنٍ (۱۳)

---

(۱۱) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۴۴
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۴۸

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۱۰
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۴

(۱۳) ☆ رواہ ابوبکر الجصاص بسندہ، ج ۳، ص ۱۴۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۱
☆ ونحوہ فی نصب الرایۃ، ج ۲، ص ۳۰۰

marfat.com

جس نے نذر مانی اور اسے بیان کیا اس پر اس کا پورا کرنا واجب ہے اور جس نے نذر مانی اور اس کو بیان نہ کیا تو اس پر قسم کا کفارہ لازم ہے۔(۱۴)

﴿۲﴾ جس نے ایسے امر کی نذر مانی جس میں قُربت (ایسا نیک کام جس میں اللہ تعالیٰ کا قُرب مقصود) ہو مثلاً یہ کہے کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے ایک ہزار روپیہ دے تو اس میں سے پانچ سو اللہ کی راہ میں صدقہ کروں گا، تو ایسی نذر کا پورا کرنا لازم ہے، یعنی جب اللہ تعالیٰ اسے ہزار روپیہ عطا فرمائے اس میں سے پانچ سو روپیہ صدقہ کرنا واجب ہے۔ اور اگر ایسے امر کی نذر مانی جس میں قُربت نہ ہو یا گناہ کے کام کی نذر مانی مثلاً میں نے منت مانی کہ اس گھر میں داخل ہوں گا یا اللہ کے لئے مجھ پر واجب ہے کہ میں فلاں کو قتل کر دوں تو ایسی نذر توڑ کر قسم کا کفارہ دے۔(۱۵)

﴿۳﴾ قسم توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو دو وقت اوسط درجہ کا کھانا کھلائے یا دس مسکینوں کو اوسط درجہ کا لباس دے یا غلام آزاد کرے یا تین روزے رکھے۔ ان میں اسے اختیار ہے جو صورت ممکن ہو وہ اختیار کرے۔

نوٹ: قسم کے کفارہ کی تفصیل سورہ مائدہ، آیت نمبر ۸۹ کے احکام میں گذر چکی ہے۔(۱۶)

﴿۴﴾ اگر نذر (منت) کو کسی ایسی شرط سے متعلق کرے جس کا موجود ہونا چاہتا ہو، مثلاً یہ کہے اگر فلاں آ گیا یا میں سفر سے واپس آ گیا یا اللہ نے مجھے مرض سے شفا دے دی یا میرا قرض اتر گیا تو مجھ پر اللہ کے لئے روزے رکھنا ہے یا صدقہ کرنا ہے تو ان صورتوں میں نذر پوری کرنا لازم ہے اس صورت میں یہ قسم نہ ہوگی۔

---

(۱۴) احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۳
احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۸۲
الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۱۱
تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۱

(۱۵) تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۱
احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۳

(۱۶) تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۱

marfat.com

اور اگر نذر کو ایسی شرط سے متعلق کردے جس کا موجود ہونا نہیں چاہتا، مثلاً یوں کہے اگر میں نے فلاں سے کلام کیا یا گھر میں داخل ہوا تو مجھ پر ایک سال کے روزے رکھنے لازم ہوں گے، تو اس صورت میں یہ قسم کے حکم میں ہے توڑنے کی صورت میں قسم کا کفارہ دینا ہوگا۔ (۱۷)

﴿۵﴾ جس شے کی نذر مانی اگر اس کی اصل کی جنس واجب یا فرض ہو تو وہ نذر لازم ہے اس کا پورا کرنا بعینہ واجب ہے مثلاً روزے یا نماز یا صدقہ یا اعتکاف وغیرہ کی نذر مانی۔ چونکہ ان امور کی اصل جنس واجب ہے اس لئے ان کی نذر لازم ہے اور اگر ایسی شے کی نذر مانی جس کی اصل واجب یا فرض نہیں تو یہ نذر لازم نہیں اس کا بعینہ پورا کرنا لازم نہیں۔ مثلاً مریض کی تیمارداری، جنازہ کے ساتھ چلنے، مسجد میں داخل ہونے، پل بنانے، سرائے بنانے، سبیل بنانے، قرآن مجید کی قرأت وغیرہ کی منت مانے تو ان کا بعینہ پورا کرنا لازم نہیں کیونکہ ان کی اصل واجب نہیں۔

(اسی قبیل سے ہے مسجد میں چراغ جلانے یا طاق بھرنے، یا فلاں بزرگ کے مزار پر چادر چڑھانے یا گیارہویں کی نیاز دلانے یا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا توشہ یا شاہ عبدالحق رضی اللہ عنہ کا توشہ کرنے یا حضرت جلال الدین بخاری کا کونڈا یا امام جعفر رضی اللہ عنہ کا کونڈا یا محرم کی نیاز یا شربت، یا سبیل لگانے یا میلاد شریف کرنے کی منت مانی تو یہ شرعی منت نہیں۔ مگر یہ کام منع نہیں ہیں۔ کرلے تو بہتر ہے۔ البتہ اس کا خیال رہے کہ ان کے کرنے میں کوئی بات خلاف شرع اس کے ساتھ نہ ملائے۔ مثلاً طاق بھرنے میں رت جگا ہوتا ہے جس میں کنبہ اور رشتہ کی عورتیں اکٹھا ہو کر گاتی بجاتی ہیں کہ یہ حرام ہے۔ یا چادر چڑھانے میں بعض لوگ تاشے باجے اور ڈھول کے ساتھ جاتے ہیں یہ ناجائز ہے۔ یا مسجد میں چراغ جلانے کے لئے بعض لوگ آٹے کا چراغ

(۱۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۱۷۴
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۳
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۱۱
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۸۸

marfat.com

جلاتے ہیں یہ خواہ مخواہ مال کا ضائع کرنا ہے اور ناجائز ہے۔ مٹی کا چراغ کافی ہے اور گھی کی بھی ضرورت نہیں۔ مقصود روشنی ہے وہ تیل سے حاصل ہے۔ رہا یہ کہ میلاد شریف میں فرش و روشنی کا اچھا انتظام کرنا اور مٹھائی وغیرہ تقسیم کرنا یا لوگوں کو بلاوا دینا، اشتہار شائع کرنا، اعلان کرنا اور اس کے لئے تاریخ مقرر کرنا اور پڑھنے والوں کا خوش الحانی سے پڑھنا، یہ سب باتیں جائز ہیں، البتہ غلط اور جھوٹی روایات کا پڑھنا منع ہے۔ پڑھنے والے اور سننے والے دونوں گناہ گار ہوں گے۔ (۱۸)

﴿۶﴾ کسی ایسے کام کی منت مانی ہو جو گناہ ہو تو منت پوری نہ کریں بلکہ ایسی منت ماننے سے پرہیز کریں، مثلاً علم اور تعزیہ بنانے، محرم میں بچوں کو فقیر بنانے، مرثیہ کی مجلس کرانے، تعزیوں پر نیاز دلوانے وغیرہ خرافات کی منت سخت جہالت ہے، ایسی منت مانی ہو تو پوری نہ کرے۔

﴿۷﴾ نذر کو شرط کے ساتھ معلق کرنا جائز ہے۔ آیت مبارکہ میں اسی کا بیان ہے کہنے والے نے یہی کہا تھا اگر اللہ نے مجھے اپنے فضل سے مال دیا تو میں اس میں سے صدقہ کروں گا، اللہ تعالیٰ نے کثیر مال دیا تو ان پر صدقہ کرنا اور حق داروں کو حق دینا لازم تھا۔ جو انہوں نے پورا نہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان کی مذمت فرمائی۔

اسی اصول پر کہا گیا ہے اگر کوئی یہ کہے کہ اگر میں فلاں شے کا مالک ہوا تو وہ صدقہ ہے یا مجھ پر اس کا صدقہ کرنا لازم ہے۔ شے کے مالک ہوتے ہی صدقہ کرنا لازم ہے۔ (۱۹)

﴿۸﴾ اگر اپنی بیوی سے کہے کہ اگر تو فلاں کے گھر میں داخل ہوئی تو تجھے طلاق ہے۔ عورت کو فلاں کے گھر میں داخل ہوتے ہی طلاق ہو جائے گی۔ (۲۰)

﴿۹﴾ منت کو ملک کی طرف سے مضاف کرنے سے منت واقع ہو جاتی ہے اگرچہ ملک فی الحال موجود نہ ہو۔ جب

---

(۱۸) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۱

(۱۹) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۳

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۸۸

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۱۱

(۲۰) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۸۹

marfat.com

مِلک ثابت ہوگی منت واقع ہوجائے گی۔ مثلاً اجنبی عورت سے کہا کہ اگر میں تجھ سے نکاح کروں تو تجھے طلاق ہے۔ نکاح کرتے ہی اسے طلاق واقع ہوجائے گی۔ (۲۱)

﴿۱۰﴾ نذر غیر معلق کسی زمانہ، جگہ، روپیہ اور فقیر کے ساتھ خاص نہیں۔ مثلاً منت مانی کہ مجھ پر لازم ہے کہ آج اس فقیر کو یہ روپیہ صدقہ کروں گا، تو کل دوسرا روپیہ کسی اور فقیر کو دے دیا نذر پوری ہوگئی۔ یونہی اگر مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ کے فقراء پر خیرات کرنے کی منت مانی تو وہیں کے فقراء کو دینا ضروری نہیں بلکہ یہاں کے فقراء کو خیرات کر دینے سے منت پوری ہوجائے گی۔ (۲۲)

﴿۱۱﴾ مسجد حرام، مسجد نبوی اور مسجد اقصیٰ کی بنیاد چونکہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے رکھی ہے اس لئے ان مسجدوں کو دوسری مسجدوں پر فضیلت ہے۔ اس لئے اگر ان مسجدوں میں سے کسی ایک میں نماز پڑھنے کی منت مانی تو وہیں نماز پڑھنے سے منت پوری ہوگی۔ بخلاف دوسری مسجدوں کے کہ اگر کسی ایک مسجد میں نماز پڑھنے کی منت مانی تو دوسری مسجد میں نماز پڑھنے سے منت پوری ہوجائے گی، خاص اس مسجد میں نماز پڑھنا لازم نہیں۔ (۲۳)

﴿۱۲﴾ نذر، منت لازم ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ نذر ماننے والا نذر کے کلمات کو زبان سے ادا کرے کہ ان کا تلفظ کم از کم خود سُن سکے۔ اگر نذر کے کلمات کو زبان سے ادا نہ کرے بلکہ دل ہی میں سوچے تو نذر لازم نہ ہوگی۔ اسی طرح قرأت، وعدہ، نکاح، طلاق، رجعت، عتاق وغیرہ تلفظ سے ثابت ہوں گے۔ صرف دل میں سوچ لینے سے ان پر حکم ثابت نہ ہوگا۔

حدیث شریف میں ہے۔

---

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۳

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۹۸۹

(۲۲) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۱

(۲۳) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۱

marfat.com

اِنَّ اللّٰہَ تجَاوَزلِاُمَّتِیْ عَمَّاحَدَّثَتْ بِہٖ انْفُسُھامَالَمْ تتکَلَّمْ بِہٖ اَوْتَعْمَلْ بِہٖ(۲۴)

اللہ تعالیٰ نے میری امت کے دل کے وسوسوں کو معاف کر دیا ہے جب تک وسوسوں کو زبان سے بیان نہ کریں یا ان پر عمل نہ کریں (ان پر گرفت نہیں)(۲۵)

﴿۱۳﴾ بغیر ضرورت شرعی وعدہ کی مخالفت کرنا اور وعدہ توڑ دینا حرام ہے، ایسا کرنے سے دل میں نفاق پیدا ہوگا اور ظاہر میں اس کا یہ عمل منافقین کے مشابہ ہوگا۔ اس لئے حتی الامکان وعدہ پورا کرے اور نفاق عملی سے احتراز کرے۔(۲۶)

﴿۱۴﴾ واجب نفقات اور صدقات کو روک لینا بخل ہے اور بخل حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی مذمت فرمائی ہے۔

---

(۲۴) ☆ رواہ البخاری فی کتاب العتق و الطلاق و الایمان

☆ ورواہ مسلم فی کتاب الایمان

☆ ورواہ ابوداؤد فی کتاب الطلاق

☆ ورواہ الترمذی فی کتاب الطلاق، ج ۱، ص ۱۴۲

☆ ورواہ النسائی فی کتاب الطلاق

☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الطلاق

☆ ورواہ احمد. ج ۳. ص ۲۶۸، ۴۲۵، ۴۷۴، ۴۸۱، ۴۹۱ عن ابی ہریرۃ

☆ ورواہ الطبرانی عن عمران بن حصین /بحوالہ جامع صغیر، ج ۱، ص ۱۱۵

☆ وبحوالہ معجم لالفاظ الحدیث، ج ۱، ص ۴۰۱

(۲۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۸۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۲۱۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۴۰

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۷۴

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۷۴

(۲۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۳، ص ۱۴۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۸۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۱۷

marfat.com

ارشادربانی ہے۔

وَلَایَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ ھُوَخَیْرًالَّھُمْ ۔ بَلْ ھُوَشَرٌّلَّھُمْ ۔ سَیُطَوَّقُوْنَ مَابَخِلُوْابِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ۔ وَلِلّٰہِ مِیْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ وَاللّٰہُ بِمَاتَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ☆ (سورہ آل عمران آیت:۱۸۰)

اور جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی، ہرگز اسے اپنے لئے اچھا نہ سمجھیں بلکہ وہ ان کے لئے بُرا ہے۔ عنقریب وہ جس میں بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہوگا اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں اور زمین کا، اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔ (۲۷)

﴿۱۵﴾ صدقہ، خیرات، نماز، تمام اعمال خیر اور عبادات کی قبولیت کی شرط ایمان ہے۔ اعمال خیر کا کرنے والا اگر ایمان دار نہیں اس سے وہ اعمال قبول نہ ہوں گے۔ ثعلبہ سے زکوٰۃ حضور سید عالم رحمۃ للعالمین ﷺ اور خلفاء ثلاثہ راشدین سیدنا ابوبکر، سیدنا عمر اور سیدنا عثمان رضی اللہ عنہم نے قبول نہ فرمائی کہ وہ زکوٰۃ کی توہین کر کے کافر ہوگیا تھا۔ (۲۸)

﴿۱۶﴾ شریعت مطہرہ کے کسی حکم کی توہین کفر ہے۔ ثعلبہ نے دینی فریضہ زکوٰۃ کو جزیہ یا جزیہ کی مثل کہا تھا جو زکوٰۃ کی توہین ہے۔

یاد رہے جزیہ غیر مسلموں پر نافذ ہوتا ہے، مسلمانوں کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں۔ (۲۹)

---

۲۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۸۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۴۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۷۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۶۷

۲۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۸۹

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۷۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۳۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۴۴

۲۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۴۴

marfat.com

﴿۱۷﴾ ہر وہ کام جو اللہ تعالیٰ نے بندوں پر لازم نہ کیا اگر کوئی بندہ اس کار خیر کو اپنے اوپر لازم کر لے، خواہ وہ کام قولی ہو یا فعلی، اب اس کا پورا کرنا لازم ہے۔ کارِ خیر اپنے اوپر لازم کر کے پورا نہ کرنے والوں کی اللہ تعالیٰ نے مذمت بیان فرمائی۔ ارشاد ربانی ہے۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ وَجَعَلْنَا فِىْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۔ وَرَهْبَانِيَّةَ ۔ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۔ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۔ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ☆

پھر ہم نے ان کے پیچھے اسی راہ پر اپنے اور رسول بھیجے اور ان کے پیچھے عیسیٰ بن مریم کو بھیجا اور اسے انجیل عطا فرمائی اور اس کے پیروؤں کے دل میں نرمی اور رحمت رکھی اور راہب بننا، تو یہ بات انہوں نے دین میں اپنی طرف نکالی ہم نے ان پر مقرر نہ کی تھی۔ ہاں یہ بدعت انہوں نے اللہ کی رضا چاہتے ہوئے پیدا کی پھر اسے نہ نباہا۔ جیسا اس کے نباہنے کا حق تھا تو ان کے ایمان والوں کو ہم نے ان کا ثواب عطا کیا اور ان میں سے بہتیرے فاسق ہیں۔ (سورۃ الحدید آیت، ۲۷) (۳۰)

﴿۱۸﴾ صدقات چند قسم ہیں۔

واجبہ اور غیر واجبہ

صدقات واجبہ دو قسم ہیں۔

اول: جن صدقات کو شرع نے لازم کیا ہو، مثلاً زکوٰۃ، عشر، صدقہ فطر، بیوی، بچوں اور نادار والدین کا نفقہ وغیرہ۔

دوم: جن صدقات کو انسان خود اپنے اوپر لازم کر لے مثلاً نذر وغیرہ۔

ان دونوں قسم کے صدقات کا ادا کرنا فرض ہے۔

(۳۰) ۱۸ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۴

marfat.com

صدقات غیر واجبہ مثلاً تعمیر مسجد، مدرسہ، راستہ، پُل، غرباء ومساکین کی امداد، مقروض کو قرضہ سے نجات، وغیرہ اگر چہ کسی مسلمان پر یہ لازم تو نہیں مگر ان کے کرنے والا اللہ تعالیٰ، رسول اللہ ﷺ اور بندوں کے نزدیک محبوب اور کثیر اجر کا مستحق ہے۔(۳۱)

﴿۱۹﴾ نفاق قلب میں ہو تو کفر بلکہ کفر سے بدتر ہے اور اگر نفاق عمل میں ہو تو کفر نہیں البتہ معصیت ہے۔ عملی نفاق سے بھی اجتناب لازمی ہے۔(۳۲)

﴿۲۰﴾ نفاق قلبی کا علم، اللہ تعالیٰ کے بتانے سے نبی اکرم ﷺ کو تھا۔ آپ ﷺ اگر چہ رحمۃ للعالمین ہیں اور لوگوں کے عیب ظاہر نہیں فرماتے تھے، تاہم بعض اوقات ضرورت کی بنا پر آپ ﷺ نے منافقین کا حال بیان فرمایا۔ ان کے نام اور ان کے باپوں کے نام تک بتائے۔

حضور سید عالم ﷺ کے وصال کے بعد اب شرعی احکام میں کوئی آدمی، مومن ہوگا یا کافر۔ دلی کفر یا نفاق کا لحاظ نہ کیا جائے گا اور منافقین جو مسلمانوں کے ساتھ مخلوط ہیں ان سے مومنوں جیسا سلوک ہوگا۔(۳۳)

﴿۲۱﴾ کسی شخص کے ایمان یا کفر کا اعتبار اس کے خاتمہ پر ہے اور ایام کا اعتبار عواقب (انجام) پر ہے۔ اگر کوئی شخص زندگی بھر مومن رہا مگر اس کی موت کفر پر ہوئی وہ کافر ہے اور اگر کوئی شخص زندگی بھر کافر رہا مرنے سے پہلے اس نے کفر سے توبہ کر لی اب وہ مومن ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

---

(۳۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۴۰

(۳۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۸۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۲۱۲

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۶۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۰

(۳۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت' لبنان، ج ۲، ص ۹۸۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج ۸، ص ۲۱۴

marfat.com

اِنَّ الْعَبْدَلَیَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَیَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّمَاالْاَعْمالُ بِالْخَوَاتِیْمِ(۳۴)

بندہ دوزخیوں والے عمل کرتا رہتا ہے حالانکہ اس کا انجام جنتیوں میں ہے اور کوئی بندہ جنتیوں والے کام کرتا رہتا ہے حالانکہ وہ انجام کار دوزخی ہے۔اعمال کا اعتبار انجام پر ہے۔

ثعلبہ کا حال اور اس کی عاقبت نصیحت پذیری کے لئے کافی ہے۔بندۂ مومن کا فرض ہے کہ وہ زندگی بھر نیک رہے نیکی کرتا رہے۔نیکوں کے ساتھ رہے۔اسی طرح اپنے بہتر انجام اور حسن خاتمہ کے لئے کوشاں رہے۔

اے اللہ!اے رب کریم،غفور ورحیم!ہمیں سوء خاتمہ سے محفوظ رکھ اور خیر وعافیت،ایمان وعرفان وایقان کے ساتھ حسن خاتمہ نصیب فرما،صالحین کے زمرے میں داخل فرما اور انہی کے ساتھ حشر فرما۔آمین(۳۵)

﴿۲۲﴾ بعض گناہ وہ ہیں جن کے مرتکب کی مشابہت منافقین سے ہے۔تمام گناہوں سے بالعموم اور ان گناہوں سے بالخصوص اپنے دامن کو محفوظ رکھنا فرض ہے۔جن گناہوں کو منافقین کے عمل سے تشبیہ دی گئی ہے وہ کئی ہیں۔مثلاً ایسی بات بیان کرے جس کا کذب اسے معلوم ہو،ایسا عہد کرے جس کے پورا کرنے کا عزم اور اعتقاد نہ ہو،خیانت کی خاطر امانت کا انتظار کرے۔وغیرہ۔(۳۶)

﴿۲۳﴾ بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ جب بھی کوئی تمنا کرے یا رب کریم سے کوئی سوال کرے تو دین وآخرت کی بہتری کی تمنا کرے یہ تمنا اور دعا محبوب ومحمود ہے۔محض دنیا کی تمنا نہ کرے۔کیا معلوم،اس کا انجام کیسا ہو۔(۳۷)

---

(۳۴) ☆ رواہ البخاری عن سھل بن سعد،ج۲،ص۹۷۸
☆ ونحوہ فی الترمذی،ج۲،ص۳۶
☆ ورواہ نحوہ احمد،ج۵،ص۲۲۵

(۳۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۸۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۱۰

(۳۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۸۴
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۱۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۱۶،ص۱۴۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۰،ص۱۴۵

(۳۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۱۱

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۲۰۰):

﴿منافق کی نماز جنازہ﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

وَلَاتُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْھُمْ مَّاتَ اَبَدًاوَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِہٖ ۔ اِنَّھُمْ کَفَرُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَمَاتُوْاوَھُمْ فٰسِقُوْنَ ☆ (سورۃالتوبہ آیت ۸۴)

اوران میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہونا۔ بیشک وہ اللہ اور رسول کے منکر ہوئے اور فسق ہی میں مر گئے۔

حل لغات:

"**وَلَاتُصَلِّ**": صَلٰوۃٌ مصدر سے نہی کا صیغہ ہے۔صَلٰوۃ کا معنی دعا،استغفار،اس سے مراد نماز جنازہ ہے۔کافر میت پر نماز جنازہ پڑھنے سے روکا گیا ہے۔(۱)

"**مِنْھُمْ**": ھُمْ ضمیر کا مرجع منافقین ہیں۔چونکہ ان آیات میں منافقین کے کرتوت بیان ہوئے ہیں۔

"**اَبَدًا**": بمعنی ہمیشہ۔اگر اس کا تعلق مَاتَ سے ہوتو اس کا معنی ہوگا: کافر ہمیشہ کے لئے مر چکے ہیں۔قبر میں یا حشر میں ان کا زندہ ہونا عذاب پانے کے لئے ہوگا گویا وہ زندگی بھی ان کے لئے وبال ہوگی۔

اور اگر اس کا تعلق "وَلَاتُصَلِّ" سے ہوتو اس سے مراد یہ ہے ہمیشہ کے لئے منافقین کا نماز جنازہ نہ پڑھا

(۱) تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت،ج۳،ص۴۸۰

marfat.com

جائے۔(۲)

"وَلَاتَقُمْ عَلٰی قَبْرِہٖ": قیام سے مراد کھڑا ہونا یا کسی کام میں مشغول ہونا ہے۔آیت کا معنی یہ ہے کہ کسی منافق کی قبر پر دفن کے وقت یا بعد دفن زیارت کے لئے کھڑا ہونا منع ہے۔یا کسی منافق کو قبر میں دفن کرنے کا انتظام نہ کرو۔بلکہ اسے گڑھے میں دبا کر اس پر مٹی ڈال دو۔(۳)

وَھُمْ فٰسِقُوْنَ":اور وہ حد سے بڑھے ہوئے ہیں۔کفر کے بعد فسق سے ان کی مذمت کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ بعض کافر مروت والے ہوتے ہیں وہ مسلمانوں کو ایذا نہیں دیتے مگر یہ منافق مسلمانوں کی ایذا رسانی پر آمادہ رہتے ہیں۔دھوکا،فریب،جھوٹ وغیرہ ان کی صفت ہے۔(۴)

شان نزول:

یہ آیت عبداللہ بن اُبی بن سلول رئیس المنافقین کے بارے میں نازل ہوئی۔محدثین اور مفسرین نے قدرے اختلاف کے ساتھ اس بارے میں متعدد روایات بیان فرمائی ہیں۔سب کا عمدہ خلاصہ یہ ہے۔

---

(۲) ☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۷۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص۱۵۴

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۵،ص۳۷۶

(۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۷۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۴۳

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۶۲

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص۴۷۸

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص۱۵۵

☆ تفسیر مظھری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۵،ص۳۷۷

(۴) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور، ج۲،ص۲۶۹

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۱۶۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج۱۶،ص۱۵۳

marfat.com

عبداللہ بن ابی ابن سلول پر جب موت کے آثار نمودار ہوئے تو اس نے حضور نبی اکرم رسول معظم ﷺ کو بلوا بھیجا، اور عرض کی حضور! مجھے اپنی وہ قمیص عطا فرمائیں جو آپ کے جسدِ اطہر کے ساتھ ملی ہے۔ تا کہ میں اس کا کفن بنالوں اور آپ میری نماز جنازہ پڑھائیں۔ میرے لئے دعائے مغفرت فرمائیں۔ حضور انور ﷺ کے جسدِ اطہر پر اس وقت دو قمیصیں تھیں۔ آپ کاشانہءِ اقدس پر تشریف لائے اور آپ نے اوپر والی قمیص اس کے لئے بھیج دی۔ اس نے واپس کر دی اور عرض کی کہ اپنے جسدِ اطہر سے ملی ہوئی قمیص عطا فرمائیں۔ کچھ وقت بعد جب وہ مر گیا تو اس کا بیٹا حاضر ہوا۔ ان کا نام بھی عبداللہ تھا۔ یہ مخلص صحابی تھے۔ انہوں نے حضور سے قمیص مانگی آپ دینا چاہتے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا آپ جس کے لئے اپنی مبارک قمیص عطا فرما رہے ہیں وہ ایسا، ایسا ہے۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا:

''اے عمر! میری قمیص اسے فائدہ نہ دے گی کہ وہ منافق تھا مگر مجھے امید ہے کہ اس کی برکت سے ان شاء اللہ ایک ہزار منافقین مخلص مومن بن جائیں گے''۔

عبداللہ منافق کی میت تیار ہو جانے پر اس کی نماز جنازہ پڑھانے تشریف لے گئے۔ جب آپ مصلّٰی پر تشریف فرما ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پھر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! یہ منافق ہے بلکہ منافقوں کا سردار ہے حضور اس کی نماز جنازہ کیوں پڑھاتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔

''ابھی تک اللہ تعالیٰ نے مجھے منافقین کی نماز جنازہ یا دعائے مغفرت سے منع نہیں فرمایا۔ یہ فرمایا ہے کہ اگر ستّر بار بھی آپ ان کے لئے دعائے مغفرت کریں گے ہم نہ بخشیں گے۔ اگر میں جانتا کہ ستر بار سے زیادہ دعا کرنے سے اس کی بخشش ہو جائے گی تو زیادہ دعا کرتا''۔

بہر حال حضور ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھا دی۔ گھر واپس تشریف لائے۔ جب اسے دفن کرنے لگے تو آپ دوبارہ تشریف لے گئے اس وقت وہ قبر میں رکھا جا چکا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کی میت نکلوائی اور اپنی نیچے والی قمیص پہنا دی اور لعابِ دہن مبارک اس کے منہ میں ڈالا۔ پھر اسے دفن کر دیا گیا۔ باقی منافقین جو اس کے پیرو تھے، یہ سب واقعات دیکھ رہے تھے۔ انہوں نے دیکھا کہ رئیس المنافقین بھی حضور نبی اکرم ﷺ سے تبرک

marfat.com

طلب کرتا ہے۔ دیگر منافقین نے بھی دیکھا کہ حضور انور ﷺ کو ستانے والا موذی دشمن بھی حضور سے جو گذارشات کر رہا ہے آپ اسے قبول فرما رہے ہیں۔ یہ سوچ کر قبیلہ بنی خزرج کے ایک ہزار منافقین نے نفاق سے سچی توبہ کر لی۔

اس کے بعد آیت کریمہ نازل ہوئی جس میں حضور انور ﷺ اور آپ کے تمام متبعین کو قیامت تک منافقین کی نماز جنازہ پڑھنے پڑھانے سے منع فرما دیا۔ نیز ان کی قبر پر کھڑے ہونے، ان کے لئے دعائے مغفرت سے بھی منع فرما دیا گیا۔ (۵)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ مسلمان میت پر نماز جنازہ پڑھنا فرض کفایہ ہے۔ یعنی اگر چند مسلمان ادا کر لیں تو باقی مسلمانوں کے ذمہ سے ساقط ہو جائے گی اور اگر کوئی مسلمان بھی ادا نہ کرے تو تمام مسلمان گناہ گار ہوں گے۔

---

(۵)
☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۵
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۹۸۹
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۱۸
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۷۸
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۸۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۵۲
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۲
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۷
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۷
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۸۰
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۹
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۵۳
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۷۷
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۷۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ص ۲۴۹

marfat.com

نماز جنازہ کی فرضیت کا ثبوت احادیث صحیحہ کثیرہ، حضور نبی انور ﷺ کی مواظبت، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا عملِ متواتر اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لے کر آج تک کے تمام مسلمانوں کے اجماع سے ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں اگرچہ چند آیات کریمہ میں نماز جنازہ کا اشارہ ملتا ہے مگر وہ اس بارے میں صریح الدلالۃ نہیں۔

حضور انور شفیع اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ : يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَالَقِيَهُ وَيُجِيْبُهُ اِذَادَعَاهُ ، وَيُشَمِّتُهُ اِذَاعَطَسَ، وَيَعُوْدُهُ اِذَامَرِضَ ، وَيَتَّبِعُ جَنَازَتَهُ اِذَامَاتَ، وَيُحِبُّ لَهُ مَايُحِبُّ لِنَفْسِهِ (٦)

ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر نیکی کے چھ حق ہیں۔

جب اسے ملے تو سلام کرے۔

جب وہ بلائے تو حاضر ہو۔

جب وہ چھینک مارے تو چھینک کا جواب دے۔

جب وہ بیمار ہو تو اس کی تیمارداری کرے۔

جب وہ مرجائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو۔

اس کے لئے وہی پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہو۔ (٧)

﴿٢﴾ نماز جنازہ کے جواز کے لئے میت کا مسلمان ہونا شرط ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

صَلُّوْا عَلٰى مَنْ قَالَ: لَآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ ..... الحدیث (٨)

---

(٦) ☆ رواہ الترمذی فی کتاب الادب

☆ ورواہ ابن ماجہ ،ص ١٠٥

☆ ورواہ احمد، ج ١ ،ص ٨٩، ج ٣،ص ٦٨ ،عن علی

(٧) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ٣،ص ١٤٤

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون حونپوری (م ١٣٥٠ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ٤٧٢

(٨) ☆ رواہ ابونعیم فی الحلیہ والطبرانی عن ابن عمر بحوالہ کنز العمال ،ج ١٥، ح ٤٢٢٦٤

marfat.com

ہر مسلمان میت پر نماز جنازہ پڑھو۔

لہٰذا کافر، منافق کی نماز جنازہ پڑھنا منع ہے۔

آیت مبارکہ زیب عنوان نے اس کی صراحت فرمادی۔ نماز جنازہ میت کی مغفرت کے لئے پڑھا جاتا ہے اور کافر میت مغفرت کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ اگر چہ اس کا ولی مسلمان ہو۔(۹)

﴿۳﴾ جس طرح کافر میت کی نماز جنازہ جائز نہیں اسی طرح اس کے لئے دعائے مغفرت بھی ناجائز وحرام ہے۔(۱۰)

﴿۴﴾ کسی مسلمان میت کی نماز جنازہ ترک نہ کی جائے مرنے والا خواہ صالح ہو یا گناہ کبیرہ کا مرتکب۔ فاسق وفاجر ہو یا عادل۔ ہر صحیح العقیدہ مومن کی نماز جنازہ پڑھی جائے۔ حضور سید عالم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں۔

صَلُّوْا خَلْفَ کُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ وَصَلُّوْا عَلٰی کُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ وَجَاهِدُوْا مَعَ کُلِّ بَرٍّ وَّفَاجِرٍ(۱۱)

---

(۹) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص ۹۹۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۲۲۳

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۳

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۷۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۶۲

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۴۷۸

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص ۱۵۴

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۵۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۷۰

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۳۷۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۶۷

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۴۴

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص ۹۹۰

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۲۲۲

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۷۸

(۱۱) ☆ رواہ البیہقی عن ابی ہریرۃ /بحوالہ جامع صغیر، ج۲، ص ۷۳

marfat.com

ہر عادل اور فاجر (فاسق) کی اقتدا میں نماز پڑھ لو اور ہر عادل اور فاسق کی نماز جنازہ پڑھ لو اور ہر عادل اور فاسق حاکم کے ساتھ جہاد میں شامل ہو جاؤ۔ (۱۲)

﴿۵﴾ اسلام کا باغی، ڈاکو اور بدعقیدہ کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ (۱۳)

﴿۶﴾ نماز جنازہ میں چار تکبیریں قائم مقام چار رکعت کے ہیں۔ تکبیریں اس سے نہ زائد ہیں نہ کم۔ جن احادیث میں تکبیروں کی کمی بیشی مروی ہے وہ منسوخ یا مؤول ہیں۔ حضور سید عالم ﷺ کا آخری عمل نماز جنازہ میں چار تکبیر تھا۔ حدیث شریف میں ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ کَبَّرَ اَرْبَعًا (۱۴)

نبی اکرم ﷺ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہتے تھے۔

امیر المومنین حضرت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں آپ کی دعوت پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے اس امر پر اجماع فرمایا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں ہیں۔ (۱۵)

﴿۷﴾ نماز جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد حمد و ثناء، دوسری تکبیر کے بعد حضور شافع یوم النشور ﷺ پر صلوٰۃ و سلام اور تیسری تکبیر کے بعد میت اور تمام مومنین کے لئے دعا ہے۔ اس نماز میں قرأت نہیں۔ (۱۶)

﴿۸﴾ مرد اور عورت کی نماز جنازہ میں امام میت کے سینے کے مقابل میں کھڑا ہو۔ کیونکہ سینہ موضع قلب ہے اور اس

---

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۲۱

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۸۰

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۲

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۲۱

(۱۴) ☆ رواہ ابن ماجہ عن عطاء، ص ۱۰۹

(۱۵) ☆ شرح معانی الآثار للطحاوی، مطبوعہ ایچ. ایم. سعید کمپنی، کراچی، ج۱، ص ۳۳۳،

(۱۶) ☆ ابو داؤد، ج۲، ص ۱۰۰

☆ ابن ماجہ، ص ۱۰۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۲۲

marfat.com

میں نور ایمان ہے۔ موضع قلب کے مقابل کھڑا ہونے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ایمان کی برکت سے اس کی شفاعت ہوگی۔ (۱۷)

﴿۹﴾ نماز جنازہ سے فارغ ہونے کے بعد میت کے لئے دعا مانگنا جائز بلکہ مسنون ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاصَلَّیْتُمْ عَلَی الْمَیِّتِ فَاَخْلِصُوْالَهُ الدُّعَاءَ (۱۸)

جب تم میت پر نماز جنازہ پڑھ چکو تو پھر اس کے لئے اخلاص سے دعاء کرو۔

ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ نے نماز جنازہ پڑھایا۔ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اس نماز میں شامل نہ ہو سکے۔ جب وہ آئے تو دوسری مرتبہ نماز جنازہ پڑھنا چاہا۔ اس پر سید عالم رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

اَلصَّلَاةُ عَلَی الْجَنَازَةِ لَاتُعَادُ وَلٰکِنْ اُدْعُ لِلْمَیِّتِ وَاسْتَغْفِرْلَهُ

نماز جنازہ دوبارہ نہیں پڑھی جا سکتی۔ البتہ تم میت کے لئے دعا مانگو اور اس کے لئے بخشش چاہو۔ (۱۹)

ایک مرتبہ سیدنا عبداللہ بن عباس اور سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم ایک نماز جنازہ نہ پڑھ سکے۔ جب یہ حاضر ہوئے تو انہوں نے میت کے لئے صرف دعا کی۔ (۲۰)

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ سے رہ گئے۔ جب یہ حاضر ہوئے تو انہوں نے فرمایا: اگر میرے آنے سے پہلے تم نماز جنازہ پڑھ چکے ہو تو دعا میں مجھے شریک کر لو۔ (۲۱)

---

(۱۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۸، ص ۲۲۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۷۸

(۱۸) ☆ رواہ ابو داؤد، ج ۲، ص ۱۰۰

☆ رواہ ابن ماجہ، ص ۱۰۹

☆ ورواہ ابن حبان، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ج ۷، ص ۳۷۶ (حدیث نمبر ۳۰۷۶، ۳۰۷۷)

(۱۹) ☆ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع. تالیف امام علاء الدین ابو بکر بن مسعود الکاشانی، مطبوعہ دار الفکر، بیروت. جلد اول صفحہ ۳۱۱

(۲۰) ☆ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع. تالیف امام علاء الدین ابو بکر بن مسعود الکاشانی، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، جلد اول، ص ۳۱۱

(۲۱) ☆ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع. تالیف امام علاء الدین ابو بکر بن مسعود الکاشانی، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، جلد اول، ص ۳۱۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۸، ص ۲۲۲

marfat.com

﴿۱۰﴾ کافر کی میت پر یا قبر پر کھڑا ہونا، اس کی تعظیم کرنا یا قبر کی زیارت کرنا یا زیارت کے لئے جانا منع ہے۔ مسلمان کو اس سے احتراز لازم ہے۔ (۲۲)

﴿۱۱﴾ مسلمان کی میت یا دفن کرتے وقت قبر پر کھڑا ہونا جائز بلکہ سنت ہے۔ اسی طرح مسلمان کی قبر کی زیارت کے لئے جانا جائز ہے۔ مسلمان میت کو دفن کرنے کا انتظام کرنا اور اس میں شامل ہونا جائز ہے۔

بہتر یہ ہے کہ جب تک مسلمان میت کو دفن کیا جائے قبر کے پاس کھڑا رہے کہ یہی سنت ہے۔ (۲۳)

﴿۱۲﴾ دفن کے بعد قبر پر کھڑے ہو کر میت کی مغفرت کی دعا کرنا سنت ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے منکر نکیر کے سوالوں کے جواب میں ثابت قدم رکھے۔ حدیث شریف میں ہے۔

كَانَ النَّبِيُّ ﷺ اِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ فَقَالَ: اِسْتَغْفِرُوْا لِاَخِيْكُمْ وَاسْأَلُوْا لَهُ بِالتَّثْبِيْتِ فَاِنَّهُ اَلْاٰنَ يُسْئَلُ (۲۴)

---

(۲۲)
- ☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۷۸
- ☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
- ☆ تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه، ج ۲، ص ۱۶۲
- ☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۳
- ☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه کوئٹه، ج ۳، ص ۴۷۸
- ☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۰، ص ۱۵۵
- ☆ تفسیر مظہری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۳۷۷

(۲۳)
- ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۴
- ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعه دار الکتب العربیة بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۳
- ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج ۱۶، ص ۱۵۳
- ☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۳
- ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد حارن شافعی مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۶۹
- ☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۲۶۷
- ☆ تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه، ج ۲، ص ۱۶۲
- ☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه کوئٹه، ج ۳، ص ۴۸۷
- ☆ تفسیر مظہری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۳۷۷

(۲۴)
- ☆ رواه ابو داؤد عن عثمان بن عفان، ج ۲، ص ۱۰۳

marfat.com

نبی کریم ﷺ کی عادت کریمہ یہ تھی کہ جب میت کے دفن سے فارغ ہوتے تو قبر کے پاس کھڑے ہوتے، اور آپ فرماتے: اپنے بھائی کے لئے مغفرت کی دعا مانگو اور اس کی ثابت قدمی کا رب سے سوال کرو کہ اب اس سے سوال ہو رہا ہے۔

دفن کے بعد قبر پر ذکر الٰہی سنت مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء ہے۔

صحیح حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللهِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ: خَرَجْنَامَعَ رَسُوْلِ اللهِ یَوْمًااِلٰی سَعْدِبْنِ مَعَاذٍ حِیْنَ تُوُفِّیَ، قَالَ: فَلَمَّاصَلّٰی عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَوُضِعَ فِیْ قَبْرِهٖ وَسُوِّیَ عَلَیْهِ سَبَّحَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ فَسَبَّحْنَاطَوِیْلًا ثُمَّ کَبَّرَفَکَبَّرْنَا، فَقِیْلَ: یَارَسُوْلَ اللهِ لِمَ سَبَّحْتَ ثُمَّ کَبَّرْتَ، قَالَ: لَقَدْتَضَایَقَ عَلٰی هٰذَاالْعَبْدِالصَّالِحِ قَبْرُهٗ حَتّٰی فَرَّجَهُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ عَنْهُ(۲۵)

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جس روز حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا اس روز ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ وہاں گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ ان کو قبر میں اتارا گیا اور ان کی قبر کی مٹی برابر کر دی گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے سُبْحَانَ اللهِ کہا اور ہم نے بہت دیر تک سُبْحَانَ اللهِ کہا۔ پھر آپ ﷺ نے اَللهُ اَکْبَرُ کہا اور ہم نے بھی اَللهُ اَکْبَرُ کہا۔ آپ ﷺ سے دریافت کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ نے سُبْحَانَ اللهِ اور اَللهُ اَکْبَرُ کس لئے کہا، آپ ﷺ نے فرمایا: اس نیک بندے پر قبر تنگ ہو گئی تھی۔ (ہماری تسبیح و تکبیر کی برکت سے) اللہ تعالیٰ نے اس پر کشادگی کر دی''۔

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی قبر کی تنگی تسبیح و تکبیر سے کشادگی میں بدل گئی۔ اذان میں تکبیر، شہادتین، ذکر الٰہی ہوتا ہے یقیناً اس کی برکت سے قبر کی تنگی کشادگی میں بدل سکتی ہے اور منکر نکیر کے سوالوں کا جواب اذان میں ہے۔ اذان میت کو جواب یاد کرا دیتی ہے۔ اسی لئے قبر پر اذان دینا مستحسن ہے۔ فرض، واجب نہیں۔

(۲۵) رواہ احمد عن جابر بن عبداللہ، ج ۳، ص ۳۶۰

marfat.com

اس لئے کبھی کبھی قبر پر اذان دے لینا میت کے لئے فائدہ مند ہے۔(۲۶)

﴿۱۳﴾ اجنبی میت کے ایمان کے بارے میں دریافت کر لینا جائز ہے۔ایسا نہ ہو کہ کہیں کافر میت کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔ نبی اکرم رسول معظم ﷺ نے مدینہ طیبہ کے منافقوں کے نام مع ولدیت حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو بتا دیئے تھے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کوئی میت آتی تو آپ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو اطلاع کرتے۔ اگر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ جنازہ کی تیاری کرتے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی جنازہ میں شمولیت اختیار فرماتے ورنہ نماز جنازہ میں شرکت نہ فرماتے تھے۔(۲۷)

﴿۱۴﴾ کافر مرنے کے بعد بھی اہانت کے لائق ہے۔اسی لئے کافر میت کو بطریق مسنون غسل نہ دیا جائے۔ بلکہ نجاست دور کرنے کی طرز پر اس پر پانی بہا دیا جائے۔اور قبر مسنون کی بجائے اسے گڑھے میں دبایا جائے۔ اسے کفن مسنون نہ دیا جائے بلکہ اس کی شرمگاہ پر ایک کپڑا ڈال دیا جائے۔(۲۸)

﴿۱۵﴾ مومن زندہ بھی لائق تعظیم وتکریم ہے اور مرنے کے بعد بھی،مومن کی قبر کی زیارت میں اس کی تعظیم ہے۔کافر زندہ مردہ تعظیم کے لائق نہیں۔اسی وجہ سے کافر کی قبر کی زیارت جائز نہیں۔

حضور سید الطاہرین امام المطہرین سید الکونین نبی الثقلین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کی والدہ ماجدہ محترمہ سیدہ طیبہ طاہرہ آمنہ رضی اللہ عنہا موحدہ مومنہ ہیں۔آپ کے نورِ نظر لختِ جگر امام

---

(۲۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۲۳

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر ،ج۲،ص ۳۸۰

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص ۱۵۵

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت،ج۳،ص ۴۸۱

(۲۷) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر ،ج۲،ص ۳۸۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۴۷۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۷۳

(۲۸) ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۷۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۱۶،ص ۱۵۲

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۰،ص ۱۵۳

marfat.com

المرسلین ﷺ نے اپنی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنہا کی قبر انور کی زیارت کی اجازت واذن رب قدیر وکریم جل وعلا سے طلب فرمائی۔ رب کریم نے زیارت کی اجازت مرحمت فرمادی۔ آپ ﷺ نے باذنِ الٰہی اپنی والدہ ماجدہ رضی اللہ عنہا کی زیارت فرمائی۔ یہ امر اس بات کی قوی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ اور والد ماجد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما مومن ہیں۔ بلکہ آپ ﷺ نے اپنے والدین کو زندہ فرمایا اور وہ آپ پر ایمان لاکر صحابیت کے مرتبہ پر فائز ہو چکے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔

اِستَأذَنتُهُ اَنْ اَزُوْرَ قَبْرَهَا فَاُذِنَ لِی ..... الحدیث (۲۹)

میں نے اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی اجازت رب سے طلب کی تو رب نے اجازت عطا فرمادی۔

بندۂ مومن کے لئے لازم اور اشد لازم ہے کہ اپنے آقا ومولیٰ سید عالم نبی اکرم ﷺ کے والدین کریمین کے ایمان میں ذرہ برابر شک نہ کرے اور ان کے بارے میں نازیبا کلمات استعمال نہ کرے۔ ایسا کرنے سے نبی کریم ﷺ کو ایذا ہوگی اور آپ ﷺ کو رسانی سے رب کریم کو ایذا پہنچانا ہے۔ رب کریم جل وعلا اس سے محفوظ فرمائے آمین۔ (۳۰)

﴿۱۶﴾ آثارِ انبیاء ومرسلین وصالحین، مقاماتِ مقدسہ اور اشیائے متبرکہ سے تبرّک حاصل کرنا شریعت مطہرہ میں محبوب ومطلوب ہے۔ تبرک سے کثیر فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ حضور انور نبی اکرم ﷺ کی قمیص مبارک اور لعابِ دہن سے عبداللہ بن ابی منافق کی قوم کے ایک ہزار منافقین کو اخلاص اور ایمان کی دولت نصیب ہوئی۔ ماءِ زمزم شریف سے لاتعداد کو روحانی شفاء ملی۔ قرآن مجید کی کتابت اور اس کے نقوش روحانی وجسمانی امراض کی شفا کا باعث ہیں۔ ایک موقعہ پر حضور سید عالم ﷺ کی اجازت سے حضرت معمر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کے سر مبارک کے بال اتارے اور انہیں آپ ﷺ کے حکم سے حاضرین میں بطور تبرک تقسیم کیا گیا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ

---

(۲۹) رواہ مسلم فی کتاب الجنائز ورواہ ابو داؤد فی کتاب الجنائز

ورواہ النسائی فی کتاب الجنائز ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الجنائز ورواہ احمد فی مسندہ

(۳۰) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۵۵

marfat.com

والسلام کے پیراہن مبارک کو دھوکر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین مریضوں کو شفایابی کے لئے عطا فرماتے تھے۔ سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے وصیت فرمائی تھی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بال مبارک ان کے کفن میں بلکہ منہ میں رکھے جائیں کہ اس سے حساب کتاب اور منکر نکیر کے سوالات و جوابات میں آسانی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان میت کے کفن میں الفی پر کلمہ طیبہ لکھ دیا جاتا ہے کہ اس کی برکت سے میت کے برزخ کے منازل و مراحل آسان ہو جائیں۔ یہ جائز و مستحسن ہے۔ (۳۱)

﴿۱۷﴾ سیدنا و مولانا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ وارضاہ عنا نبی پاک صاحبِ لولاک ﷺ کی امت میں مُلْهَمْ اور مُحدَّث ہیں۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی منشا ان کے دل میں القا فرماتا ہے اور جو یہ خواہش ظاہر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کے موافق وحی نازل فرما دیتا ہے۔ ان کی خواہش حکم الٰہی بن کر نازل ہوتا ہے۔

منافقین کی نماز جنازہ کا عدم جواز، عورتوں کا حجاب، قیدیوں سے فدیہ لینا، شراب کی حرمت، تحویل قبلہ وغیرہ متعدد احکام ان کی رضا و منشا کے مطابق نازل ہوئے۔

امت مرحومہ پر ان کا احسان عظیم ہے۔ مسلمانوں کے لئے لازم ہے کہ ان کی تعظیم بجالائیں اور اللہ تعالیٰ کے ہاں انہیں جو مقام قرب حاصل ہے اس کے مطابق ان کی عزت کریں۔ (۳۲)

---

(۳۱) لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۸
مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۰
تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۸۰
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۷۹
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۱
تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۲
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۷۷

(۳۲) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۱۹
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۵۲
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۸
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۸۰
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۷۷

marfat.com

﴿۱۸﴾ جھوٹ، نفاق، دھوکا، فریب اور مکر ایسے قبیح جرم ہیں کہ سابقہ تمام ادیان میں بھی یہ حرام رہے۔ بندۂ مومن پر فرض ہے کہ ان قبیح جرائم سے اپنے دامن کو پاک رکھے۔ (۳۳)

☆☆☆☆☆

(۳۳) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۵۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۹

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۲

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۲۰۱):

معذور لوگ جہاد میں شرکت سے مستثنیٰ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَیْسَ عَلَی الضُّعَفَآءِ وَلَاعَلَی الْمَرْضٰی وَلَاعَلَی الَّذِیْنَ لَایَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَانَصَحُوْاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ۔ مَاعَلَی الْمُحْسِنِیْنَ مِنْ سَبِیْل ۔ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ☆ وَّلَاعَلَی الَّذِیْنَ اِذَامَآ اَتَوْکَ لِتَحْمِلَھُمْ قُلْت لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُکُمْ عَلَیْہِ تَوَلَّوْاوَّاَعْیُنُھُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًااَلَّایَجِدُوْامَایُنْفِقُوْنَ ☆ (سورۃالتوبہ آیات ، ۹۱، ۹۲)

ضعیفوں پر کچھ حرج نہیں اور نہ بیماروں پر اور ان پر جنہیں خرچ کا مقدور نہ ہو جب کہ اللہ اور رسول کے خیر خواہ رہیں۔ نیکی والوں پر کوئی راہ نہیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور نہ ان پر جو تمہارے حضور حاضر ہوں کہ تم انہیں سواری عطا فرماؤ۔ تم سے یہ جواب پائیں کہ میرے پاس کوئی چیز نہیں جس پر تمہیں سوار کروں۔ اس پر یوں واپس جائیں کہ ان کی آنکھوں سے آنسو ابلتے ہوں اس غم سے کہ خرچ کا مقدور نہ پایا۔

marfat.com

حل لغات:

"**اَلضُّعَفَآء**": ضَعِیْفٌ کی جمع ہے۔ضعیف وہ شخص ہے کہ کمزوری خِلقی (پیدائشی) طور پر اس کو لازم ہو۔وہ جہاد میں جانے سے معذور ہے۔مثلاً اندھا، پرانی مرض والا، بوڑھا، بچہ، عورت وغیرہ۔(۱)

"**اَلْمَرْضٰی**": مَرِیْضٌ کی جمع ہے، مریض وہ ہے جس کے بدن میں بیماری طاری ہو، خواہ وہ زائل ہونے والی ہو یا زائل نہ ہونے والی ہو۔کسی نوعیت کا ایسا مرض جو بوجہ مرض جہاد میں نہ جا سکتا ہو۔(۲)

"**وَلَاعَلَی الَّذِیْنَ لَایَجِدُوْنَ مَایُنْفِقُوْنَ**": اور وہ جو جہاد میں جانے کے لئے زادِراہ کا مقدور نہیں رکھتے۔

یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے جسم میں کوئی نقص نہیں۔نہ ضعف نہ بیماری، بلکہ خارجی سبب (فقر) کے باعث جہاد میں شریک نہیں ہو سکتے۔(۳)

---

(۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۵
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت، ج۵، ص۸۵
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۱۶۰
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعه بیروت، ج۵، ص۴۸۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۷۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ص۱۸۵
☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۳، ص۴۸۴
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۶۲
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی، ص۳۸۲

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۵
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۱۶۰
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۰، ص۱۵۸
☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص۴۷۳

(۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۸۱

marfat.com

"**حَرَجٌ**": تین معنوں میں استعمال ہوتا ہے: شک، تنگی اور گناہ۔

اس آیت میں حرج سے مراد گناہ ہے۔(۴)

"**نَصَحُوْا**": عمل کو خالص کرنا۔اسی سے ہے توبۃالنصوح ۔یعنی سچی اور خالص توبہ۔اخلاص، صدق، مشورہ، عمل۔

ایسے قول یا فعل میں کوشش کرنا جس میں اس کی اپنی بہتری ہو۔(۵)

"**اَلْمُحْسِنِیْنَ**": مُحْسِنٌ کی جمع ہے بمعنی احسان کرنے والے۔

احکام شرع دو نوع کے ہیں. حَسَنٌ اور قَبِیْحٌ

حَسَنٌ وہ شے ہے جس کے کرنے سے شرع نے نہ روکا ہو اور اس کا کرنا جائز اور ثواب کا موجب ہو۔

اور قَبِیْحٌ وہ فعل ہے جس کے کرنے پر عذاب، عقاب یا عتاب لازم ہو۔(۶)

---

(۴)
☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی ،مطبوعہ بیروت، ص ۱۱۳
☆ الفروق اللغویۃ ،از ابوہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ص ۳۴۱
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۱۱۲
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۶۳
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۸۵
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۳
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۴۴
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ص ۳۸۲
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۳

(۵)
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۲۴
☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۴۹۴
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۷
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۸۵
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۳

(۶)
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۹۵

marfat.com

محسنین وہ ہیں جوایسا کام کرتے ہیں جوشریعت میں جائزاورمباح ہواورافعال قبیحہ سے اپنے دامن کومحفوظ رکھتے ہیں۔

"**سَبِیْلٍ**": بمعنی راہ،اس سے مرادعقوبت کی راہ ہے۔

محسنین وہ ہیں کہان پرکسی طرح سے عقوبت راہ نہیں پاتی،یعنی محسنین گناہگارنہیں۔(۷)

"**اذَامَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ**":اے محبوب!جب وہ آپ کے حضورحاضرہوں اس غرض سے کہ آپ ان سواری کےمحتاجوں کوسواری عطافرمائیں تاکہ یہ اس پرسوارہوکر جہادمیں شریک ہوسکیں۔

اگرچہ آیت مبارکہ میں سواری کاذکرہےمگراس سے مرادہرنوع کازادِراہ ہے جس کی جہادمیں ضرورت ہو۔(۸)

"**اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ**": اَعْيُنٌ جمع ہےعَيْنٌ کی بمعنی آنکھ۔تَفِيْضُ ، فَيْضٌ سے بناہے، بمعنی بہنا،کثرت سے ہونا،وادی کے کنارے سے بہنا،جاری ہونا،برتن کا بھرجانا یہاں تک کہ وہ کناروں سے اچھل جائے،مقرب بندۂ خداکا سینہ جب اسرارالٰہی سے بھرجائے اورپھراسرارورموزاس کے سینے سے چھلک کرمسترشدین کے دلوں پرپڑیں۔اسی کانام فیض اور فیضان ہے۔(۹)

---

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۲۷

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص۸۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج۳،ص۴۸۴

(۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۹۹۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۲۹

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص۸۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج۲،ص۲۷۱

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۰،ص۱۵۹

(۹) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج۳،ص۴۸۵

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص۹۵۴

☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص۳۶۶

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص۳۸۷

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج۲،ص۶۵

☆ الفروق اللغویۃ ،ازابوہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م۵۰۰ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ،کوئٹہ،ص۳۳۶

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج۵،ص۷۱

marfat.com

آنکھ سے آنسو جاری ہوتے ہیں مگر مبالغہ کے لئے کہا گیا کہ آنکھوں سے آنسو بہہ نکلیں۔اس سے شدید غم کا اظہار مقصود ہے۔(۱۰)

شانِ نزول:

اِن آیات مبارکہ کے شانِ نزول میں متعدد واقعات مروی ہیں۔ممکن ہے کہ اِن سب واقعات کے پیشِ نظر یہ آیات نازل ہوئی ہوں۔

(۱) جب سورۃ برأت میں جہاد کی ترغیب کی آیات نازل ہوئیں اور ساتھ ہی ان پر عتاب کی آیات نازل ہوئیں جو بغیر عذرِ شرعی جہاد سے پہلوتہی کرتے رہے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کاتبِ وحی ان آیات کو لکھ رہے تھے کہ ایک نابینا صحابی حاضر ہوئے وہ عرض گذار ہوئے۔یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں معذور ہوں میرے متعلق کیا حکم ہے؟اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔(۱۱)

(۲) یہ آیت حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں نازل ہوئی جو جہاد میں شرکت سے حقیقی طور پر معذور تھے۔(۱۲)

(۳) یہ آیت حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جو جہاد میں شمولیت سے حقیقی طور پر معذور

---

(۱۰) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی؛ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۹۵

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی؛ مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۲۳۰

(۱۱) ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۵۹

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۸۵

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۲۶۱

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی؛ مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج۲، ص۹۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی؛ مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۲۲۸

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۸۶

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۶۳

marfat.com

تھے۔(۱۳)

(۴) سات حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں نازل ہوئی۔ان سات حضرات کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔ایک روایت کے مطابق یہ قبیلہ بنی مُقَرِّن کے سات حقیقی بھائی ہیں۔یہ سب صحابی ہیں۔ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی پوری جماعت میں یہ اعزاز صرف انہیں حاصل ہے کہ سات بھائی صحابی ہوں۔ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

حضرت نعمان، حضرت مَعْقَل، حضرت عَقِیل، حضرت سُوَید، حضرت سناں، حضرت عبداللہ اور حضرت عبید اللہ رضی اللہ عنہم۔

ایک اور روایت کے مطابق یہ سات حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سات مختلف قبائل سے تعلق رکھتے ہیں۔ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

☆ حضرت سالم بن عُمَیر رضی اللہ عنہ، بنی عمرو بن عوف سے۔

☆ حضرت عَلِیّہ بن زید رضی اللہ عنہ، بنی حارثہ کا بھائی۔

☆ حضرت ابو یعلی عبدالرحمٰن بن کعب رضی اللہ عنہ۔ بنی مازن بن نجار سے۔

☆ حضرت عَمرو بن الحُمّام رضی اللہ عنہ، بنی سلمہ سے۔

☆ حضرت عبداللہ بن مغفل مزنی، یا عبداللہ بن عمرو مزنی، رضی اللہ عنہ

☆ حضرت هَرمی بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، بنی واقف کا بھائی۔

☆ حضرت عرباض بن ساریہ فزاری رضی اللہ عنہ

ایک تیسری روایت کے مطابق ان سات حضرات کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

☆ حضرت معقل بن یسار

☆ حضرت صخر بن خنساء

(۱۳) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۲۲۸
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص۳۸۲

marfat.com

☆ حضرت عبداللہ بن کعب انصاری

☆ حضرت سالم بن عمیر

☆ حضرت ثعلبہ بن عنمہ

☆ حضرت عبداللہ بن مغفل

☆ اور ایک اور صحابی رضی اللہ عنہم۔

یہ سات صحابہ (باختلاف روایات) غزوہ تبوک کے موقعہ پر حضور انور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی ''یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ہمیں جہاد میں شرکت کا بہت شوق ہے مگر ہمارے پاس زادراہ نہیں، نہ سواری کا جانور، ہمیں کم از کم پرانے جوتے اور پیوند لگے موزے مل جائیں تا کہ ہم پہن کر پیدل سفر کر کے غزوہ میں شامل ہو جائیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت میرے پاس وہ کچھ نہیں جو تمہیں دے دوں، شدت غم سے یہ حضرات روتے ہوئے واپس ہوئے۔ سیرت میں ان کا لقب ''بَکَّاؤُوْن،، (رونے والے) ہے۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ (۱۴)

(۱۴)

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۸۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۶۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۸۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۸۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۸۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۷۲

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۷۲

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ' مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ' کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۸۵

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۶۱

☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دار الرشید بیروت، ص ۲۵۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۵۹

marfat.com

(۵) حضرت ابوموسیٰ اشعری اوران کے ساتھی (رضی اللہ عنہم) حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سفر جہاد کے لئے سواریاں طلب کیں۔ اتفاق سے، اس وقت حضور پرنور ﷺ کسی پر ناراض تھے۔ طبیعت مبارکہ پر کبھی کبیدگی کے آثار تھے۔ اس حالت میں آپ ﷺ نے فرمایا: ''خدا کی قسم، میں تم کو سواری نہ دوں گا''۔ یہ حضرات روتے ہوئے لوٹے۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے انہیں واپس بلوایا اور بہترین اونٹ عطا فرمائے۔ اس پر انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ابھی آپ ﷺ نے عطا نہ فرمانے کے لئے قسم یاد فرمائی ہے۔ اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ان شاء اللہ! ہم اگر کسی اچھے کام نہ کرنے کی قسم یاد فرمایا کریں گے تو قسم توڑ کر وہ کام کریں گے اور کفارہ ادا کر دیا کریں گے۔''

ان کے جانے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس اونٹ آئے یا آپ ﷺ نے قرض لے کر انہیں مہیا فرمائے۔ (۱۵)

(۶) قبیلہ جہینہ، مزنیہ اور بنوعذرہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ (۱۶)

---

(۱۵)
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۲۸
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۸۵
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۸۱
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۴۴
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۱۶۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۷۲
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۷۲
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۴۸۵
☆ الدرالمنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۲۶۱
☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دارالرشید، بیروت، ص۲۵۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ص۳۸۶

(۱۶)
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۷۱
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۴۴
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۴۷۳
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۰، ص۱۵۸
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۴۷۳

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ آفت زدہ، نہجے، بڑھاپے سے کمزور، اندھے، لنگڑے، بچے، عورتوں اور جہاد کا زادِراہ نہ پانے والے پر جہاد میں جانا فرض نہیں۔ یہ افراد معذور ہیں۔ اگر یہ جہاد کے لئے نہ نکلیں تو ان پر کوئی شرعی مواخذہ نہیں۔ بشرطیکہ یہ لوگ حق کو پہچانیں، اولیائے حق سے محبت کریں، حق کے دشمنوں سے بغض رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں مشغول رہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے حقوق ادا کرتے رہیں۔ مسلمانوں اور مسلمان حاکموں کی نافرمانی سے بچتے رہیں۔

قرآن مجید کی آیات نے صراحت اور قطعیت کے ساتھ اس پر دلالت فرمادی ہے۔ احادیث طیبہ صحیحہ صریحہ میں اس کا بیان موجود ہے۔ مصطفیٰ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ارشاد فرماتے ہیں۔

اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ (وفی روایۃ قالھا ثلثًا) قُلْنا لِمَنْ قال: لِلّٰہِ وَلِکتابِہٖ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِائِمَۃِ الْمُسْلِمِیْنَ وَعامَّتِھِمْ (۱۷)

دین خیر خواہی (کا نام) ہے۔ حضور آقا و مولیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ کلمہ تین مرتبہ دہرایا (صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین فرماتے ہیں) ہم نے عرض کیا: کس کے لئے خیر خواہی ہو؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ، اس کی کتاب، اس کے رسول، مسلمانوں کے حاکموں اور عام مسلمانوں کے لئے (خیر خواہی دین ہے)۔ (۱۸)

---

(۱۷) ☆ رواہ مسلم عن تمیم الداری، ج ۱، ص ۵۴

(۱۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۲۹۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۸۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۸۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۶۲

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۳

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۴۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۷۲

marfat.com

۲ جن افراد پر جہاد کے لئے نکلنا فرض نہیں اور وہ معذور ہوں یہ اگر جہاد کے لئے نکلیں اور جہاد میں شامل ہوں تو ان کے لئے عزیمت ہے۔ان کے لئے دہرا ثواب ہے۔حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نابینا صحابی ہیں۔ معذور ہیں۔غزوۂ احد میں شامل ہوئے۔جھنڈا تھامے رکھا۔دشمن نے وار کر کے ان کا دایاں بازو شہید کر دیا۔جھنڈا انہوں نے بائیں بازو میں پکڑ لیا۔دشمن نے اسے بھی تلوار کے وار سے علیحدہ کر دیا۔پھر جھنڈا ٹوٹے ہوئے بازوؤں اور سینہ سے تھام لیا۔اسی حالت میں وہ شہید ہوئے۔

حضرت عمرو بن الجموح رضی اللہ عنہ نقیب الانصار لنگڑے صحابی ہیں۔حضور نبی اکرم ﷺ نے انہیں جہاد میں شامل نہ ہونے کی رخصت دے دی۔لیکن اس کے باوجود جہاد میں یہ کہہ کر شامل ہوئے کہ میں اپنے لنگڑے پن کے ساتھ جنت میں جاؤں گا۔

اسی طرح ایک معذور اور لاغر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لایا گیا جو دو آدمیوں کے سہارے چل رہا تھا۔ جہاد میں وہ پہلی صف میں کھڑا ہوا۔

اس طرح کے کثیر واقعات اس امر کی دلیل ہیں کہ معذور جسے جہاد میں شامل نہ ہونے کی رخصت ہے اگر جہاد میں شامل ہوں تو جائز اور عزیمت ہے۔(۱۹)

۳ ہر وہ جو کسی تکلیف شرعی سے عاجز ہو اس سے تکلیف شرعی ساقط ہے۔معذور سے کبھی تکلیف شرعی کا بدل ساقط

---

(۱۸) مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۷۲
تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۸۵
تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۰، ص ۱۵۹
التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۳
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۳۸۳
الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۶۱

(۱۹) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۲۶
تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۸۵
تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۲۰
لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر ... علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۱، ص ۱-۲

marfat.com

فعل ہوتا ہے اور کبھی بدلِ ساقط محض عزم ہوتا ہے۔ مثلاً نماز میں قیام، رکوع اور سجدہ سے عاجز کے لئے اس کا بدلِ ساقط اشارہ فعل ہے۔ اور جہاد میں جانے سے معذور کے لئے بدل ساقط محض یہ عزم ہے کہ اگر طاقت میسر ہو تو جہاد میں شرکت کروں گا۔

عجز جہتِ قوت سے ہو یا جہتِ مال سے۔ دونوں طرح برابر ہیں۔ عاجز و معذور سے تکلیف شرعی کے سقوط کے بارے میں رب کریم جل جلالہ ارشاد فرماتا ہے۔

لَایُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا ۔ .....الآیۃ (سورۃ البقرہ آیت ۲۸۶)

اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اس کی طاقت بھر

دوسرے مقام پر ارشاد ہوا۔

لَایُکَلِّفُ اللّٰہُ اِلَّا مَآ اٰتٰھَا ۔ .....الآیۃ (سورۃ الطلاق آیت، ۷)

اللہ کسی جان پر بوجھ نہیں رکھتا مگر اسی قابل جتنا اسے دیا ہے۔

معذور اور عاجز سے اللہ تعالیٰ نے تکلیف شرعی اٹھادی ہے۔ وہی فرماتا ہے۔

لَیْسَ عَلَی الْاَعْمٰی حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَی الْمَرِیْضِ حَرَجٌ ۔ .....الآیۃ

نہ اندھے پر تنگی اور نہ لنگڑے پر مضائقہ اور نہ بیمار پر روک۔ (سورۃ الفتح آیت، ۱۷۔ سورۃ النور آیت، ۶۱)

معذور سے تکلیف شرعی کا بدلِ ساقط عزم بالجزم بھی ہوسکتا ہے۔ حضور سید عالم شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں۔

لَقَدْ تَرَکْتُمْ بِالْمَدِیْنَۃِ اَقْوَامًا مَاسِرْتُمْ مَسِیْرًا وَّلَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَۃٍ وَّلَا قَطَعْتُمْ مِّنْ وَّادٍ اِلَّا وَھُمْ مَّعَکُمْ فِیْہِ، قَالُوْا: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ! وَکَیْفَ یَکُوْنُوْنَ مَعَنَا وَھُمْ بِالْمَدِیْنَۃِ ، قَالَ: حَبَسَھُمُ الْعُذْرُ (۲۰)

(۲۰) ☆ رواہ ابوداؤد عن انس، ج ۱، ص ۳۴۷

☆ ونحوہ رواہ مسلم عن جابر، ج ۲، ص ۱۴۱

☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الجہاد

marfat.com

تم نے مدینہ طیبہ میں چند جماعتیں ایسی چھوڑیں ہیں کہ جہاں تم نے کوئی سفر کیا اور جو اللہ کی راہ میں خرچ کیا اور وادی طے کی وہ تمہارے ساتھ رہے (باوجود اس کے کہ وہ مدینہ میں مقیم رہے) صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! وہ ہمارے ساتھ کیسے رہے جبکہ وہ فی الواقع مدینہ میں مقیم رہے۔ فرمایا (ان کا عزم تمہارے ساتھ جانے کا تھا) مگر عذر نے انہیں روکے رکھا (اس لئے ان کا ثواب تمہارے لئے برابر ہے)۔

اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ حتی الامکان کارِ خیر کرتا رہے اور اگر کسی عذر کے باعث معذور ہو جائے تو خالص نیت سے اس کارِ خیر کو کرنے کا عزم رکھے۔ (۲۱)

﴿۴﴾ اعمال کا دارومدار چونکہ نیتوں پر ہے اس لئے اگر معذور جہاد سے اس نیت سے پیچھے رہ جائے کہ مسلمانوں میں اور ان کے گھروں میں فساد پھیلاؤں گا۔ غلط افواہوں سے مسلمان عورتوں اور بچوں کو پریشان کروں گا۔ تو اس کا پیچھے رہنا باعثِ فساد، باعثِ عقاب وعذاب اور مذموم ہے۔ (۲۲)

﴿۵﴾ اگر کسی نے دوسرے سے کپڑا عاریۃً لیا کہ اس سے نماز ادا کرے یا جانور عاریۃً لیا کہ سفرِ حج کے لئے سواری بنائے۔ لیکن کپڑا یا جانور بغیر کسی زیادتی کے ہلاک ہوگیا۔ تو اُس لینے والے پر ضمان نہیں کہ اس میں وہ معذور ہے اور معذور پر کوئی حرج نہیں۔ (۲۳)

﴿۶﴾ اگر کوئی آدمی ایسے کام کے نہ کرنے کی قسم کھالے جس کا کرنا بہتر ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ قسم توڑ کر وہ کام کرے اور قسم توڑنے کا کفارہ دے۔ حضور سید عالم شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں۔

---

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۲۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۸۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۸۵

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴، ص۳۶۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۳۸۲

(۲۲) ☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۸۵

(۲۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۳، ص۱۴۵

marfat.com

وَاِنِّیْ واللہ انْ شَآءَ اللہُ لَااحْلِفُ عَلٰی یمِیْنٍ فَاَرٰی غَیْرَھَاخَیْرًامِّنْھَااِلَّاکَفَّرْتُ عنْ یَّمِیْنِیْ وَاَتَیْتُ الَّذِیْ ھُوَخَیْرٌ(۲۴)

اللہ کی قسم!ان شاء اللہ اگر میں کسی امر پر قسم کھاؤں گا تو اس کا غیر اگر بہتر ہوا تو قسم توڑ کر اس کا کفارہ دوں گا اور بہتر کام کرلوں گا۔(۲۵)

﴿۷﴾ قرآن مجید، حدیث شریف، آثار صحابہ، سلف صالحین، ائمہ مجتہدین اور شرع مطہر نے جس امر سے نہ روکا ہو اور اس کے کرنے سے اصول شرعیہ اور قواعد فقہیہ کی خلاف ورزی نہ ہوتی ہو اس کا کرنا جائز ہے ایسے کام کو ''حسن'' کہتے ہیں۔ محسنین پر کوئی شرعی مواخذہ نہیں۔ رب قدیر جل وعلا کا یہی فیصلہ ہے۔(۲۶)

﴿۸﴾ وصف مناسب کی بنا پر اگر کسی ذات پر حکم کیا جائے تو وہ وصف حکم کی علت ہوتا ہے۔ لہٰذا وہ وصف جہاں جہاں پایا گیا حکم پایا جائے گا۔ مثلاً آیت زیب عنوان میں جہاد میں شمولیت سے مستثنیٰ لوگوں کی علت ''عذر'' بتائی گئی ہے۔ عذر، بڑھاپا ہو یا مرض یا ناداری، یہ عذر جس شخص میں پایا گیا وہ جہاد میں شمولیت سے مستثنیٰ ہوگا۔(۲۷)

﴿۹﴾ دینی اور دنیوی حاجات اور حل مشکلات میں سرور کائنات حضور آقا و مولیٰ سیدنا محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں حاضری، طلبِ شفاعت اور طلب حاجات یقیناً درجہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ رب کریم جل وعلا نے خود اپنے بندوں کو اس بارگاہ کی حاضری کا حکم دیا ہے۔ آیت زیب عنوان میں بھی '' اَتَوْکَ'' کیسا واضح حکم ہے۔ علاوہ ازیں ارشاد ربانی اپنے بندوں کو یوں ہے۔

وَمَآاَرْسَلْنَامِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّالِیُطَاعَ بِاِذْنِ اللہِ ۔ وَلَوْاَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْآ اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوااللہَ وَاسْتَغْفَرلَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوااللہَ تَوَّابًارَّحِیْمًا☆ (سورۃالنسآء آیت، ۶۴)

(۲۴) ☆ رواہ البخاری عن ابی بردۃ عن ابیہ ، ج۲، ص۹۸۰

☆ ورواہ مسلم عن ابی بردۃ عن ابی موسیٰ ، ج۲، ص۴۷

(۲۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۹۴

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص۲۲۹

(۲۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۹۹۵

(۲۷) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۸۵

marfat.com

اور ہم نے کوئی رسول نہ بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔ اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب! تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ طلبِ مغفرت، طلبِ شفاعت، طلبِ حاجات دینی و دنیوی میں حضور سید عالم ﷺ میں حاضری دے۔ یہ حاضری اگر ممکن ہو تو جسمانی ہو، اور اگر جسمانی حاضری فی الحال دشوار ہو تو قلبی طور پر حاضر ہو جائے یہ قائم مقام جسمانی حاضری کے ہے۔ اس بارگاہ میں اپنی تمام حاجات کی مرادات کی صورت میں پائے گا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے لے کر آج تک کے نیاز مند امتیوں نے اپنی حاجات اسی بارگاہ سے پائیں۔

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُنْظُرْ حَالَنَا
يَاحَبِيْبَ اللّٰهِ اِسْمَعْ قَالَنَا
اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ هَمٍّمْ مُغْرَقٌ
خُذْ يَدِیْ سَهِّلْ لَنَااَشْكَالَنَا

۔ يَااَكْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُبِهٖ
سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ
فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَاوَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ(۲۸)

۱۰ ''آنسو'' اگرچہ کلمات اور حروف کی زبان نہیں رکھتے تاہم یہ دلالت میں غیر اہم نہیں۔ یہ قرائن و احوال میں سے ہیں۔ ان کی دلالت کے چند درجات ہیں۔

(۲۸) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۸۵

marfat.com

اول: یقینی: بعض اوقات ان سے علم ضروری حاصل ہوتا ہے مثلاً اگر کسی مکان سے رونے دھونے کی آواز آرہی ہو، گریہ ونوحہ ہو، کپڑے پھاڑنے کی صورت نمایاں ہو، ہر آنکھ سے آنسو جاری ہوں، یہ آنسو اس بات کا علم ضروری ہیں کہ وہاں کوئی عزیز فوت ہو چکا ہے۔

دوم: مشتبہ: حکّام، امراء کے دروازوں پر یتیموں کی آہ وزاری اور آنسو بہانا بالعموم حالات کی غلط ترجمانی ہوتی ہے۔ قرآن مجید کی اس کی مثال موجود ہے۔

حضرت سیدنا یعقوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے بیٹے باپ کے پاس آنسو بہاتے آئے اور غلط بیانی کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے بھائی یوسف (علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) کو بھیڑیا کھا گیا ہے اور یہ اس کی خون آلود قمیص ہے۔ حالانکہ یہ سب غلط تھا۔ قرآن مجید میں ہے۔

وَجَآءُ وْ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَبْكُوْنَ ☆ (سورہ یوسف آیت ۱۶)

اور رات ہوئے اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔

ان کے آنسو مکر وفریب کے تھے۔

مزید ارشاد ہوا۔

وَجَآءُ وْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ، ..... الآية (سورہ یوسف آیت ۱۸)

اور اس کے کرتے پر ایک جھوٹا خون لگا لائے۔

جس طرح برادرانِ حضرت یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے آنسو مکر وفریب کے تھے اسی طرح امراء وحکام کے دروازوں پر سائلوں کے اکثر آنسو مکر وفریب کے ہوتے ہیں۔

البتہ ظاہر حال کا اعتبار کرتے ہوئے عام طور پر اس کی شہادت دی جاسکتی ہے۔ (۲۹)

﴿۱۱﴾ غریب، امیر، بیمار، تندرست، معذور، قوی، مسافر، مقیم ہر مسلمان پر فرض ہے کہ اللہ تعالیٰ، اس کی کتاب مقدس، اس کے رسول معظم، امت کے حکام وامراء اور جمیع مومنین ومومنات کی خیر خواہی میں ہر لمحہ کوشاں رہے۔

(۲۹) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۹۹۵
الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۳۰

marfat.com

(ا) اللہ تعالیٰ جل وعلا کی خیرخواہی یہ ہے۔اللہ تعالیٰ کی ذات،صفات،اسماء،افعال میں اسے وحدہ لاشریک لہ جانے،عبادت اسی کے لئے خاص کرے۔تمام نقائص،عیوب اور عجز سے اسے پاک جانے،اوراس کی صفات،اسماء اورافعال پراسی طرح ایمان لائے جس طرح اس کا حق ہے۔رب کے تمام حقوق بندوں کے حقوق سے فائق جانے اور دنیا کے بدلے آخرت کوترجیح دے۔

(ب) رسول کی خیرخواہی یہ ہے:اس کی نبوت اورختم رسالت پرصدق دل سے ایمان لائے۔اس کے ہرحکم اورنہی میں اس کی اطاعت کولازم جانے۔اس میں اپنی طبیعت کودخل نہ دے۔رسول کے دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی رکھے۔اس کی توقیر،تعظیم،محبت کوفرض جانے،رسول کے اہل بیت،ازواج،صحابہ اوراس سے منسوب ہرشے سے محبت وتوقیر کرے۔نبی کی سنتوں پرعمل کرے اور جو سنتیں مٹ چکی ہوں ان کوزندہ کرے۔سنتوں کی اشاعت کرے۔لوگوں کوان پرعمل کی دعوت دے اورآپ ﷺ کے اخلاق کریمہ کواپنائے۔

(ج) کتاب اللہ کی خیرخواہی یہ ہے:قرآن مجید کوکلام اللہ جان کرپڑھے،اس کی تلاوت کومعمول بنائے،اس کے معانی،اسرارورموز پرغوروفکر کرے،اس کے احکام پرعمل اورنواہی سے اجتناب کرے،قرآن مجید کی تعظیم کرے۔اس کا ادب بجالائے۔

(د) مسلمانوں کے حکام اوراُمراء کی خیرخواہی یہ ہے:ان سے عداوت نہ رکھے،ان کے خلاف بغاوت نہ کرے، ہوسکےتوان کوحق کی تبلیغ کرے،مسلمانوں کے جوحقوق ادا کرنے میں وہ سستی کریں ان کی ادائیگی پران کو متوجہ کرے۔ان کی اطاعت کرےاوران کے حقوق بجالائے۔

(ہ) عام مسلمانوں کی خیرخواہی یہ ہے:ان سے عداوت نہ رکھے،ان کونیکی کی تلقین کرے۔صالح مسلمانوں سے محبت کرے۔تمام مسلمانوں کے لئے دعا کرےاورتمام مسلمانوں سےارادۂ خیر رکھے۔

اے اللہ!اے رب العالمین!ہم سب کوتمام حقوق ادا کرنے کی توفیق دےاورحقوق کی ادائیگی میں جوکوتاہی سرزدہوجائے اسے معاف فرمادے۔آمین۔(۳۰)

(۳۰) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان،ج۸،ص ۲۲۷
تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی،ج۵،ص ۳۸۲

marfat.com

﴿۱۲﴾ جومعذور مسلمان جہاد میں شریک نہ ہوسکیں ان کے لئے لازم ہے کہ خود افواہیں نہ پھیلائیں اور افواہوں کے پھیلنے سے روکیں۔ مجاہدین تک اچھی خبریں پہنچائیں اور مجاہدین کی اچھی خبریں ان کے گھروں تک پہنچائیں، مجاہدین کے گھروں کی حفاظت کریں۔ (۳۱)

☆☆☆☆☆

(۳۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لنان، ج۳، ص۱۴۵

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر. ج۲، ص۳۸۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۷۱

☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۶، ص۱۶۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامه امام اسمعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه. ج۳، ص۴۸۴

☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲، ص۱۶۳

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب(۲۰۲):

زکوٰۃ، نمازِ جنازہ، ایصالِ ثواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۔ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۔ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ☆ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ☆

(سورۃ التوبۃ آیات، ۱۰۳، ۱۰۴)

اے محبوب! ان کے مال سے زکوٰۃ تحصیل کرو جس سے تم انہیں ستھرا اور پاکیزہ کردو اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو۔ بیشک تمہاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے، اور اللہ سنتا جانتا ہے۔ کیا انہیں خبر نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقے خود اپنے دست قدرت میں لیتا ہے، اور یہ کہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

حل لغات:

"خُذْ": اَخْذٌ مصدر سے امر کا صیغہ ہے، اس کا مخاطب محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم ہیں۔

marfat.com

"**مِنْ اَمْوَالِهِمْ**": اَمْوَالٌ جمع ہے مَالٌ کی۔ ہر وہ شے جس سے تَمَوُّل حاصل ہو اور انسان اسے اپنی ملک میں لے، مال کہلاتا ہے، مثلاً سونا، چاندی، روپیہ پیسہ، نقدی، غلہ، پھل، مویشی وغیرہ۔

اموال جمع فرمانے میں اشارہ اس طرف ہے کہ ہر نوعِ مال سے زکوٰۃ لی جائے گی۔

مِن تبعیض کے لئے ہے یعنی اے محبوب! ان کے ہر قسم کے مال سے (جب زکوٰۃ کی شرائط پائی جائیں) کچھ حصہ زکوٰۃ کا وصول کرلو۔(۱)

"**تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا**": دونوں افعال میں خطاب نبی ءِ رحمت شفیعِ عالم حضور اکرم ﷺ سے ہے۔

تُطَهِّرُهُمْ، طہارت سے مبالغہ کا صیغہ ہے، اس مقام پر طہارت سے مراد گناہوں کے میل سے پاک کرنا ہے۔ معنی یہ ہے کہ اے محبوب! میرے بندوں سے صدقات اور زکوٰۃ تحصیل فرما کر ان سے گناہوں کی نجاست کا ازالہ فرمادیں۔

"**تُزَكِّيهِمْ بِهَا**": تزکیہ سے بنا ہے جس کا معنی ہے خوب پاک کرنا۔ زَکٰی کا معنی بڑھنا بھی ہے۔ اس صورت میں معنی ہوگا اے محبوب! ان سے صدقات وصول فرما کر ان کے مال و جان میں برکت و ترقی دیں اور ان کے درجات کو خوب بڑھادیں۔(۲)

(۱)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۸، ۱۴۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۲۴۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۴
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۰۵
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۹۵

(۲)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۸
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۱۰۰۹
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۹-۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۴
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۵
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۷۹
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج حمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۳، ص۴۹۶

marfat.com

"**وَصَلِّ عَلَيْهِمْ**": صَلٰوۃ کے متعدد معانی ہیں: دُعائے مغفرت، مغفرت، نماز، نماز جنازہ، تعظیم، برکت، رحمت وغیرہ۔(۳)

آیت مبارکہ میں صَلٰوۃ سے مراد دعائے خیر اور استغفار ہے۔یعنی اے محبوب! آپ ان کے لئے دعائے خیر اور استغفار فرمائیں۔(۴)

"**سَكَنٌ لَّهُمْ**": سکون، طمانیت، اہل، مال وغیرہ سے سکون حاصل کرنا، قرار دل، چین، اطمینان۔

یعنی اے محبوب! آپ کی دعا سے ان امتیوں کے دل کا قرار ہے۔(۵)

شانِ نزول:

(۱) حضرت ابولبابہ رفاعہ بن عبدالمنذ راوران کے ساتھی (تین، پانچ، آٹھ، دس باختلاف روایات) رضی اللہ عنہم غزوۂ تبوک میں شامل نہ ہوئے اس پر انہیں ندامت ہوئی۔انہوں نے اپنے آپ کو مسجد نبوی شریف کے ستون کے

---

(۳) ☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص ۲۸۴

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)،مطبوعہ کراچی،ص ۲۸۵

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی،مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۱۶۷

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج ۱۰،ص ۳۱۲

(۴) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص ،مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت ،لبنان،ج ۳،ص ۱۵۶

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی ،مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت،لبنان،ج ۲،ص ۱۰۰۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج ۱۶،ص ۱۸۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج ۱۱،ص ۱۴

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ ،کوئٹہ،ج ۳،ص ۴۹۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی ،پشاور،ص ۴۷۵

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج ۵،ص ۴۰۳

(۵) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)،مطبوعہ کراچی،ص ۲۳۷

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی ،مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی،مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۱۳۶

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص ۲۴۲

marfat.com

ساتھ باندھ لیا۔ان کے گھر کا کوئی فرد نماز یا استنجا کے لئے انہیں کھول دیتا۔جب ان کی توبہ قبول ہوئی اور حضور آقا و مولی ﷺ نے انہیں اپنے دست مقدس سے کھول دیا تو یہ حضرات اپنے گھر کا تمام مال لے کر بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہو کر عرض کناں ہوئے۔یارسول اللہ! اس مال نے ہمیں غزوہ میں حاضر ہونے سے روکا اب یہ مال ہم اللہ کی راہ میں صدقہ کرتے ہیں اور آپ ﷺ سے عرض کرتے ہیں کہ یہ مال قبول فرما کر ہماری طرف سے صدقہ کر دیجئے۔اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: اس بارے میں مجھے رب تعالیٰ کا کوئی حکم نہیں ملا۔اس پر یہ حکم نازل ہوا کہ اے محبوب! ان کا صدقہ قبول فرما لیجئے، فقراء میں تقسیم کر دیجئے اور ان کے لئے دعائے خیر و برکت فرمایئے۔کیونکہ آپ ﷺ کی دعا سے ان کے دلوں کا قرار ہے۔یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ان کی لغزش کے باعث سرکار ابد قرار علیہ الصلوٰۃ والسلام الی یوم القرار نے ان سے زکوٰۃ تحصیل نہ فرمائی۔اس آیت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ان کی زکوٰۃ تحصیل کرنے اور ان کے لئے دعائے خیر و برکت فرمانے کا فرمان ہے۔(٦)

فائدہ: حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی شریف کے جس ستون کے ساتھ اپنے آپ کو باندھ لیا تھا وہ مبارک ستون آج بھی ''ستون توبہ'' اور ''ستون ابولبابہ'' کے نام سے موجود و متعارف ہے۔مدینہ طیبہ حاضر ہونے

---

(٦)
☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکیؒ، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ٢، ص ١٠٠٩
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ٦٠٦ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ١٦، ص ١٧٥
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ٣٤٧
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ٣، ص ٤٩٥
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ١١٢٧ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ٣، ص ٤٩٥
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ١٢٧٥ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ١١، ص ١٤
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ١٢٢٣ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ٢، ص ١٦٦
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ١٢٢٥ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ٥، ص ٤٠٠
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ٧٥٤ھ) مطبوعہ بیروت، ج ٥، ص ٩٥
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ٤، ص ٢٧٥
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ١١٣٥ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور، ص ٤٧٤
☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ٩١١ھ)، مطبوعہ دار الرشید، بیروت، ص ٢٥٢

marfat.com

والے خوش بخت اس ستون کے قریب نماز یا نفل ادا کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں۔

(۲) حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنی توبہ قبول ہونے پر اپنا مال حضور پرنور ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس بارے میں مجھے حکم نہیں دیا گیا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔(۷)

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ احکام دین (فرض، واجب، سنت، حرام، مکروہ وغیرہ) تمام مسلمانوں پر برابر نافذ ہیں۔ البتہ کوئی شخص دلیل خاص سے خارج ہوسکتا ہے۔ کیونکہ بندوں کے بارے میں ہر حکم اللہ اور اس کے رسول کا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہر حکم رسول اللہ ﷺ کے واسطہ سے ہی نافذ ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ جل وعلاء اور اس کے رسول ﷺ کا ہر حکم ہر بندۂ مومن پر نافذ ہے۔ اگر کوئی بندہ کسی حکم سے خارج ہے تو کسی خاص دلیل سے خارج ہے۔(۸)

﴿۲﴾ قرآن مجید میں خطاب کے چار انداز ہیں۔ اس لئے ہر ایک کا حکم جُدا ہے۔

اول: جمیع امت کو خطاب: مثلاً

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ۭ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ☆ (سورۃ المآئدۃ آیت ۶ پارہ ۶)

اے ایمان والو! جب تم نماز کو کھڑے ہونا چاہو تو اپنا منہ دھوؤ اور کہنیوں تک ہاتھ اور سروں کا مسح کرو اور گٹوں تک پاؤں دھوؤ اور اگر تمہیں نہانے کی حاجت ہو تو خوب ستھرے ہولو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے آیا یا تم نے عورتوں سے صحبت کی اور ان صورتوں

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۰

(۸) ☆☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۸

marfat.com

میں پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمّم کرو، تو اپنے منہ اور ہاتھوں کا اس سے مسح کرو، اللہ نہیں چاہتا کہ تم پر کچھ تنگی رکھے، ہاں یہ چاہتا ہے کہ تمہیں خوب ستھرا کردے، اور اپنی نعمت تم پر پوری کردے کہ کہیں تم احسان مانو۔

یٰۤاَیُّهَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ☆

(سورۃالبقرۃ آیت، ۱۸۳)

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسے اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ کہیں تمہیں پرہیز گاری ملے۔ ایسے احکام تمام امت پر بقدرِ امکان فرض ہوتے ہیں۔

دوم: خاص نبی اکرم ﷺ سے خطاب: مثلاً

وَمِنَ الَّیْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰۤى اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ☆

اور رات کے کچھ حصے میں تہجد کرو، یہ خاص تمہارے لئے زیادہ ہے۔ قریب کہ تمہیں تمہارا رب ایسی جگہ کھڑا کرے جہاں سب تمہاری حمد کریں۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت ۷۹)

وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ☆

(سورۃالاحزاب آیت، ۵۰)

اور ایمان والی عورت اگر وہ اپنی جان نبی کی نذر کرے اگر نبی اسے نکاح میں لانا چاہے۔ یہ خاص تمہارے لئے ہے امت کے لئے نہیں۔

ایسے احکام میں لفظاً یا معنًی امت کا کوئی فرد شامل و داخل نہیں۔

سوم: قول کے اعتبار سے خطاب نبی کریم سے، لیکن معنًی اور فعلاً تمام امت اس میں شریک ہے۔ مثلاً

اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ۔ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ☆

نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے سے رات کی اندھیری تک اور صبح کا قرآن، بیشک صبح کے قرآن میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت ۷۸)

marfat.com

سورج ڈھلے سے ظہر، مغرب اور عشاء اور فجر کے وقت نمازِ فجر نبی اکرم ﷺ کو ادا کرنے کا حکم ہے مگر تمام امت اس حکم میں شامل ہے۔

فَاِذَاقَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ☆ (سورۃالنحل آیت ۹۸)

تو جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ مانگو شیطان مردود سے۔

خطاب بظاہر اگرچہ نبی اکرم ﷺ سے ہے مگر اس حکم میں تمام امت شامل ہے۔ ہر قرآن مجید پڑھنے والا ابتدا میں تعوّذ پڑھے۔

چہارم: لفظاً خطاب اگرچہ نبی اکرم ﷺ سے ہے مگر اس سے مراد امت ہے اس میں نبی اکرم ﷺ شامل نہیں۔ اس قسم کے احکام میں نبی اکرم ﷺ کا شامل ہونا محال ہے۔ مثلاً

فَاِنْ کُنْتَ فِیْ شَکٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَااِلَیْکَ فَسْئَلِ الَّذِیْنَ یَقْرَءُ وْنَ الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکَ ۔ .....الآیۃ

(اور اے سننے والے) اگر تجھے کچھ شبہ ہو اس میں جو ہم نے تیری طرف اتارا تو ان سے پوچھ دیکھو جو تجھ سے پہلے کتاب پڑھنے والے ہیں۔ (سورہ یونس آیت ۹۴)

نبی کو وحی میں کبھی شک نہیں ہوتا۔ اس آیت میں بظاہر خطاب نبی اکرم ﷺ سے ہے مگر مراد امت کے افراد ہیں نبی اکرم ﷺ شک کرنے والوں میں شامل نہیں۔

وَلَقَدْاُوْحِیَ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ ۔ لَئِنْ اَشْرَکْتَ لَیَحْبَطَنَّ عَمَلُکَ وَلَتَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ☆

(سورۃالزمر آیت ۶۵)

اور اے سننے والے اگر تو نے اللہ کا شریک کیا تو ضرور تیرا سب کیا دھرا اکارت جائے گا اور ضرور تو ہار میں رہے گا۔

کلماتِ خطاب بظاہر اگرچہ حضور نبی اکرم ﷺ سے ہیں مگر مراد امت کے افراد ہیں۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ سے شرک کا صادر ہونا محالات سے ہے۔

آیت زیب عنوان میں خطاب اگرچہ نبی کریم ﷺ سے ہے کہ ان سے زکوٰۃ تحصیل کرو مگر آپ ﷺ کے توسط

marfat.com

سے امت کے حکام اور دیگر افراد شامل ہیں کہ وہ بھی زکوٰۃ کی تحصیل پر مامور ہیں۔

کفار سے خطاب کے احکام اور ہیں۔

اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ قرآن مجید میں خطاب کے صیغوں سے منشاء الٰہی سمجھنے میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، ائمہ مفسرین کی پیروی کرے۔ خواہ مخواہ الٹا سیدھا ترجمہ کر کے گمراہی سے بچے۔ (۹)

۳ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ عز اسمہٗ نے احکام ونواہی اور شرائع اسلامیہ کو نہایت اجمال سے بیان فرمایا ہے، ان کی تفصیل کا فریضہ اپنے محبوب ومکرم نبی اکرم رسول اعظم ﷺ کو تفویض فرما دیا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی بتائی ہوئی تفصیل کے بغیر کسی حکم الٰہی پر عمل کرنا ناممکن ہے۔ قرآن مجید نے نماز کو فرض بتایا، مگر اس کی ادائیگی کا طریقہ، شرائط، ارکان، آداب، اوقات، اس کے فرائض، نواہی، ناقضات وغیرہ کی تفصیل شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بتائے۔ اسی طرح زکوٰۃ کی فرضیت کا ذکر قرآن مجید میں ہے اور صرف مصارف زکوٰۃ کا اجمالی ذکر بھی قرآن مجید میں ہے مگر اس کے فرض ہونے کے شرائط، زکوٰۃ کا نصاب، کس مال میں زکوٰۃ فرض ہے، کب فرض ہے، اس کی ادائیگی کا طریقہ کیا ہے؟ یہ سب امور حضور انور نبی اکرم ﷺ کی احادیث طیبہ میں بیان ہوئے۔ ان تفصیلات کے جانے بغیر کوئی شخص زکوٰۃ ادا نہیں کر سکتا۔ یہی حال روزہ، حج اور دیگر فرائض وشرائع کا ہے۔

حضور اکرم ﷺ کی بیان کردہ احکام کی تفصیلات امت کے لئے حجت ہیں۔ ان کی حجیت کا بیان خود رب قدیر جل جلالہ نے جلیل الشان انداز میں یوں فرمایا:

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ الآیۃ

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو، اور جس سے منع فرمائیں باز رہو اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔

(سورۃ الحشر آیت ۷)

(۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۰۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۱، ص ۲۴

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۴۷

marfat.com

واضح فرمان شہنشاہی کے بعد کسی اور دلیل کی حاجت تو نہیں تاہم ایک حدیث شریف تلاوت فرمائیں۔

قَالَ (حَبِیْبُ الْمَالِکِیُّ) قَالَ رَجُلٌ لِعِمْرَانَ ابْنَ حُصَیْنٍ : یَااَبَانُجَیْدٍ!اِنَّکُمْ لَتُحَدِّثُوْنَ بِاَحَادِیْثٍ مَانَجِدُلَهَااَصْلًافِی الْقُرْاٰن، فَغَضِبَ عِمْرَانُ وَقَالَ اَوَجَدْتُّمْ فِیْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ دِرْهَمًادِرْهَمٌ وَمِنْ کَذَاوَکَذَاشَاةً شَاةٌ وَ مِنْ کَذَاوَکَذَابَعِیْرًاکَذَاوَکَذَااَوَجَدْتُّمْ هٰذَافِی الْقُرْاٰن، قَالَ:لَا،قَالَ:عَمَّنْ اَخَذْتُمْ هٰذَا؟اَخَذْتُمُوْهُ عَنَّاوَاَخَذْنَامِنْ نَّبِیِّ اللّٰهﷺ وَذَکَرَاَشْیَآءَ نَحْوِ هٰذَا(۱۰)

حضرت حبیب مالکی فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے عرض کی، اے ابونجید!(یہ حضرت عمران کی کنیت ہے)تم ہمیں وہ حدیثیں بیان کرتے ہو جن کی اصل ہم قرآن میں نہیں پاتے،اس پر حضرت عمران غضب ناک ہوئے اوراس آدمی سے فرمایا: کیاتم چالیس درہموں میں ایک درہم زکوٰۃ قرآن میں پاتے ہو؟ کیاتم اتنی اتنی بکریوں میں اتنی بکریاں زکوٰۃ کی قرآن میں پاتے ہو؟ کیاتم اتنے اتنے اونٹوں میں اتنی اتنی زکوٰۃ کا ذکرقرآن میں پاتے ہو؟اس نے جواب دیا،نہیں،آپ نے اس سے فرمایا:تم یہ مسئلہ کہاں سے لیتے ہو؟تم ہم سے مسئلہ لیتے ہواور ہم نبی اکرمﷺ سے لیتے ہیں،حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے اس طرح کی اورکئی اشیاء ذکرکیں (جن کا ذکرقرآن مجید میں نہیں مگروہ حضوراکرمﷺ کے فرمان سے ثابت ہیں)

لہٰذ بندۂ مومن پرفرض ہے کہ وہ قرآن مجید کے احکام،اوامر،نواہی اوردیگرمضامین کوحضور نبی اکرم محبوب اعظم شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیمات کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کرے،اورحضور پرنورﷺ کے ارشادات اورمنشاء رسول سمجھنے کے لئے ائمہ مجتہدین کے اقوال کوپیش نظر رکھے۔ان کی روشنی کے بغیر منشاء رسول نہیں سمجھا جاسکتا اوراحادیث طیبہ کی روشنی کے بغیر منشاء قرآن سمجھنا ناممکن ہے۔(۱۱)

---

(۱۰) ☆ رواہ ابوداؤدعن حبیب المالکی ،ج۱،ص۲۲۴،۲۲۵

(۱۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان،ج۳،ص۱۴۹

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۱۰۰۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص۲۴۱

☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج۱۲،ص۱۷۸

marfat.com

﴿۴﴾ فرائض اسلامیہ تین قسم کے ہیں۔

اول: تمام عمر میں صرف ایک مرتبہ فرض ہوں، جیسے حج بیت اللہ۔

دوم: ہر سال فرض ہوں، جیسے زکوٰۃ، رمضان کے روزے۔

سوم: ہر روز فرض ہوں، جیسے نماز پنجگانہ۔

مومن کے لئے لازم ہے کہ ہر فرض کو اپنے وقت پر ادا کرے۔ اگر تاخیر کرے گا گناہگار ہوگا۔ (۱۲)

﴿۵﴾ تین قسم کے مالوں میں زکوٰۃ فرض ہے۔

اول: ثمن حقیقی، سونا، چاندی، ان سے بنے ہوئے زیور، برتن وغیرہ سکہ رائج الوقت مثلاً روپیہ پیسہ وغیرہ (خواہ کسی ملک کی نقدی ہو) اگرچہ ثمن حقیقی نہیں۔ مگر ثمن اصطلاحی ضرور ہیں۔ لہٰذا ثمن حقیقی کی طرح ان میں بھی زکوٰۃ فرض ہے۔

دوم: مال تجارت، کوئی شے جو تجارت کے لئے ہو اگر بقدر نصاب ہو تو اس پر زکوٰۃ فرض ہے۔ مثلاً غلہ، جنس، کپڑا، ادویات، مختلف دھات سے بنی ہوئی اشیاء، لکڑی اور اس سے بنا ہوا سامان، جانور، سواری کے ہوں یا گوشت کے لئے، غرضیکہ ہر شے جو بازار میں خریدی بیچی جاتی ہے اس پر زکوٰۃ فرض ہے۔

سوم: سائمہ، یعنی چرائی پر چھوڑے جانور، جو سال کا اکثر حصہ چَر کر گذر کرتا ہو اور اس سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فربہ کرنا ہے۔ ان جانوروں کو اگر گھر میں لا کر گھاس وغیرہ چارا کھلاتے ہو یا مقصود بوجھ لادنا، باربرداری یا ہل چلانا وغیرہ کسی کام میں لانا ہو یا سواری لینا ہے یا ان کا گوشت کھانا ہے تو ان پر زکوٰۃ فرض نہیں، اگر تجارت کا جانور چرائی پر ہے تو یہ بھی سائمہ نہیں، بلکہ اس کی قیمت لگا کر اس کی زکوٰۃ ادا کی جائے گی۔ قرآن مجید نے حکم دیا کہ مسلمانوں کے ''مالوں،، سے زکوٰۃ وصول کرو، تو زکوٰۃ صرف ایک مال نہیں بلکہ مختلف مالوں میں ہے۔

احادیث طیبہ میں ان مالوں اور ان کے نصاب کا بیان تفصیل سے موجود ہے۔

(۱۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۰۹

martat.com

(ان شاءاللہ آئندہ سطور میں ان کا بیان اپنے موقعہ پر ہوگا)۔(۱۳)

﴿۶﴾ زکوٰۃ کی فرضیت کے لئے چند شرائط ہیں اگر یہ شرائط کسی میں جمع ہوگئیں تو اس پر زکوٰۃ فرض ہے، ورنہ نہیں۔

(ا) مسلمان ہونا، زکوٰۃ چونکہ عبادت ہے اور عبادات مسلمان پر فرض ہوتی ہیں، لہٰذا کافر پر زکوٰۃ فرض نہیں۔

(ب) عاقل ہونا۔

(ج) بالغ ہونا، تکالیف شرعیہ عاقل بالغ پر متوجہ ہوتی ہیں، لہٰذا مجنون اور بچے پر زکوٰۃ فرض نہیں۔

(د) آزاد ہونا۔ غلام پر زکوٰۃ نہیں کیونکہ اس کے پاس جو کچھ ہے وہ اس کے مالک کا ہے۔ یہ کسی شے کا مالک نہیں۔

(ح) مال بقدرِ نصاب اس کی مِلک میں ہو۔ اگر نصاب سے کم مال ہو تو زکوٰۃ فرض نہیں۔

(نصاب کا بیان آئندہ سطور میں آئے گا۔ ان شاءاللہ)

(ط) مال بقدرِ نصاب کا پورے طور پر مالک ہو، یعنی اس پر قابض بھی ہو، اگر بقدر نصاب مال پر قبضہ نہ ہو تو زکوٰۃ فرض نہیں۔

(ی) نصاب کا دَین سے فارغ ہونا۔ مثلاً کوئی شخص بقدرِ نصاب مال کا مالک ہے مگر اس پر دَین ہے کہ ادا کرنے کے بعد نصاب نہیں رہتا تو زکوٰۃ فرض نہیں، اسی طرح اگر خود مَدْیُون نہیں مگر کسی مَدْیُون کا کفیل ہے اور کفالت کے روپے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہیں رہتا، اس پر بھی زکوٰۃ فرض نہیں۔

(ک) نصاب حاجتِ اصلیہ سے فارغ ہو، جن اشیاء کی طرف زندگی بسر کرنے کے لئے ضرورت رہتی ہے وہ حاجت اصلیہ ہیں، مثلاً رہنے کا مکان، سردی گرمی میں پہننے کے کپڑے، خانہ داری کا سامان، سواری کے جانور،

(۱۳)

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۴۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۲۴۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۸۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۷۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۹۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۰ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۷۵

marfat.com

آلاتِ حرب، پیشہ وروں کے اوزار، اہل علم کے لئے حاجت کی کتابیں، کھانے کے لئے غلہ اور دوسری اشیاء۔

(ل) مال بڑھنے والا ہو، یعنی اگر بڑھانا چاہے تو بڑھ جائے، مثلاً سونا چاندی، تجارت کا سامان وغیرہ۔ (۱۴)

﴿۷﴾ مختلف مالوں کا نصاب مختلف ہے۔

(ا) سونے کا نصاب بیس دینار ہے۔ رائج الوقت وزن ساڑھے سات تولہ ہے (= 87.2722 گرام)

(ب) چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے۔ رائج الوقت وزن ساڑھے باون تولہ چاندی ہے۔ (= 610.9057 گرام)

(ج) روپیہ پیسہ نقدی، نوٹ (خواہ کسی ملک کی کرنسی ہو) جب یہ ساڑھے باون تولے چاندی کی قیمت کے برابر ہوں تو ان پر بھی زکوٰۃ فرض ہے۔

(د) مال تجارت: خواہ کسی نوعیت کا ہو جب اس کی مالیت، زکوٰۃ ادا کرنے کے روز، بازار کے بھاؤ سے ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو تو اس پر زکوٰۃ فرض ہے۔

(ح) چرائی پر چھوڑے ہوئے جانوروں میں سے۔

پانچ اونٹوں میں سے ایک بکری

چالیس بکریوں میں سے ایک بکری

تیس گایوں میں سے ایک بچھڑا، جو دوسرے سال میں ہو

چرائی کے گھوڑوں میں سے ہر ایک کے بدلے ایک دینار سونا یا اس کی قیمت

کام کرنے والے اونٹوں اور گائیوں میں زکوٰۃ نہیں

بھینس گائے کے حکم میں ہے۔

(ط) زمین کی پیداوار، کم ہو یا زیادہ، میں سے بیسواں حصہ کل پیداوار کا، جب کہ فصل کو کنوئیں، ٹیوب ویل سے پانی دیا گیا ہو اور دسواں حصہ، اس صورت میں جب کہ اسے بارش یا دریا کا پانی دیا گیا ہو۔

---

(۱۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۴۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۷۵

marfat.com

(ی) عشری زمین میں اگر شہد پیدا ہوتو اس کا دسواں حصہ بطور عشر ادا کرنا ضروری ہے۔اس کا نصاب نہیں۔

(ک) کان سے معدنیات مثلاً لوہا، سیسہ، تانبا، پیتل، سونا، چاندی وغیرہ نکلے اس میں پانچواں حصہ لیا جائے گا اور باقی پانے والے کا ہے، خواہ پانے والا آزاد ہو یا غلام، مسلمان ہو یا ذمی، مرد ہو یا عورت، بالغ ہو یا نابالغ، وہ زمین جس سے معدنیات نکلیں عشری ہو یا خراجی۔

یہ اس صورت میں ہے کہ زمین کسی کی مملوک نہ ہو۔مثلاً جنگل، پہاڑ، اور اگر زمین کسی کی مِلک میں ہوتو کل معدنیات کا مالک زمین کا مالک ہے۔اس سے خُمس نہ لیا جائے گا۔

(ل) پھلوں کا عشر اس وقت لیا جائے جب پھل نکل آئیں اور کام کے قابل ہو جائیں اور فساد کا اندیشہ جاتا رہے۔

نصاب کے بارے میں چند احادیث ملاحظہ ہوں۔

☆ لَيْسَ فِيْمَادُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَادُوْنَ خَمْسِ ذُوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيْمَادُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرَقِ صَدَقَةٌ (۱۵)

پانچ وسق سے کم کھجوروں میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں اور پانچ اوقیہ چاندی سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔

☆ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ كَانَ يَاْمُرُنَااَنْ نُّخْرِجَ الصَّدَقَةَ مِنَ الَّذِىْ نُعِدُّ لِلْبَيْعِ (۱۶)

رسول اللہ ﷺ ہمیں حکم فرماتے تھے کہ جو جنس ہم تجارت کے لئے تیار کرتے (اگر وہ نصاب کو پہنچ جائے) تو اس سے زکوٰۃ ادا کرو۔

عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَلْبَسُ اَوْضَاخًامِّنْ ذَهَبٍ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! أَكَنْزٌ هُوَ؟ فَقَالَ:مَابَلَغَ اَنْ تُؤَدِّىَ زَكَاتَهُ فَزُكِّىَ فَلَيْسَ بِكَنْزٍ (۱۷)

---

(۱۵) ☆ رواہ الائمہ مالک والشافعی واحمد والبخاری ومسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ عن ابی سعید بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۲۳۱

(۱۶) ☆ رواہ ابوداؤد عن سمرہ بن جندب، ج ۱، ص ۲۲۵

(۱۷) ☆ رواہ ابوداؤد عن ام سلمہ، ج ۱، ص ۲۲۵

marfat.com

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے سونے کے زیور پہن رکھے تھے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! کیا یہ کنز ہے (وہ خزانہ جس کے جمع کرنے پر قرآن مجید کی وعید شدید ہے) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر یہ زکوٰۃ کے نصاب کو پہنچ جائیں اور ان کی زکوٰۃ ادا کردی جائے تو یہ کنز نہیں۔

☆ فِیْمَاسَقَتِ الْاَنْهَارُ وَالْعُیُوْنُ الْعُشْرُ وَمَاتُسْقِیَ بِالسَّوَانِیِّ فَفِیْهِ نِصْفُ الْعُشْرِ (۱۸)

جس فصل کو دریا یا چشمے سے پانی دیا جائے اس میں عشر واجب ہے اور جسے ڈول سے پانی دیا جائے اس میں نصف عشر ہے۔ (۱۹)

﴿۸﴾ زکوٰۃ فرض ہونے کے لئے لازمی ہے کہ نصاب پورا ہونے کے بعد ایک سال کامل (قمری سال) گذر جائے۔ سال پورا ہونے سے پہلے زکوٰۃ فرض نہیں۔ حدیث شریف میں ہے۔

مَنِ اسْتَفَادَمَالًافَلَازَکٰوۃَ عَلَیْهِ حَتّٰی یَحُوْلَ عَلَیْهِ الْحَوْلُ (۲۰)

جسے مال ملے اس پر سال گذرنے سے پہلے زکوٰۃ فرض نہیں۔ (۲۱)

﴿۹﴾ زکوٰۃ کے باب میں سال گذرنے کی خبر اگرچہ خبر واحد ہے، مگر فقہائے امت نے اسے قبول کیا ہے۔ اب یہ درجہ متواتر میں ہے کہ اس سے علم یقینی حاصل ہوتا ہے۔ ہر وہ خبر واحد، جسے فقہائے امت قبول کرلیں درجہ تواتر حاصل کرلیتی ہے۔ اس لئے محض خبر واحد ہونے کے اعتبار سے اسے نظر انداز کرنا درست نہیں۔ (۲۲)

﴿۱۰﴾ دوسو درہم چاندی کی قیمت سے اگر مال بڑھ جائے تو جب تک اضافہ چالیس درہم نہ ہو اس اضافہ پر زکوٰۃ فرض نہیں۔ (۲۳)

---

(۱۸) ☆ رواہ ابوداؤد عن سالم بن عبداللہ عن ابیہ، ج ۱، ص ۲۳۲

(۱۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۹

(۲۰) ☆ رواہ الترمذی عن ابن عمر، ج ۱، ص ۱۰۸

☆ ورواہ الدارقطنی، ج ۲، ص ۹۰

(۲۱) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۴۹

(۲۲) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۵۰

(۲۳) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۵۰

marfat.com

﴿۱۱﴾ زکوٰۃ ہاشمی، غنی اور ذمی کو دینا حرام ہے۔اس سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۲۴)

﴿۱۲﴾ زکوٰۃ وصول کرنے والا ادا کرنے والے کو خیر و برکت کی دعا دے۔حضور سید عالم ﷺ زکوٰۃ ادا کرنے والوں کو دعائے خیر و برکت دیتے تھے۔یہ دعا ان کے سکونِ قلب اور قرارِ دل کا باعث ہوتی تھی۔قرآن مجید نے اس کی تصدیق فرمادی ہے۔(۲۵)

﴿۱۳﴾ حضور سیدِ عالم جانِ عالم ﷺ کے وصال پُر ملال کے بعد آپ کے خلفاء اور نائبین مسلمانوں کے حق میں دعائے خیر کرتے ہیں مسلمانوں کے لئے لازم ہے کہ وہ مصطفیٰ کریم ﷺ کے نائبین کی دعا حاصل کرنے کی تدبیر اور کوشش کرتے رہیں۔(۲۶)

﴿۱۴﴾ امت کے اعمال واحوال دن رات حضور رحمتِ عالم ﷺ کے حضور پیش ہوتے رہتے ہیں۔نیک اعمال پر آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں اور بُرے اعمال پر ہمارے لئے اِستغفار کرتے ہیں۔

حَیَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ وَمَمَاتِیْ خَیْرٌ لَّکُمْ تُعْرَضُ عَلَیَّ اَعْمَالُکُمْ فِی الصَّبَاحِ وَفِی الْمَسَآءِ فَاِنْ وَجَدْتُّ خَیْرًا حَمِدْتُ اللّٰہَ وَاِنْ وَّجَدْتُّ سَوَاءً اِسْتَغْفَرْتُ لَکُمْ

حضور پاک صاحبِ لولاک کی دعا مومنوں کو ہر وقت حاصل ہے۔

وَلَا عِبْرَۃَ بِمَنْ ضَلَّ وَذَاغَ عَنِ الْحَقِّ وَخَالَفَ فِیْ ذٰلِکَ(۲۷)

﴿۱۵﴾ زکوٰۃ کا وصول کرنا امیر المومنین خلیفہ سوم حضرت سیدنا عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت تک حاکمِ

---

(۲۴) التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۶

(۲۵) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۵۶، ۱۵۷

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۰۹

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۴۸۴

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۰ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۴

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۰۵

(۲۶) تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مؤسسہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۷

(۲۷) تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۷

marfat.com

وقت کے سپرد تھا۔آپ نے جب ملاحظہ کیا، حکام زکوٰۃ وصول کرنے اور صرف کرنے میں بے احتیاطیاں کر رہے ہیں تو آپ نے قرار دیا کہ ہر شخص اپنی زکوٰۃ خود مستحقین میں تقسیم کرسکتا ہے۔صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے اس سے اتفاق کیا،سَو اب ہر شخص اپنی زکوٰۃ مستحقین میں صرف کرسکتا ہے۔(۲۸)

﴿۱۶﴾ حاکمِ وقت یا اس کا زکوٰۃ وصول کرنے والا نائب صرف اموالِ ظاہرہ (مثلاً مال تجارت، چرائی کے جانور) کی زکوٰۃ وصول کرسکتا ہے۔اموالِ باطنہ (مثلاً سونا، چاندی، زیورات) پر اطلاع پانے کا مجاز نہیں۔ان اموالِ مخفیہ کی زکوٰۃ مالک خود اپنے طور پر ادا کرے گا۔اسلام کسی کے مخفی حالات پر کسی کو اطلاع پانے کی اجازت نہیں دیتا۔ یہاں تک کہ کوئی شخص کسی کی چار دیواری اور دروازے میں بغیر اجازت داخل نہیں ہوسکتا ہے۔ارشاد ربانی ہے۔

یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْالَاتَدْخُلُوْابُیُوْتًاغَیْرَبُیُوْتِکُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْاوَتُسَلِّمُوْاعَلٰٓی اَھْلِھَا ۔ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ☆ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْافِیْھَااحَدًافَلَاتَدْخُلُوْھَاحَتّٰی یُؤْذَنَ لَکُمْ ۔ وَاِنْ قِیْلَ لَکُمُ ارْجِعُوْافَارْجِعُوْاھُوَاَزْکٰی لَکُمْ ۔ وَاللّٰہُ بِمَاتَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ ☆

اے ایمان والو!اپنے گھروں کے سوااور گھروں میں نہ جاؤ جب تک اجازت نہ لے لواور ان کے ساکنوں پر سلام نہ کرلو۔یہ تمہارے لئے بہتر ہے کہ تم دھیان کرو۔پھر اگر ان میں کسی کو نہ پاؤ جب بھی بے مالکوں کی اجازت کے ان میں نہ جاؤ،اور اگر تم سے کہا جائے ،واپس ہو جاؤ،تو واپس ہو، یہ تمہارے لئے بہت ستھرا ہے اور اللہ تمہارے کاموں کو جانتا ہے۔ (سورۃ النور آیات،۲۷،۲۸)

جب بغیر اجازت رہائش گاہ میں داخلہ منع ہے تو گھر کی اشیاء پر کوئی کیوں کر اطلاع پا سکتا ہے۔ اسلام سے زیادہ کسی اور مذہب نے شخصی آزادی کی حفاظت نہیں فرمائی۔(۲۹)

---

(۲۸) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳،ص۱۵۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۲۷۸

(۲۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳،ص۱۵۵

marfat.com

﴿۱۷﴾ زکوٰۃ، صدقات، خیرات، فرضی ہوں یا نفلی، جب بھی کسی کو اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی رضا کے لئے دیئے جائیں تو اللہ تعالیٰ یوں قبول فرماتا ہے کہ لینے والوں کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے وہ اشیاء اللہ تعالیٰ اپنے دست قدرت میں، اپنی شان کے لائق، قبول فرماتا ہے۔ پھر وہ اشیاء لینے والے کے ہاتھ میں جاتی ہیں۔ اس طرح دینے والا حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ کو دیتا ہے اور لینے والا حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ سے لیتا ہے۔ اگر چہ ظاہری طور پر دینے والے نے لینے والے کے ہاتھ میں دیا۔ گویا یہ کہنا جائز ہے کہ جب لیتا ہے (حالانکہ وہ بے نیاز وغنی ہے) تو بندوں کے ذریعے سے لیتا ہے اور جب دیتا ہے تو بندوں کے ذریعے سے دیتا ہے۔ بندۂ مومن کا اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے بندوں کو دینا اور ان سے لینا جائز ہے۔ اس سلسلہ میں قرآن مجید کی زیب عنوان آیت دلالت فرمارہی ہے۔ احادیث طیبہ صحیحہ کثیرہ بھی اس پر دلالت فرماتی ہیں۔ حضور محبوب رب کریم جل وعلا کا ارشاد پاک ہے:

مَاتَصَدَّقَ اَحَدٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ طِيْبٍ وَّلَايَقْبَلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِلَّاالطَّيِّبَ اِلَّااَخَذَهَاالرَّحْمٰنُ عَزَّوَجَلَّ بِيَمِيْنِهٖ وَاِنْ كَانَتْ تَمْرَةً فَتَرْبُوْافِى كَفِّ الرَّحْمٰنِ عَزَّوَجَلَّ حَتّٰى تَكُوْنَ اَعْظَمَ مِنَ الْجَبَلِ كَمَايُرَبِّى اَحَدُكُمْ فِلُوَهٗ اَوْفَصِيْلَهٗ (۳۰)

تم میں سے جو کوئی صدقہ کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ صرف پاک اشیاء ہی قبول فرماتا ہے۔ اس صدقہ کو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اپنے دائیں ہاتھ میں (جیسا اس کی شان کے لائق ہے) لے لیتا ہے اگر چہ وہ کھجور کا ایک دانہ ہی کیوں نہ ہو، وہ صدقہ دستِ قدرت میں پرورش پا کر بڑھتا ہے جیسے تم میں کوئی گھوڑے یا اونٹنی کے بچے کی پرورش کرتا ہے۔

اسی طرح کی ایک حدیث امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مسند میں بیان کی ہے۔ (ج ۲، ص ۴۱۸۔ ج ۲، ص ۴۳۱)

علامہ ابن کثیر نے بھی اسی کی مثل ایک اور حدیث بیان کی ہے۔ (ج ۲، ص ۳۸۶)

(۳۰) ☆ رواہ ابن ماجه عن ابی هريرة، ص ۱۳۳

☆ ورواہ مسلم عن ابی هريرة، ج ۱، ص ۳۲۶

☆ ورواہ النسائی عن ابی هريرة، ج ۱، ص ۲۴۹

marfat.com

ایک حدیث شریف میں اس کی مزید صراحت ہے۔

اِنَّ الصَّدَقَةَ تَقَعُ بِيَدِاللهِ قَبْلَ اَنْ تَقَعَ فِیْ يَدِالسَّآئِلِ

سائل کے ہاتھ میں جانے سے پہلے صدقہ دست قدرت میں جاتا ہے۔(۳۱)

﴿۱۸﴾ ''صلوٰۃ وسلام'' انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ خاص ہے، نبی کے علاوہ کسی اور کے لئے جائز نہیں، البتہ نبی کے تابع ہوکر دوسروں کے لئے جائز ہے۔ مثلاً

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَامُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَعَلٰى عُلَمَآءِ اُمَّتِهٖ

حضرت سیدنا علی علیہ السلام یا خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کہنا جائز نہیں، بلکہ اگر ان حضرات پر سلام پڑھنا ہو تو یوں کہے۔ حضرت سیدنا علی علیٰ نبینا وعلیہ السلام اور خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمہ علیٰ ابیہ وعلیہا السلام۔(۳۲)

﴿۱۹﴾ حضور پرنور صاحبِ لولاک صاحبِ قاب قوسین محبوب رب العالمین شفیع المذنبین راحۃ العاشقین سیدنا ومولانا محمد رسول اللہ ﷺ پر ''صلوٰۃ وسلام'' کے ربانی حکم کا مقصد اور غرض وغایت یہ ہے کہ

اے رب کریم! دنیا میں اپنے محبوب اور میرے آقا کے ذکر کو بلند کر کے، آپ ﷺ کی دعوت کو عام کر کے اور قیامت

---

(۳۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص۱۰۱۱

☆ اتحاف السادۃ المتقین .للزبیدی، ج۴، ص۱۲۰

☆ المغنی عن حمل الاسفار، للعراقی، ج۱، ص۲۱۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۷۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۸۶

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۴۰۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص۴۷۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۸۷

(۳۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۱۸۷

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۴۰۴، ۴۰۵

marfat.com

تک آپ ﷺ کی شریعت کو باقی رکھ کر آپ ﷺ کو عظمت عطا فرما۔

اور آخرت میں.....

آپ ﷺ کی شفاعتِ عظمیٰ کو قبول فرما کر، آپ ﷺ کے اجر کو بے شمار گنا بڑھا کر اور آپ ﷺ کے مرتبہ کو تمام مخلوق سے بلند فرما کر آپ ﷺ کو ممتاز فرما۔

آپ ﷺ پر ''صلوٰۃ وسلام'' کا مقصد یہ ہے کہ صلوٰۃ وسلام آپ ﷺ کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے، بلا تمثیل یوں سمجھو کہ جس طرح فقراء، امراء کے ہاں حقیر ہدیہ لے جاتے ہیں اس سے وہ ان کے ہاں قرب چاہتے ہیں، فقراء کے ہدیوں کا نفع انہیں لوٹا دیا جاتا ہے بلکہ کچھ زائد دیا جاتا ہے۔ صلوٰۃ وسلام کا نذرانہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی بجا آوری اور حضور پاک ﷺ کی اعلیٰ وارفع جناب میں قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

یہ مسئلہ خوب یاد رہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی طرف سے ''صلوٰۃ وسلام'' کے بعد کسی اور کے صلوٰۃ وسلام کے محتاج نہیں۔

اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے اور اس میں اسی کا اپنا نفع ہے کہ حضور جانِ عالم ﷺ کی جناب میں نہایت کثرت سے صلوٰۃ وسلام عرض کرتا رہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانُوْرَاللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ

اِلٰی اَبَدِالْاٰبِدِیْنَ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَعَلٰی جَمِیْعِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ

یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَیَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (۳۳)

---

(۳۳) تاج العروس از علامہ سید مرتضیٰ حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۳۱۴

marfat.com

﴿۲۰﴾ آیت زیب عنوان میں "وَصَلِّ عَلَيْهِمْ" کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ "اے محبوب! اپنے امتیوں میں وفات پانے والوں پر نماز جنازہ پڑھئے"۔

اس اعتبار سے مسلمان میت پر نماز جنازہ پڑھنا فرض کفایہ ہے۔ ہجرت کے بعد پہلے سال فرض ہوئی۔ اس کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ (۳۴)

﴿۲۱﴾ میت کا غسل، اس کا کفن دینا، اس کی نماز جنازہ اور اس کا دفن کرنا سب امور فرض کفایہ ہیں۔ چند مسلمانوں نے اگر یہ فرائض ادا کر دیئے تو باقیوں کے ذمہ سے ساقط ہو گئے۔ اگر کسی نے ادا نہ کئے تو باقی تمام مسلمان گناہ گار ہوئے۔ (۳۵)

﴿۲۲﴾ مسلمان میت جسے غسل دیا جائے گا اس کا بدن تام ہو یا بدن کا اکثر حصہ ہو، اگر سر کے ساتھ نصف حصہ بدن ہو تو بھی اسے غسل دیں گے۔ کافر میت یا سر کے بغیر نصف حصہ بدن کو غسل نہ دیا جائے۔ ناف سے گھٹنے تک شرمگاہ ہے غسل دینے والا اتنے حصہ بدن کو نہیں دیکھ سکتا، باقی حصہ بدن کو دیکھ سکتا ہے، لہٰذا شرمگاہ پر غسل کے وقت کپڑا ڈالے رکھے۔ (۳۶)

﴿۲۳﴾ عورت اگر ایسی جگہ فوت ہو جائے کہ اسے غسل دینے والی عورت موجود نہ ہو تو اس کا محرم اس کا مسح کرا دے۔ یہی غسل کے قائم مقام ہے۔ (۳۷)

﴿۲۴﴾ اگر نابالغ لڑکا یا لڑکی فوت ہو جائے تو اسے مرد یا عورت غسل دے لیں۔ (۳۸)

﴿۲۵﴾ مستحب یہ ہے کہ میت کو اس کا قریبی رشتہ دار غسل دے۔ اگر قریبی رشتہ دار غسل دینا نہ جانتا ہوں تو متقی اور امانت دار غسل دے۔ (۳۹)

---

(۳۴) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۹۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۶

(۳۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۶

(۳۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۵۷

(۳۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۳۸) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۳۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

marfat.com

﴿۲۶﴾ غسل دیتے وقت میت کو تختہ پر لٹائے اور ایسی جگہ غسل دے جو آدمیوں سے خالی ہو۔ وہاں صرف غسل دینے والا اور اس کا مددگار ہو۔ (۴۰)

﴿۲۷﴾ اگر مسلمان اور کافروں کی میتیں مخلوط ہو گئیں تو جس پر علامت اسلام ہے اسے غسل دے کر نماز جنازہ پڑھا جائے اور جس پر علامت کفر ہے اس کا غسل اور جنازہ ترک کر دیا جائے۔ اور اگر مسلمان میتیں زیادہ ہوں تو تمام کو غسل اور کفن دیا جائے اور ان پر نماز جنازہ پڑھی جائے مگر نماز اور دعا کے وقت نیت میں مسلمان میتیں ہوں نہ کہ کافر۔ اور انہیں مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے اور اگر کافر میتیں مسلمان میّتوں سے زیادہ ہوں تو ان پر نماز جنازہ نہ پڑھی جائے البتہ انہیں غسل اور کفن دیا جائے اور کافروں کے قبرستان میں دفن کی جائیں۔ (۴۱)

﴿۲۸﴾ جو بچہ زندہ پیدا ہوا اور وہ ایک مرتبہ بھی رویا یا زندہ کی علامت اس میں ہو پھر وہ مر جائے، اس کا نام رکھا جائے، اسے غسل دیا جائے اور اس پر نماز جنازہ پڑھ کر مسلمانوں کے قبرستان میں قبر بنا کر دفن کیا جائے (اگرچہ پیدائش کے بعد اس کے کان میں اذان نہ دی جا سکی) اور اگر بچہ مردہ پیدا ہوا تو اسے غسل دیا جائے ایک کپڑا میں لپیٹ کر بغیر نماز جنازہ مسلمانوں کے قبرستان میں ایک کونہ میں دفن کر دیا جائے۔ (۴۲)

﴿۲۹﴾ اگر مسلمان کا کوئی قریبی کافر رشتہ دار فوت ہو جائے تو اسے اس طرح غسل دیا جائے جس طرح کسی سے نجاست دور کی جاتی ہے۔ اسے ایک کپڑا میں لپیٹ کر گڑھے میں دفن کر دیا جائے۔ یا دیگر کافروں کو اس کی میت دے دی جائے۔ (۴۳)

﴿۳۰﴾ شہید کو غسل نہ دیا جائے بلکہ اسے خون آلود کپڑوں سمیت جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا جائے۔ اور اگر معرکہ میں بغیر قتل کے مر جائے اسے غسل دیا جائے۔ (۴۴)

(۴۰) ☆☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۹۷

(۴۱) ☆☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۹۷

(۴۲) ☆☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۹۷

(۴۳) ☆☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۹۷

(۴۴) ☆☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۴۹۷

marfat.com

﴿۳۱﴾ اگرکوئی مسلمان رجم کی سزامیں قتل کیا جائے یا قصاص یا تعزیر میں قتل کیا جائے، یا کسی درندے نے اسے پھاڑ دیا یا اس پر دیوار گر جائے اور وہ مر جائے یا وہ غرق ہو جائے تو ان کو غسل دیا جائے گا۔(۴۵)

﴿۳۲﴾ اگر کسی نے خودکشی کر لی تو اسے غسل دیا جائے اور اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے۔(۴۶)

﴿۳۳﴾ میت کی نماز جنازہ فرض کفایہ ہے اور اس کا وقت وہ ہے جب میت حاضر ہو جائے۔ طلوعِ فجر، زوال اور غروب آفتاب کا وقت اگر چہ باقی نمازوں کے لئے مکروہ ہے مگر جنازہ ان اوقات میں پڑھنا بلا کراہت جائز ہے، البتہ جنازہ پہلے تیار ہو جائے اور ان مکروہ اوقات تک انتظار مکروہ ہے۔(۴۷)

﴿۳۴﴾ امام جنازہ کے سینے کے مقابل کھڑا ہو کہ یہ محلِ علم اور محل نور الایمان ہے۔(۴۸)

﴿۳۵﴾ نماز جنازہ میں چار تکبریں فرض ہیں۔ یہ چار تکبیریں چار رکعت کے قائم مقام ہیں اور ثناء، درود شریف اور میت اور مسلمانوں کے لئے دعاء سنت ہے۔(۴۹)

﴿۳۶﴾ نماز جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد ثناء پڑھے۔ اگر نماز جنازہ والی ثناء یاد نہ ہو تو عام نمازوں والی ثناء پڑھ لے۔ اس کے بعد دوسری تکبیر بغیر ہاتھ بلند کئے اور اس کے بعد نبی پاک صاحب شفاعت رسول ﷺ پر درود شریف پڑھے۔ اگر نماز جنازہ والا درود شریف یاد نہ ہو تو عام نمازوں والا درود شریف پڑھ لے۔ بعد ازاں تیسری تکبیر کہے اور اس کے بعد میت اور مومنوں کے لئے دعا مانگے۔ اگر مسنون دعا یاد نہ ہو تو کوئی سی دعا پڑھ لے۔ اس کے بعد چوتھی تکبیر کہے اور دونوں طرف سلام پھیر دے۔ اس طرح نماز جنازہ مکمل ہو جائے گی۔ نماز جنازہ میں رکوع، سجدہ، قعدہ، جلسہ وغیرہ نہیں۔(۵۰)

---

(۴۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۴۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۴۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۴۸) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۷

(۴۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۸

(۵۰) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۸

marfat.com

﴿۳۷﴾ بچے اور مجنون کے لئے دعائے مغفرت نہ کرے کہ وہ گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔اس لئے ان پر دعاء پڑھی جائے کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہمارے لئے باعث مغفرت بنادے۔(۵۱)

﴿۳۸﴾ مستحب یہ ہے کہ نماز جنازہ کی صفیں طاق ہوں، تین، پانچ، سات، نو،.....(۵۲)

﴿۳۹﴾ دعااور استغفار سے میت کو نفع پہنچتا ہے اور تمام عبادات بدنی ہوں یا مالی مثلاً صدقہ، خیرات وغیرہ یا بدنی اور مالی مرکب ہو مثلاً حج، یا قرأت قرآن مجید، درود شریف اور کلماتِ خیر اور ہر کارِ خیر کا ثواب میت کو پہنچتا ہے۔اس سے اسے نفع ملتا ہے۔اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں۔اس کے درجات بلند ہوتے ہیں۔علماء کا اجماع ہے کہ میت کے ذمے اگر کسی کا حق العباد یا دَین ہو تو کوئی دوسرا وہ حق یا دَین ادا کر دے تو میت بری الذمہ ہو جاتی ہے۔(۵۳)

﴿۴۰﴾ جمہور علمائے امت کا یہ فیصلہ ہے کہ انسان اپنے اعمال کا ثواب دوسرے کو ایصال کر سکتا ہے۔خواہ نماز ہو یا صدقہ یا قرأت قرآن مجید وغیرہ۔حضور سید عالم رحمۃ للعالمین ﷺ کے عمل مبارک سے اس کی مکمل تائید ہوتی ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ یوم نحر حضور نبی اکرم ﷺ نے منبر پر خطبہ دیا۔جب آپ ﷺ منبر سے اترے۔

فَاُتِیَ بِکَبْشٍ فَذَبَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بِیَدِهٖ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ هٰذَا عَنِّیْ وَعَمَّنْ لَمْ یَضَحِّ مِنْ اُمَّتِیْ. (۵۴)

حضور سید عالم ﷺ کے حضور دُنبہ پیش کیا گیا۔آپ ﷺ نے اسے اپنے دست مبارک سے ذبح فرمایا اور فرمایا: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ. یہ میری طرف سے اور میری امت کے ان افراد کی طرف سے جو قربانی نہیں کر سکے۔

اسی طرح حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ مرحومہ کے نام کنواں کھدوایا اور اس کا ثواب انہیں ہدیہ کیا۔(۵۵)

☆☆☆☆☆

(۵۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۸

(۵۲) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۹

(۵۳) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۴۹۹

(۵۴) ☆ رواہ الترمذی عن جابر، ج۱، ص۲۱۹

(۵۵) ☆ صحیح بخاری شریف، ج۱، ص۳۸۶، ۳۸۷، ۳۸۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص۵۰۰

marfat.com

باب (۲۰۳):

مسجدِ ضرار، مسجدِ تقویٰ

بدن اور کپڑوں کی طہارت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّ کُفْرًا وَّتَفْرِیْقًا بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ مِنْ قَبْلُ ۔ وَلَیَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰی ۔ وَاللّٰہُ یَشْھَدُ اِنَّھُمْ لَکٰذِبُوْنَ ☆ لَاتَقُمْ فِیْہِ اَبَدًا ۔ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَی التَّقْوٰی مِنْ اَوَّلِ یَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِیْہِ ۔ فِیْہِ رِجَالٌ یُّحِبُّوْنَ اَنْ یَّتَطَھَّرُوْا ۔ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُطَّھِّرِیْنَ ☆ (سورۃ التوبۃ آیات، ۱۰۷، ۱۰۸)

اور وہ جنہوں نے مسجد بنائی نقصان پہنچانے کو اور کفر کے سبب اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کو اور اس کے انتظار میں جو پہلے سے اللہ اور اس کے رسول کا مخالف ہے اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے ہم نے تو بھلائی چاہی اور اللہ گواہ ہے کہ وہ بیشک جھوٹے ہیں ۔ اس مسجد میں تم کبھی کھڑے نہ ہونا بیشک وہ مسجد کہ پہلے ہی دن سے جس کی بنیاد پرہیز گاری پر رکھی گئی ہے وہ اس قابل

marfat.com

ہے کہ تم اس میں کھڑے ہو، اس میں وہ لوگ ہیں کہ خوب ستھرا ہونا چاہتے ہیں اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔

حل لغات :

ضِرَارًا : بمعنی نقصان، تکلیف۔(۱)

ضَرَرَ اور ضِرَارَ کے معنی میں ایک فرق بیان کیا گیا ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَاضَرَرَ وَلَاضِرَارَ وَمَنْ ضَارَّ ضَارَّاللّٰہُ بِہٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ(۲)

کوئی آدمی اپنے دینی بھائی کو اس طرح تکلیف نہ دے کہ اس کے حق میں کوئی نقصان واقع ہو۔ اور تکلیف دینے والے کو اس طرح بدلہ دیا جائے کہ اسے بھی نقصان پہنچے بلکہ معاف کر دینا بہتر ہے۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ''ضرر'' وہ ہے جس میں تیرے ہمسایہ بھائی کو نقصان پہنچے اور تجھے اس میں منفعت ہو اور ''ضرار'' وہ تکلیف ہے جس میں تیرے لئے کوئی نفع نہ ہو مگر تیرے ہمسائے بھائی کے لئے نقصان ہو۔ گویا مسجد ضرار وہ مسجد ہے جس سے دوسرے مسلمانوں کا نقصان ہو۔ حالانکہ مسجدیں نقصان کے لئے نہیں بلکہ نفع و برکت کے لئے ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ نے مسجد ضرار کی مذمت میں منافقین کے چار مقاصد، خبیثہ ذکر فرمائے۔

(۱) یہ مسجد مسلمانوں کو نقصان دینے والی ہے۔

---

(۱) ☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۳۴۸

(۲) ☆ رواہ الدارقطنی عن ابی سعید الخدری بحوالہ

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۵۴

☆ رواہ احمد و ابن ماجہ عن ابن عباس و رواہ ابن ماجہ عن عبادہ

marfat.com

(۲) اس مسجد میں کفر کی باتیں ہوتی ہیں اور کفر کو تقویت دینے کے منصوبے اور سازشیں تیار کی جاتی ہیں۔

(۳) اس مسجد کا مقصد مسلمانوں کی اجتماعی قوت کو متفرق کرنا اور انہیں فرقہ فرقہ کرنا ہے۔

(۴) مسجد بننے سے پہلے ابو عامر الراہب الفاسق الکاذب، جو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کا ظاہر دشمن اور محارب تھا اس کا ٹھکانہ، کمین گاہ اور انتظار گاہ بنانا تھا۔

یہ عمارت بظاہر مسجد کی صورت تھی مگر درحقیقت یہ مسجد نہ تھی۔(۳)

"وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى": مسجد ضرار بنانے والے بڑی تاکید سے قسمیں کھاتے تھے کہ یہ مسجد ہم نے مسلمانوں کے مفاد، بوڑھوں، بیماروں، ناتوانوں کی سہولت اور موسم کی شدت سردی، گرمی، اندھیرے بارش وغیرہ سے نمازیوں کو بچانے کے لئے بنائی ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ جو نیتوں کا حال جانتا ہے، وہ فرماتا ہے۔

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ (سورۃ التوبۃ آیت ۱۰۷)

اور اللہ تعالیٰ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق سراسر جھوٹے ہیں۔

مسجد بنانے کے جو مقاصد یہ بتاتے ہیں وہ قطعاً ان کے پیش نظر نہیں بلکہ ان کے پیش نظر مسلمانوں کا نقصان ہے۔

"لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا": قیام سے مراد نماز کے لئے کھڑا ہونا ہے، یعنی اے محبوب! مسجد ضرار میں کبھی بھی نماز پڑھنے کا ارادہ نہ کیجئے۔(۴)

---

(۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۵۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۵۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹۵

(۴) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۵۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۱۰

marfat.com

"لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى": اساس کا معنی ہے بنیاد رکھنا۔ یعنی وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی ہے۔ اس مسجد کے بنانے کا مقصد اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت و رضا ہے۔

جمہور علماء مفسرین کا قول یہ ہے کہ اس سے مراد مسجد قبا شریف ہے۔ اس سے مراد مسجد نبوی شریف بھی لی گئی ہے۔ بہر حال دونوں مسجدوں کی بنیاد تقویٰ پر ہے۔ (۵)

"فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا": اس مسجد کے نمازی خوب ستھرا رہنے کو پسند کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں ان کی جس طہارت کی تعریف کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ پاخانہ کے بعد پتھر یا ڈھیلے استعمال کرتے ہیں اور پھر پانی سے استنجا کرتے ہیں۔ (۶)

شانِ نزول:

(۱) حضور انور نبی اکرم ﷺ کی مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت سے پہلے مدینہ طیبہ میں خزرج قبیلہ کا ایک شخص رہتا تھا۔

---

(۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۲۵۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۶

(۶) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۵۸

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۵

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۲۵۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹۶

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۲۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۶

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۵۰۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۹۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۱۳

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۸

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۸۹

marfat.com

اس کا نام ابو عامر تھا۔ زمانہ جاہلیت میں وہ نصرانی بن چکا تھا۔ تورات اور انجیل کا عالم تھا۔ اس لئے ابو عامر الراہب کہلاتا تھا۔

اپنے قبیلہ میں اس کی بڑی عزت تھی۔ جب حضور رسول اکرم ﷺ نے مدینہ طیبہ کو سرفراز فرمایا تو اہل مدینہ آپ کے گرد جمع ہونا شروع ہوئے۔ اسلام کی سربلندی واضح ہونے لگی۔ ابو عامر الراہب اس سے حسد کرنے لگا۔ ایک روز وہ حضور انور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا: آپ کس دین پر ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا دینِ حنیف، ملتِ ابراہیمی۔ وہ بولا: اس ملت پر تو میں ہوں، آپ ﷺ نے اپنی طرف سے یہ دین گھڑا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارا اسلام ہی ملتِ ابراہیم ہے۔ پھر دعا کی کہ مولیٰ! ہم میں سے جو جھوٹا ہے وہ سفر کی حالت میں تنہائی میں مرے۔ حضور انور ﷺ نے آمین کہی۔

غزوۂ احد کے روز اس نے کھل کر عداوت کی۔ آپ ﷺ سے کہنے لگا: جو قوم آپ سے لڑے گی میں اس کے ساتھ ہو کر آپ سے جنگ کروں گا۔ یہ کہہ کر مکہ معظّمہ کے کفار کے ساتھ جا ملا۔ غزوہ حنین میں جب اہل حوازن فرار ہوئے تو یہ بد بخت بھاگ کر شام کو چلا گیا اور منافقینِ مدینہ کو خط لکھا کہ تم میرے لئے ایک مسجد بناؤ۔ جو بظاہر مسجد اور حقیقت میں میری قیام گاہ ہو۔ اور حضور سیدِ عالم ﷺ کے خلاف سازش گاہ ہو۔ اس مسجد نما مکان میں حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف اسلحہ اور جنگی سامان جمع کر دیں۔ میں قیصر روم کا ایک لشکر لے کر مدینہ پر چڑھائی کر دوں گا۔ اس وقت تم میری مدد کرنا۔ ہم حضور ﷺ کو مدینہ سے نکال دیں گے۔ چنانچہ ان منافقین نے مسجد قبا کے قریب ایک مسجد بنائی۔ مسجد بنانے والے منافقین بارہ تھے۔

(۱) خذام بن خالد۔

یہ بنی عبید بن زید اور بنی عمرو بن عوف قبیلہ سے تھا۔ اس نے اپنے گھر کے صحن کا ایک حصہ مسجد کی تعمیر کے لئے دیا۔

(۲) مَعْتَبُ بن قُشَیْرَ

(۳) ابو حبیبہ بن ازعر

(۴) عباد بن حُنیف

marfat.com

(۵) سہل بن حُنیف۔ یہ دونوں حقیقی بھائی بنی عمرو بن عوف میں سے تھے۔

(۶) تبتل بن الحارث

(۷) بحُزج

(۸) بجاد بن عثمان

(۹) ودیعہ بن ثابت

(۱۰) جاریہ بن عامر

(۱۱) مُجمع بن جاریہ

(۱۲) ثعلبہ بن حاطب۔ یہ منافقین اوس اور خزرج سے تھے۔

غزوۂ تبوک میں جب نبی اکرم رسول معظم ﷺ تشریف لے جارہے تھے یہ منافقین حاضر خدمت ہوئے اور بولے: یارسول اللہ! ہم نے بوڑھوں، کمزوروں اور دور والوں کے لئے مسجد قبا کے قریب ایک مسجد بنائی ہے، تاکہ جو نمازی گرمی، بارش، اندھیرے، سردی وغیرہ کے سبب مسجد قبا میں نہ پہنچ سکیں وہ یہاں نماز ادا کرلیں۔ آپ اس مسجد میں ایک نماز پڑھ لیں اور دعائے خیر فرمادیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت تو مجھے تبوک کے سفر کی تیاری میں مشغولیت ہے، واپسی پر اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو نماز پڑھ لیں گے۔ یہ فرما کر حضور تبوک کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ غزوَہ تبوک سے واپسی پر جب حضور انور ﷺ ابھی مدینہ طیبہ سے قریب ذِی اَوَان میں تھے تو یہ آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں۔ حضور سید عالم ﷺ نے حضرت وحشی (قاتل حضرت حمزہ)، مالک بن دُحشم، مغنی بن عدی اور عامر بن سکن رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا کہ تم لوگ فوراً اس مسجد کو آگ لگادو اور اسے منہدم کردو اور اس جگہ کوڑا پھینکنے، مردار ڈالنے کی جگہ بنادو۔ یہ حضرت آناً فاناً وہاں پہنچے اور اس مسجد کو آگ لگا کر خاک کا ڈھیر بنادیا۔ (۷)

---

(۷) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ۳ ص ۱۵

احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۲

الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۵۔۲۵

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارہ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹۳

marfat.com

(۲) قبیلہ عمرو بن عوف نے مسجد قبا تعمیر کی۔ تعمیر کے بعد حضور سید والا ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر درخواست کی، یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! اس میں نماز ادا کر کے اسے بابرکت بنا دیں۔ چنانچہ مسجد قبا میں حضور انور نبی اکرم ﷺ نے نماز ادا فرمائی۔ اس پر نبی عمرو بن عوف کے چچازاد بھائی بنو غنم بن عوف نے حسد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم بھی مسجد بناتے ہیں چنانچہ انہوں نے بھی مسجد بنائی لیکن اس میں ابو عامر راہب نے نماز پڑھی جب وہ شام سے لوٹا۔ ابو عامر حضور سرور عالم ﷺ کا سخت دشمن تھا۔ مسجد بنا کر انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ ہم نے معذوروں، کمزوروں کے لئے مسجد بنائی ہے، جو لوگ بارش، سردی، اندھیرے میں مسجد قبا میں جا کر نماز ادا نہیں کر سکتے ان کی سہولت کے لئے ہم نے مسجد تیار کی ہے مگر درحقیقت یہ ابو عامر راہب کا اڈا تھا۔

غزوۂ تبوک سے واپسی پر یہ آیاتِ کریمہ نازل ہوئیں۔ آپ ﷺ نے چند صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو روانہ فرما کر مسجد کو منہدم کروا دیا اور اسے آگ لگا دی۔ اسے کوڑا کرکٹ کی جگہ بنا دیا۔ (۸)

(بقیہ ۷) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۸۷

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۶۸

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۳۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۱

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۱۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۴

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۸

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۹۷

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۸۴

☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دار الرشید، بیروت، ص ۲۵۶

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۰۹

(۸) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ج ۲، ص ۳۴۷

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۹۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۴۹۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۰

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۰۸

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ مسجد کی تعمیر، مرمت، دیکھ بھال، انتظام وغیرہ تمام امور مسلمانوں کے ذمے ہیں۔کوئی کافر نہ مسجد کی تعمیر کرسکتا ہے اور نہ اس کا انتظام انجام دے سکتا ہے۔اگر کوئی کافر ایسا کرے تو اسے بزور قوت روک دیا جائے یہاں تک کہ اگر کافر مسجد بنانے کی وصیت کر جائے تو اس کی وصیت نافذ نہ ہوگی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

مَاكَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَاللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۔ اُولٰٓئِكَ حبطتْ اَعْمَالُهُمْ ۔ وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ☆ اِنَّمَايَعْمُرُ مَسٰجِدَاللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ واقام الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّااللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْامِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ☆

مشرکوں کو نہیں پہنچتا کہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں خود اپنے کفر کی گواہی دے کر ان کا تو سب کیا دھرا اکارت ہے اور وہ ہمیشہ آگ میں رہیں گے۔اللہ کی مسجدیں وہی آباد کرتے ہیں جو اللہ اور قیامت پر ایمان لاتے اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تو قریب کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں۔ (سورۃ التوبۃ آیات، ۱۷، ۱۸) (۹)

﴿۲﴾ کافر اگر مسجد کی تعمیر کر دے تو اتنے سے کام سے مسلمان نہ بن جائے گا، جب تک صدقِ دل سے شہادتین کا اقرار نہ کرے، کیونکہ مسلمان بننے کے لئے شہادتین کی دل سے تصدیق اور زبان سے اس کا اقرار لازم ہے۔(۱۰)

﴿۳﴾ کسی مسلمان نے اگر گرجا، مندر وغیرہ کی تعظیم کی تو وہ کافر ہوگیا۔کیونکہ کفر محض نیت سے ہوتا ہے۔(۱۱)

﴿۴﴾ مسجد کی تعمیر، مرمت، انتظام اور اس کی آبادی کے جملہ امور ادا کرنا بڑے اجر کا کام ہے۔

---

(۹) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۵

(۱۰) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۵

(۱۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۵

marfat.com

حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ بَنٰی مَسْجِدًایَبْتَغِیْ بِہٖ وَجْہُ اللّٰہِ بَنَی اللّٰہُ لَہٗ مِثْلَہٗ فِی الْجَنَّۃِ(۱۲)

جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے مسجد بنائی اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لئے ایسا ہی ایک خو بصورت محل بنادے گا۔

اگر چند مسلمان مل کر مسجد تعمیر کریں گے تو سب کو یکساں ثواب ملے گا۔ اور سب کے لئے جنت میں اعلیٰ محل ہو گا۔ کیونکہ رب تعالیٰ کی رحمت محدود نہیں، بے پایاں ہے اور وہ ذات کریم ہے، بخل اس کی شان کے لائق نہیں۔ اس لئے مسلمانوں کے لئے لازم ہے کہ جہاں ضرورت ہو بقدرِ استطاعت مسجد کی تعمیر کریں، تعمیر میں حصہ لیں اور یہ سب کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کریں۔(۱۳)

﴿۵﴾ ہر مسجد کا احترام اور تعظیم فرض ہے۔ مسجد میں نماز پڑھنا، نمازیوں کے لئے نماز ادا کرنے کا اہتمام کرنا، مسجد میں تلاوت قرآن مجید، ذکر واذکار، وعظ ونصیحت کا اہتمام، بچوں، بڑوں کے لئے قرآن مجید اور دیگر اسلامی تعلیم کا اہتمام، مسجد کی صفائی، مرمت، ضروری اشیا مہیا کرنا، صحیح العقیدہ، صحیح القرأۃ اور باکردار امام کا تقرر اس کے مشاہرہ کا اہتمام وغیرہ یہ سب کام مسجد کی تعظیم میں داخل ہیں۔ مسجد کو بدبودار اشیاء سے پاک کرنا، مسجد میں فساد کو روکنا، جس شخص کا مسجد میں داخلہ شرعاً ممنوع ہے، اسے روکنا وغیرہ یہ بھی مسجد کی تعظیم میں شامل ہے۔ بقدرِ استطاعت ہر مسلمان پر مسجد کی تعظیم فرض ہے۔(۱۴)

﴿۶﴾ جو شخص مسجد کی حرمت کا اعتقاد نہیں رکھتا وہ کافر ہے۔ منافقین نے مسجد قبا کی توہین کی، وہ کہتے تھے کہ ہم عمرو بن عوف کی بیوی کے گدھا باندھنے کی جگہ نماز نہیں پڑھیں گے۔ یہ کلمہ کفر ہے اور رب تعالیٰ نے قرآن مجید میں

---

(۱۲) ☆ رواہ الائمہ احمد والبخاری ومسلم والترمذی وابن ماجہ بحوالہ

☆ جامع صغیر، از امام جلال الدین سیوطی ج۲، ص۲۸۸

(۱۳) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص۵۰۴

(۱۴) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص۵۰۴

marfat.com

اسے ''کُفرًا'' فرمایا ہے۔(۱۵)

﴿۷﴾ جس شخص نے ریا، نمود و نمائش کی خاطر یا حرام کمائی سے مسجد تعمیر کی، یا سرائے، خانقاہ، مدرسہ، پُل، تالاب وغیرہ بنایا۔ اسے آخرت میں کوئی ثواب وغیرہ نہیں ملے گا۔ ان اشیاء کی تعمیر کے لئے رب تعالیٰ نے تقویٰ، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کا جذبہ و اعتقاد لازم ٹھہرایا ہے۔

آیت مبارکہ زیب عنوان میں '' لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى '' کا واضح اصول موجود ہے۔(۱۶)

﴿۸﴾ ہر مسجد جو مسلمانوں کے ضرر یا ریا، یا غیر طیّب مال سے بنائی گئی ہو اس کا حکم مسجد ضرار کا ہے۔ اس میں نماز ادا کرنا جائز نہیں۔ اگر قدرت ہو تو اس کا گرا دینا ضروری ہے۔(۱۷)

﴿۹﴾ موجود مسجد کے قریب دوسری مسجد بنانا جائز نہیں۔ اس سے پہلی مسجد کے نمازی متفرق ہو جائیں گے اور مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنا کسی طرح جائز نہیں۔ اس نئی مسجد کو منہدم کر دیا جائے تا کہ مسلمان نمازی متفرق نہ ہوں۔ البتہ اگر محلّہ کی آبادی بڑھ گئی اور پہلی مسجد نمازیوں کے لئے کافی نہ رہی تو دوسری مسجد بنانا جائز ہے۔ اسی طرح

---

(۱۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۵۰۵

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۱۰۱۲

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۵۷

(۱۶) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص ۱۰۱۴

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۵۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۹۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۵۰۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۳۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۸۱

(۱۷) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۵۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۵۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۷۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۹۷

marfat.com

ایک آبادی یا شہر میں دو تین جامع مسجد بنانا بہتر نہیں۔

امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اسلامی لشکر نے جب کثیر علاقے فتح کئے، اور غیر مسلم علاقے اسلامی سلطنت میں شامل ہوئے تو آپ نے حکم فرمایا کہ ایک شہر میں دوسری مسجد اس طرح نہ بنائی جائے کہ پہلی مسجد کے نمازی متفرق ہو جائیں۔(۱۸)

انتباہ:

آج کل مسلمانوں پر تعجب ہوتا ہے کہ نام ونمود اور شہرت کی غرض سے ہر طرف مسجدیں تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ اکثر مقامات پر تو ان کی ضرورت ہی نہیں کہ وہاں پہلے سے مسجد موجود ہے۔ انہیں اپنا اقتدار واعزاز مطلوب ہے، اسلامی اصول پیش نظر نہیں۔ کاش کہ یہ حضرات اسلامی اصولوں کو ترجیح دیں۔(۱۹)

﴿۱۰﴾ کنیسہ، بیعہ، گرجا، مندر وغیرہ غیر مسلموں کی عبادت گاہوں میں پاک جگہ پر اگر آدمی نماز پڑھ لے تو اس کی نماز جائز ہے جب کہ وہاں جانداروں کی تصاویر اور بت نہ ہوں۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا کَانَ یُصَلِّیْ فِی الْبِیْعَۃِ اِذَالَمْ یَکُنْ فِیْھَاتَمَاثِیْلُ(۲۰)

جلیل القدر مفسر قرآن حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما گرجا میں نماز پڑھ لیا کرتے جب وہاں بت اور جانداروں کی تصاویر نہ ہوتیں۔(۲۱)

﴿۱۱﴾ غیر مسلموں کی عبادت گاہ گرجا، مندر، کلیسا وغیرہ کی جگہ مسجد بنانا جائز ہے۔

---

(۱۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان. ج۸،ص ۲۵۴

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۷۸

(۱۹) ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۷۸

(۲۰) ☆ رواہ البخاری فی ترجمۃالباب ج۱،ص ۶۲

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان. ج۱،ص ۲۵۵

marfat.com

حدیث شریف میں ہے۔

اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اَمَرَهٗ اَنْ یَّجْعَلَ مَسْجِدَ الطَّائِفَ حَیْثُ کَانَ طَوَاغِیْتُهُمْ (۲۲)

نبی اکرم ﷺ نے حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ بتوں کے مقام پر طائف میں مسجد بنالو۔ (۲۳)

﴿۱۲﴾ مسجد ضرار کی طرح کی مسجد، گرجا، مندر، کلیسا میں مسلمان تعمیر میں حصہ نہیں لے سکتا، حصہ لے گا تو گناہ گار ہوگا۔ دامے درمے، قدمے، سخنے کسی حیثیت سے مسلمان ان کی مدد نہیں کر سکتے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے دریافت فرمایا کہ تم نے مسجد ضرار کی تعمیر میں کیا حصہ لیا۔ اس نے کہا، صرف ایک ستون مہیا کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت کو وہ تیری گردن کا طوق بنے گا۔ (۲۴)

فائدہ جلیلہ:

چار مسجدوں کی بنیاد اور تعمیر انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے فرمائی۔

☆ **بیت اللہ شریف**: حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت سیدنا اسمٰعیل ذبیح اللہ علیہما السلام نے بیت اللہ شریف کو تعمیر فرمایا۔

☆ **بیت المقدس شریف**: حضرت سیدنا داؤد اور حضرت سیدنا سلیمان علیہما الصلوۃ والسلام نے تعمیر فرمایا۔

☆ **مسجد نبوی شریف** اور

☆ **مسجد قبا شریف** حضور سید عالم نبی الثقلین امام القبلتین ﷺ نے تعمیر فرمائیں۔ (۲۵)

---

(۲۲) ☆ رواہ ابوداؤد عن عثمان بن ابی العاص، ج ۱، ص ۷۱

☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب المساجد

(۲۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۵۵

(۲۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۲۵۴

(۲۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۱، ص ۲۶۲

marfat.com

فائدہ عظیمہ:

مسجد قبا کا اولین معمار حضرت سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ہیں۔ تعمیر مسجد کے وقت نبی عمرو بن عوف معاونت فرماتے تھے۔(۲۶)

فائدہ عظمیٰ:

مسجد قبا ہی وہ پہلی مسجد ہے جس میں حضور آقا و مولیٰ سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ کھلے بندوں بغیر کسی خوف وخطر کے، ہجرت کے بعد، نماز باجماعت ادا فرمائی۔(۲۷)

﴿۱۳﴾ بعض مساجد میں نماز ادا کرنا مزید ثواب کا باعث ہوتا ہے۔

چنانچہ مسجد قبا شریف میں دو رکعت نفل کا ثواب عمرہ کے برابر ہے۔

صَلَاةً فِیْ مَسْجِدِ قُبَآءَ كَعُمْرَةٍ(۲۸)

مسجد قبا میں نماز کا ثواب ایک عمرہ کے برابر ہے۔

نیز حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ صَلّٰی فِیْ مَسْجِدِ قُبَآءَ رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ عُمْرَةٌ(۲۹)

جس نے وضو کیا اور عمدہ وضو کیا پھر دو رکعت نماز مسجد قبا میں ادا کی اس کے لئے عمرہ کا ثواب ہے۔

یہی وجہ ہے کہ صالحین اور اولیاء اللہ کے مزارات کے قریب مسجدیں بنادی جاتی ہیں تا کہ ان میں نماز کا اجر زیادہ ہو۔ اولیاء اللہ کے مزارات کے قریب مسجدیں بنانے کی ترغیب قرآن مجید میں ہے:

---

(۲۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۵۰۴

(۲۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳، ص ۵۰۴

(۲۸) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ عن اُسید بن ظہیر الانصاری، ج۲، ص۲۶۷

☆ ورواہ الترمذی والحاکم وابن ماجہ

(۲۹) ☆ رواہ الطبرانی عن سہل بن حُنیف، بحوالہ کنز العمال، ج۱۲، ح۳۴۹۶۹

marfat.com

قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَسْجِدًا (سورۃالکھف آیت، ۲۱)

وہ بولے جو اس کام میں غالب رہے تھے قسم ہے کہ ہم تو ان پر مسجد بنائیں گے۔(۳۰)

﴿۱۴﴾ ایک مسجد میں دو جماعتوں کی اجازت نہیں کہ اس سے نمازیوں میں تفرقہ پڑ جائے گا۔ البتہ اتفاق سے اگر کسی کی عذر سے جماعت رہ گئی اور وہ جماعت اولیٰ کے ساتھ شامل نہ ہوسکا تو وہ دوسری جماعت کرواسکتا ہے یا دوسری جماعت میں شامل ہوسکتا ہے۔ اس سے تفریق بین المسلمین کا اندیشہ نہیں۔(۳۱)

﴿۱۵﴾ اصول یہ ہے کہ غصب کی ہوئی زمین میں نماز منھی لغیر ھا (کسی بیرونی سبب سے منع) ہے۔ یعنی ممانعت کی وجہ غصب شدہ زمین ہے نہ کہ نماز، لیکن چونکہ نماز جائے نماز کے ساتھ اس طرح متصل نہیں جس طرح وقت کے ساتھ متصل ہے، یا جس طرح روزہ وقت کے ساتھ متصل ہے اسی لئے اوقاتِ مکروہہ کی طرح غصب شدہ زمین میں نماز پڑھنا نہ مکروہ ہے نہ فاسد۔ جیسا کہ یوم نحر (قربانی کے دن) روزہ فاسد ہوتا ہے۔(۳۲)

﴿۱۶﴾ نماز کا امام صحیح العقیدہ، صحیح القرأۃ، نماز کے ضروری مسائل سے بخوبی واقف ہو۔ فاسق وفاجر، بدعقیدہ نہ ہو۔ ورنہ مقتدیوں کی نماز نہ ہوگی۔

بنی عمرو بن عوف نے جب مسجد قبا کی تعمیر نو کی تو انہوں نے امیر المؤمنین سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اجازت چاہی کہ مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ کو امام بنالیں۔ انہوں نے اجازت نہ دی اور فرمایا کہ یہ مسجد ضرار کا امام نہیں رہا؟ مجمع نے عرض کی حضور! میرا عذر سن لیجئے۔ اللہ کی قسم میں وہاں نماز پڑھاتا رہا لیکن مجھے علم نہ تھا کہ یہ بڈھے سازشی کیا چاہتے ہیں۔ وہ قرآن پڑھنا نہیں جانتے تھے اور میں جوان قرآن پڑھتا تھا۔ مجھے اپنے

(۳۰) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی حصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۲۰

(۳۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۵۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۹

(۳۲) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۷۸

marfat.com

گناہ کا علم نہ تھا۔ نہ معلوم تھا کہ ان ضرار والوں کے دلوں میں کیا کفر نہاں تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جب یقین ہو گیا کہ یہ صحیح العقیدہ ہے، اس میں نفاق نہیں تو آپ نے اس کا عذر قبول کر لیا۔ تب جا کر وہ مسجد قبا کا امام بنا۔ (۳۳)

﴿۱۷﴾ جس جگہ پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا غضب نازل ہوا ہو وہاں جانا اور وہاں ٹھہرنا منع اور برکت سے، خالی ہے۔ مسجد ضرار کی جگہ اگرچہ مدینہ منورہ کی پاک سرزمین میں واقع ہے مگر جب مسجد ضرار کے بارے میں قرآن مجید کی وعید نازل ہوئی اور رسول اللہ ﷺ نے مسجد کو جلوا اور گرا دیا تو اس جگہ کو کوڑا کرکٹ پھینکنے اور مردار ڈالنے کی جگہ بنا دی۔ حضور سید عالم رحمۃ للعالمین ﷺ خود کبھی مسجد ضرار کے راستے سے نہ گزرے۔

کچھ عرصہ بعد آپ نے وہ قطع زمین حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کو دینا چاہی انہوں نے قبول نہ کی۔ بعد ازاں حضور نے وہ جگہ حضرت ثابت بن ارقم کو دے دی کہ وہ اس میں اپنا مکان بنا لیں۔ لیکن اس گھر میں کوئی بچہ پیدا نہ ہوا بلکہ اس مکان میں کسی مرغی نے انڈا اور نہ کسی کبوتر نے انڈا دیا۔

اس زمین میں کنواں کھدوایا گیا لیکن اس سے دھواں نکلا۔ (۳۴)

﴿۱۸﴾ ہر فعل کے حسن یا قبیح ہونے کا فیصلہ نیت پر موقوف ہے۔ بظاہر نیک عمل بری نیت سے برا بن جاتا ہے اور مباح فعل اچھی نیت سے کارِ ثواب بن جاتا ہے۔ منافقین نے مسجد بنائی، مسجد کی تعمیر اللہ تعالیٰ کے ہاں محبوب افعال

---

(۳۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۱، ص ۲۵۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۹۱

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۱

(۳۴) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۳، ص ۱۵۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص ۱۵۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۰۰

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۳، ص ۲۰۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۱۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۱، ص ۲۵۱

marfat.com

میں سے ہے مگر ان کی نیت اس سے مسجد کے مقاصد حاصل کرنا نہ تھے بلکہ ان کے پیشِ نظر مسلمانوں کو نقصان پہنچانا، کفر کی تبلیغ اور تقویت، مسلمانوں میں تفرقہ بازی اور مسلمانوں کے خلاف جنگ کا اڈا بنانا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اس کے گرانے، جلانے کا حکم دیا کہ ان کا یہ عمل بری نیت سے برا تھا۔ اس لئے بندۂ مومن پر لازم ہے کہ وہ اپنے اعمال میں اچھی نیت قائم رکھے۔ بری نیت، ریا، نمود، شہرت وغیرہ کو دخل نہ دے۔ (۳۵)

﴿۱۹﴾ جسم اور لباس کی پاکیزگی آدمی کی مروت اور شرعی حکم ہے۔ اس لئے بندۂ مومن ہر وقت اپنا بدن اور لباس پاک اور صاف رکھے۔

امام الطیبین سید الطاہرین حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کو رب کریم جل وعلا کا ارشاد ہے۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ (سورۃ المدثر آیت، ۴)

اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔

اور ارشاد فرماتا ہے۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ (سورۃ التوبۃ آیت، ۱۰۸)

اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔

بدن اور کپڑوں کو نجاست سے پاک کرنا فرض ہے۔ اگر نجاست بقدر درہم ہو تو دھوئے بغیر نماز جائز نہیں۔ یاد رہے مساحت کے اعتبار سے درہم کی مقدار یہ ہے کہ انسان اپنی ہتھیلی پھیلائے اور اس پر پانی کھڑا کرے۔ جتنی جگہ پانی کھڑا ہو جائے وہ درہم کی مساحت ہے اور وزن کے اعتبار سے درہم کی مقدار ساڑھے چار ماشہ ہے۔ (۳۶)

(۳۵) احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۵۷

(۳۶) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۲۶۲

الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۸۹

marfat.com

﴿۲۰﴾ جنابت کی حالت میں سونے سے پہلے غسل کر لینا افضل ہے اور اگر غسل نہ کر سکے تو وضو کرے۔ ہاں اگر بغیر غسل اور وضو کے سو گیا تو گناہگار نہ ہوا۔ (۳۷)

﴿۲۱﴾ جو آدمی ختنہ شدہ نہ ہو اس پر فرض ہے کہ غسل کے وقت اقلف تک پانی پہنچائے کہ اس میں ہرج نہیں۔ ورنہ غسل ادا نہ ہوگا۔ (۳۸)

﴿۲۲﴾ رفعِ حاجت کے بعد بہتر یہ ہے کہ پہلے ڈھیلوں یا پتھروں سے استنجا کرے اور پھر پانی کے ساتھ طہارت کرے۔ صرف پانی سے استنجا افضل ہے یہ اس وقت ہے کہ جب نجاست مخرج سے بقدر درہم تجاوز نہ کرے اور اگر نجاست مخرج سے بقدرِ درہم تجاوز کر جائے تو پانی سے طہارت فرض ہے۔ (۳۹)

﴿۲۳﴾ استنجا کے لئے ڈھیلوں یا پتھروں کا عدد معین نہیں۔ اگر تین سے طہارت حاصل نہ ہو تو زیادہ استعمال کرنا جائز بلکہ واجب ہے۔ (۴۰)

﴿۲۴﴾ پتھروں، ڈھیلوں اور پانی کے بغیر کسی اور شے سے استنجا نہ کرے۔ مثلاً ہڈی، گوبر، لید، گھاس، کاغذ وغیرہ کہ ان سے استنجا کرنے سے مفلسی پیدا ہوتی ہے۔ (۴۱)

﴿۲۵﴾ ڈھیلوں سے استنجا کرنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ گرمیوں میں مرد پہلا ڈھیلا آگے سے پیچھے کی طرف استعمال کرے۔ دوسرا ڈھیلا پیچھے سے آگے کی طرف استعمال کرے اور تیسرا ڈھیلا پہلے ڈھیلے کی طرح آگے سے

---

(۳۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ج ۴۷۸

(۳۸) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۹

(۳۹) ☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۵۸

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۱۹۶

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۲۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۱۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد حیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۷۹

(۴۰) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

(۴۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

marfat.com

پیچھے کی طرف استعمال کرے۔ سردیوں میں اس کے برعکس کرے۔ یعنی پہلا ڈھیلا پیچھے سے آگے کی طرف استعمال کرے۔ اسی طرح دوسرا ڈھیلا اور تیسرا ڈھیلا گرمیوں کے برعکس استعمال کرے۔

عورت ہمیشہ سردی اور گرمی میں پہلا ڈھیلا آگے سے پیچھے کی طرف استعمال کرے۔ دوسرا ڈھیلا پیچھے سے آگے کی طرف اور تیسرا ڈھیلا پہلے کی طرح آگے سے پیچھے کی طرف استعمال کرے۔ (۴۲)

فائدہ:

پانی سے استنجا سب سے پہلے حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے کیا۔ (۴۳)

﴿۲۶﴾ مستحاضہ عورت کو پیشاب و پاخانہ کے بغیر ہر وضو کے لئے پانی سے استنجا کرنے کی ضرورت نہیں۔ (۴۴)

﴿۲۷﴾ ہوا چلنے یا سو کر اٹھتے وقت وضو کے لئے استنجا کرنا بدعت ہے، اس سے احتراز لازم ہے۔ یہ فضول ہے۔ (۴۵)

﴿۲۸﴾ شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ (۴۶)

فائدہ: تقویم قمری کی ابتداء ہجرتِ مدینہ منورہ ہے۔ مدینہ منورہ پہنچ کر حضور سیدِ عالم ﷺ نے قبا میں مسجد کی بنیاد رکھی۔ اسلام کی یہ پہلی مسجد ہے۔ اسی سے سن ہجری کی ابتداء ہوئی۔ قرآن مجید نے ''مِنْ اَوَّلِ یَوْمٍ'' فرمایا ہے۔ (۴۷)

﴿۲۹﴾ طہارت کے مکمل ہونے سے عبادت سہل ہو جاتی ہے اور طہارت کا کامل اور تمام ہونا عبادت میں مددگار ہوتا ہے۔ لہٰذا بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ بدن، لباس اور قلب کی طہارت کا پورا اہتمام کرے۔ (۴۸)

☆☆☆☆☆

(۴۲) التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۷۹

(۴۳) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

(۴۴) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

(۴۵) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

(۴۶) تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۰۸

(۴۷) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۲۱

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۱۱

(۴۸) تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۹۰

marfat.com

باب (۲۰۴):

﴿سچوں کی معیت اختیار کرو﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

یٰٓاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ☆ (سورۃالتوبۃ آیت،۱۱۹)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو۔

حل لغات:

"اتَّقُوا اللّٰہ": اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین جل مجدہ الکریم سے ڈرنے کا مفہوم یہ ہے کہ ہر ایسے قول، فعل، عمل، نیت سے بچتے رہو جس میں ربِ عظیم جل جلالہ اور اس کے محبوب رسول کریم ﷺ کی ناراضی ہو۔ ظاہر ہے اللہ و رسول (جل جلالہ وﷺ) کی ناراضی انہی کاموں میں ہے جن سے انہوں نے روک رکھا ہے۔ ان کے منع کئے ہوئے کاموں میں ان کی ناراضی ہے۔ اس آیت میں ان کی ناراضی کے کاموں سے روکا گیا ہے۔ بندۂ مومن جب اللہ و رسول (جل وعلا وﷺ) کی ناراضی کے کاموں سے اپنے کو بچا کر رکھے گا اور یہ عمل اس کی طبیعت ثانیہ بن چکی ہوگی تو وہ متقی کامل ہے، ولیِ کامل ہے، صادق ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے "صِدِّیق" بن جائے گا۔(۱)

"وَکُوْنُوْا": کَانَ یَکُوْنُ کَوْنًا سے امر کا صیغہ ہے. کَانَ افعال ناقصہ سے ہے، جو مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس مقام پر بمعنی ہونا، موجود ہونا، بن جانا وغیرہ ہے۔ کَانَ کے ساتھ جس جنس کو متصف کیا جاتا ہے وہ وصف اس کو لازم ہوتا ہے، اس سے جدا نہیں ہوتا۔ اس آیت مبارکہ میں متقی مومنوں کو صِدق کے ساتھ متصف کیا گیا ہے، گویا صِدق متقی مومنوں کی صفت لازمہ ہے۔ اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو۔ تقویٰ تمہارا لازمی

(۱) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۱
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۵

marfat.com

وصف ہو، اسی طرح صدق والوں کی معیت ایسی لازم کرلو کہ تم خود صادقین بن جاؤ۔(۲)

"مَعَ": معیت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔اس معیت سے مراد روحانی طور پر معیت ہے۔البتہ بعض اوقات جسمانی اور مکانی معیت بھی میسر ہو جاتی ہے۔

جلیل القدر مفسرین نے فرمایا ہے کہ اس مقام پر مَعَ بمعنی مِنْ اور فِیْ کے ہے۔یعنی تم سچوں کی جماعت سے ہو جاؤ یا سچوں میں شمار ہونے لگو۔(۳)

"اَلصّٰدِقِیْنَ": صادق وہ ہے جس کا ظاہر اور باطن یکساں ہو۔ایسی صفات والے کے عقیدہ سے نِفاق، فعل اور عمل سے شریعت کی مخالفت دور ہو جاتی ہے۔

یہی صفت اگر کمال کو پہنچ جائے تو بندۂ مومن "صِدِّیق" کہلاتا ہے۔

آیت میں الصادقین سے حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام، حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق اور دیگر مہاجر اور انصار صحابہ مراد ہیں۔رضوان اللہ تعالیٰ علیہم۔(۴)

---

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۱۲۹

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ و النظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی ،مطبوعہ بیروت، ص ۴۱۱

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص ۴۴۴

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۹۴

(۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۹۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۹۳

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۵۱۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۱۱

(۴) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۱۱

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۳۱۶

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی 'مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۸۹

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۴۲

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۵

marfat.com

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ہر بندۂ مومن پر فرض ہے کہ وہ اپنے خالق، مالک اور ربِ حقیقی کے ہر فرمان کو صدقِ دل سے بجالائے اور ایسے اُمور کی انجام دہی سے کامل احتراز کرے جس سے اس مالک ومولیٰ جل وعلا کی ناراضی کا شائبہ ہو۔ اسی کے ساتھ اپنے حامی، شفیع، ناصر اور رحمتہ للعالمین رسول معظم نبی اکرم ﷺ کی سہل وآسان شریعت کی کامل غیر مشروط اتباع کرے۔ شریعتِ مطہرہ کا کوئی حکم نہ توڑے۔ اللہ ورسول جل وعلا ﷺ کی قائم کی ہوئی حدوں کے قریب تک نہ جائے۔ ایسا نہ ہو کہ وہ ان حدوں کو توڑ کر اپنے مالک ورب اور اپنے آقا ومولیٰ رسول کو ناراض کرلے۔ اگر ایسا ہوا تو دین ودنیا دونوں کا خسارہ یقینی ہے۔ اس نقصان وخسران سے بچنا تقویٰ ہے اور اس تقویٰ کا حصول ہر بندۂ مومن پر لازم ہے۔ (۵)

﴿۲﴾ تقویٰ کے مختلف مدارج ومراحل ہیں۔ ادنیٰ درجہ شرک سے بچنا ہے اور اعلیٰ ماسوا اللہ سے قطع تعلق کر کے صرف وحدہ لاشریک ذات سے اپنا تعلق وابستہ کرلینا ہے۔ بندۂ مومن میں جتنی استعداد ہے اسی نوعیت کا تقویٰ اختیار

---

(۵)

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۶۰

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲،ص ۱۰۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸،ص ۲۸۹

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۳۹۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۲۲۱

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۱۱۱

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳،ص ۵۱۴

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۷۴

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۵۱

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۵۳۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱،ص ۴۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۹۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۹۳

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۲۴۲

martat.com

کرے، اسی میں اس کی نجات ہے۔(۶)

﴿۳﴾ ہر بندۂ مومن پر فرض ہے کہ سچوں کی معیت اختیار کرے۔ سچوں کی معیت بعض اوقات جسمانی ومکانی معیت سے میسر آسکتی ہے لیکن ہر وقت ممکن نہیں۔ ایسی صورت میں ان کی معیت حاصل کرنے کا طریقہ وذریعہ یہ ہے کہ وہ راہ اختیار کرے جو سچوں کی راہ ہے۔ سچوں کا طریقہ اپنائے۔ سچوں سے محبت کرے، سچوں کی راہ کی خلاف ورزی نہ کرے۔ اپنے ظاہر وباطن کو یکساں رکھے۔ اس کے عقیدہ سے نفاق کی بو نہ آئے، اس کے عمل، اس کی نیت اس کے قول سے ثابت ہو کہ یہ خود سچوں کی جماعت کا فرد ہے۔ حضور نبی اکرم سید الرسل ﷺ، سید الصادقین حضرت سیدنا ابوبکر صدیقِ اکبر، امام الصادقین سیدنا عمر فاروقِ اعظم اور دیگر تمام مہاجر وانصار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، اہلِ بیتِ اطہار، امت کے اخیار وابرار سب کی اتباع ومحبت اپنے اوپر لازم رکھے۔ بندہ مومن کا کوئی لمحہ، کوئی سانس، کوئی حالت، کوئی کیفیت سچائی اور سچوں سے جدا نہ ہو۔ وہ سچوں کی معیت اس طرح اختیار کرے اور اس سے اس مرتبہ تک پہنچ جائے کہ اس کی معیت سچائی اور سچوں کی حقانیت کا معیار بن جائے۔ قرآن مجید اور احادیث طیبہ اور اسلاف واخیارِ امت کا اسی پر اجماع ہے۔

ہر کہ درکانِ نمک رفت، نمک شد۔(۷)

---

(۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

(۷) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۵

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۶۰

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۱۰۲۷

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۲۸۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۹۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۲۰

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۷۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۹۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۹۳

marfat.com

﴿۴﴾ انبیاء ورسل علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد امت کے اولیاء اللہ کے بے شمار مراتب ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا مرتبہ سب سے بلند ہے۔ کوئی ولی' خواہ کسی درجہ تک فائز ہو جائے مگر صحابی کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ اسی پر امت کا اجماع ہے۔ مگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں بعض وہ ہیں جو درجہ صِدِّیقِیَّتْ پر فائز ہیں۔ صِدِّیق کا مرتبہ نبی کے بعد سب سے بلند ہے۔ بلکہ بعض انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو صِدِّیق کا لقب عطا فرمایا۔

حضرت ادریس علیہ السلام کے بارے میں ارشاد ربانی ہے۔

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا☆ (سورہ مریم. آیت، ۵۶)

اور کتاب میں ادریس کو یاد کرو۔ بے شک وہ صدیق تھا غیب کی خبریں دیتا۔

صدیق کو اللہ تعالیٰ جل وعلا وہ قُرب عطا فرماتا ہے کہ صدیق جو کہہ دے وہ واقع میں ہو کر رہتا ہے، اگر چہ صدیق کے کہنے سے پہلے وہ امر ایسا نہ ہو۔

سیدنا حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ السلام بھی صِدِّیق ہیں۔ ان سے ایک خواب کی تعبیر دریافت کی گئی مگر کیسے پیارے انداز میں ان سے خطاب ہوا:

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا.....الآية (سورہ یوسف آیت ۴۶)

اے یوسف، اے صدیق! ہمیں تعبیر دیجئے۔

آپ نے دو قیدیوں کی خوابوں کی تعبیر دی۔ ایک قیدی کو تعبیر ناگوار لگی وہ ٹال مٹول کرنے لگا کہ حضور! میں نے فی الواقع خواب نہیں دیکھی۔ یونہی واقع بنا کر آپ سے اس کی تعبیر پوچھ لی۔ گویا میرے بارے میں آپ

(بقیہ ۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۱۱

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۵۱۴

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبد الرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۳۱۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۴۲

marfat.com

اپنے کلمات واپس لے لیجئے۔آپ نے فرمایا:

قُضِیَ الْاَمْرُ الَّذِیْ فِیْهِ تَسْتَفْتِیٰنِ ☆ (سورہ یوسف آیت، ۴۱)

حکم ہو چکا اس بات کا جس کا تم سوال کرتے تھے۔

صدیق کا کہا ہوا ٹلتا نہیں۔اللہ تعالیٰ اپنی تقدیر کو اسی طرح کر دیتا ہے۔

خاتم المرسلین حضور سیدنا و مولانا محمد رسول اللہ ﷺ کی امت میں سب سے پہلے صدیق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔

پھر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد دیگر چند صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین صدیق ہیں۔

''صدیق'' کا انکار منصبِ رسالت کی عظمت کا انکار ہے۔کیونکہ صدیق شاہکار نبوت ہوتا ہے۔(۸)

﴿۵﴾ سچائی میں بے شمار دینی و دنیوی فوائد ہیں اور جھوٹ سراسر ہلاکت کا باعث اور شرمساری کا موجب ہے۔

قرآن مجید کی متعدد آیات کے علاوہ احادیث صحیحہ مرفوعہ کثیرہ اس حوالہ سے موجود ہیں۔

ایک حدیث شریف میں ہے۔

عَلَیْکُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّ الصِّدْقَ یَهْدِیْ اِلَی الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ یَهْدِیْ اِلَی الْجَنَّةِ وَمَایَزَالُ الرَّجُلُ یَصْدِقُ وَیَتَحَرَّی الصِّدْقَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَاللّٰهِ صِدِّیْقًاوَاِیَّاکُمْ وَالْکِذْبَ فَاِنَّ الْکِذْبَ یَهْدِیْ اِلَی الْفُجُوْرِ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَهْدِیْ اِلَی النَّارِ وَمَایَزَالُ الرَّجُلُ یَکْذِبُ وَیَتَحَرَّی الْکِذْبَ حَتّٰی یُکْتَبَ عِنْدَاللّٰهِ کَذَّابًا.(۹)

---

(۸) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان أندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۱۱

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸، ص ۲۸۹

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص ۱۰۲

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۲۴۲

(۹) ☆ رواہ الائمہ مسلم. ج۲، ص ۳۲۵

☆ ورواہ الترمذی، ج۲، ص ۲۷

☆ ورواہ ابن ابی شیبہ. ج۶، ص ۱۲۲

☆ ورواہ احمد، ج۶، ص ۱۱

marfat.com

سچائی کو ہمیشہ لازم اختیار کرو۔ کیونکہ سچائی نیکی کا راستہ دکھاتی ہے اور نیکی جنت کا راستہ دکھاتی ہے۔ آدمی سچ بولنا لازم کر لیتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے۔ خبردار! جھوٹ سے دور رہو۔ کیونکہ جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ دوزخ کا راستہ دکھاتا ہے۔ آدمی جھوٹ بولتا رہتا ہے یہاں تک کہ اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے۔

اس لئے بندۂ مومن پر فرض ہے کہ وہ ہر حال میں سچ بولے، سچ اختیار کرے۔ سچوں کے ساتھ رہے۔ جھوٹ سے پرہیز کرے۔ جھوٹوں سے قطع تعلق کرے تا کہ دین و دنیا میں سرفراز رہے۔

جسے اللہ تعالیٰ فہم صحیح اور عقل سلیم عطا کرے اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اقوال میں صدق کو، اعمال میں اخلاص کو اور احوال میں صفا کو لازم پکڑے اور جو ایسا کرے گا ان شاء اللہ ابرار سے ملے گا اور ربِ غفار کی رضا پائے گا۔ (۱۰)

﴿۶﴾ اصلاح بین الناس کی خاطر تین مقامات پر جھوٹ بولنے پر گرفت اور مواخذۂ الٰہی نہیں ہوگا۔

اول : شوہر اور بیوی کے درمیان اختلاف کو دور کرنے والا جب زوجین سے بات کرے تو بعض حالات میں جھوٹی بات کہہ کر دونوں کو راضی کر لیتا ہے۔ ایسا جھوٹ اصلاح کے لئے ہے۔ یونہی خود خاوند بیوی کو راضی کرنے کے لئے جھوٹی بات کہہ دے۔

دوم : دو بھائیوں، ہمسایوں یا دو مسلمانوں کے درمیانی اختلاف کو ختم کرنے والا اگر دونوں کے غم و غصہ کو دور کرنے کے لئے کوئی ایسی بات کہہ دے جو فی الواقع نہ ہو مگر اس سے اصلاح ممکن ہو تو ایسا جھوٹ جائز ہے۔

سوم : جنگ کی حالت میں جھوٹی بات کہہ دینا جنگ کے طریقوں میں سے ہے، اس پر بھی مواخذہ نہ ہوگا۔

حدیث شریف میں ہے۔

لَایُحِلُّ الْکِذْبَ اِلَّافِیْ ثَلٰثٍ : یُحَدِّثُ الرَّجُلُ اِمْرَاَتَهٗ لِیُرْضِیَهَا وَالْکِذْبَ فِی الْحَرْبِ

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبیؒ مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۲۸۹
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۱۱

marfat.com

وَالْكِذْبَ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ.(۱۱)

سوائے تین صورتوں کے جھوٹ بولنا جائز نہیں۔ خاوند اپنی بیوی سے جھوٹ بولے کہ وہ راضی ہو جائے۔ جنگ میں جھوٹ بولنا۔ لوگوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے جھوٹی بات کہنا۔(۱۲)

﴿۸﴾ جھوٹ بولنا کسی حالت میں جائز نہیں نہ سنجیدہ گفتگو میں، نہ مذاق میں۔ جو بات کرے سچی کرے اور پورے کرنے کے ارادے سے کرے۔ حتیٰ کہ بچوں کے ساتھ بھی جھوٹا وعدہ نہ کرے، ان سے وہی بات کرے جو پوری کر سکے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ الْكِذْبَ لَايُصْلِحُ مِنْهُ جِدٌّ وَّلَاهَزْلٌ(۱۳)

جھوٹ بولنا نہ سنجیدہ حالت میں جائز ہے نہ مذاق کے طور پر۔(۱۴)

﴿۹﴾ ہمارے ہاں تجارت میں، بالعموم غلط بیانی سے کام لے کر نفع کمایا جاتا ہے۔ جھوٹی قسم کھانا معمول ہے۔ سودا میں ملاوٹ، قیمت میں غبن، بیچی جانے والی شے کی بے جا تعریف اور خریدی جانے والی شے میں خواہ مخواہ نقص،

---

(۱۱) ☆ رواه الترمذی عن اسماء بنت یزید. ج۲، ص۲۴

☆ مسندامام احمد، ج۶، ص۴۵۹، ۴۶۱، ۴۵۴

☆ ونحومسلم عن ام کلثوم بنت عقبه بن ابی محیط، ج۲، ص۳۲۵

(۱۲) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۱، ص۴۵

☆ الدرالمنثورفی التفسیر الماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکربیروت، ج۴، ص۴۱۸

(۱۳) ☆ رواه احمد، ج۱، ص۴۱۰

☆ ورواه الدارمی فی الرقاق

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۸۹

☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی، مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۹۹

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت، ج۵، ص۱۱۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعه لاهور، ج۲، ص۲۹۳

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۱، ص۴۵

☆ الدرالمنثورفی التفسیر الماثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دارالفکربیروت، ج۴، ص۳۱۶

marfat.com

اور پھر بعض اوقات سودی کاروبار..... یہ سب چیزیں اپنائی تو نفع کی خاطر جاتی ہیں مگر الٹا اسے ان سے نقصان ہوتا ہے اور آخرت کا خسارہ تو کسی کو یاد ہی نہیں (الا ماشاء اللہ)۔

اسی لئے حدیث شریف میں ارشاد ہے۔

اِنَّ التُّجَّارَ یُبْعَثُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فُجَّارًا اِلَّامَنِ اتَّقَی اللّٰهَ وَبَرَّوَصَدَقَ. (۱۵)

تجارت کرنے والے (اکثر) قیامت کے روز فاجر اٹھائے جائیں گے مگر وہ جو خدا سے ڈرتا رہا، نیکی اختیار کی اور سچ بولتا رہا۔

اس لئے ہر بندۂ مومن پر بالعموم اور تاجر حضرات پر بالخصوص سچ بولنا اور سچی بات کہنا فرض ہے۔ (۱۶)

﴿۱۰﴾ تجارت ایک بہترین پیشہ ہے۔ اس کی کمائی میں برکت ہوتی ہے۔ اس کی کمائی حلال ہے۔ بزرگانِ دین نے بھی اسے اپنایا، مگر اس کی کمائی حلال ہونے میں چند شرائط ہیں۔ حدیث شریف نے انہیں بیان فرمایا ہے۔ ان کی پاس داری سے رزق حلال اور بابرکت ہو جائے گا۔

سید التجار امام الابرار شافع یوم قرار علیہ اطیب الصلوٰۃ واطہر السلام الی ابدالابدین نے ارشاد فرمایا ہے۔

اِنَّ اَطْیَبَ الْکَسْبِ کَسْبُ التُّجَّارِ : اَلَّذِیْنَ اِذَاحَدَّثُوْالَمْ یَکْذِبُوْا، وَاِذَائُتُمِنُوْالَمْ یَخُوْنُوْا، وَاِذَاوَعَدُوْالَمْ یُخْلِفُوْا، وَاِذَااشْتَرَوْالَمْ یَذُمُّوْاوَاِذَابَاعُوْالَمْ یَطْرُوْا، وَاِذَاکَانَ عَلَیْهِمْ لَمْ یُمْطِلُوْا، وَاِذَاکَانَ لَهُمْ لَمْ یُعَسِّرُوْا. (۱۷)

تاجروں کی کمائی سب سے پاکیزہ کمائی ہے، وہ تاجر کہ جب بات کریں تو جھوٹ نہ بولیں، جب ان کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت نہ کریں اور جب تجارت کا قرضہ ادا کرنے کا وعدہ کریں تو وعدہ خلافی نہ کریں۔ اور جب کسی سے کوئی شے خریدیں تو خواہ مخواہ اس کی برائی بیان نہ کریں اور جب

(۱۵) ☆ رواہ سنن الترمذی عن اسمٰعیل بن عبیدبن رفاعہ عن ابیہ عن جدہ

(۱۶) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

(۱۷) ☆ رواہ البیہقی فی شعب الایمان بحوالہ جامع صغیر ج ۱، ص ۱۵۰

marfat.com

وہ اپنی شے فروخت کرنا چاہیں تو اس کی بے جا تعریف نہ کریں۔ اور جب ان پر ادھار ہو تو اس کی ادائیگی میں تاخیر نہ کریں اور جب کسی کے ذمہ ان کا لینا ہو تو اس پر تنگی نہ کریں۔

تجارت کے ان پیارے اسلامی اصولوں کی برکت اٹھانے کی کوشش کریں۔(۱۸)

﴿۱۱﴾ جھوٹ باعث شرمساری ہے، جھوٹے کی شہادت قبول نہیں۔ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ (جل وعلا وﷺ) کا یہی فیصلہ ہے۔(۱۹)

﴿۱۲﴾ جھوٹا آدمی فاسق ہے، جھوٹ گناہ کبیرہ ہے، اس لئے جھوٹا آدمی نماز کی امامت کے اہل نہیں۔(۲۰)

﴿۱۳﴾ سچ دائمی فرض ہے، جو آدمی فرض دائمی ادا نہیں کرتا اس سے فرض مؤقت (ایسا فرض جو کسی وقت کے ساتھ خاص ہو) قبول نہیں کیا جاتا۔(۲۱)

﴿۱۴﴾ صادقین کا موجود ہونا ہر زمانہ میں لازمی ہے، قرآن مجید کے تمام احکام اور تکالیفِ شرعیہ قیامت تک باقی ہیں، ان تکالیفِ شرعیہ میں صادقین کی معیت کا حکم بھی ہے۔ لہٰذا صادقین کا وجود قیامت تک باقی ہے۔ اگر کسی زمانہ میں صادقین کا وجود اٹھ جائے تو قرآن مجید کے حکم پر عمل نہ ہو سکے گا۔

اس لئے بندۂ مومن کو طالبِ صادق بن کر صادقین کی تلاش کرنا چاہئے اور پھر ان کی معیت کو لازم جانے۔(۲۲)

﴿۱۵﴾ امت کا باطل پر اجماع محال ہے۔ جس معاملہ میں امت جمع ہو گی وہی حق ہو گا۔ لہٰذا اجماعِ امت حق اور امت کے لئے حجت ہے۔(۲۳)

☆☆☆☆☆

(۱۸) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

(۱۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۲۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۸۹

(۲۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۲۸۹

(۲۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۰

(۲۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۲۰، ص ۲۲۱

(۲۳) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۲۱

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۹۳

marfat.com

باب(۲۰۵):

علمِ دین حاصل کرنا فرض ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ۔ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِى الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ☆ (سورۃ التوبۃ آیت، ۱۲۲)

اور مسلمانوں سے یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سب کے سب نکلیں تو کیوں نہ ہو کہ ان کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے کہ دین کی سمجھ حاصل کریں اور واپس آ کر اپنی قوم کو ڈر سنائیں اس امید پر کہ وہ بچیں۔

حل لغات:

"لِيَنْفِرُوْا": نَفَرَ (از باب ضَرَبَ) نِفَارًا، نُفُوْرًا، نَفِيْرًا کا معنی ہے متفرق ہونا، جلدی کرنا۔(۱)

یعنی تمام مسلمانوں کے لئے جہاد یا طلبِ علم کے لئے جلدی سے نکلنا اور اطرافِ عالَم میں متفرق ہو جانا جائز نہیں۔

اس طرح فَلَو لَانفَرَ کا معنی یہی ہے چند افراد کا نکلنا تو ممکن ہے وہ کیوں نہیں جہاد یا طلب علم کے لئے نکلتے۔

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۱۳۰۱

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۱۲۹

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۵۰۱

marfat.com

جلیل القدر مفسرین نے فَلَو لَا نَفَرَ سے مراد طلبِ دین کے لئے نکلنا متعین کیا ہے۔(۲)

"فِرقَۃٌ": لوگوں کی جماعت۔(۳)

"طَآئِفَۃٌ": کسی چیز کا ٹکڑا۔ایک رائے وَمذہب کے لوگ، جماعت۔

کبھی ایک فرد پر بھی بولا جاتا ہے۔آیت میں یہی مراد ہے۔(۴)

"لِیَتَفَقَّھُوا": فِقْہٌ سے بنا ہے۔جس کا معنی ہے سمجھ، علم حاضر سے علم غائب حاصل کرنا، نفس کے ضرر رساں اور فائدہ بخش امور کا جاننا، خواہ فکر وعقیدہ کے لحاظ سے ہو یا قول وعمل کے اعتبار سے، اصول کا علم ہو یا فروعِ دین کا۔اصطلاحِ جدید میں فروعِ دین کے علم کو خصوصیت کے ساتھ جاننا فقہ کہلاتا ہے۔(۵)

"یَحذَرُونَ": حَذِرَ (از باب سَمِعَ) حَذَرًا کا معنی ہے ڈرانا، خوف دلانا، چوکنا کرنا۔۔(۶)

---

(۲) ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج ۱۱،ص ۴۹

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت،ج ۳،ص ۵۱۷

(۳) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۹۲۰

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۲،ص ۵۸

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۳۷۷

(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۷۵۸

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کواچی،ص ۳۱۱

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۲،ص ۱۴

☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان،ج ۳،ص ۱۶۲

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج ۸،ص ۲۹۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج ۱۱،ص ۴۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج ۳،ص ۵۳۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۸۲

(۵) ☆ الفروق اللغویۃ ،ازابوہلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ)مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ،کوئٹہ،ص ۱۰۲

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۳۸۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج ۲،ص ۲۹۶

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج ۵،ص ۴۴۶

(۶) ☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص ۱۲۱

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۲۳۵

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۱۱۱

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۶۲

marfat.com

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ تمام مسلمانوں کے لئے یک بارگی جہاد یا طلب دین کے لئے نکلنا ممکن نہیں اس میں مختلف نوعیت کی تکلیفیں ہیں اس کا آسان حل یہ ہے کہ بڑی جماعت میں سے چند اشخاص جہاد یا طلبِ دین کے لئے گھروں سے نکل آئیں اور جب وہ دین میں خوب سمجھ حاصل کرلیں تو واپس آکر اپنی قوم کو ہلاکت والی چیزوں سے روکیں۔ انہیں سیکھا ہوا دین اور اس کے احکام بتائیں تا کہ وہ اس پر عمل کر کے آخرت کے عذاب اور رسوائی سے بچ جائیں۔

شانِ نزول:

اس آیت کے شانِ نزول میں چند روایات مروی ہیں۔ ممکن ہے کہ ان سب کے پیش نظر یہ آیت نازل ہوئی ہو۔

(۱) قبیلہ مضر وغیرہ کے لوگ آس پاس سے آکر مدینہ طیبہ آباد ہو گئے تا کہ حضور سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دین سیکھیں۔ عملی طور پر اس کے دو نقصان ہوئے۔ ایک یہ کہ ان کے اپنے علاقے ویران ہو گئے اور دوسرے یہ کہ مدینہ منورہ میں ان کے خلاف معمول آنے سے تنگی ہو گئی۔ معاش میں تنگی کے آثار نمایاں ہو گئے اس لئے حکم نازل ہوا کہ تمام کے تمام مسلمان علم دین سیکھنے نہ نکل کھڑے ہوں، بعض مسلمان علم دین حاصل کرنے کا فریضہ انجام دیں پھر یہ واپس آکر دوسرے مسلمانوں کو احکام دین سکھائیں تا کہ کسی طرح کی دشواری پیدا نہ ہو۔ (۷)

(۲) غزوہ تبوک میں جو لوگ غزوہ میں شامل ہونے سے رہ گئے تھے ان کے بارے میں شدید احکام نازل ہوئے اس کے بعد جو لشکر اسلام بھی جہاد کیلئے نکلا تمام لوگ اس میں شامل ہو جاتے مدینہ منورہ کی حالت یہ ہو جاتی کہ حضور پرنور جانِ عالم ﷺ بعض اوقات اکیلے رہ جاتے۔ اس زمانہ میں جو آیات نازل ہوئیں اور جو احکام نبی

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۳۰
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۲۰۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۹۵
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۳، ص ۲۱۶
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۲۲۵

marfat.com

پاک صاحبِ لولاک ﷺ نے دیئے ان کو حاصل کرنے میں صحابہ کرام کو دِقت ہوئی اس صورت حال کے پیش نظر حکم ہوا کہ جہاد کے لئے جب بھی نکلنا پڑے چند صحابہ کرام حضور شارع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس ٹھہر جایا کریں تا کہ وہ احکام حاصل کر کے جہاد پر جانے والے جب واپس آئیں تو ان تک پہنچا دیں۔(۸)

(۳) بعض صحابہ کرام مدینہ منورہ سے نکل کر دیہات میں آ کر آباد ہو گئے۔اس سے انہیں معاشی سہولت میسر آئی۔نیز دیہات میں انہیں تبلیغ کا موقع ملا مگر جب مدینہ منورہ واپس آئے تو انہیں معلوم ہوا کہ ان کی غیر حاضری میں قرآن مجید کی بعض آیات نازل ہوئی ہیں اور نبی پاک سرورکون ومکان نے چند احکام صحابہ کو عطا فرمائے ہیں۔ ان سے وہ ناواقف رہ گئے ہیں، اب انہیں حکم دیا گیا کہ علمِ دین حاصل کرنے کے لئے چند افراد کو وقف کر دیا جائے تا کہ وہ دین سیکھ کر دوسروں کو سکھا دیں، اس سے کوئی دشواری نہ آئے گی اور معاشی ہرج بھی نہ ہوگا۔(۹)

---

(۸)
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۶۱
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت'لبنان، ج۲،ص ۱۰۳۰
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲،ص ۴۰۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲.ص ۲۹۵
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۶،ص ۲۲۵
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۱،ص ۴۸
☆ تفسیر صاوی ازعلامه احمدبن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج۲،ص ۱۷۵
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳،ص ۵۱۶
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵،ص ۱۱۳
☆ التفسیرات الاحمدیه ازعلامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص ۴۸۲
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵،ص ۴۴۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابو عبدالله محمدبن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج۸،ص ۲۹۳

(۹)
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲،ص ۴۰۱
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۳،ص ۵۱۶
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۱،ص ۴۹
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج۵،ص ۴۴۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵،ص ۱۱۳
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفه علامه جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعه دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۳۲۴

marfat.com

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ جہاد اور علم دین حاصل کرنا فرض ہے مگر فرض کفایہ ہے۔ یعنی آبادی یا شہر سے چند افراد بقدر کفایت جہاد میں شامل ہو جائیں یا چند افراد علم دین کی تحصیل میں مصروف ہو جائیں تو باقیوں کے ذمہ سے یہ فرض ساقط ہو جاتا ہے۔(۱۰)

﴿۲﴾ علم دین کے حاصل کرنے کی فرضیت دو نوعیت کی ہے۔

اول : ہر مسلمان کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں جن امور سے واسطہ پڑتا ہے ان امور کا شرعی حکم معلوم کرنا اس پر فرض ہے مثلاً نماز کے فرائض ،واجبات،اوقات کا علم،وضو،غسل،بدن اور لباس کی طہارت ،روزہ کے فرائض ،نواقض،مفسدات،اگر مالدار ہے تو بقدرِ نصاب کا علم،زکوٰۃ کے مصارف،وقتِ فرضِ زکوۃ،غنی پر حج کے احکام سیکھنا،تجارت،ملازمت،صنعت وحرفت،وکالت،شراکت،مضاربت،اجارہ وغیرہ میں جن امور سے وابستہ ہو اس کے مسائل کا علم حاصل کرنا اس پر فرض ہے۔

---

(۱۰)
- ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۶۱
- ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص ۱۰۳۰
- ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۲۹۳
- ☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۴۰۱
- ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶،ص ۲۲۵
- ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۲۹۵
- ☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۳،ص ۵۱۶
- ☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۱۱۳
- ☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱،ص ۴۸
- ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۳،ص ۵۳۵
- ☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۵،ص ۴۴۹
- ☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۸۲
- ☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
- ☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۷۵
- ☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۵۲
- ☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت، ج۴،ص ۳۲۴

marfat.com

حدیث شریف.....

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ(۱۱)

علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

.....کا مفہوم یہی ہے۔

دوم: شریعت مطہرہ کے تمام علوم تفسیر، حدیث اوران کے خادم علوم کی تحصیل بالعموم اور فقہ کی تحصیل بالخصوص فرض کفایہ ہے، فقہ کی تمام جزئیات، عبادات، معاملات، مناکحات، حقوق، حدود، قضا، میراث وغیرہ کے تفصیلی احکام معہ ادلہ شرعیہ کے حاصل کرنا فرض کفایہ ہے۔شریعت مطہرہ کے تمام مسائل جن کا انسانی زندگی میں واسطہ پڑسکتا ہے ان کے احکام سے واقفیت حاصل کی جائے یہاں تک کہ وہ فتویٰ دینے کے مقام پر پہنچ جائے۔اگر تمام مسلمان اس میں مشغول ہو جائیں تو ان کی معاش میں نقص یا تعطل آجائے گا بغیر تعین، بعض مسلمان حاصل کرلیں جسے ربِ کریم جل وعلا نے آسان کردیا ہے اوراپنی رحمت وحکمت سے اپنی قدرت سے اس کے لئے جسے چن لیا، اس پر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل ہے۔(۱۲)

---

(۱۱) ☆ رواہ ابن عدی فی الکامل

☆ ورواہ البیھقی فی شعب الایمان عن انس

☆ ورواہ الطبرانی فی الصغیر

☆ ورواہ الخطیب فی التاریخ عن الحسین بن علی

☆ ورواہ الطبرانی فی الاوسط عن ابن عباس

☆ ورواہ تمام عن ابن عمر

☆ ورواہ الطبرانی فی الکبیر عن ابن مسعود

☆ ورواہ الخطیب عن علی

☆ ورواہ الطبرانی فی الاوسط

☆ ورواہ البیھقی عن ابی سعید. بحوالہ جامع صغیر، ج۲، ص۸۹

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص۱۶۱

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۱۰۳۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص۲۹۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۵۲

marfat.com

﴿۳﴾ اگر کسی شہر میں ایک شخص بھی درجہ افتاء پر فائز موجود نہ ہو اور سب اپنے اپنے کاموں میں مشغول رہیں ایک بھی درجہ افتاء کی تکمیل کے لئے تیار نہ ہوگا تو سب کے سب گنہگار ہوں گے اور اگر ایک شخص بھی اس درجہ پر فائز ہو جائے گا تو یہ فرض کفایہ سب سے ساقط ہو جائے گا لیکن باقی سب پر فرض ہوگا کہ اس کے شرعی فیصلے قبول کریں۔ پیش آمدہ مسائل میں اس کی طرف رجوع کریں۔ (۱۳)

﴿۴﴾ دین میں تفقہ حاصل کرنا جہاد اکبر ہے۔ تلوار کے جہاد اور نفلی عبادات سے افضل ہے۔ علمِ دین کی طلب اور تحصیل ایسی فضیلت اور مرتبہ شریفہ ہے کہ اور کوئی عمل اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی بعثت کی اصل غرض یہی ہے کہ دلائل کے ساتھ اسلامی احکام پیش کئے جائیں۔

حضور سید الکونین نبی الثقلین آقا و مولیٰ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

مَنْ سَلَکَ طَرِیْقًا یَبْتَغِیْ فِیْهِ عِلْمًا سَلَکَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِیْقًا اِلَی الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْمَلٰٓئِکَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا رِضًی لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَاِنَّ الْعَالِمَ لَیَسْتَغْفِرُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ حَتَّی الْحِیْتَانِ فِی الْمَآءِ وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَی الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰی سَآئِرِ الْکَوَاکِبِ وَاِنَّ الْعُلَمَآءَ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَآءِ اِنَّ الْاَنْبِیَآءَ لَمْ یُوَرِّثُوْا دِیْنَارًا وَّلَا دِرْهَمًا اِنَّمَا وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَ بِهٖ فَقَدْ اَخَذَ بِحَظٍّ وَّافِرٍ (۱۴)

جو شخص ایسی راہ چلا جس میں وہ علم دین حاصل کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت کی طرف راہ پر چلا

(بقیہ ۱۲) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۹۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۴۷

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۸۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۲۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۰۱

(۱۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۴۸

(۱۴) ☆ رواہ الترمذی عن ابی الدرداء، ج ۲، ص ۱۰۹

marfat.com

دیتا ہے اور طالب علم کی رضا جوئی کے لئے فرشتے اس کی راہ میں پر بچھا دیتے ہیں اور عالمِ دین کے لئے آسمانوں اور زمین کی ہر شے مغفرت طلب کرتی ہے، یہاں تک کہ پانی کی مچھلیاں بھی۔ عابد پر عالم کو ایسی فضیلت حاصل ہے جیسی چاند کو باقی ستاروں پر۔ علماء، انبیاء کے وارث ہیں انبیاء درہم اور دینار ورثہ نہیں چھوڑتے ان کا ورثہ علم ہے۔ تو جس نے وہ حاصل کیا اس نے وافر حصہ پالیا۔ (۱۵)

﴿۵﴾ طالبِ علم پر فرض ہے کہ اس لئے علمِ دین حاصل کرے خود راہ مستقیم پر چل سکے اور دوسروں کو صراط مستقیم دکھائے۔ دعوتِ حق اور دینِ قویم کی طرف ارشاد اس کے پیش نظر ہو۔ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی اور دارِ آخرت میں کامیابی مطمع نظر ہو اپنے وجود اور باقی جاہل لوگوں سے جہالت دور کرنا اس کا مقصد ہو خود راہ راست معلوم کرے اور معلوم ہونے پر دوسروں کو دکھائے علم حاصل کر کے دوسروں پر بڑائی یا فخر اس کے اس نیک عمل کو ضائع کر دیتے ہیں۔ (۱۶)

﴿۶﴾ طالبِ علم پر فرض ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اس توفیق پر شکر کرتا رہے کہ اس نے نعمت عقل، صحتِ بدن اور سلامتیِ حواس کے ساتھ علمِ دین کی تحصیل میں مشغول کر دیا ہے۔ ارشاد خداوندی اس کی ہدایت کے لئے ہر لمحہ اس کے پیش نظر رہے۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ☆

(سورۃ النحل آیت، ۷۸)

---

(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص۲۹۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۲۹۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۴۴۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۱۱۴

(۱۶) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۶، ص۲۲۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۵۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۳، ص۵۳۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۴۸

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج۴، ص۱۷۵

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۴۸۲

marfat.com

اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے پیدا کیا کہ کچھ نہ جانتے تھے اور تمہیں کان، اور آنکھ اور دل دیئے کہ تم احسان مانو۔(۱۷)

﴿۷﴾ طالب علم کے ذمے استاد کا انتخاب بھی ہے۔ایسا استاد انتخاب کرے جو بہترین عالم ہو، متّقی ہو، عمر رسیدہ اور تجربہ کار ہو، اپنے طلبہ پر شفیق ومہربان ہو۔ کیونکہ صالحین اساتذہ کی صحبت اور کاملین کی دعاؤں میں عجیب تاثیر ہے۔ یہ اور کہیں دستیاب نہیں ۔ امام الائمہ کاشف الغمہ امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنے استاد حضرت حمّاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتخاب بڑے تأمُّلِ تام کے بعد کیا اور پھر ان کی معیت میں بیس برس گزار دیئے۔طلبہ کے لئے اس میں کمال راہنمائی ہے۔(۱۸)

﴿۸﴾ عالم اور فقیہ کے لئے لازم ہے کہ وہ دنیوی مال ومتاع سے بے رغبت ہو۔اس کی رغبت کا مرکز اُخروی زندگی ہو۔ دین میں بصیرت حاصل کرتا رہے اپنے رب کی عبادت پر قائم ودائم رہے۔ مسلمانوں کی علمی ضرورتیں پوری کرنے میں کوشاں رہے۔لوگوں کے مال سے بے رغبت رہے۔تمام مسلمانوں کا خیر خواہ رہے ایسا عالم اور فقیہ اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے۔ مسلمانوں پر اس کی قدر وعزت لازم ہے۔(۱۹)

﴿۹﴾ طالب علم کو اگر طلبِ علم کے لئے دور ونزدیک کے سفر کرنا پڑیں تو سفر کی تکالیف کو حکمِ الٰہی جان کر قبول کرے۔(۲۰)

﴿۱۰﴾ بستی یا شہر کا ایک فرد علم دین حاصل کر کے جب واپس اپنی بستی یا شہر میں آئے تو باقی مسلمانوں پر شرعی احکام میں اس کی پیروی فرض ہے۔قرآن مجید کی آیت زیب عنوان نے یہی ہدایت دی ہے اگر ایک بستی میں صرف

---

(۱۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۳۵۵

(۱۸) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۳، ص ۵۳۶

(۱۹) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۹

(۲۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۳۱

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۶، ص ۲۲۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۴۸

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۴۶

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۸۲

marfat.com

تین افراد ہوں ان میں ایک کے ذمے علم دین حاصل کرنے کے لئے سفر لازم ہے اور جب وہ اپنی بستی میں واپس آئے گا تو باقی دو پر اس کی دینی امور میں اتباع لازم ہے۔ اسی سے یہ اصول وضع ہوا کہ دینیات میں ایک آدمی کی خبر معتبر ہے۔ تقلید کا مسئلہ اسی سے حل ہوا کہ جو نہ جانتا ہو جاننے والے سے پوچھے اپنی ذاتی رائے کو دخل نہ دے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَاتَعْلَمُوْنَ ☆ (سورۃ النحل آیت، ۴۳)

تو اے لوگو! علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔

مجتہد سے یا مجتہد کی کتاب سے علم حاصل کرنے سے یہ غرض پوری ہو جاتی ہے۔ (۲۱)

الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید نا ومولانا محمد والہ وصحبہ وبارک وسلم.

سورہ التوبہ کی احکام سے متعلق آیات کریمہ سے اخذِ احکام کا کام پایہ تکمیل کو پہنچا۔ مولیٰ کریم اسے قبول فرمائے اور بقیہ آیات احکامیہ سے اخذِ احکام کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین۔

فقیر قادری عفی عنہ

۲۷ رجب ۱۴۲۴ھ / ۲۵ ستمبر ۲۰۰۳ء

☆☆☆☆☆

(۲۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۱۶۱

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۲۹۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۲۹۶

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۴۴۶

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص ۴۹

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۲۰۷):

﴿اہلِ جنت کے معمول﴾

سورۃ یونس

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

دَعْوٰھُمْ فِیْھَا سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُھُمْ فِیْھَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ☆ (سورہ یونس آیت، ۱۰)

ان کی دعا اس میں یہ ہوگی کہ اللہ تجھے پاکی ہے اور ان کے ملتے وقت خوشی کا پہلا بول سلام ہے اور ان کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب خوبیوں سراہا اللہ جو رب ہے سارے جہاں کا۔

حل لغات:

"دَعْوٰھُمْ": دَعْوٰی مصدر ہے دَعَایَدْعُوْ کا۔ یہ متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

بمعنی دعا کرنا، سوال کرنا، ندا کرنا، تمنا کرنا۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جنتی.....

(ا) جب بھی دعا کریں گے تو اس کی ابتداء سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ سے ہوگی۔

(ب) جب بھی کوئی شے مانگیں گے یا کسی شے کا سوال کریں گے تو سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ سے مانگیں گے۔

(ج) جب بھی کسی کو پکاریں گے تو سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ کے کلمہ سے پکاریں گے۔

marfat.com

(د) جب بھی کوئی تمنا کریں گے تو تمنا اور خواہش کی ابتداء سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ سے کریں گے۔(۱)

"**سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ**": اے اللہ! تو ہر عیب، نقص، عجز، جہل سے پاک ہے۔ تیری عظمت، ہیبت، عزت، قدرت، کرامت بے نظیر و بے مثال ہے۔ جوں جوں علم و معرفت میں اضافہ ہوتا ہے تیری تسبیح کا جلال دل میں اور بڑھتا ہے، اس اضافہ کی کوئی انتہا نہیں۔ یہ کلمہ اہلِ جنت کا وظیفہ ہے۔

"**وَتَحِیَّتُھُمْ**": اَلتَّحِیَّۃُ، حَیَاۃٌ سے بنا ہے۔ حیات کا معنی زندگی ہے، تحیہ کا معنی ہے۔ درازی عمر کی دعا دینا، ملاقات کے وقت خوشی کا کلمہ کہنا، سلام کرنا، مطلقاً دعا دینا۔(۲)

(ا) جنتی جب ایک دوسرے سے ملیں گے تو خندہ پیشانی سے ملیں گے، ان کے دل میں دوسرے کے خلاف حسد، بغض، کینہ، عداوت نہ ہوگی، وہ دوسرے کو خوش دلی سے دعا دیں گے۔

(ب) جنتیوں کے پاس جب بھی ان کے خدام حاضر ہوں گے تو انہیں سلام اور دعا دیں گے۔

(ج) جنتیوں کو رب کریم کا سلام پہنچے گا۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ. (سورۃ یٰس آیت، ۵۸)

ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا

---

(۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج۸، ص ۳۱۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷، ص ۴۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۲۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۴، ص ۱۰

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۰۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۴، ص ۱۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص ۷۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۴۸۳

(۲) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۲۹۸

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۱۴۰

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج۱، ص ۷۹

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۱۰، ص ۱۰۶

marfat.com

یعنی جنتیوں کو دعا اور سلامتی تین طرف سے پہنچے گی۔

ایک دوسرے کی طرف سے۔فرشتوں کی طرف سے۔اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔(۳)

"وَاٰخِرُ دَعْوٰهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ":

جنتی ہر کام کے آخر میں رب کریم جل وعلا کے بے پایاں انعامات کا شکر ادا کرے گا۔اور اس کا خاتمہ یہ ہوگا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

سب خوبیوں سراہا اللہ جو رب ہے سارے جہاں کا۔

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ جنتی جب بھی جنت میں کوئی دعا مانگیں گے، کسی کو نداء دیں گے، کوئی تمنا کریں گے یا کوئی سوال کریں گے تو اس کی ابتداء میں کہیں گے۔سُبْحٰنَکَ اللّٰهُمَّ۔اے اللہ ہم تیری تسبیح بیان کرتے ہیں۔تو ہر عیب، نقص، عجز، جہل، اور کذب سے پاک ہے۔تیرا وعدہ سچا ہے۔تو نے جو وعدے فرمائے وہ سب پورے ہوئے۔ہم سے جو تو نے وعدے فرمائے ہم نے پالئے۔ہم تجھے ہر عیب ونقص سے پاک جانتے ہیں، پاک مانتے ہیں اور فرشتوں کے ہم زبان ہو کر تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں۔

نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِکَ وَنُقَدِّسُ لَکَ.

فرشتوں اور جنتیوں کا یہ پیارا معمول اس لائق ہے کہ بندۂ مومن اس دنیا میں بھی رب تعالیٰ کی پاکی بولتا رہے۔

---

(۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان۔ج۸،ص ۳۱۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج۱۷،ص۴۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص۱۲۷

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت۔ج۴،ص۱۱

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۵۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ،ج۴،ص۱۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ج۱۱،ص۵۔

marfat.com

اس کی زبان، دماغ اور دل پر اس کی تسبیح جاری رہے۔ منتہائے بشریت یہی ہے۔ (۴)

﴿۲﴾ جنتی جب ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں تو انہیں خندہ روئی سے سلام کہتے ہیں۔ جنتیوں کو جب خدام فرشتے ملتے ہیں تو فرشتے بھی انہیں سلام کہتے ہیں۔ رب تعالیٰ بھی جنتیوں کو سلام ارشاد فرماتا ہے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (سورۃ یٰس آیت، ۵۸)

ان پر سلام ہوگا مہربان رب کا فرمایا ہوا۔

لہٰذا بندۂ مومن جب بھی اس دنیا میں کسی سے ملاقات کرے یا ملاقات سے فارغ ہو تو وہ ایک دوسرے کو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ کہے۔

جواب میں کہے وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ.

یہ ملاقات کا یا ملاقات سے فراغت کا بہترین کلمہ ہے کہ اس سے بہتر اور کوئی کلمہ موجود نہیں۔

دنیا کی مختلف تہذیبوں میں بہت سے ادھورے اور بے معنی کلماتِ ملاقات ہیں، انہیں اپنانا عظیم نقصان کا باعث ہے۔ مثلاً آؤ جی۔ جی آیاں نوں، خوش آمدید، صبح بخیر، شام بخیر، گڈ مارننگ، گڈ ایوننگ، خدا حافظ، خوش رہو، جیتے رہو۔ عمر دراز ہو، خوشیاں دیکھو، وغیرہ۔ یہ کلمات ادھورے مفہوم والے ہیں۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کا بدل

(۴)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۳۱۳
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷، ص ۴۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۰۳
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۰۳
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۵
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۱۸۰
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۲۷
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۴، ص ۱۱
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۴، ص ۱۹
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص ۷۵
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص ۴۸۲

marfat.com

نہیں، ہو بھی کیسے سکتے ہیں کہ یہ کلمہ جنتی ہے۔ مذکورہ کلمات کہنے میں جنتیوں کا محبوب معمول ادا ہوتا ہے۔ نیز رب کریم کے ارشادِ عالی پر بھی عمل ہو جاتا ہے۔

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ☆

اور جب تمہیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ جواب میں کہو یا وہی کہہ دو۔ بیشک اللہ ہر چیز پر حساب لینے والا ہے۔ (سورۃ النسآء آیت ۸۶)

سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا جنتیوں کا معمول ہے۔ بندۂ مومن اسے اپنا کر جنتیوں والا کام کر سکتا ہے۔(۵)

﴿۳﴾ جنت دارِ تکلیف نہیں، وہاں نہ شرعی تکلیف ہوگی اور نہ عبادت، وہاں لذت و ابتہاج ہے۔ ان کے ہر سانس میں، ہر حرکت میں لذت کا پہلو ہے۔ تسبیح و تہلیل، سلام و دعا، ذکر و اذکار، تلاوت، ملاقاتِ مقربان، حمد و نعت، صلوۃ و سلام عبادت کے طور پر نہ ہوں گے بلکہ لذت کے لئے ہوں گے۔ تسبیح و تہلیل میں ان کو وہ لذت آئے گی جو ہر لذت پر غالب ہوگی۔ سانس لینے کی طرح خدا کی طرف سے سُبْحَانَ اللّٰہِ اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے کا اہلِ جنت کو الہام ہوگا۔

حدیث شریف میں ہے۔

فَيُلْهَمُوْنَ التَّسْبِيْحَ وَالتَّحْمِيْدَ كَمَا يُلْهَمُوْنَ النَّفَسَ ..... الحدیث (۶)

جنتیوں کو تسبیح و تحمید اس طرح دل میں ڈال دیا جائے گا جیسا کہ سانس لینا۔

---

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۱۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۷۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۴۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۲۷

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۱

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۵

(۶) ☆ رواہ احمد عن جابر، ج ۳، ص ۳۳۹

marfat.com

لہٰذا بندۂ مومن کیلئے لازم ہے کہ جنتیوں جیسی صفات پیدا کرتے ہوئے ہر لمحہ اپنی زبان کو تسبیح وتحمید سے معمور رکھے۔(۷)

﴿۴﴾ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے سب سے پہلے جنت میں فقرا مہاجرین داخل ہوں گے۔ یہ وہ حضرات ہیں کہ جن سے اسلامی سرحدوں کی حفاظت کا انتظام ہوتا تھا اور انہی کے ذریعے سے ناگوار امور کی حفاظت کی جاتی تھی، لیکن اتنی اہم شخصیت کے حامل ہونے کے باوجود ان میں سے جب کوئی وصال کرتا تو دل کی خواہش دل میں ہی لے کر دنیا سے رخصت ہوتا، پورا کرنے کی توفیق میسر نہ ہوتی۔ اللہ تعالیٰ ملاءِ اعلیٰ سے اپنے فرشتوں میں سے جسے چاہے گا حکم دے گا کہ فقراء مہاجرین کے پاس جاؤ اور ان کو میرا اسلام پہنچادو۔ فرشتے عرض کریں گے کہ اے ہمارے مالک! ہم تیرے آسمان کے باشندے ہیں۔ مخلوق میں سے تیرے برگزیدہ بندے ہیں، کیا تو ہم کو حکم دے رہا ہے کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان کو سلام کریں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے ایسے بندے ہیں کہ میرے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے۔ کسی کو میرا شریک نہیں ٹھہراتے۔ انہی کو سرحدوں کی حفاظت پر بھیجا جاتا تھا اور انہی کے ذریعے ناگوار امور سے حفاظت کی جاتی تھی اور جب ان میں سے کوئی دنیا سے جاتا تو اپنا ارمان دل میں لے کر جاتا۔ حسب الحکم فرشتے ان کے پاس جنت کے ہر دروازے سے آئیں گے اور کہیں گے۔

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ. (سورۃ الرعد آیت، ۲۴)

سلامتی ہو تم پر، تمہارے صبر کا بدلہ، تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا۔

فقراء اور مہاجرین کا یہ انعام ان کے صبر کا اجر ہے، جو رب نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے۔ دنیا میں اگرچہ

(۷) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۳۰۳
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۳۰۳
☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۱۲۷
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج ۴، ص ۱۱
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۴۸۳

marfat.com

انہوں نے مشقتیں اٹھائیں، ان کے ارمان پورے نہ ہوئے، مگر رب نے انہیں جنت میں وہ کچھ دیا جوان کے وہم وگمان سے زیادہ تھا۔ لہٰذا بندۂ مومن اگر فقر و افلاس میں اپنی زندگی رب کے فرمان کے مطابق گذارے تو اسے بھی یقیناً انہی کی برکت سے بے شمار دولتیں میسر آئیں گی۔(۸)

﴿۵﴾ تسبیح، تحمید، تہلیل بھی دعا ہے۔ بلکہ دعا سے افضل ہے۔ حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ شَغَلَهٗ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ عَنْ مَسْأَلَتِیْ وَذِکْرِیْ اَعْطَیْتُهٗ اَفْضَلَ ثَوَابِ السَّآئِلِیْنَ(۹)

قرآن مجید کی قرأت اور میرے ذکر میں جو مشغول رہا اسے میں مانگنے والوں سے بہتر ثواب عطا کروں گا۔

ظاہر ہے قرآن مجید میں رب کریم کی تسبیح وتحمید، تہلیل وتمجید بھی ہے۔ حضرت سیدنا یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مچھلی کے پیٹ میں اپنی رہائی کے لئے جو عرض کیا وہ یہ تھا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ☆ (سورۃ الانبیاء آیت، ۸۷)

کوئی معبود نہیں سوا تیرے، پاکی ہے تجھ کو، بیشک مجھ سے بے جا ہوا۔

اس کلام میں اگرچہ دعائیہ کلمہ کوئی نہیں مگر ہے یہ دعا۔ جو کوئی مسلمان اس کو پڑھتا ہے اس کی مراد بر آتی ہے۔

حضور سید الانام علیہ التحیۃ والسلام جن کلمات سے دعا مانگا کرتے تھے وہ یہ بھی ہیں۔

کَانَ النَّبِیُّ ﷺ یَقُوْلُ عِنْدَالْکَرَبِ: لَآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ الْعَلِیْمُ الْحَلِیْمُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَرَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ(۱۰)

---

(۸) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵، ص ۴۸۴

(۹) ☆ رواہ الدارمی عن ابی سعید الخدری، ج۲، ص ۵۳۳

☆ ورواہ الترمذی فی کتاب ثواب القرآن

(۱۰) ☆ رواہ البخاری عن ابن عباس، ج۲، ص ۱۱۰۴ (کتاب التوحید و کتاب الدعوات)

☆ ورواہ مسلم فی کتاب الذکر

☆ ورواہ الترمذی فی کتاب الدعوات والوتر والطب

☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الجنائز والاقامۃ

☆ ورواہ احمد، ج۱، ص ۹۲ وغیرہ.

marfat.com

علمائے سلف اس دعا کو پڑھتے تھے اور اس کا نام دعائے الکرب رکھتے تھے۔

بندۂ مومن اگر اپنے اوقات کو تسبیح وتہلیل، تحمید وتمجید میں صرف کرے تو اسے اپنی حاجت کا سوال کرنے کی نوبت نہ آ گی، اس کی حاجت از خود قبول ہو جائے گی۔(۱۱)

﴿۶﴾ جنتی جب کوئی شے طلب کریں گے تو ابتداء میں عرض کریں گے. سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ اور تکمیلِ نعمت پر عرض کریں گے. اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

یہ دونوں کلمات ایسے محبوب ہیں کہ بندۂ مومن ان کی اقتداء کر کے جنتیوں جیسے کام کر سکتا ہے۔(۱۲)

﴿۷﴾ جنتی کی ہر خواہش پوری ہو جائے گی۔ دنیا میں کوئی ایسا نہیں جس کی ہر خواہش پوری ہو۔

جنتیوں کے بارے میں رب کریم ارشاد فرماتا ہے۔

نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَاوَفِی الْاٰخِرَۃِ ۚ وَلَکُمْ فِیْھَامَاتَشْتَھِیْٓ اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْھَامَاتَدَّعُوْنَ ☆نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ☆ (سورہ حم السجدہ آیات، ۳۱، ۳۲)

ہم تمہارے دوست ہیں دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں، اور تمہارے لئے ہے اس میں جو تمہارا جی

---

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۳۱۴

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۷۵

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۳۱۳

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۰۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۳

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۰

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۴۴

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۰

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۸۳

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج ۴، ص ۳۴۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۹

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۵۔

marfat.com

چاہے اور تمہارے لئے اس میں جو مانگو، مہمانی بخشنے والے مہربان کی طرف سے۔

بندۂ مومن اگر چاہتا ہے کہ اس کی خواہشات پوری ہوں تو اپنی خواہشات کو رب کی مرضی کے تابع کر دے اور اسی کا فرماں بردار بن کر رہے۔ اللہ تعالیٰ اسے اہل جنت کا سا انعام دے گا۔ (۱۳)

﴿۸﴾ جنتی جب جنت میں داخل ہوں گے تو انہیں وہ علم عطا ہوگا جو اسے پہلے حاصل نہ ہوگا۔ اہلِ جنت، جنت میں علم و معرفت کے اعتبار سے بھی متفاوت ہوں گے۔ عوام مومنین جنت میں علم کے اس درجہ میں ہوں گے جس درجہ میں علماء دنیا میں ہیں۔ علماء علم میں انبیاء کے درجہ میں ہوں گے اور انبیاء حضور سید الانبیاء کے درجہ علم میں ہوں گے۔ اور نبی الانبیاء سید المرسلین کا درجہ علم جنت میں وہ ہوگا کہ نہ کسی مقرب فرشتہ کا ہوگا اور نہ نبی مرسل کا۔ اور ممکن ہے یہی مقام محمود ہو۔ جنت میں تفاوتِ درجات کے باوجود علم میں ترقی ہوتی رہے گی۔ یعنی ان کا علم بڑھتا رہے گا۔ کیونکہ ''سیر فی اللہ'' غیر متناہی ہے، اس لئے جنتی تسبیح و تہلیل، تحمید و تمجید میں مشغول رہیں گے۔

حدیث شریف میں ہے۔

يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَّعَشِيًّا (۱۴)

جنتی ہر لمحہ اللہ کی تسبیح بیان کرتے رہیں گے۔

جنتی علوم، علوم نافعہ اسی کو حاصل ہوتے ہیں جو ایمان، عبادات، اخلاق و کردار میں جنتیوں جیسا بن جائے، یہ صافی علوم صافی لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں۔

بندۂ مومن اگر علوم نافعہ کے حصول کی تمنا کرتا ہے تو وہ دماغ، دل، ضمیر اور جسم کو پاک رکھے۔ (۱۵)

﴿۹﴾ جنتی جنت میں صرف محمود اشیاء کو طلب کریں گے۔ غیر محمود، شہواتِ حیوانی اور محارم کا تقاضا نہ کریں گے۔

---

(۱۳) ☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۷۵

(۱۴) ☆ رواہ البخاری فی کتاب بدء الخلق، و الترمذی فی کتاب الجنۃ و احمد

(۱۵) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۰۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۷۶

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۵

marfat.com

اس لئے بندۂ مومن کے لئے بھی لازمی ہے کہ وہ دنیا میں محمود اشیا کا مطالبہ کرے۔ایسی شہوات چاہے جس کی شریعت میں اجازت ہے۔ورنہ بندۂ مومن کا تعلق جنتیوں سے نہ ہو سکے گا۔(۱۶)

﴿۱۰﴾ چونکہ بندہ ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں گھرا ہوا ہے۔ ہر آن اس پر ان گنت نعمتیں وارد ہوتی ہیں۔اس کا کوئی لحظہ انعاماتِ الٰہی سے خالی ہونا متصور نہیں۔اس لئے بندۂ مومن پر فرض ہے کہ وہ انعامات کے شکریہ میں ہر لحظہ اس کی تسبیح وتہلیل میں مشغول رہے۔انعاماتِ الٰہیہ غیر متناہی ہیں اور بندۂ مومن جو شکر کرے گا وہ متناہی ہو گا۔اس کمی پر بھی وہ اسی کی طرف صرفِ ہمت کرے اور طلب گارِ معافی ہو۔سالکین کا یہی طریقہ ہے۔(۱۷)

﴿۱۱﴾ سنت یہ ہے کہ کھانے پینے وغیرہ کی ابتداء بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے کرے۔

اور فراغت کے بعد کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

بلکہ مستحب یہ ہے کہ آخر میں صورت صافات کی آخری آیات پڑھے۔

سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ☆ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ☆ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ☆ (سورۃ الصّٰفّٰت، آیات، ۱۸۰، ۱۸۱، ۱۸۲) (۱۸)

پاکی ہے تمہارے رب کو، عزت والے رب کو ان کی باتوں سے اور سلام ہو پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہاں کا رب ہے۔

☆☆☆☆☆

(۱۶) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۰

(۱۷) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۲۰

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۰

(۱۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۸، ص ۳۱۴

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (نمبر ۲۰) :

خشکی اور تری کی سواریوں کا جواز

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

هُوَالَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۔ حَتّٰٓی اِذَا کُنْتُمْ فِی الْفُلْکِ ۔ وَجَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۔ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الشّٰکِرِیْنَ ☆

وہی ہے کہ تمہیں خشکی اور تری میں چلاتا ہے یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہو اور وہ اچھی ہوا سے انہیں لے کر چلیں اور اس پر خوش ہوئے ان پر آندھی کا جھونکا آیا اور ہر طرف سے لہروں نے اسے آلیا اور سمجھ لئے کے ہم گھر گئے اس وقت اللہ کو پکارتے ہیں نرے اس کے بندے ہو کر، کہ اگر تو اس سے ہمیں بچائے گا تو ہم ضرور شکر گزار ہوں گے۔ (سورہ یونس آیت ۲۲)

marfat.com

حل لغات :

"یُسَیِّرُکُمْ": تَسِیْرٌ سے بنا ہے، اس کا واحد سَیْرٌ ہے، بمعنی چلنا۔ تَسِیْرٌ کا معنی ہے چلانا، بکثرت چلانا، دن اور رات کو چلانا۔

چلانا سے مراد یہ ہے کہ تمہیں سفر پر آمادہ کرتا ہے۔ چلنے کے اسباب مہیا کرتا ہے، چلنے کا حکم دے کر چلنا آسان فرما دیتا ہے، قطع مسافات پر قدرت دیتا ہے۔ چلانے کا حکم اللہ تعالیٰ دیتا ہے، بندہ اس کے حکم اور اس کی دی ہوئی طاقت سے چلتا ہے، اس کے حکم اور قدرت کے بغیر بندہ کا از خود چلنا محال ہے۔ (۱)

"اَلْبَرِّ": زمین کا وسیع قطعہ، مراد روئے زمیں ہے جس میں پہاڑ، وادیاں، نشیب و فراز، ہموار، صحرا، بیاباں، کوہستان وغیرہ سب ہی شامل ہیں۔

"اَلْبَحْرِ": پانی کا وسیع قطعہ، مراد سمندر، دریا (جھیلیں، تالاب، نہریں، وغیرہ) پانی کے قطعات ہیں۔

یہ اللہ تعالیٰ کے انعام ہیں کہ اس کے بندوں کو دور و نزدیک کی مسافت طے کرنے کے اسباب مہیا فرمائے ہیں۔ زمین پر پیدل چلنا، جانوروں کی سواریاں اور دورِ حاضر میں مشینی سواریاں موٹر، کار، بس، موٹر سائیکل، سائیکل وغیرہ مہیا فرمائے ہیں۔ اور پانی کی مسافت طے کرنے کے لئے چھوٹی بڑی کشتیاں، بادبانی جہاز اور

---

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۴۷

☆ المنجد از لونیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۲۰۹

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۴۴

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۳، ص ۲۸۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۶۸

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۷

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۷

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۹۳

marfat.com

دورِ حاضر کے مشینی جہاز اور کشتیاں مہیا فرمائی ہیں۔ یہ سب اس کے انعامات ہیں۔(۲)

"اَلْفُلْكِ": یہ کلمہ مفرد اور جمع پر بولا جاتا ہے۔ کشتی یا کشتیاں۔ آیت میں خطاب مشرکین سے ہے اور ان کا حال بیان کیا گیا ہے کہ جب سیر وتفریح کے لئے کشتی میں سوار ہوتے ہیں اور ان کی منزل ومراد کے موافق ہوا چلتی ہے تو اس سے انہیں فرحت محسوس ہوتی ہے اور از راہِ تکبر وتعُّنت اسے اپنی کامرانی تصور کرتے ہیں۔ اس وقت انہیں کشتی کو حقیقی طور پر چلانے والا بھول جاتا ہے، مگر جب ہوا کشتی کی منزل کے خلاف چلتی ہے اور طوفانی ہواؤں کے تھپیڑے اور پانی کی طغیانی موجیں کشتی کو گھیر لیتی ہیں تو اس وقت وہ یہ سمجھ بیٹھتے ہیں کہ اب موت قریب ہے، اس طوفان اور طغیان سے انہیں کوئی ہمارا جھوٹا چھوٹا بڑا معبود نہیں بچا سکتا۔ اگر کوئی بچا سکتا ہے تو صرف خالقِ حقیقی، معبودِ حقیقی ہی بچا سکتا ہے۔ اس حالت میں وہ دل وجان سے رب کریم جل وعلا کو پکارتے ہیں کہ اے رب! ہمیں اس مصیبت سے اگر نجات دے گا تو ہم تیرے حقیقی عابد بن جائیں گے، مگر رب تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے علم ہے کہ ان کا حال یہ ہے کہ جب انہیں اس ہلاکت سے نجات ملی پھر وہ شرک میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ وہ بغاوت جوان کے دلوں میں سرایت کر چکی ہے پھر عود کر آتی ہے۔

"اَلْمَوْجُ": دریا یا سمندر میں پانی شدتِ حرکت سے بلند ہو جاتا ہے، یہ موج کہلاتا ہے۔ یہ موج کشتی کے لئے باعثِ ہلاکت ہوتی ہے۔

"وَظَنُّوْا": ہواؤں اور موجوں میں پھنسے ہوئے یہ مشرک گمان غالب کرتے ہیں کہ وہ ہر طرف سے گھر چکے ہیں،

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۳،ص۱۰۴۷

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۸،ص ۳۲۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور. ج۲،ص ۳۰۹

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷،ص ۷۰

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۳۱

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص ۱۹

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۱۸۳

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۵،ص ۴۹۳

marfat.com

بچاؤ کا کوئی راستہ نہیں رہا۔ مستقبل میں ہلاک ہو جانے کے قرائن موجود ہیں۔ یاد رہے کہ قرائن سے غالب گمان ہی ہوسکتا ہے، یقین پیدا نہیں ہوتا۔ اسبابِ ہلاکت میں مبتلا ہو جانا گمانِ غالب کا موجب ہے، یقین کا درجہ اس سے بلند ہے۔ (۳)

"دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ": مشرک اس ابتلاء میں اللہ کو پکارتے ہیں، نرے اِسی کے بندے ہو کر۔ اس وقت وہ سمجھ چکے ہوتے ہیں کہ اس ہلاکت میں صرف وہی بچا سکتا ہے۔ ان کے بت ان کے کام نہیں آسکتے۔ اس حالت میں وہ رب سے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر اس نے ہمیں اس ہلاکت سے بچالیا تو ہم تیرے شکر گزار بندے بن کر رہیں گے۔ تیری ہی عبادت کریں گے۔ اپنے جھوٹے خداؤں کو چھوڑ دیں گے۔

اس وقت وہ مشرک بظاہر مومن موحّد بنتے نظر آتے ہیں مگر ان کا ایمان اور توحید کا اقرار اس وقت کام نہیں آتا کہ یہ ایمان مبنی علی الاخلاص نہیں بلکہ اضطراری ایمان ہے۔ (۴)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ خشکی اور تری میں قطع مسافت کرنا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔ خشکی میں پیدل چلنا، جانوروں، مثلاً اونٹ، گھوڑے، خچر، گدھے، بیل پر سواری کرنا اور اسی طرح مشین سے چلنے والی سواریاں مثلاً کار، موٹر، بس، بائیسکل، موٹر سائیکل، ریل وغیرہ کی سواری کرنا بھی اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔

اسی طرح سمندر یا دریا وغیرہ میں کشتی، بادبانی جہاز اور مشین کے ذریعے چلنے والی کشتیوں، جہازوں وغیرہ میں سفر کرنا، اللہ تعالیٰ کا انعام ہے۔

---

(۳) ☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۳۹

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۹

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۴۹۴

(۴) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۷۰

marfat.com

ایسے ہی دورِ جدید کی ترقی کے باعث ہوائی جہاز کا سفر بھی انعامِ الٰہی ہے۔ ان تمام سواریوں پر سفر کرنا جائز ہے۔ قرآن مجید، احادیثِ طیبہ اور آثارِ صحابہ کرام سے اس کا جواز (یا جواز کے دلائل) موجود ہیں۔

زیب عنوان آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے پانی کی سواریوں کا خاص طور پر ذکر فرمایا ہے۔ احادیث شریفہ میں ہے۔

(ا) ہجرتِ مدینہ طیبہ سے پہلے کفارِ مکہ کے ظلم سے تنگ آئے صحابہ کرام اور صحابیات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کو حضور نبی اکرم ﷺ نے مُلک حبشہ کی طرف ہجرت کی اجازت دی۔ حجازِ مقدس (مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ) برِ اعظم ایشیا میں واقع ہے اور حبشہ کا مُلک برِ اعظم افریقہ میں ہے۔ درمیان میں بحرۂ قلزم پڑتا ہے، جس کا طے کرنا صرف کشتیوں سے ہی ممکن تھا۔ چنانچہ مہاجرین حبشہ نے کشتیوں کے ذریعے سفر کیا۔ (۵)

(ب) مردوں کے علاوہ عورتیں بھی کشتی میں سفر کر سکتی ہیں۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ قَالَ حَدَّثَتْنِیْ اُمُّ حَرَامٍ: اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ یَوْمًا فِیْ بَیْتِهَا فَاسْتَیْقَظَ وَهُوَ یَضْحَکُ قَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا یُضْحِکُکَ، قَالَ عَجِبْتُ مِنْ قَوْمٍ مِّنْ یَّرْکَبُوْنَ الْبَحْرَ کَالْمُلُوْکِ عَلَی الْاَسِرَّةِ، فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتِ مِنْهُمْ، ثُمَّ نَامَ فَاسْتَیْقَظَ وَهُوَ یَضْحَکُ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِکَ مَرَّتَیْنِ اَوْ ثَلٰثًا قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ فَیَقُوْلُ: اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ فَتَزَوَّجَ بِهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَخَرَجَ بِهَا اِلَی الْغَزْوِ فَلَمَّا رَجَعَتْ قُرِّبَتْ دَابَّةٌ لِتَرْکَبَهَا فَوَقَعَتْ فَاندَقَّتْ عُنُقُهَا. (۶)

(بقیہ ۴) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۹

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۳۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۳۱

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵

(۵) ☆ بخاری، کتاب الباس، کتاب مناقب الاخبار، کتاب فضائل اصحاب النبی

☆ مسند احمد، ج ۶، ص ۱۹۸، ج ۱، ص ۶۶، ۶۹، ج ۴، ۳۹۵، ۴۱۲

☆ مسلم، کتاب فضائل الصحابہ

☆ ابن ماجہ، کتاب الفتن

(۶) ☆ رواہ البخاری، ج ۱، ص ۴۰۵

marfat.com

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے ام حرام رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی کہ ایک روز نبی کریم ﷺ نے میرے گھر میں قیلولہ فرمایا (دوپہر کو سوئے) تھوڑی دیر بعد آپ بیدار ہوئے اس وقت آپ ﷺ مسکرا رہے تھے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ ﷺ کس چیز سے مسکرا رہے ہیں، آپ نے فرمایا! مجھے اپنی امت سے ایک جماعت کا سمندر پر ایسا سوار ہونا (سفر کرنا) جیسے بادشاہ اپنے تخت پر سوار ہوتے ہیں، اس امر نے مجھے خوش کر دیا۔ ام حرام رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میرے لئے دعا کیجئے کہ میں بھی سمندر میں سواری کرنے والوں میں ہو جاؤں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا تو بھی ان میں سے ہے۔ اس کے بعد حضور نبی کریم ﷺ پھر سو گئے۔ جب بیدار ہوئے تو آپ ﷺ مسکرا رہے تھے تو آپ ﷺ نے مذکورہ بات دو یا تین بار فرمائی۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میرے لئے دعا کیجئے کہ میں بھی ان سے ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو سمندر میں سوار ہونے والے پہلوں میں ہے۔ ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے نکاح فرمالیا۔ وہ غزوہ میں جب چلے تو اپنی زوجہ کو بھی ہمراہ لے لیا۔ جب وہ غزوہ سے لوٹیں سواری کا جانوران کے قریب کیا گیا کہ سوار ہوں تو وہ گرِ پڑیں اور ان کی گردن ٹوٹ گئی (جس سے ان کا وصال ہو گیا)۔

(ج) سمندر، دریا میں سفر کرنے اور اس کے پانی سے طہارت حاصل کرنے کا جواز نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ حدیث شریف میں ہے۔

سَأَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللهِ ! اِنَّانَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَاالْقَلِيْلَ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ تَوَضَّأْنَابِهٖ عَطِشْنَا اَفَنَتَوَضَّأُبِمَآءِ الْبَحْرِ ،فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ هُوَالطَّهُوْرُ مَآءُهٗ الْحِلُّ مَيْتَتُهٗ(۷)

(۷) ☆ رواہ ابوداؤد فی کتاب الطهارة، ج ۱، ص ۱۳، عن ابی هریرة
☆ ورواہ الترمذی فی کتاب الطهارة
☆ ورواہ النسائی فی کتاب الطهارة ومیاء
☆ ورواہ ابن ماجه فی کتاب الطهارة
☆ ورواہ الدارمی فی الوضوء والصید
☆ ورواہ مالک فی کتاب الطهارة بحواله المعجم المفهرس لالفاظ الحدیث النبوی، ج ۱، ص ۱۴۵

marfat.com

ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ جب ہم سمندر میں سفر کرتے ہیں تو اپنے ساتھ قلیل مقدار میں پانی لے جا سکتے ہیں، اگر ہم اس پانی سے وضو کریں تو خود پیاسے رہ جائیں گے، کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم ہم سمندر کے پانی سے وضو کرلیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اس کا پانی پاک ہے اور اس کا شکار (مچھلی) حلال ہے۔

(۵) قطعات زمین کے گرد سمندر ہیں، کشتی کے بغیر ایک قطعہ اراضی سے دوسرے قطعہ اراضی تک پہنچنا ممکن نہیں۔ اسی لئے پانی پر سفر کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے حضرت سیدنا نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کشتی بنانے کا حکم دیا اور پھر اس کی تعلیم دی۔ قرآن مجید میں حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کشتی کا ذکر ہے۔

(۶) کشتی کو چلنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے پانی کو اس کا سبب بنایا۔ اسی طرح ہوا میں اڑنے والے پرندوں کی اڑان کا باعث ہوا کو بنایا۔ اسی طرح ہوا اور فضا کے اصولوں پر ہوائی جہاز تیار ہوئے جو طویل سفر قلیل عرصہ میں طے کر لیتے ہیں۔ ان سب کی سواری کرنا جائز ہے۔ (۸)

(۷) کشتیوں کو چلانے والا درحقیقت اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ ہوائیں کشتیوں کو چلانے کا سبب عادی تو ہیں، سببِ حقیقی نہیں۔ بلکہ ہواؤں کو بھی وہی وحدہٗ لاشریک لہٗ چلاتا ہے۔ ہوائیں کیا بلکہ دنیا کی ہر شے اس کے حکم سے چلتی اور رکتی ہے۔ وہ چاہے تو بغیر ہواؤں کے بھی کشتی کو چلائے اور چاہے تو موافق ہوا کے باوجود کشتی ڈوب جائے۔ اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ اسباب عادیہ کی بجائے اسبابِ حقیقیہ کو مؤثر حقیقی جانے اور اسی پر ایمان رکھے۔ اسبابِ عادیہ سے دنیا کا نظام چلتا ہے۔ چلانے والا وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے۔ (۹)

---

(۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۳، ص۱۰۴۷، ۱۰۴۸

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۱۳۸

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۴، ص۳۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص۳۲۵

(۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۷، ص۳۴۱

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۴، ص۳۱

marfat.com

﴿۳﴾ خشکی، تری اور فضائی ہر قسم کی سواریاوں پر ہر قسم کا جائز سفر کرنا جائز ہے۔ مثلاً جہاد، حج، عمرہ، طلبِ علم، اعزاء و اقارب کی ملاقات، اولیاء اللہ کی زیارت، تجارت، سیاحت، وغیرہ۔ (۱۰)

﴿۴﴾ مردوں اور عورتوں کے لئے کشتی، بادبانی جہاز، ہوائی جہاز کی سواری جائز ہے۔ اسی طرح دوسری سواریاں جن سے اتر کر رفعِ حاجت ممکن ہو اور پردے کا انتظام ہو عورتوں کے لئے بھی مردوں کے ساتھ سفر کرنا جائز ہے۔ البتہ چھوٹی کشتی جس میں عورتوں کے پردے اور باپردہ رفع حاجت کا انتظام نہ ہو۔ ان میں عورتوں کو سفر کرنا مکروہ ہے۔ (۱۱)

﴿۵﴾ آثارِ موت ظاہر ہونے پر کافر کا ایمان لانا قابل اعتبار نہیں۔ یہ ایمان اضطراری کہلاتا ہے۔ ایمان وہ قبول ہے جو آثارِ موت کے ظاہر ہونے سے پہلے قبول کیا جائے، اسے ایمان اختیاری کہتے ہیں۔ البتہ آثارِ موت ظاہر ہونے پر گناہوں سے توبہ قبول ہو جاتی ہے۔ آیت زیبِ عنوان میں مشرکین کا ایمان اضطراری قبول نہ ہوا۔ مشرکین کو ابتلاء میں اپنی ہلاکت کا حقیقی علم یا گمانِ غالب ہو گیا مگر ایمان میں اخلاص نہ تھا، اس لئے رب تعالیٰ جل وعلا کا علم حقیقی یا اس وحدہٗ لاشریک لہٗ ہونے کا گمانِ غالب ایمان نہیں بنتا۔ ایمان کے لئے اخلاص شرط ہے۔ (۱۲)

﴿۶﴾ کشتی کو وہ چلائے جو اسے چلانا جانتا ہو، ورنہ اس میں ہلاکت کا خطرہ ہے۔ اسی طرح ہر سواری گھوڑا، اونٹ، خچر، گدھا وغیرہ یا مشین سے چلنے والی سواریاں مثلاً موٹر، بس، ریل وغیرہ وہ چلائے جو اسے چلانا جانتا ہو، غیر ماہر کو چلانا جائز نہیں۔ (۱۳)

---

(۱۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۴۷، ۱۰۴۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۳۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۳۳

(۱۱) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۳۲

(۱۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۷۰

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۳۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۰۹

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۵۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۳۲

(۱۳) احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۴۹

marfat.com

﴿۷﴾ کائنات کی ہر شے کا خالق رب تعالیٰ جل شانہ ہے۔کوئی شے اس کی تخلیق سے باہر نہیں۔زمین وآسمان اور جوان کے درمیان ہے سب کو رب تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔فرشتے ،جن ،انسان اوران کی حرکات وسکنات ،رب تعالیٰ کی تخلیق ہے۔پانی کے جانور اوران کی حرکات وسکنات ،فضا میں اڑنے والے پرندے اوران کی حرکات وسکنات سب کا خالق ایک ہی ذات ،خالقِ حقیقی ہے۔

وہی خالقِ حقیقی ارشاد فرماتا ہے۔

وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ وَمَاتَعْمَلُوْنَ ☆ (سورۃالصٰفٰت،آیت،۹۶)

اوراللہ نے تمہیں پیدا کیا اورتمہارے اعمال کو۔

البتہ بندہ اپنے افعال کا کاسِب (کرنے والا) ہے۔اسی کسب پراس کی جزا سزا مرتب ہوتی ہے اور وہ اسی وجہ سے مِن وجہ اپنے افعال کا مختار ہے۔اپنے اعمال میں یہ مجبورِ محض یا مختارِ کل نہیں۔اگر مجبورِ محض ہوتا تو اسے اپنے اعمال کی جزاوسزا کا تصور محال ہے اوراگر مختارِ کل ہوتو پھر رب کی قدرت کہاں ثابت ہوگی۔

قرآن مجید میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں کہ رب تعالیٰ خالقِ حقیقی ہے۔تمام اشیاء کا خالق ہے،مگر بندہ اپنے افعال کا کاسِب ہے۔چند مثالیں پڑھئے۔

(ا) هُوَالَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ.....الآیة (سورہ یونس آیت،۲۲)

وہی ہے کہ جوتمہیں خشکی اورتری میں چلاتا ہے۔

خشکی اورتری میں چلانے کا خالق اللہ تعالیٰ ہے سیر کرانے کی نسبت اللہ کی طرف ہے۔

قُلْ سِیْرُوْافِی الْاَرْضِ.....الآیة (۱۴)

تم فرماؤ کہ زمین میں سیر کرو۔

آیت میں سیر کرنے کی نسبت بندے کی طرف ہے۔

(ب) ہجرت کے وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو مکہ معظّمہ سے خود برآمد کیا۔

(۱۴) ☆ (سورۃالانعام آیت،۱۱.سورہ نمل آیت،۶۹.سورہ عنکبوت آیت،۲۰.سورہ روم آیت،۴۲)

marfat.com

ارشاد ہوا۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ .....الآية (سورہ انفال آیت،۵)

جس طرح اے محبوب تمہیں تمہارے رب نے تمہارے گھر سے حق کے ساتھ برآمد کیا۔

اسی مکہ معظّمہ سے نکالنے کی نسبت بندوں کی طرف کی گئی ہے۔

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ .....الآية

اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی۔ جب کافروں کی شرارت سے انہیں باہر لے جانا ہوا صرف دو جان سے، جب وہ دونوں غار میں تھے۔ (سورۃ التوبۃ آیت،۴۰)

(ج) خالقِ حقیقی ہی ہنساتا اور رُلاتا ہے۔ اسی نے ارشاد فرمایا۔

وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى (سورۃ النجم آیت،۴۳)

اور یہ کہ وہی ہے جس نے ہنسایا اور رُلایا۔

مگر دوسرے مقام پر رونے اور ہنسنے کا اختیار بندوں کو دیا۔ ارشاد ہوا۔

فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ☆ (سورۃ التوبہ آیت،۸۲)

تو انہیں چاہیے کہ تھوڑا ہنسیں اور بہت روئیں، بدلہ اس کا جو کماتے تھے۔

(د) خلق اور کسب ایک ہی آیت میں جمع ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى .....الآية

تو تم نے انہیں قتل نہ کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا اور اے محبوب! وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی۔ (سورۃ الانفال آیت ۱۷)

بدر کے موقعہ پر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے کفارِ مکہ کو قتل کیا۔ لیکن اس قتل کی نسبت اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف فرمائی۔ اسی موقعہ پر مشتِ خاک حضور انور ﷺ نے کفار کی طرف پھینکی مگر اس پھینکنے کی نسبت اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف فرمائی۔

marfat.com

(۵) موت وحیات اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کے قبضہءِ قدرت میں ہے۔ موت بھی وہی دیتا ہے۔ زندہ بھی وہی کرتا ہے۔ بلکہ موت وحیات کو اسی نے تخلیق کیا۔

ارشاد فرماتا ہے۔

هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ☆ (سورہ یونس آیت، ۵۶)

اور وہ جلاتا اور مارتا ہے اور اسی کی طرف پھیرو گے۔

نیز ارشاد فرماتا ہے۔

اَلَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ .....الآیۃ (سورۃ الملک آیت، ۲)

وہ جس نے موت اور زندگی پیدا کی۔

لیکن موت وحیات تقسیم کرنے پر مدبرات مقرر کر رکھے ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِهِمْ .....الآیۃ (سورۃ النسآء آیت، ۹۷)

وہ لوگ جن کی جان فرشتے نکالتے ہیں اس حال میں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔

الغرض قرآن مجید میں صدہا آیات ہیں جن میں خلق اور کسب کے مسئلہ کو بیان کیا گیا ہے۔ اس لئے اگر کوئی بندۂ مومن کسب کے اعتبار سے یہ کہے فلاں نعمت مجھے فلاں بزرگ نے دی تو یہ جائز ہے اور ایسا کہنا صحیح ہے۔ مثلاً ہدایت، ایمان، دولت، عزت، اولاد وغیرہ، ہاں اگر ان کے بارے میں خلق کا عقیدہ رکھے تو یقیناً کفر ہے۔ (۱۵)

﴿۸﴾ مشرک کا شرک کرنا اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک لہٗ کا شریک ثابت نہیں کر سکتا، بلکہ وہ تو محض افتراء اور جھوٹ ہے، اس کا وبال مشرک پر ہے۔ بالفرض محال اگر ساری مخلوق مشرک بن جائے تو بھی وہ ذات وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے اور وحدہٗ لاشریک لہٗ رہے گی۔ اسی طرح موحِّد کا توحید بیان کرنا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو ثابت نہیں کرتا بلکہ اس کی وحدانیت تو ازلی وابدی ہے۔ کسی کے واحد کہنے سے وہ واحد نہیں بلکہ وہ بذاتِ خود واحد ہے،

(۱۵) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۶۸
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۳

marfat.com

اس کا واحد ہونا واجب ہے۔ ''میں نے اللہ کی توحید بیان کی'' کا معنی یہ ہے کہ اس کی وحدت میرے دل میں جم چکی ہے۔ اور توحید میرے رگ وریشہ میں شامل ہو چکی ہے۔ اس کا مفہوم یہ نہیں کہ وہ واحد نہ تھا میں نے اسے واحد بنا دیا، یا اس کی وحدانیت ثابت کی۔ ایسا کہنا کفر ہے۔ لہٰذا بندۂ مومن کو لازم ہے کہ کہے میں اللہ تعالیٰ کو اس طرح ایک مانتا ہوں جس طرح مجھے میرے نبی نے ایک ماننے کا حکم دیا ہے۔ اس کے علاوہ اپنے طور پر بیان کی ہوئی توحید مقبول نہیں اور نہ بندہ اس سے مومن بنتا ہے۔ (۱۶)

﴿۹﴾ بحری سفر میں بھی نماز میں قصر ہے۔ اس کی مسافت کا اعتبار یوں کیا جائے گا، کشتی کی تین دن کی چال، جب کہ ہوا نہ بالکل رُکی ہو اور نہ تیز ہو۔ تین دن میں صبح صادق سے دوپہر ڈھلنے تک تین دن کی مسافت یا اس سے زیادہ ہو تو نماز میں قصر ہے۔ (۱۷)

﴿۱۰﴾ اللہ تعالیٰ کو پکارنے میں مومن اور مشرک میں متعدد وجوہ سے فرق ہے۔

(ا) مومن ہر وقت، آرام میں، راحت، مصیبت میں، شدت میں، فرحت میں، انعام میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے۔ وہی اس کا حقیقی کارساز ہے جبکہ مشرک اللہ تعالیٰ کو صرف ابتلاء میں پکارتا ہے۔ ابتلاء سے پہلے یا اس کے بعد وہ اپنے معبودانِ باطلہ کو پکارتا ہے اور انہیں ہی اپنا کارساز جانتا ہے۔

(ب) مومن اگر کسی مقرب بارگاہ الٰہی کو پکارتا ہے تو اسے رب کا مقرب اور ماذون بندہ جان کر پکارتا ہے۔ اس کا یہ اعتقاد ہوتا ہے کہ اس کو پکارنے کا رب نے اذن دے رکھا ہے اور اس کی پکار اور دعا رب اپنے قریب ہونے کے باعث سنتا اور قبول کرتا ہے۔ جبکہ مشرک اپنے بتوں کو رب کا مقابل جان کر پکارتا ہے، اس کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ وہ زبردستی رب سے بات منوالیں گے۔ حالانکہ رب پر دباؤ، دھونس، دھاندلی کا عقیدہ کفر ہے۔ اس لئے قرآن وحدیث میں جہاں رب تعالیٰ کے علاوہ پکارنے والوں کی مذمت فرمائی ہے وہاں اپنے بندوں کو ابتلائمیں مقربانِ خدا کو پکارنے کا حکم دیا ہے ابتلاء میں رب کے مقرب بندوں کو پکارنا شریعت مطہرہ کے عین مطابق اور جائز ہے۔

---

(۱۶) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۱۸۴

(۱۷) ☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۳۵۱

marfat.com

چنانچہ حدیث شریف میں ہے۔

اِذَانَفَرَتْ دَابَّةُ اَحَدِكُمْ اَوْبَعِيْرَةٌ بِفَلَاةٍ مِّنَ الْاَرْضِ لَايُرٰى بِهَااَحَدًافَلْيَقُلْ: اَعِيْنُوْنِىْ عِبَادَ اللّٰهِ،فَاِنَّهٗ سَيُعَانُ(۱۸)

جب تم میں سے کسی کا چوپایہ یا اونٹ وسیع بیابان میں گم ہو جائے اور کسی کو دکھائی نہ دے تو وہ کہے: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو۔ بیشک اس کی مدد کی جائے گی (اور وہ جانور اسے مل جائے گا)۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاضَلَّ اَحَدُكُمْ شَيْئًااَوْاَرَادَعَوْنًاوَهُوَبِاَرْضٍ لَّيْسَ بِهَااَنِيْسٌ فَلْيَقُلْ: يَاعِبَادَاللّٰهِ ! اَغِيْثُوْنِىْ يَاعِبَادَاللّٰهِ! اَغِيْثُوْنِىْ فَاِنَّ لِلّٰهِ عِبَادًالَايُرَاهُمْ (۱۹)

جب تم میں سے کوئی اپنی شے گم کر دے یا مدد چاہے اور وہ ایسی زمین میں ہو جہاں اس کا کوئی واقف نہ ہو۔ تو وہ یوں کہے: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اے اللہ کے بندو میری مدد کرو! کیونکہ اللہ کے کچھ بندے ایسے بھی ہیں جو دکھائی نہیں دیتے۔

اور ایک حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاانْفَلَتَتْ دَابَةُ اَحَدِكُمْ بِاَرْضٍ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ:يَاعِبَادَاللّٰهِ اِحْبِسُوْاعَلَىَّ دَابَّتِىْ فَاِنَّ لِلّٰهِ فِى الْاَرْضِ حَاضِرًاسَيَحْبِسُهٗ عَلَيْكُمْ.(۲۰)

جب تم میں سے کسی کا جانور بیابان میں گم ہو جائے تو وہ یوں ندا دے، اے اللہ کے بندو! میرا جانور میرے لئے روک دو۔ کیونکہ زمین میں کچھ ایسے بندے ہوتے ہیں جو اس کا جانور اس کے لئے روک لیں گے۔

اس لئے مشکلات میں اولیاء اللہ کو اللہ کا مقرب و ماذون جان کر پکارنا جائز ہے۔

☆☆☆☆☆

(۱۸) ☆ رواہ ابن ابی شیبہ فی المصنف عن ابان صالح(مرفوعا)، ج۷، ص ۱۳۲

(۱۹) ☆ رواہ الطبرانی عن عتبہ بن غزوان .بحوالہ کنز العمال ، ج۲ ، ح۱۷۴۹۸ .

(۲۰) ☆ رواہ عبدالرزاق فی الجامع وابن السنی والطبرانی عن ابن مسعود.بحوالہ کنز العمال ، ج۲ ، ح۱۷۴۹۶

marfat.com

باب (۲۰۸):

گھروں میں نماز کی جگہ مقرر کرنا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ☆

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کو وحی بھیجی کہ مصر میں اپنی قوم کے لئے مکانات بناؤ اور اپنے گھروں کو نماز کی جگہ کرو اور نماز قائم رکھو اور مسلمانوں کو خوش خبری سناؤ۔

(سورہ یونس آیت ۸۷)

حل لغات :

"وَاَوْحَيْنَا": وَحْیٌ سے بنا ہے۔ وحی کا لغوی معنی ہے، اشارۂ سریعہ۔

رمز اور تعریض کے طور پر کلام کو وحی کہتے ہیں۔

وحی میں کبھی آواز ہوتی ہے مگر ترکیب کے بغیر۔

جوارح کے اشارہ اور کتابت میں بھی وحی کہلاتی ہے۔

وحی کا لفظ مشترک ہے، اس لئے متعلق کے اعتبار سے اس کے مختلف معنی ہیں۔

اگر وَحْیٌ کی نسبت انبیاء کرام کی طرف ہو تو اس سے مراد صاف قانونی یا خبری پیغام مراد ہوتا ہے۔ وحی کا یہ معنی حقیقی ہے۔

marfat.com

اگر وحی حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطہ سے ہوتو وحی جلی کہلاتی ہے۔اور اگر بغیر واسطہ کے ہوتو وحی خفی کہلاتی ہے۔

وحی کی نسبت اگر اولیاء اللہ کی طرف ہوتو اسے الہام کہتے ہیں۔حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ کو الہام ہوا کہ بچہ کو دریائے نیل کے سپرد کردو۔اس امر کو رب تعالیٰ نے وحی سے تعبیر فرمایا۔

وَاِذْاَوْحَیْنَاالٰی اُمِّکَ مَایُوْحٰی ☆ (سورہ طہ آیت ۳۸)

جب ہم نے تیری ماں کو الہام کیا جو الہام کرنا تھا۔

اگر وحی کی نسبت جانور کی طرف ہوتو اسے القاءِ قلبی کہتے ہیں۔

وَاَوْحٰی رَبُّکَ اِلَی النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِیْ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًاوَّمِنَ الشَّجَرِوَمِمَّایَعْرِشُوْنَ ☆

اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی کو الہام کیا کہ پہاڑوں میں گھر بناؤ اور درختوں میں اور چھتوں میں۔ (سورۃ النحل آیت ۶۸)

اگر وحی کی نسبت شیطان کی طرف ہوتو اس سے مراد دلوں میں وسوسے ڈالنا ہے۔

وَاِنَّ الشَّیٰطِیْنَ لَیُوْحُوْنَ اِلٰٓی اَوْلِیٰٓئِھِمْ لِیُجَادِلُوْکُمْ ۔.....الآیۃ (سورۃالانعام آیت، ۱۲۱)

اور بے شک شیطان اپنے دوستوں کے دلوں میں ڈالتے ہیں کہ تم سے جھگڑیں۔

اگر نیند کی طرف نسبت ہوتو اسے الہام، تسخیر اور منام کہتے ہیں۔

قَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُوَالسَّلَامُ : اِنْقَطَعَ الْوَحْیُ وَبَقِیَتِ الْمُبَشَّرَاتُ رُؤْیَاالْمُؤْمِنِ فَالْاِلْھَامُ وَالتَّسْخِیْرُوَالْمَنَامُ(۱)

حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا کہ وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے اب مبشرات یعنی مومن کی خواب باقی ہے۔اس الہام، تسخیر اور منام کہتے ہیں۔

اس آیت میں وحی سے حقیقی معنی مراد ہے یعنی رسول کی طرف پیغام۔

(۱) المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۵۱۶

marfat.com

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف وحی حضرت جبرئیل علیہ السلام کے واسطے سے ہے اور حضرت ہارون (برادرِ موسیٰ) علیہما السلام کی طرف وحی حضرت جبرئیل اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واسطے سے ہے کیونکہ وہ حضرت موسیٰ کے تابع ہیں (علیہما السلام)۔(۲)

"اَنْ تَبَوَّاٰ": کسی جگہ اقامت اختیار کرنا، مکان بنالینا، گھر تیار کرنا۔(۳)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ اور ان کے بھائی حضرت ہارون علیہما السلام کو حکم دیا کہ مصر میں اپنی رہائش اور عبادت کے لئے اپنے مکان بنالو۔ یہ حکم فرعون اور فرعونیوں کے غرق ہونے سے پہلے دیا گیا۔

"بِمِصْرَ": مِصْر کا لغوی معنی شہر ہے مگر یہاں اسمِ علَم استعمال ہوا ہے۔ سمندر اور اسوان کے درمیان واقع شہر۔(۴)

---

(۲) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۵۱۵

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۲،ص ۱۴۶

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۱۳۵۲

☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر،ج ۱۰،ص ۳۸۴

(۳) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۱۳۴

☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص ۸۰

☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۳۵

☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۶۹

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج ۸،ص ۳۷۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۸۳

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج ۵،ص ۱۸۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج ۴،ص ۷۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج ۲،ص ۳۲۸

☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ،ج ۲،ص ۲۰۰

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج ۱۱،ص ۱۷۱

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج ۵،ص ۵۳۵

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج ۸،ص ۳۷۱

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج ۵،ص ۱۸۵

marfat.com

"**قِبْلَةً**": قبلہ سے مراد قبلہ رُخ ہے۔یعنی مکانات کی تعمیر اس طرح کرو کہ ان کا رخ کعبہ کو ہو، تا کہ نماز پڑھنے میں آسانی رہے۔(۵)

نبی اسرائیل مساجد اور کنیسوں میں نماز پڑھتے تھے جب حضرت موسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے تو فرعون نے حکم دیا کہ نبی اسرائیل کی مسجدوں اور کنیسوں کو گرادو اور پھر اس نے ان کو نماز پڑھنے سے روک دیا۔اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو وحی کے ذریعے حکم دیا کہ تم اور بنی اسرائیل اپنے مکان کعبہ کے رخ پر بنالو اور ان میں خفیہ طور پر نماز پڑھتے رہو۔ بنی اسرائیل جب تک امن سے رہے ان کے لئے صرف گرجوں اور کنیسوں میں نماز پڑھنا جائز تھا لیکن خوف کی حالت میں اپنے گھروں میں نماز پڑھنے کی اجازت دی گئی۔(۶)

(۵)
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۲۹
☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۱۸۵
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج ۴، ص ۵۴
☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج ۲، ص ۲۰۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۱، ص ۱۰۴
☆ التفسیرات الاحمدیه از علامه احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعه مکتبه حقانیه محله جنگی 'پشاور، ص ۴۸۳
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۱، ص ۵۵
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۵۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۳۲۹
☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج ۴، ص ۳۷

(۶)
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابو عبد الله محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت لبنان، ج ۸، ص ۱ - ۳
☆ احکام القرآن از علامه ابو بکر محمد بن عبد الله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت لبنان، ج ۲، ص ۵۵۰
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۳۲۹
☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۱۸۵
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج ۴، ص ۵۴
☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیر صاوی از علامه احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه 'مکه مکرمه، ج ۲، ص ۲۰۰
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج ۱۷، ص ۱۴۸
☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۱، ص ۱ - ۱
☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۵، ص ۵۳

marfat.com

یادرہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قبلہ کعبہ تھا۔(۷)

"اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ": نماز کو اس کی شرائط اور تعدیل ارکان کے ساتھ ادا کرتے رہو۔

اس کا دوسرا مفہوم بھی ہے کہ اے بنی اسرائیل! نماز کو ہمیشہ ادا کرتے رہو۔ فرعونیوں کے ظلم کا خوف تمہیں ادائیگیِ نماز سے روک نہ دے بلکہ تمہارے نماز ادا کرنے سے اس خوف کے جاتے رہنے کا امکان ہے۔(۸)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ رہائشی مکانات میں نماز کی جگہ متعین کر لینا جائز ہے۔ فقہاء کے عرف میں اسے "مسجد البیت"، یعنی گھر کی مسجد کہتے ہیں۔

آیت زیب عنوان اگرچہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کے قصہ اور خوف کے وقت گھروں میں نماز پڑھنے کی اجازت ہے مگر جب پہلی شریعتوں کا بیان ہو اور اللہ تعالیٰ جل وعلا اور رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اس کی تردید بیان نہ ہو تو وہ ہمارے لئے بھی قابل عمل ہے حضور ہادی عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا

اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ بِبِنَآءِ الْمَسْجِدِ فِی الدُّوْرِ وَاَنْ تَنَظَّفَ وَتَطَیَّبَ (۹)

---

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۸، ص ۳۷۱

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷، ص۱۴۸

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۷۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۴۸۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۲۸

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۲۸

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۴، ص۷۳

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۵، ص۵۳

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دارالفکر بیروت، ج۴، ص۳۸۳

(۸) ☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۲۰۰

(۹) ☆ رواہ ابوداؤد، ج۱، ص۷۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص۴۸۳

marfat.com

رسول اللہ نے گھروں میں مسجد بنانے اور اسے صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا۔

﴿۲﴾ عبادت کے مواضع کے تعین کا اختیار انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے سپرد ہے۔ عام مومن کے لئے ان احکام کی پیروی کرنا لازم ہے۔(۱۰)

﴿۳﴾ گھروں میں جب نماز کی جگہ متعین کر لینا جائز ہے تو ان میں نماز ادا کرنا بھی جائز ہے۔ گھروں میں نوافل اور سنتیں ادا کرنا مسجدوں میں ادا کرنے سے افضل ہے۔ حضور سید عالم ﷺ کے عمل اور ارشاد سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ حدیث شریف میں ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔

قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ مِنَ التَّطَوُّعِ فَقَالَتْ: كَانَ يُصَلِّىْ قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا فِىْ بَيْتِىْ ثُمَّ يَخْرُجُ فَيُصَلِّىْ بِالنَّاسِ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى بَيْتِىْ فَيُصَلِّىْ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّىْ بِالنَّاسِ الْمَغْرِبَ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى بَيْتِىْ فَيُصَلِّىْ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ يُصَلِّىْ بِهِمُ الْعِشَآءَ ثُمَّ يَدْخُلُ بَيْتِىْ فَيُصَلِّىْ رَكْعَتَيْنِ.....الحديث(۱۱)

حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نفل نماز کے بارے میں دریافت کیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کہ آپ ظہر سے پہلے میرے گھر میں چار رکعتیں (سنت) ادا فرماتے پھر مسجد میں تشریف لے جاتے اور لوگوں کے ساتھ ظہر کی نماز با جماعت ادا فرماتے پھر میرے گھر لوٹ آتے اور دو رکعت (سنت) ادا فرماتے۔ پھر نماز مغرب جماعت سے ادا فرماتے پھر میرے گھر لوٹ کر دو رکعت (سنت) ادا فرماتے پھر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ جماعت سے عشاء کی نماز ادا فرماتے پھر میرے گھر آ کر دو رکعت (سنت) ادا فرماتے۔

(۱۰) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۱۴۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۱۸۶

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۲۱

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۴۸۳

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۵۳۶

(۱۱) ☆ رواہ ابو داؤد عن عبداللہ بن شقیق، ج ۱، ص ۱۸۵

marfat.com

گھروں میں نوافل ادا کرنے کے سلسلہ میں نبی پاک صاحبِ لولاک ﷺ کا ارشاد ملاحظہ ہو۔

لَاتَتَّخِذُوْا بُيُوْتَكُمْ قُبُوْرًا صَلُّوْا فِيْهَا (۱۲)

اپنے گھروں کو قبرستان کی مانند نہ کرو بلکہ ان میں نماز ادا کرو۔ (۱۳)

﴿۴﴾ پہلی قوموں کے لئے عبادت گاہوں میں عبادت کرنا لازم تھا۔ البتہ خوف کی حالت میں گھروں میں خفیہ طور پر نماز ادا کر سکتے تھے۔ مگر ہمارے لئے اگرچہ مسجدوں میں نماز ادا کرنا افضل ہے، مگر ہر پاک جگہ نماز پڑھ لینا جائز ہے۔ خواہ گھر ہو یا دکان، کھیت ہو یا بازار، کارخانہ ہو یا گودام۔ ہر پاک جگہ نماز پڑھنا جائز ہے۔ یہ فضیلت اور سہولت نبی پاک صاحب لولاک ﷺ کی برکت سے حاصل ہے۔

آپ ﷺ کا ارشاد ہے۔

جُعِلَتْ لِيَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطُهُوْرًا. (۱۴)

میرے لئے تمام روئے زمین سجدہ گاہ اور پاک بنادی گئی ہے۔ (۱۵)

﴿۵﴾ بنی اسرائیل فرعون کے ظلم کے خوف سے نماز گھروں میں پڑھتے تھے۔ اسی پر قیاس کرتے ہوئے عذر خوف وغیرہ کی وجہ سے گھروں میں نماز ادا کرنا اور ترکِ جماعت و جمعہ جائز ہے۔

عذر متعدد ہیں۔ مثلاً مرض، جو مسجد میں جانے سے مانع ہو، یا مرض کے بڑھ جانے کا خوف ہو، مال یا بدن میں سلطان کے ظلم کا خوف ہو، موسلا دھار بارش ہو، بیمار کی عیادت، جس کے پاس کوئی اور نہ ہو، وغیرہ۔ (۱۶)

---

(۱۲) ☆ رواہ احمد عن زید بن خالد/بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۳۵۵

(۱۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۷۲

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۳۸۳

(۱۴) ☆ رواہ مسلم والترمذی عن ابی ہریرۃ

☆ ورواہ البیہقی عن ابی امامہ/بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۱۲۶

(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۷۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۷۱

(۱۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۸، ص ۳۷۲

mart at . com

﴿۶﴾ مسجد البیت کا حکم مسجد جماعت کا سا نہیں۔ مسجد بیت کی چھت پر وطی، بول اور بیت الخلا بنانا جائز ہے۔ جب کہ یہ امور مسجد جماعت کے لئے جائز نہیں۔(۱۷)

﴿۷﴾ اگر کوئی عذر نہ ہو تو مسجد جماعت بنانا اور اس میں نماز قائم کرنا واجب ہے۔(۱۸)

﴿۸﴾ نماز کے فوائد میں سے یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ اس سے دشمن کے خلاف استعانت ملتی ہے۔ بنی اسرائیل نے نماز کی برکت سے فرعون کے مظالم سے نجات پائی۔ اسی لئے رب کریم جل جلالہ نے مومن کو حکم دیا۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ.....الآیة اور صبر اور نماز سے مدد چاہو۔ (سورۃ البقرہ آیت ۴۵)

حضور پرنور سید عالم ﷺ کو جب کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو آپ ﷺ نماز ادا فرماتے۔ حدیث شریف میں ہے۔

كَانَ اِذَا حَزَبَهٗ اَمْرٌ صَلّٰى (۱۹)

جب آپ ﷺ کو کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو آپ ﷺ نماز ادا فرماتے۔

پریشانی، غم اور مصیبت کے وقت بندۂ مومن کو نماز میں مشغول ہو جانا چاہئے۔(۲۰)

﴿۹﴾ نمازِ تراویح مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنتِ موکدہ ہے۔ حضور سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چند روز تراویح جماعت کے ساتھ مسجد میں ادا فرمائی۔ پھر جماعت ترک فرما دی کہ تم پر فرض نہ ہو جائے۔ امیر المومنین سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے خلافت کے دور تک صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اسے متفرق طور پر ادا کرتے رہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک قاری امام مقرر فرما دیا اور حکم دیا کہ اب تراویح جماعت کے ساتھ ادا کی جائے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، تابعین، تبع تابعین، ائمہ مجتہدین اور علمائے ربانیین نے ہر دور میں اس پر عمل فرمایا اور اسے امت کے لئے بہتر قرار دیا۔

لہٰذا تراویح کو مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔ بغیر عذر کے اس کا ترک جائز نہیں۔(۲۱)

☆☆☆☆☆

(۱۷) ☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۳۸۳

(۱۸) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۲۹

(۱۹) ☆ رواہ احمد و ابو داؤد عن حذیفہ / بحوالہ جامع صغیر، ج ۲، ص ۱۷۵

(۲۰) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۲۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۷۲

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج ۸، ص ۳۷۳

marfat.com

باب (۲۰۹):

﴿نماز میں آمین پست آواز سے کہو﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

قَالَ قَدْاُجِیْبَتْ دَّعْوَتُکُمَافَاسْتَقِیْمَاوَلَاتَتَّبِعٰٓنِّ سَبِیْلَ الَّذِیْنَ لَایَعْلَمُوْنَ☆

(سورہ یونس آیت، ۸۹)

فرمایاتم دونوں کی دعا قبول ہوئی تو ثابت قدم رہواور نادانوں کی راہ نہ چلو۔

حل لغات :

"**قَدْاُجِیْبَتْ**": اِجَابَۃٌ سے بنا ہے۔اس کا معنی ہے دعا کا قبول ہونا۔

"**دَعْوَتُکُمَا**": تم دونوں کی دعا۔ یہ خطاب حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ اور حضرت سیدنا ہارون علیہما السلام سے ہے۔ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مانگی اور اس پر آمین حضرت ہارون علیہ السلام نے فرمائی۔ رب تعالیٰ نے فرمایا کہ تم دونوں کی دعا قبول ہوئی۔(۱)

"**فَاسْتَقِیْمَا**": اے موسیٰ اور اے ہارون (علیہما السلام) تم دونوں ثابت قدم رہو۔فرعون کی سرکشی اور فرعونیوں کے مظالم سے تنگ دل نہ ہونا۔راہِ حق پر استقامت اختیار کئے رہو اور فریضہء تبلیغ انجام دیتے رہو۔

---

(۱) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۸، ص ۳۷۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۲۹

marfat.com

آیت کا مفہوم:

آیت کا مفہوم ماقبل کی آیت ملا کر پڑھنے سے واضح ہوتا ہے۔

فرعون اور فرعونیوں کو دنیوی مال وآرائش کی کثرت نے گمراہ کر دیا تھا۔ وہ اسی مال ومتاع کو حقیقی زندگی سمجھ بیٹھے تھے۔ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کی تبلیغ پر وہ الٹا ان کے درپے آزار ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ اور اس کی راہ پر چلنے اور بنی اسرائیل پر مظالم نہ کرنے کی تلقین ان پر بے اثر رہی۔ حکمِ الٰہی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کے حق میں بددعا کی۔ ''اے اللہ! اے ہمارے رب! ان کے مال برباد کر دے اور ان کے دل سخت کر دے، کہ ایمان نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔''

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس دعا پر ان کے بڑے بھائی حضرت ہارون علیہ السلام نے آمین کہی۔ یعنی اے رب! ایسا ہی کر دے اور ہماری دعا قبول فرما۔

اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے اس واقع کی خبر دیتے ہوئے فرمایا کہ میں نے دعا کرنے والے اور آمین کہنے والے دونوں کی دعا قبول فرمالی۔ فرعون اور فرعونیوں کے مال برباد ہو گئے۔ ان سے برکت اٹھالی گئی۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ دعا کرنا سنت انبیاء علیہم السلام ہے اور دعا پر آمین کہنا بھی سنت انبیاء علیہم السلام ہے۔ آمین بھی دعا ہے۔ اگر کوئی بندۂ مومن نیکی کی دعا مانگے تو حاضرین اس پر آمین کہیں۔

حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے دعا ما۔ ان کے برادرِ بزرگ حضرت سیدنا ہارون علیہ السلام نے اس پر آمین کہی۔ رب تعالیٰ نے فرمایا دونوں نے دعا کی اور ان کی دعا بارگاہِ رب العزت میں قبول ہوئی۔ (۲)

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳، ص ۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۸، ص ۳۷۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۴۲۹

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۱۸۷

marfat.com

﴿۲﴾ دعا مانگنے میں افضل یہ ہے کہ پست آواز میں مانگی جائے۔ کیونکہ رب کریم جل وجلالہ ہر آواز سنتا ہے۔ بلکہ آواز کے بغیر دل کے ارادوں پر بھی مطلع ہے۔

وہی ارشاد فرماتا ہے۔

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ☆ (سورۃ الاعراف آیت، ۵۵)

اپنے رب سے دعا کرو گڑگڑاتے اور آہستہ بیشک حد سے بڑھنے والے اسے پسند نہیں۔ (۳)

﴿۳﴾ نماز میں سورۃ فاتحہ شریف کے بعد منفرد، امام اور مقتدی آہستہ آواز سے آمین کہے۔ کیونکہ آمین بھی دعا ہے اور دعا کا خفیہ مانگنا افضل ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ يَخْفِي الْاِمَامُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالْاِسْتِعَاذَةَ وَآمِيْنَ وَرَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ (۴)

حضرت ابراہیم نخعی فرماتے ہیں کہ امام پست آواز سے کہے۔ تسمیہ، تعوذ، آمین اور رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ۔

(بقیہ ۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱، ص ۱۵۲

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۰۱

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۶۲

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۵۸

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۲۹

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۷۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۷۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۵، ص ۵۳۸ (۳)

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۶۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۲۹ (۴)

☆ رواہ ابن ابی شیبہ فی مصنفہ، ج ۱، ص ۴۴۸

☆ کتاب الآثار از محمد بن الحسن/بحوالہ عمدۃ القاری، ج ۶، ص ۵۱

marfat.com

مصنف عبدالرزاق میں ہے۔

اَرْبَعٌ یُخْفِیْھِنَّ الْاِمَامُ : فَذَکَرَ نَحْوَالْاَوَّلِ(۵)

عبدالرزاق نے مصنف میں اسی حدیث کوروایت کیا ہے۔(۶)

﴿۴﴾ دعا کی قبولیت اورحصولِ مقاصد میں تاخیر کے باعث تنگ دل ہونا جائزنہیں۔قبولیتِ دعامیں تاخیر کی مصلحت اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔حضرت موسیٰ وحضرت ہارون علیہما السلام نے فرعون اورفرعونیوں کے مال کی بربادی کے لئے دعا فرمائی۔رب تعالیٰ نے چالیس برس بعدان کی دعا قبول فرمائی۔اس عرصہ میں حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہ السلام تنگ دل نہ ہوئے تھے۔بندۂ مومن کی دعا کی قبولیت میں اگرتاخیر ہوجائے تو اسے تنگ دل یامایوس نہیں ہونا چاہئے۔(۷)

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ . سورہ یونس کی آیاتِ احکام سے احکام کی تالیف وترتیب مکمل ہوئی۔

اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے اورفقیرغفرلہ القدیر کے آخرت کے لئے زادِراہ بنائے۔

فقیرقادری عفی عنہ

۱۵/رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ مطابق ۱۱/نومبر ۲۰۰۳ء

☆☆☆☆☆

(۵) ☆ عمدۃالقاری ،ج۶،ص ۵۱

☆ والدرایۃ فی تخریج الھدایہ ،ج ۱،ص۸۸

(۶) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکراحمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان،ج۳،ص ۶۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاھور،ج۲،ص ۳۲۹

(۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۸،ص ۳۰۰۶

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر،ج۲،ص ۴۲۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاھور،ج۲،ص ۳۳۰

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج۴،ص ۷۵

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت،ج۴،ص ۵۸

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشھیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص ۱۸۰

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی ص ۳۶۶

☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار[illegible] ج۴،ص ۳۸۵

marfat.com

باب(۲۱۰) :

ریاکاری کا خسارہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا وَزِيۡنَتَهَانُوَفِّ اِلَيۡهِمۡ اَعۡمَالَهُمۡ فِيۡهَاوَهُمۡ فِيۡهَالَايُبۡخَسُوۡنَ☆ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ لَيۡسَ لَهُمۡ فِى الۡاٰخِرَةِ اِلَّاالنَّارُ وَ حَبِطَ مَاصَنَعُوۡافِيۡهَاوَبٰطِلٌ مَّاكَانُوۡايَعۡمَلُوۡنَ☆ (سورہ ھود. آیات،۱۵،۱۶)

جو دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتا ہو ہم اس میں ان کا پورا پھل دے دیں گے اور اس میں کمی نہ دیں گے۔ یہ ہیں وہ جن کے لئے آخرت میں کچھ نہیں مگر آگ، اور اکارت گیا جو کچھ وہاں کرتے تھے اور نابود ہوئے جو ان کے عمل تھے۔

حل لغات :

"يُرِيۡدُالۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَاوَزِيۡنَتَهَا": اپنے نیک اعمال (مثلاً صدقہ، خیرات، صلہ رحم، رفاہِ عامہ کے کام راستہ بنانا، راستہ مرمت کرنا، پانی کا انتظام کرنا، کنواں، نہر کھدوانا، دفعِ شر وغیرہ) کے بدلے دنیوی زندگی کی آسائش وآرائش چاہتا ہے (مثلاً دنیوی منفعت، دنیا کی رونق، درازیٔ عمر، صحت، مال واولاد کی کثرت، حسین بیویاں اور خدام وغیرہ) یا اپنے نیک اعمال کے بدلے نیک شہرت چاہتا ہے۔ بایں طور کہ اس کے علم کے باعث اسے بڑا عالم وقاری

marfat.com

ومفتی وفقیہ کہا جائے۔صدقہ وخیرات کے بدلے اسے بڑا سخی کہا جائے۔جہاد میں شرکت کے عوض اسے بڑا بہادر، جری اور شجاع کہا جائے۔صلہ رحمی کے بدلے ہمدرد وشفیق کہا جائے۔وغیرہ۔

خلاصہ یہ کہ نیک اعمال میں اخلاص ،للّٰہیّت نہ ہو، بلکہ صرف دنیوی اغراضِ فاسدہ، نمود، ریا اور شہرت حاصل کرنا ہو۔(۱)

"نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا": نُوَفِّ: وَفَاءٌ سے بنا ہے، جس کا معنی ہے، پورا کرنا، نذر پوری کرنا، کامل ہونا، حق پورا دینا۔(۲)

---

(۱)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹، ص ۱۴
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲، ص ۱۰۵۶
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷، ص۱۹۸
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۴۳۹
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲، ص ۲۱۰
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۷۲
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵، ص ۲۰۹
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴، ص ۸۴
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص ۳۴۴،۳۴۵
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴، ص ۱۰۷
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲، ص ۲۳
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۶، ص ۲۹
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص ۳۶۴
☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۲، ص ۳۷۶
☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیرالجلالین للدقائق الحنفیہ،المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳، ص ۴۱۷

(۲)
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی، ص ۱۳۸۵
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی، ص ۵۲۸
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج۲، ص ۱۵۴
☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوہ والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت، ص ۴۹۱
☆ تاج العروس ازعلامہ سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعہ مصر، ج۱۰، ص ۳۹۴

marfat.com

آیت مذکورہ میں اس سے مراد حق پورا دینا ہے۔

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم دنیا میں ان کے اعمال کا بدلہ پورا دیتے ہیں۔ان کی زندگی خوش گوار، پُرمسرت، راحت آمیز بنادیتے ہیں۔مکروہات، مصائب اور ناگواریوں سے اسے محفوظ رکھتے ہیں۔(۳)

"وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ": يُبْخَسُوْنَ، بَخْسٌ سے بنا ہے جس کا معنی ہے: ناقص، گھٹیا۔ظلم کرتے ہوئے کسی کا حق مارنا۔نقصان پہنچانا، کسی کو عیب ناک کرنا۔(۴)

آیت سے مراد یہ ہے کہ طالبِ دنیا کے نیک اعمال کا بدلہ اسے پورا پورا دنیا ہی میں دے دیا جائے گا، اس کے بدلے میں کمی نہ کی جائے گی۔

رب تعالیٰ جل وعلا کریم ہے اور کریم سے ظلم کی توقع بذاتِ خود ظلم ہے۔اس لئے وہ کریم بندے کا حق کیوں کر رکھے گا۔وہ بندے کا حق پورا دیتا ہے، بلکہ وہ چاہے تو حق سے بھی زیادہ دیتا ہے۔(۵)

---

(۳) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۳۴۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۳۴۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعه ملتان، ج۳، ص ۳۷۶
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت لبنان، ج۲، ص ۱۰۵۶
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی، ج۶، ص ۲۹
(۴) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعه دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانه کراچی، ص ۹۴
☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوه والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعه بیروت، ص ۶۴
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامه حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعه کراچی، ص ۳۸
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفه علامه احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعه مصر، ج۱، ص ۲۰
☆ تاج العروس ازعلامه سیدمرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)مطبوعه مصر، ج۴، ص ۱۰۵
(۵) ☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت'لبنان، ج۲، ص ۱۰۵۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۹، ص ۱۴
☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص ۴۳۹
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۷، ص ۱۹۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۳۴۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص ۳۴۴
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعه ملتان، ج۳، ص ۳۷۶
☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی، ج۶، ص ۲۹

marfat.com

"وَحَبِطَ مَاصَنَعُوْافِيْهَا": حَبِطَ (از باب سَمِعَ) حُبُوْطًا کا معنی ہے عمل بیکار ہونا۔خراب ہونا، برباد ہونا، رائیگاں جانا۔

اعمال کا خراب ہونا دو طرح سے ہے۔

اول: اعمال دنیویہ ہوں۔دنیا میں ان کی جزا مل جائے لیکن آخرت میں ان کا اجر نہ ہو۔

دوم: اعمال اُخرویہ (عبادات) ہوں مگر ان سے ریا مقصود ہو تو ان کا اجر بھی آخرت میں رائیگاں جائے گا۔(۶)

"وَبَاطِلٌ مَّاكَانُوْايَعْمَلُوْنَ": ان کے عمل نیست و نابود ہوئے۔یعنی ان کے نیک اعمال بے کار ہو جائیں گے کہ انہیں آخرت میں ان کا اجر نہ ملے گا۔

شانِ نزول:

ان آیات کے شانِ نزول میں متعدد اقوال منقول و مروی ہیں۔صحیح تر یہ ہے کہ یہ آیت ہر اس آدمی کے بارے میں ہے جو اپنے نیک اعمال (عبادات ہوں یا معاملات) کے عوض اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی رضا چاہے۔(۷)

(بقیہ۵) ☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴، ص۱۰۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲، ص۲۳

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۷۲

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۲۱۰

(۶) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی 'مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص۲۲۴

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) 'مطبوعہ کراچی، ص۱۰۶

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی 'مطبوعہ مصر، ج۱، ص۵۹

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج۵، ص۱۱۶

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت 'لبنان، ج۲، ص۱۰۵۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۹، ص۱۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۴۳۹

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲، ص۲۱۰

marfat.com

مسائل شرعیہ

﴿۱﴾ نیک اعمال کا اجر ایمان اور اخلاص پر منحصر ہے۔ان میں سے ایک جز بھی اگر نہ ہوتو آخرت کا اجر وثواب نہ ملے گا۔اس لئے بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے نیک اعمال (عبادات ہوں یا معاملات) میں اللہ تعالیٰ کی رضا کو ملحوظِ خاطر رکھے۔یہی اس کے سرمایہءِ اعمال کا محافظ ہے۔(۸)

﴿۲﴾ ریا یہ ہے کہ انسان صالح عمل اس نیت سے کرے کہ لوگ اسے اچھا جانیں یا اس کے صالح ہونے کے معتقد ہوجائیں یا اسے کچھ دینے کا قصد کریں۔لہٰذا اعمال میں اس نیتِ فاسدہ سے بچتا رہے، ورنہ اعمال اکارت ہوجائیں گے۔(۹)

﴿۳﴾ قیامت میں سب سے زیادہ خسارہ ریا کار اٹھائیں گے کہ دنیا میں نیک اعمال (عبادات اور معاملات) کی مشقت اٹھاتے رہے لیکن قیامت میں وہ خالی ہاتھ ہوں گے بلکہ جہنم کی آگ ان کا اولین استقبال کرے گی۔

(بقیہ۷) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر، ج۱۷، ص۱۹۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج۵، ص۲۰۹

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعه بیروت، ج۴، ص۸۴

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعه ملتان، ج۲، ص۳۷۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۳۴۴

☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۴، ص۱۰۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۲، ص۲۳

☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیه، المعروف به حاشیه الجمل. مولفه شیخ سلیمان الجمل، ج۳، ص۴۱۷

(۸) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۲

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک از علامه ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۳۴۵

☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۴، ص۱۰۸

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۲، ص۲۴،۲۵

(۹) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲، ص۳۴۵

☆ تفسیر روح البیان از علامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعه مکتبۃ عثمانیه 'کوئٹه، ج۴، ص۱۰۸

marfat.com

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی اِذَاکَانَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ یَنْزِلُ اِلَی الْعِبَادِ لِیَقْضِیَ بَیْنَھُمْ وَکُلُّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃٌ فَاوَّلُ مَنْ یَّدْعُوْبِہٖ رَجُلٌ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ وَرَجُلٌ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَرَجُلٌ کَثِیْرُالْمَالِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لِلْقَارِیْ:اَلَمْ اُعَلِّمْکَ مَااَنْزَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِیْ، قَالَ:بَلٰی یَارَبِّ،قَالَ:فَمَاذَاعَمِلْتَ فِیْمَاعَلَّمْتَ، قَالَ: کُنْتُ اَقُوْمُ بِہٖ اٰنَاءَ اللَّیْلِ وَاٰنَاءَ النَّھَارِ،فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ. کَذِبْتَ وَتَقُوْلُ الْمَلَائِکَۃُ لَہٗ: کَذِبْتَ،وَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ: بَلْ اَرَدْتَّ اَنْ یُّقَالَ:فَلَانٌ قَارِیٌ فَقَدْقِیْلَ ذٰلِکَ،وَیُوْتٰی بِصَاحِبِ الْمَالِ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ :اَلَمْ اَوْسِعْ عَلَیْکَ حَتّٰی لَمْ اَدَعْکَ تَحْتَاجُ اِلٰی اَحَدٍ،قَالَ:بَلٰی یَارَبِّ ،قَالَ:فَمَاذَاعَمِلْتَ فِیْمَااٰتَیْتُکَ،قَالَ:اَصِلُ الرَّحِمَ وَاَتَصَدَّقُ،فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ: کَذِبْتَ وَتَقُوْلُ الْمَلَائِکَۃُ لَہٗ: کَذِبْتَ،وَیَقُوْلُ اللّٰہُ : بَلْ اَرَدْتَّ اَنْ یُّقَالَ،فَلَانٌ جَوَادٌ فَقَدْقِیْلَ ذٰلِکَ،وَیُؤْتٰی بِالَّذِیْ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ، فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ:فِیْمَاذَاقُتِلْتَ،فَیَقُوْلُ:اُمِرْتَ بِالْجِھَادِ فِیْ سَبِیْلِکَ فَقَاتَلْتُ حَتّٰی قُتِلْتُ، فَیَقُوْلُ اللّٰہُ لَہٗ: کَذِبْتَ وَتَقُوْلُ لَہُ الْمَلَائِکَۃُ: کَذِبْتَ : وَیَقُوْلُ اللّٰہُ: بَلْ اَرَدْتَّ اَنْ یُّقَالَ: فَلَانٌ جَرِیٌ فَقَدْ قِیْلَ ذٰلِکَ،ثُمَّ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ عَلٰی رُکْبَتِیْ فَقَالَ: یَااَبَاھُرَیْرَۃَ: اُولٰٓئِکَ الثَّلَاثَۃُ اَوَّلُ خَلْقِ اللّٰہِ تُسَعَّرُبِھِمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ..... فَقَالَ مُعَاوِیَۃُ: قَدْ فُعِلَ بِھٰٓؤُلَآءِ ھٰذَافَکَیْفَ بِمَنْ بَقِیَ مِنَ النَّاسِ ثُمَّ بَکٰی مُعَاوِیَۃُ بُکَاءً شَدِیْدًاحَتّٰی ظَنَنَّااَنَّہٗ ھَالِکٌ وَقُلْنَا:قَدْجَآءَ نَاھٰذَاالرَّجُلُ بِشَرٍّ ثُمَّ اَفَاقَ مُعَاوِیَۃُ وَمَسَحَ عَنْ وَجْھِہٖ وَقَالَ:صَدَقَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ، مَنْ کَانَ یُرِیْدُ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَاوَزِیْنَتَھَانُوَفِّ اِلَیْھِمْ اَعْمَالَھُمْ فِیْھَاوَھُمْ فِیْھَالَایُبْخَسُوْنَ☆ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ لَیْسَ لَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ اِلَّاالنَّارُ وَحَبِطَ مَاصَنَعُوْا فِیْھَاوَبَاطِلٌ مَّاکَانُوْایَعْمَلُوْنَ☆(۱۰)

(۱۰) ☆ رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ،ج۲،ص ۷۳. وقال ھذاحدیثٌ حسنٌ غریبٌ

marfat.com

(طویل حدیث کا اقتباس)

بے شک اللہ تعالیٰ جب قیامت کے روز بندوں کے حساب کی طرف توجہ فرمائے گا تو ہر گروہ تباہی میں ہوگا۔ سب سے پہلا فرد جو حساب کے لئے پیش ہوگا وہ ہوگا جس نے قرآن یاد کیا ہوگا اور وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہوا ہوگا اور وہ مالدار۔ اللہ تعالیٰ قرآن پڑھنے والے سے فرمائے گا، کیا میں نے تمہیں اس کتاب کا علم نہیں دیا جو میں نے اپنے محبوب رسول پر نازل فرمائی؟ وہ کہے گا: ہاں میرے رب۔ رب تعالیٰ اسے فرمائے گا جو میں نے تجھے علم دیا تھا اس پر تو نے کیا عمل کیا؟ وہ کہے گا: میں دن رات اسے پڑھتا (اور پڑھاتا) رہا۔ اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا تو نے جھوٹ کہا اور فرشتے بھی اسے کہیں گے تو نے جھوٹ کہا۔ اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا (تیرے قرآن پڑھنے اور پڑھانے) کا ارادہ یہ تھا کہ لوگ کہیں کہ فلاں آدمی (بہت اچھا) قاری ہے۔ سو لوگوں نے تجھے ایسا کہا۔ (یعنی تیرا قرآن مجید پڑھنے کا مقصد پورا ہو گیا)۔ پھر صاحبِ مال کو لایا جائے گا اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا کہ کیا میں نے تجھے مال میں ایسی وسعت نہ دی کہ تو کسی کا محتاج نہ رہا۔ وہ کہے گا ہاں اے میرے رب: اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے دیئے ہوئے مال سے تو نے کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا میں نے صلح رحمی میں خرچ کیا اور میں نے صدقہ و خیرات کی۔ اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا: تو نے جھوٹ کہا اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو نے جھوٹ کہا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا بلکہ تیرا ارادہ یہ تھا کہ لوگ تیرے بارے میں کہیں کہ فلاں آدمی بہت سخی ہے، سو لوگوں نے ایسا کہا (تیرا صدقہ وخیرات، سخاوت اور صلہ رحمی کرنے کا مقصد پورا ہو گیا)۔ پھر وہ لایا جائے گا جو اللہ کی راہ میں شہید ہوا۔ اللہ تعالیٰ اسے فرمائے گا تو کیوں قتل ہوا؟ وہ کہے گا تو نے اپنی راہ میں جہاد کا حکم دیا، میں جہاد کرتا رہا اور میں شہید ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا تو نے جھوٹ کہا اور فرشتے بھی کہیں گے تو نے جھوٹ کہا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا بلکہ تیرا (جہاد میں شامل ہونا اور قتل ہونے کا) ارادہ یہ تھا کہ لوگ کہیں کہ فلاں آدمی بہت بہادر ہے۔ سو لوگوں نے ایسا کہا (تیرا جہاد میں حصہ لینے کا مقصد پورا ہو گیا)۔ پھر حضور نبی اکرم رسول معظم ﷺ نے میرے (راوی) گھٹنوں پر ہاتھ مارا اور فرمایا: اے ابوھریرہ! یہ تینوں اللہ کی

marfat.com

مخلوق میں سے قیامت کے روز دوزخ کا ایندھن بنیں گے۔..... حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جب ان تین (قاری قرآن مجید، مالدار، شہید) کا یہ حشر ہوگا تو بقیہ لوگوں کا کیا حال ہوگا (جنہوں نے نیکیاں ریا کی خاطر کی ہوں گی)۔ پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بہت روئے، یہاں تک کہ ہم سمجھے کہ وہ (اس رونے کی وجہ سے) ہلاک ہوجائیں گے، تو ہم نے اپنے طور کہا یہ شخص (راوی حدیث) بُری خبر لایا ہے۔ پھر جب انہیں افاقہ ہوا اور انہوں نے آنسوؤں سے اپنا چہرا صاف کیا تو فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (جل وعلا وﷺ) نے سچ فرمایا ہے کہ (آیت کا ترجمہ) جو دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش چاہتا ہو ہم اس میں ان کا پورا پھل دے دیں گے اور اس میں کمی نہ دیں گے۔ یہ ہیں وہ جن کے لئے آخرت میں کچھ نہیں مگر آگ اور اکارت گیا جو کچھ وہاں کرتے تھے اور نابود ہوئے جوان کے عمل تھے۔

ریا کا خسارہ ارشاد ربانی سے ملاحظہ ہو۔

وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَاعَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا☆ (سورۃ الفرقان آیت، ۲۳)

اور جو کچھ انہوں نے کام کیے ہم نے قصد فرما کر انہیں باریک باریک غبار کے بکھرے ہوئے ذرے کردیا کہ روزن کی دھوپ میں نظر آتے ہیں۔

ریا کار سے قیامت کے روز کہا جائے گا جس نے اپنے عمل میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کیا ہو وہ اپنا بدلہ اس شریک سے طلب کرے اللہ تعالیٰ تو ہر شرک سے بے نیاز ہے۔

اَنَااَغْنَى الشُّرَكَآءِ عَنِ الشِّرْكِ.....الحدیث(۱۱)

میں ہر شرک سے بے نیاز ہوں۔

(۱۱) ☆ رواہ مسلم فی کتاب الزھد
☆ ورواہ ابن ماجہ فی کتاب الزھد
☆ ورواہ احمد فی مسندہ، ج۳، ص ۳۲۱

marfat.com

اس نوعیت کی کثیر احادیث صحیحہ مرفوعہ ہیں۔اس لئے بندۂ مومن کے لئے ریا سے اجتناب کی کامل احتیاط لازم ہے۔(۱۲)

﴿۴﴾ دنیا سے بے رغبتی کرنے والا اور آخرت کی فکر و رغبت رکھنے والا دارین میں نفع اٹھاتا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔اس میں شک یا انکار ممکن نہیں۔ روزمرہ کا مشاہدہ اس پر شاہد ہے بلکہ خود سرورِ عالم نورِ مجسم جامع الحِکَم حضور پُرنور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔

مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَمْرَهُ وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَاْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا كَتَبَ لَهُ وَمَنْ كَانَتِ الْاٰخِرَةُ نِيَّتَهُ جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ اَمْرَهُ وَجَعَلَ غِنَاهُ فِىْ قَلْبِهٖ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِىَ رَاغِمَةٌ(۱۳)

---

(۱۲) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان، ج۲،ص۱۰۵۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹،ص۱۴

☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۴۳۹

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۲۱۰

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۷۲

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷،ص۱۹۸

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص۸۴

☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۲۰۹

☆ تفسیرالبغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۳،ص۳۷۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۳۴۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص۳۴۵

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص۱۰۷

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج۱۲،ص۲۳

☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۶،ص۲۹

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص۳۶۴

☆ الفتوحات الالھیہ بتوضیح تفسیرالجلالین للدقائق الحنفیہ،المعروف بہ حاشیہ الجمل.مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳،ص۲۱۷

(۱۳) ☆ رواہ ابن ماجہ عبدالرحمن بن ابان بن عثمان بن عفان عن ابیہ ،ص۳۱۲

☆ ورواہ الترمذی فی القیامہ

☆ ورواہ الدارمی فی مقدمتہ

☆ ورواہ احمدفی مسندہ، ج۴،ص۱۸۳

marfat.com

جس شخص کی نیت صرف دنیا حاصل کرنا ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ فقر (محتاجی) اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان پیدا کر دیتا ہے (وہ ہمیشہ محتاج رہتا ہے خواہ اسے کتنی ہی دنیا دے دی جائے) اور دنیا اس کو اتنی ہی ملتی ہے جتنی اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے لکھ دی اور جس کی نیت آخرت کی طلب ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ اس کے دل میں سے دنیا کی ہر چیز سے بے نیازی پیدا کرتا ہے اور اس کی پریشان حالی کو درست فرما دیتا ہے اور دنیا ذلیل ہو کر اس کے پاس دوڑتی ہوئی آتی ہے۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کی فکر لازم ہے۔

یاد رہے دنیا سے بے رغبتی کا یہ مفہوم نہیں کہ وہ دنیوی کاروبار اور معاملات ترک کر دے۔ بلکہ مقصد یہ ہے کہ وہ صرف دنیوی معاملات اور کاروبار کو ہی مقصدِ حیات نہ بنا لے۔

عارف باللہ رومی علیہ الرحمہ نے نہایت جامع کلمات میں اس مفہوم کو بیان فرما دیا ہے۔

چیست دنیا؟ از خُدا غافل بُدَن

نے قماش و نقرہ و فرزند و زن (۱۴)

﴿۵﴾ طالبِ دنیا کو اس کی طلب کے مطابق دنیا نہیں دی جاتی بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی منشا کے مطابق اسے عطا فرماتا ہے۔ اس طرح طالبِ دنیا کی حرص کبھی مکمل نہیں ہوتی۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ☆

(سورہ بنی اسرائیل آیت، ۱۸)

جو یہ جلدی والی چاہے ہم اسے اس میں سے جلد دے دیں، جو چاہیں، جسے چاہیں، پھر اس کے لئے جہنم کر دیں کہ اس میں جائے مذمت کیا ہوا دھکے کھاتا۔

(۱۴) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۶، ص ۳۰

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۱۳

marfat.com

اسی طرح ہر مانگنے والوں کو اللہ تعالیٰ اپنی منشاٗ کے مطابق عطا فرماتا ہے۔ مانگنے والوں کی ہر مراد کو پورا کرنا اللہ کے ذمہ لازم نہیں۔ وہ خود ارشاد فرماتا ہے۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَاتَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَاتُشْرِكُوْنَ☆ (سورۃ الانعام آیت ۴۱)

بلکہ اسی کو پکارو گے تو وہ اگر چاہے جس پر اسے پکارتے ہو اسے اٹھالے اور شریکوں کو بھول جاؤ گے۔

لہٰذا اگر طالبِ دنیا یا طالبِ دعا کی مراد پوری نہ ہو تو اسے رب تعالیٰ کی رضا و منشاٗ جان کر، قناعت کرے۔ تنگ دل نہ ہو۔ (۱۵)

☆☆☆☆☆

(۱۵) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۲، ص ۱۰۵۶

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۹، ص ۱۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۰۹

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۸۴

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۴۱۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۲۴

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ، مصنفہ امام ابو محمد مکی بن ابی طالب القیسی (م ۴۳۷)، مطبوعہ جدہ، ص ۳۲۵

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۲۱۱) :

﴿"بِسْمِ اللّٰہِ" ہر کام کی ابتداء میں﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

وَقَالَ ارْکَبُوْا فِیْھَا بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا ۔ اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ☆

اور وہ بولا اس میں سوار ہو اللہ کے نام پر اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا، بیشک میرا رب ضرور بخشنے والا مہربان ہے۔ (سورہ ہود آیت ۴۱)

حل لغات :

"اِرْکَبُوْا": رَکِبَ (از باب سَمِعَ) رُکُوْبًا وَمَرْکَبًا سے امر کا صیغہ ہے۔ جس کا معنی ہے، سوار ہونا، کسی ایسی شے پر سوار ہونا' جس میں حرکت ہو۔ حرکت خواہ ارادی ہو جیسے گھوڑا، اونٹ، وغیرہ یا حرکت اسے دی جائے (حرکت قسری) جیسے کشتی، موٹر وغیرہ۔

فاعل یا مفعول کے تبدیل ہونے سے اس میں مجازی معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ مثلاً سمندر میں سفر کرنا، راستہ چلنا، کسی کا پیچھا کرنا، خواہش کا تابع ہونا، بے سوچے لاپرواہی سے کسی کام کو کر گزرنا، کسی گناہ کا مرتکب ہونا، اپنی جان خطرے میں ڈالنا، مقروض ہونا وغیرہ۔ (۱)

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)' مطبوعہ کراچی، ص ۲۰۲
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی' مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۷۳
☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی' مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی' مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۱۴
☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی' مطبوعہ بیروت، ص ۲۰۹
☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۲۷۶

marfat.com

آیت مبارکہ میں اس سے مراد سوار ہونا ہے۔ یعنی اس میں سوار ہو جاؤ۔(۲)

''**بِسْمِ اللّٰهِ**'': اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ۔ ''با'' برکت کی ہے یا مدد و استعانت کے لئے ہے۔

معنیٰ یہ ہے: اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کی برکت سے، یا اللہ تعالیٰ کے مبارک نام کی مدد سے۔(۳)

''**مَجْرٖهَا**'': امام ابو حفص رحمہ اللہ (مشہور قاری) نے اس کلمہ کو فتحہ میم اور را کے امالہ کے ساتھ پڑھا ہے۔

جَرَی (از باب ضَرَبَ) جَرْیًا، جَرْیَانًا و جَرْیَةً سے ظرف زمان یا ظرف مکان یا مصدر میمی ہے۔

مصدر میمی کو نسرین نے ترجیح دی ہے، اس کا معنی ہے جاری ہونا۔

''**مُرْسٰهَا**'': میم پر ضمہ پڑھا گیا ہے۔

رَسٰی (از باب نَصَرَ) رَسْوًا، رُسُوًّا سے ظرف زمان یا ظرف مکان یا مصدر میمی ہے۔

مصدر میمی کو مفسرین نے ترجیح دی ہے۔ معنی یہ ہے استوار ہونا، ٹھہرنا، کشتی یا جہاز کا لنگر انداز ہونا۔(۴)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان والوں سے فرمایا کہ اس کشتی میں سوار ہو جاؤ۔ اس کشتی کا چلنا اور ٹھہرنا اللہ تعالیٰ کے مبارک نام سے ہوگا۔

---

(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۹، ص ۳۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۲۲۸

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۵۶

(۳) ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۷۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۷۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۵۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۴۹

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۳۵

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۹، ص ۳۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۲۲۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۲۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۳

marfat.com

واقعہ کا پس منظر:

سیدنا حضرت نوح علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے قوم کو رب تعالیٰ کا پیغام دیا۔ ساڑھے نو سو برس تبلیغ میں صرف فرمائے، مگر سوائے چند افراد کے باقی قوم نے آپ کی دعوت قبول نہ کی۔ وہ اپنی نافرمانی پر قائم رہے۔ اذنِ الٰہی اور تعلیم الٰہی سے حضرت نوح علیہ السلام نے رب تعالیٰ سے دعا فرمائی کہ اس نافرمان قوم کو غرق فرما دے۔ رب کریم جل وعلا نے حضرت نوح علیہ السلام کو حکم دیا کہ ہم نافرمانوں کو غرق کر دیں گے، آسمان سے بارش اترے گی، زمین سے پانی پھوٹ پڑے گا۔ طوفان ان کو غرق کر دے گا، آپ ایمان والوں کی نجات کے لئے کشتی بنا لیں اور ان کو میرے نام کی برکت سے اس میں سوار کر لیں۔ اسی طرح ہر جانور کا ایک ایک جوڑا اس میں سوار کر لیں۔ چنانچہ وعدۂ الٰہی کے مطابق طوفان آیا۔ آسمان نے متواتر بارش اتاری، زمین نے پانی اُگل دیا، نشیب وفراز پر یکساں پانی چڑھا، پہاڑوں سمیت دنیا کی ہر شے غرق ہوگئی، صرف بیت اللہ شریف (کعبہ) کو اٹھالیا گیا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں بیٹھے کعبہ کا طواف کیا، انسانوں سے صرف وہی بچے جو کشتی میں سوار تھے۔ چھ ماہ بعد کشتی کوہِ جودی پر ٹھہری۔ طوفان تھم گیا اور لوگ دوبارہ زمین میں آباد ہوئے۔

آیت مذکورہ بالا میں حضرت نوح علیہ السلام نے ایمان والوں سے فرمایا کہ کشتی میں اللہ تعالیٰ کا نام لیتے ہوئے سوار ہونا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اسی نام پاک کی برکت سے وہ غرق سے محفوظ ہو گئے۔

مسائل شرعیہ:

﴿۱﴾ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لینا مستحب اور برکت کا باعث ہے۔ اس سے کام

(بقیہ ۴)

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۱۶

☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیه، المعروف به حاشیه الجمل. مولفه شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۳۵

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوه التاویل، مصنفه: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعه، کراچی، ج ۲، ص ۳۷۲

☆ تفسیر البغوی المسمٰی به معالم التنزیل، مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی، مطبوعه ملتان، ج ۲، ص ۲۸۵

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۰۰

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۶، ص ۴۹

marfat.com

میں برکت ہو جاتی ہے۔ کام بخیر و عافیت مکمل اور تمام ہو جاتا ہے۔ نبی پاک ﷺ کھانے، پینے، پہننے، اٹھنے، بیٹھنے، لیٹنے، سونے، چلنے، پھرنے، وضو کرنے، نماز پڑھنے غرض ہر امر اور ہر معاملہ میں بِسْمِ اللّٰہِ پڑھا کرتے تھے۔ بِسْمِ اللّٰہ پڑھنے کا حکم ارشاد فرماتے۔ بِسْمِ اللّٰہ نہ پڑھنے والوں کا انجام آپ ﷺ نے بتایا۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے۔

كُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَایَبْتَدَاءُ فِیْهِ بِبِسْمِ اللّٰهِ فَهُوَ اَقْطَعُ (۵)

دوسری روایت میں کلمات یوں ہیں۔

كُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَمْ یَبْتَدَاءُ فِیْهِ بِذِكْرِ اللّٰهِ فَهُوَ اَبْتَرُ (۶)

ہر عزت والا کام اگر اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع نہ کیا گیا تو وہ بے برکت، نامکمل ہوگا۔

اس مضمون کی متعدد آیات و احادیث ہیں۔ بندۂ مومن کے لئے لائق یہ ہے کہ وہ عزت والے کام کی ابتداء میں اللہ تعالیٰ کا نام لے اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا کرے۔ (۷)

---

(۵) ☆ رواہ البیہقی/بحوالہ کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق، ص ۴۵۳

(۶) ☆ رواہ الدارقطنی/بحوالہ احکام القرآن از ابن العربی، ج ۳، ص ۱۰۵۸

(۷) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان، ج ۳، ص ۱۰۵۸

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان، ج ۹، ص ۳۷

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۷۴

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۸۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۴۶

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۳

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۲، ص ۵۶

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۱۶

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۳۵

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۷۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۱، ص ۴۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۷، ص ۲۲۸

marfat.com

﴿۲﴾ ذبح کے وقت بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا واجب ہے۔(۸)

﴿۳﴾ مسلمان کے لئے لازم ہے کہ جب کوئی کام شروع کرے تو بوقتِ شروع اذکارِ مقدسہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرے، یہاں تک کہ اس ذکر کی برکت سے وہ کام مقصود کے مطابق پورا ہو جائے گا۔ حضرت نوح علیہ السلام جب کشتی چلانے کا ارادہ کرتے تو بسم اللہ شریف پڑھتے اور جب کشتی ٹھہرانے کا ارادہ کرتے تو بھی بسم اللہ پڑھتے، وہ ٹھہر جاتی۔(۹)

﴿۴﴾ دنیوی اسباب مثلاً کشتی وغیرہ نجات اور حصولِ مقصود کا حقیقی ذریعہ نہیں۔ بلکہ حصولِ مقصود اللہ تعالیٰ جل وعلا کے فضل سے ہوتا ہے۔ اسباب کی طرف توجہ سے زیادہ اصل اعتقاد اور ایمان ان اسباب کے خالق رب ذوالجلال جل جلالہ کے فضل وعنایت کی طرف ہونا چاہئے۔ وہ چاہے تو اسباب کے باوجود کام نہ ہو اور وہ چاہے تو بغیر اسباب بھی کام مکمل ہو جائے۔(۱۰)

---

(۸) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۳،ص ۱۰۵۸

(۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ ڈار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹،ص ۳۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۴۴۶

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷،ص ۲۲۹

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۵۳

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص ۳۷۴

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۳،ص ۳۸۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲،ص ۵۶

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۲۱۶

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص ۱۰۹

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۶،ص ۴۹

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۴۳۲

(۱۰) ☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷،ص ۲۲۹

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۲۲۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲،ص ۵۶

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص ۳۷۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۵

marfat.com

﴿۵﴾ کسی کی نجات اور حصول مقصود کسی کے عمل کے استحقاق میں ممکن نہیں، بلکہ یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل پر منحصر ہے۔اس لئے اعمال کے باوجود اس کے فضل وکرم پر بندۂ مومن کی توجہ لازم ہے۔(۱۱)

﴿۶﴾ جو شخص کشتی، بحری جہاز وغیرہ پانی میں چلنے والی سواری پر سوار ہو وہ اگر ذیل کے کلمات پڑھ لے گا تو سلامتی سے کنارے پر پہنچ جائے گا اور غرق ہونے سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،وَمَاقَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ ۢ بِيَمِيْنِهٖ ۔ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّايُشْرِكُوْنَ(سورۃالزمر آیت ۶۷)بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَاوَمُرْسٰهَااِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ☆

اگر خشکی کی سواری ہو جیسے گھوڑا، گدھا، اونٹ، موٹر کار وغیرہ تو سوار ہوتے وقت پڑھے۔

سُبْحٰنَ الَّذِىْ سَخَّرَلَنَاهٰذَاوَمَاكُنَّالَهٗ مُقْرِنِيْنَ ☆ وَاِنَّآاِلٰى رَبِّنَالَمُنْقَلِبُوْنَ☆(۱۲)

(سورۃالزخرف آیات، ۱۳، ۱۴)

﴿۷﴾ جب تو معرفتِ الٰہی میں دلیل اور حجت کے ساتھ تفکر کرنا چاہے تو تو تفکر اور تدبر کے سفینہ میں بیٹھ جائے، ظلمات اور ضلالات کی موجیں پہاڑ بن کر اٹھیں گی۔ جب تو فکر ورویت کے سفینہ کو حرکت دے گا تو تجھ پر لازم ہے کہ تیرا اعتقاد اللہ تعالیٰ پر ہو اور اسی سے دعائیں کرتا رہے اور تیرا تدبر اور دعائیں دل کی زبان اور عقل کی نظر سے ہوں اور تو کہے: ''اللہ تعالیٰ جل وعلا کے نام پر اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے'' یہاں تک کہ تیرا سفینہء فکر ساحلِ نجات پر پہنچ جائے اور تو ضلالات کی موجوں سے خلاصی پالے۔(۱۳)

☆☆☆☆☆

(۱۱) ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جار اللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص ۳۷۴

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۲۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۲،ص ۵۶

(۱۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۹،ص ۳۷

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر ،ج۲،ص ۴۴۶

☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۴۳۲

(۱۳) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۷، ص ۲۳۰

marfat.com

باب (۲۱۳) :

﴿اہلِ بیت میں کون کون شامل ہیں﴾

﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾

وَنَادٰی نُوْحٌ رَّبَّہٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَھْلِیْ وَاِنَّ وَعْدَکَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْکَمُ الْحٰکِمِیْنَ ☆ قَالَ یٰنُوْحُ اِنَّہٗ لَیْسَ مِنْ اَھْلِکَ ۔ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ فَلَا تَسْئَلْنِ مَالَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ ۔ اِنِّیْ اَعِظُکَ اَنْ تَکُوْنَ مِنَ الْجٰھِلِیْنَ ☆

(سورہ ھود آیات، ۴۵، ۴۶)

اور نوح نے اپنے رب کو پکارا، عرض کی: اے میرے رب! میرا بیٹا بھی تو میرا گھر والا ہے اور بے شک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بڑھ کر حکم والا۔ فرمایا: اے نوح! وہ تیرے گھر والوں میں نہیں۔ بیشک اس کے کام بڑے نالائق ہیں تو مجھ سے وہ بات نہ مانگ جس کا تجھے علم نہیں میں تجھے نصیحت فرماتا ہوں کہ نادان نہ بن۔

حل لغات :

"اَھْلِیْ": آدمی کا اَھْل وہ ہے جو دونوں کو نسب، یا دین یا جو اس کے قائم مقام ہو، مثلاً صناعت، گھر، شہر وغیرہ سے ملا دے۔

marfat.com

اصل میں اہل وہ ہے جو ایک ہی رہائش میں اکٹھے ہوں۔ مجازاً نسب میں اکٹھوں کو اہل کہہ لیتے ہیں۔

عرف عام میں ''اہلِ بیت'' سے مراد حضور سیدِ عالم ﷺ کا خاندان ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اس معنی کو واضح کرتا ہے۔

.....اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ☆

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو! کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔

(سورۃ الاحزاب آیت ۳۳)

بیوی کو بھی اہلِ بیت کہا جاتا ہے۔ اور اہلِ اسلام وہ ہیں جو ایک دین کے مطیع ہوں گے۔

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ شریعتِ مطہرہ دین کے اختلاف کے باعث نسب کی نفی فرما دیتی ہے۔ جیسا کہ آیت زیب عنوان میں ہے۔

قرآن مجید میں '' اَھْل '' متعدد معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

ساکن، ساتھی، بیوی اور اولاد، قوم، خاندان، مستحق۔

مختصر یہ کہ اہل وہ ہے کہ.....

(۱) رہائش ایک ہو۔ مثلاً خاوند بیوی۔

(۲) نسب ایک ہو۔ مثلاً باپ بیٹا۔

(۳) خاندان ایک ہو۔ مثلاً دو حقیقی بھائی۔

(۴) پیشہ ایک ہو۔ مثلاً اہلِ حرفت۔

(۵) کوئی قابلیت حاصل ہو۔ مثلاً اہلِ علم۔

(۶) وطن ایک ہو۔ مثلاً اہلِ شہر، اہلِ مُلک۔ (۱)

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۲۹

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ و النظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۵۵

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۶

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۷، ص ۲۱۷

marfat.com

آیت میں اَھْلٌ سے مراد اولاد ہے۔آیت کے اگلے حصہ میں اَھْلٌ کی نفی کی گئی ہے۔اس سے مراد دینی قرابت ہے۔یعنی اے میرے محبوب نبی (نوح علیہ السلام) وہ تیرا بیٹا، تیرے دین کا مخالف اور اس سے دور ونفور ہے۔(۲)

"وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ":اور بے شک تیرا وعدہ سچا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام سے وعدہ فرمایا تھا۔

قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ

ہم نے فرمایا: کشتی میں سوار کرلے ہر جنس میں سے ایک جوڑا نر و مادہ اور جن پر بات پڑ چکی ہے ان کے سوا اپنے گھر والوں اور باقی مسلمانوں کو۔ (سورہ ہود آیت ۴۰)

حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا کنعان منافق تھا۔اپنا کفر چھپاتا اور ایمان ظاہر کرتا تھا۔حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام اسے اپنے اہل سے جانتے تھے۔پہاڑ کی چوٹی کا سہارا لینے کے باوجود جب وہ غرق ہونے لگا تو آپ نے عرض کی، اے باری تعالیٰ! تو نے میرے اہل کی نجات کا وعدہ فرمایا ہے، اور میرا بیٹا کنعان (جو بظاہر مومن ہے)

---

(۲)
- ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۵۹
- ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج ۹، ص ۴۷
- ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۴۷
- ☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۲
- ☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۱۳
- ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جار اللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج ۲، ص ۳۷۷
- ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۵
- ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۵
- ☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۲۹
- ☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۵۲
- ☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس،مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، ص ۴۳۲
- ☆ تفسیر البغوی المسمٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۸۷

marfat.com

میرے اہل سے ہے، یہ غرق ہورہا ہے، اسے بچا۔ تو اللہ تعالیٰ جل وعلا نے فرمایا! اے نوح! تیرا بیٹا درحقیقت کافر ہے، نفاق کے طور پر وہ اپنا ایمان ظاہر کرتا ہے، اس لئے وہ تیرے اہل سے نہیں۔ میرا وعدہ سچا ہے۔ تیرے ایمان والے خاندانی افراد کو بچالوں گا مگر جو ایمان نہ لائے وہ غرق ہونے سے نہیں بچ سکیں گے۔ (۳)

"اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ": اس آیت میں مضاف محذوف ہے۔ اصل عبارت یوں ہوگی۔

اِنَّہٗ ذُوْعَمَلٍ غَیْرُ صَالِحٍ

بیشک اس کے کام بڑے نالائق ہیں، اس کا عقیدہ کفر ہے، اس کی صحبت اکثر بُروں کے ساتھ ہے۔ لہٰذا یہ کسی رعایت کا مستحق نہیں۔ اس کے غرق ہونے کا سبب یہی ہے۔ (۴)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ اہلِ بیت (گھر والوں) میں اولاد، بیوی، خاندانی قرابت دار، غلام، کنیز، مربوب، (کسی کا وہ بچہ جو اس کے گھر میں پرورش پارہا ہو)، مُتَبَنّٰی (منہ بولا بیٹا) وغیرہ شامل ہیں۔

نبی پاک صاحبِ لولاک شفیع الامم حضور محمدِ مصطفیٰ احمدِ مجتبیٰ علیہ افضل الصلوات واکمل التسلیمات کی شاہزادی خاتونِ جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا، ان کے شوہر نامدار، مشکل کشا، شیرِ خدا، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ، ان کے شاہزادے سیدنا حضرات حسنین کریمین کے علاوہ حضور پُرنور کے جمیع ازواج امہات المؤمنین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سب "اہلِ بیت" ہیں۔ ان سب کی طہارت، نفاست اور اعتقاد وعمل کی ہر قسم کی آلودگیوں سے پاکیزگی کی شہادت رب العزت جل وعلا نے دی ہے۔ لہٰذا ان میں سے کسی ایک کے بارے میں بدکلامی، بدگمانی، نصِ

(۳) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۱۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۲
(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۴۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۵
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۹

marfat.com

قطعی کی خلاف ورزی ہے۔اس سے بچنا مسلمان پرفرض ہے۔(۵)

﴿۲﴾ قرابتِ نسب سے قرابتِ دین قوی ہے۔نسب اوردین کے اجتماع سے اہل (گھر والا) بنتا ہے۔مومن کا کافر سے نسبی رشتہ ہونے کے باوجود شرعی طور پر کوئی رشتہ نہیں رہتا۔مومن اور کافرنسبی رشتہ دار آپس میں محبت و مَوَدَّت، مُوالات کے مجاز نہیں۔ان میں اگر کوئی مرجائے تو دوسرا اس کی وراثت کا حق دار نہیں۔آپس میں ازدواجی رشتہ میں منسلک نہیں ہو سکتے۔ جہاد کے موقع پر ایک دوسرے کے مقابل قتال میں حصہ لے سکتے ہیں۔حضور سیدِ عالم شارِع اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ غزوات میں صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے اپنے کافرنسبی رشتہ داروں کے خلاف جہاد کیا۔آیت مبارکہ زیبِ عنوان نے یہی مسئلہ واضح فرمایا ہے۔(۶)

---

(۵)
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکرمحمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۳،ص ۱۰۵۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۹،ص ۴۷
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲،ص ۴۴۷
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوه التاویل،مصنفه :الامام جارالله زمحشری،مطبوعه ،کراچی، ج۲،ص ۳۷۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲،ص ۳۵۵
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیرمدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲،ص ۳۵۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۲،ص ۶۹
☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۸،ص ۲
☆ تفسیرالبغوی المسمٰی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی ،مطبوعه ملتان، ج۲،ص ۳۸۷
☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء اللهپانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمه)مطبوعه دهلی، ج۶،ص ۵۲
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعه بیروت، ج۴،ص ۱۱۳

(۶)
☆ احکام القرآن ازعلامه ابوبکرمحمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دارالمعرفه بیروت'لبنان، ج۳،ص ۱۰۵۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۹،ص ۴۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲،ص ۴۴۸
☆ تفسیرکبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعه ادارةالمطالع قاهره ازهر، ج۱۸،ص ۲
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوه التاویل،مصنفه :الامام جارالله زمحشری،مطبوعه ،کراچی، ج۲،ص ۳۷۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیرخازن ازعلامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج۲،ص ۳۵۵
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیرمدارک ازعلامه ابوالبرکات عبدالله نسفی 'مطبوعه لاهور، ج۲ص ۳۵۵
☆ تفسیرمظهری ازعلامه قاضی ثناء اللهپانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمه)مطبوعه دهلی، ج۶،ص ۵۲
☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیرالجلالین للدقائق الحنفیه،المعروف به حاشیه الجمل.مولفه شیخ سلیمان الجمل، ج۳،ص ۴۴۰
☆ تفسیرالبغوی المسمٰی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعه ملتان، ج۲،ص ۳۸۷
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعه بیروت، ج۴،ص ۱۱۳

marfat.com

﴿۳﴾ نبی کی بیوی کافر تو ہوسکتی ہے، مگر بدکار نہیں ہوسکتی۔ حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کافرہ تھی مگر کردار کی پاکیزہ تھی۔ بدکاری کی طرف نہ مائل تھی، نہ اس پر بدکاری کا عیب لگا، نہ لگ سکتا ہے، نبی کی بیوی کا بدکار ہونا ممکن ہی نہیں۔ یہی وجہ ہے ام المؤمنین سیدہ صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور دیگر ازواجِ مطہرات نہایت پاکیزہ کردار کی مالک تھیں۔ بدکاری اور بدکرداری کی نسبت ان کی طرف ممکن ہی نہیں۔ بدکاروں نے ان کی طرف بدکاری کا بہتان باندھا۔ رب تعالیٰ نے سورہ نور کی متعدد آیات میں ان کی طہارت اور پاکیزہ کرداری کی شہادت دی ہے۔ خود سید عالم ﷺ نے بہتان باندھنے والوں کا رد فرماتے ہوئے ان کی پاکیزہ کرداری کی شہادت دی ہے۔ حلفیہ انداز میں آپ نے فرمایا۔

فَوَاللّٰہِ مَاعَلِمْتُ مِنْ اَھْلِیْ اِلَّاخَیْرًا(۷)

اللہ کی قسم، میں اپنے گھر والوں کے بارے خیر ہی جانتا ہوں۔

لہٰذا ازواجِ مطہراتِ سیدِ عالم ﷺ بالخصوص ام المومنین سیدہ صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں بدکاری کا بہتان یا بدگمانی، نصوصِ قطعیہ کا انکار اور کفر ہے۔ بندۂ مومن کو اس سے اجتناب فرض ہے۔ (۸)

﴿۴﴾ تمام انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں۔ ان سے گناہوں کا صادر ہونا ممکن ہی نہیں۔ یہ عقیدہ ضروریاتِ دین سے ہے، اور ضروریاتِ دین میں سے کسی ایک کا انکار کفر ہے۔ قرآن مجید اور احادیثِ

---

(۷) ☆ رواہ البخاری عن عروۃ بن الزبیر وابن المسیب وعلقمۃ بن وقاص وعبیداللہ، ج ۱، ص ۳۵۹

(۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۴۸

☆ تفسیر البغوی المسمٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۸۷

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی،مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۱۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۵

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۴۶

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ،المعروف بہ حاشیہ الجمل مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۴۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۲، ص ۵۳

marfat.com

طیبہ میں بظاہر جن لغزشوں کا صدور ان کی طرف منسوب ہے، ان سے مراد ترکِ افضل ہے۔

مشہور قاعدہ یہ ہے۔

حَسَنَاتُ الْاَبْرَارِ سَيِّاٰتُ الْمُقَرَّبِيْنَ (۹)

نیک لوگوں کی نیکیاں مقربینِ بارگاہِ الٰہی کی طرف اگر منسوب ہوں تو وہ سَیِّات (گناہ) شمار ہوتی ہیں۔

اس لئے مومن پر فرض ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی عصمت کا عقیدہ رکھے اور ان کی طرف کوئی ایسا کلمہ منسوب نہ کرے جو ان کی شانِ ارفع کے لائق نہ ہو۔ (۱۰)

﴿۵﴾ شریعت کے احکام ظاہر پر مترتب ہوتے ہیں، باطن کا حال اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے، مگر فیصلہ ظاہر شواہد پر ہوتا ہے۔

حضرت نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے منافق بیٹے کنعان کے اظہارِ اسلام کی بدولت فرمایا تھا کہ یہ میرے اہل (گھر والوں) سے ہے۔

حضور سید عالم نبی الانبیاء عالم ما کان و ما یکون علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔

اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ وَاِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ اِلَيَّ وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ بِحُجَّتِهٖ مِنْ بَعْضٍ فَاَقْضِيْ لَهٗ نَحْوَ مِمَّا اَسْمَعُ مِنْهُ فَمَنْ قَضَيْتُ لَهٗ مِنْ حَقِّ اَخِيْهِ شَيْئًا فَلَا يَاْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَقْطَعُ لَهٗ قِطْعَةً مِّنَ النَّارِ (۱۱)

---

(۹) ☆ اسرار المرفوعہ، مولفہ ملا علی قاری، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالہ، بیروت، ص ۱۸۶

☆ الفوائد المجموعہ، مولفہ الشوکانی، مطبوعہ السنۃ المحمدیہ، ص ۲۵۰

☆ الاحادیث القصاص، ص ۵۸

☆ کشف الخطاء، مولفہ عجلونی، مکتبہ دار التراث، بیروت، ج ۱، ص ۴۲۸

☆ السلسلۃ الضعیفہ، مولفہ البانی، مطبوعہ مکتب الاسلامی، ص ۱۰۰ / بحوالہ

☆ موسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج ۴، ص ۵۴۳

(۱۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۲، ص ۱۰۵۹

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۱۷

(۱۱) ☆ رواہ ابو داؤد عن ام سلمۃ، ج ۲، ص ۱۴۸

marfat.com

''ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں، جب تم میرے حضور کوئی جھگڑا لے کر آتے ہو اور ممکن ہے کہ تم میں ایک فریق اپنے بیان میں زیادہ ہوشیار ہو، تو میں جو اس سے سنوں اس کے مطابق فیصلہ فرمادوں، (تو خوب سن رکھو) اگر میں کسی کے لئے دوسرے بھائی کے حق کا فیصلہ کردوں، تو اس سے کچھ نہ لے، یہ اس کے لئے دوذخ کا ایک ٹکڑا ہوگا''۔

سو قاضی، حاکم ظاہر شہادتوں کے مطابق اگر فیصلہ کر دے تو وہ فیصلہ نافذ ہوگا۔ اگر چہ گواہوں نے جھوٹی گواہیاں دیں۔ جھوٹی گواہیوں کا وبال گواہوں پر ہے، قاضی، حاکم پر نہیں۔ (۱۲)

﴿۶﴾ کسی صالح مرد کی اولاد اگر بُری ہوجائے، یا کافر ہوجائے، (العیاذباللہ) تو اس کی برائی یا کفر کا وبال صالح باپ پر نہیں۔ بشرطیکہ اس نے اس کی تربیت میں کمی نہ کی ہو۔ امام دارالہجرت امام مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

اَلْاَدَبُ اَدَبُ اللّٰہِ لَااَدَبُ الْاٰبَآءِ وَالْاُمَّھَاتِ وَالْخَیْرُ خَیْرُ اللّٰہِ لَاخَیْرُ الْاٰبَآءِ وَالْاُمَّھَاتِ

ادب اگر کسی کو نصیب ہو تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے۔ ماں باپ کی طرف سے نہیں ہوسکتا اور بھلائی اگر نصیب ہو تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نصیب ہوگی، والدین کی طرف سے نہ ہوگی۔

ادب، نیکی، ہدایت دینے والا حقیقی طور پر اللہ تعالیٰ ہے۔

لہٰذا اگر والدین اور اساتذہ نے اولاد اور تلامذہ کی صحیح تربیت میں پوری کوشش کر لی، اس کے باوجود اولاد یا تلامذہ میں ادب وتمیز نہ آئی تو ان پر آخرت میں مواخذہ نہ ہوگا۔ اس پر وہ پریشان نہ ہوں۔ (۱۳)

☆☆☆☆☆

(۱۲) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۱۷

(۱۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان، ج ۲، ص ۱۰۵۹

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج ۹، ص ۴۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۵۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۳۱

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۲۱۴) :

آدابِ ملاقات، ضیافت

﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرَاهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۔ قَالَ سَلٰمٌ فَمَالَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ☆ (سورہ ھود آیت، ۶۹)

اور بیشک ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس مژدہ لے کر آئے۔ بولے: سلام، کہا سلام، پھر کچھ دیر نہ کی ایک بچھڑا بھنا لے آئے۔

حل لغات :

"رُسُلُنَا": رُسُلٌ جمع ہے رَسُوْلٌ کی۔ رَسُوْلٌ کا معنی ہے، بھیجا ہوا۔

رسول اور نبی اللہ تعالیٰ کی طرف سے امت کی طرف بھیجے جاتے ہیں تا کہ وہ انہیں اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچائیں اور انہیں ہدایت کا راستہ دکھائیں۔ رسول کا یہ معنی اصطلاحی ہے۔

لغوی طور پر ہر بھیجے ہوئے کو رسول کہا جاتا ہے۔

آیت میں اس سے مراد وہ فرشتے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف بشارت دینے کے لئے بھیجا۔

مفسرین کے ان کی تعداد کے بارے میں متعدد اقوال ہیں۔ بہر حال حضرت جبرئیل علیہ السلام ان فرشتوں کے قائد تھے۔

marfat.com

مختار قول یہ ہے کہ وہ تین تھے۔ حضرت جبرئیل، حضرت میکائیل اور حضرت اسرافیل علیہم السلام۔(۱)

"بِالْبُشْرٰی": بشارت دے کر۔

یہ بشارت جو فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس لائے تھے وہ دو نوعیت کی تھی۔

(ا) آپ کی بیوی حضرت سارہ کی گود بڑھاپے اور بانجھ پن کی وجہ سے خالی تھی۔ انہیں حضرت اسحٰق بیٹے اور حضرت یعقوب پوتے کا مژدہ سنانے آئے۔ علیہم السلام۔

(ب) حضرت لوط علیہ السلام کی نافرمان، بدکردار اور کافر امت کو ہلاک کرنے آئے ہیں۔(۲)

"قَالُوْا سَلٰمًا ۔ قَالَ سَلٰمٌ": فرشتوں نے آکر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو سلام پیش کیا۔ اس کے جواب میں

---

(۱) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت'لبنان، ج۳،ص ۱۰۶۱
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹،ص ۶۷
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۴۵۱
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۲۴۳
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص ۳۹۲
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص ۳۸۶
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۶۰
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸،ص ۲۶
(۲) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹،ص ۶۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص ۴۵۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸،ص ۲۳
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۶۰
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ ،کراچی، ج۲،ص ۳۸۷
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۷۹
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۲،ص ۳۹۲
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج۱۲،ص ۹۳
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۲۲۲
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دھلی، ج۶ ،ص ۶۵
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۲۴۳

marfat.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی جواب میں سلام کیا۔

فرشتوں کے سلام کی عبارت جملہ فعلیہ میں تھی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جواب کی عبارت جملہ اسمیہ میں تھی۔ جملہ اسمیہ استمرار اور دوام پر دلالت کرتا ہے۔ یعنی حضرت ابراہیم کا جوابِ سلام فرشتوں کے سلام سے بہتر اور افضل تھا۔(۳)

"فَمَالَبِثَ": تو وہ نہ ٹھہرا۔ یعنی تاخیر کئے بغیر۔(۴)

"بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ":

عِجْل، گائے کا بچھڑا۔

حَنِيْذٍ، آگ کے بغیر گرم پتھر کی حرارت سے بھنا ہوا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس گائیوں کی کثیر تعداد تھی۔ آپ نے اپنے مہمانوں کی ضیافت کے لئے گائے کا ایک بچھڑا ذبح کیا اور اپنے دستور کے مطابق اسے گرم پتھروں کی حرارت سے پکایا۔ گرم پتھروں کی حرارت سے گوشت اس طرح پک جاتا تھا کہ چربی پگل کر ٹپک جاتی تھی۔

(یاد رہے اس نوعیت کا پکوان آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی بہترین پکوانوں میں شمار ہوتا ہے)۔(۵)

---

(۳) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۰

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۳۵۱

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۰

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۵۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۹۴

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۶۳

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۳

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۱

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۸۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۰

(۵) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۱

marfat.com

پس منظر:

حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ حضرت لوط علیہ السلام شام کے نواح میں رہتے تھے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام فلسطین میں۔ قومِ لوط اللہ تعالیٰ اور اپنے رسول کی نافرمانیوں، بدکاریوں، لواطت اور کفر میں مبتلا تھی۔ ان کو عذاب دینے اور ہلاک کرنے والے فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے گزرے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عادت مبارکہ یہ تھی ہر مہمان کی ضیافت کرتے۔ بلکہ مہمان کے بغیر کھانا تناول نہ فرماتے، اگر چہ کئی روز تک مہمان نہ آئے۔ بلکہ کہا جاتا ہے کہ ضیافت کا طریقہ سب سے پہلے آپ ہی نے اختیار فرمایا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جو فرشتے آئے وہ خوش وضع، خوبصورت جوان لڑکوں کی صورت میں آئے۔ ان نو واردوں کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مہمان جانا۔ مہمانوں نے آتے ہوئے سلام پیش کیا۔ آپ نے اس کے جواب میں بہتر سلام کیا۔ مہمانوں کی ضیافت کے لئے آپ نے بغیر تاخیر کئے ایک بچھڑا ذبح کیا اور اسے گرم پتھروں کی حرارت سے تیار کر کے مہمانوں کو پیش کیا۔ (بعد کا واقعہ اگلی آیت میں بیان ہوا ہے)۔ (۶)

(بقیہ ۵)
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۸۷
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۳
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۰
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۴۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۱
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۲۴
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۱۳
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۲
☆ تفسیر البغوی المسمی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۹۲
(۶)
☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۱
☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۲
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۱
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۱۱

marfat.com

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ دو مسلمانوں کا آپس میں ملاقات کے وقت سلام کرنا اور اس کا جواب دینا اسلامی شعار میں سے ہے۔ سلام کرنا سنت اور اس کا جواب واجب ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آنے والے نو وارد مہمانوں نے آپ کو سلام دیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے انہیں بہتر کلمات سے جواب دیا۔ ملّتِ ابراہیمی کا یہ طریقہ آج بھی مسلمانوں میں رائج ہے۔

حضور سید عالم نور مجسم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ خَمْسٌ : رَدُّ السَّلَامِ وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ وَاِجَابَةُ الدَّعْوَةِ وَ عِيَادَةُ الْمَرِيْضِ وَاِتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ (۷)

ایک مسلمان پر اپنے بھائی کے لئے پانچ چیزیں واجب ہیں۔ سلام کا جواب دینا۔ چھینک لینے والے کو اَلْحَمْدُلِلّٰهِ کے جواب میں یَرْحَمُکَ اللّٰهُ کہنا۔ دعوت قبول کرنا۔ مریض کی عیادت کرنا۔ اور جنازہ کے ساتھ جانا۔ (۸)

(بقیہ ۶) ☆ تفسیر البغوی المسمی به معالم التنزیل ،مصنفه الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی ،مطبوعه ملتان ، ج ۲ ،ص ۳۹۲

☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت ، ج ۵ ،ص ۲۴۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی ،مطبوعه لاهور ، ج ۲ ،ص ۳۶۰

☆ تفسیر جلالین از علامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه

☆ تفسیر صاوی از علامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعه مکتبه فیصلیه ،مکه مکرمه ، ج ۲ ،ص ۲۲۲

☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیه ،المعروف به حاشیه الجمل مولفه شیخ سلیمان الجمل ، ج ۳ ،ص ۴۵۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابوالفضل سیدمحمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان ، ج ۱۲ ،ص ۹۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارة المطالع قاهره ازهر ، ج ۱۸ ،ص ۲۶

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء الله پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی ، ج ۱ ،ص ۶۲

(۷) ☆ رواه البخاری ، ج ۱ ،ص ۱۶۶

☆ ورواه مسلم ، ج ۲ ،ص ۲۱۳

☆ ورواه ابن ماجه ، ص ۱۰۵ ، عن ابی هریرة

(۸) ☆ احکام القرآن از علامه ابوبکر محمدبن عبدالله المعروف بابن العربی مالکی ، مطبوعه دار المعرفه بیروت لبنان ، ج ۳ ،ص ۱۰۶۰

marfat.com

﴿۲﴾ سلام کرنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ پہلا آدمی کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

اور جواب دینے والا کہے۔ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ

اور بہتر یہ ہے کہ جواب دینے والا سلام کرنے والے سے بہتر کلمات کہے۔

مثلاً سلام کرنے والے نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ ، تو جواب دینے والا کہے وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ .

اللہ تعالیٰ جل وعلا نے اسی کا حکم دیا ہے۔

وَاِذَا حُیِّیْتُمْ بِتَحِیَّةٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۔ اِنَّ اللهَ کَانَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَسِیْبًا ☆

اور جب تمہیں کوئی کسی لفظ سے سلام کرے تو تم اس سے بہتر لفظ جواب میں کہو یا وہی کہہ دو۔ بیشک اللہ ہر چیز پر حساب لینے والا ہے۔

(سورۃ النسآء آیت، ۸۶) (۹)

﴿۳﴾ ہر مذہب وملت میں ملاقات کے آداب ہیں اور ملاقات کے وقت مختلف کلمات کہے جاتے ہیں۔ مختلف

(بقیہ ۸) ☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعه مصر، ج ۲، ص ۴۵۱

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۲، ص ۹۴

☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیه، المعروف به حاشیه الجمل. مولفه شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۵۲

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۶، ص ۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامه ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعه دار الکتب العربیه بیروت 'لبنان، ج ۹، ص ۶۷

☆ تفسیر البحر المحیط از علامه محمد بن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعه بیروت، ج ۵، ص ۲۴۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف به تفسیر خازن از علامه علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعه لاهور، ج ۲، ص ۳۶۰

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعه ادارۃ المطالع قاهره ازهر، ج ۱۸، ص ۲۶

(۹) ☆ احکام القرآن از علامه ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعه دار المعرفه بیروت 'لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۰

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامه ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج ۱۲، ص ۹۴

☆ الفتوحات الالهیه بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیه، المعروف به حاشیه الجمل. مولفه شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۵۲

☆ تفسیر مظهری از علامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمه) مطبوعه دهلی، ج ۶، ص ۶۳

marfat.com

اشارے کئے جاتے ہیں جو اکثر و بیشتر مہمل، بے جا اور غیر مہذب ہوتے ہیں۔ بعض کلمات جو ایک وقت میں استعمال ہوتے ہیں، وہ دوسرے وقت استعمال نہیں ہو سکتے۔ مگر اسلام نے جو ملاقات کے آداب و کلمات تعلیم فرمائے ہیں وہ ہر لحاظ سے کامل، جامع اور دوسروں سے افضل ہوتے ہیں۔ یہی کلمات ہر چھوٹا بڑا استعمال کر سکتا ہے۔ دن رات استعمال کر سکتا ہے اور پھر وہ اتنے بامعنی ہیں کہ اس سے بہتر کا تصور ہی ممکن نہیں۔ اس لئے مسلمان پر لازم ہے کہ ملاقات کے وقت وہی کلمات استعمال کرے اور اسی طرح استعمال کرے جس طرح اسلام کی تعلیم ہے۔ اس کے خلاف کرنے والا ثواب سے محروم رہے گا، اور اسلامی شعار ترک کرنے کا وبال اس کے ذمہ لازم ہوگا۔ (۱۰)

﴿۴﴾ ملاقات کا ایک ادب یہ ہے کہ جب کوئی دوسرے کے گھر اور دفتر وغیرہ میں جائے تو سب سے پہلے اندر داخل ہونے کی اجازت طلب کرے۔ پھر سلام کرے۔ اس کے بعد کلام کرے اور اپنا مدعا بیان کرے۔

اللہ تعالیٰ جل وعلا نے واضح طور پر ارشاد فرما دیا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ☆ (سورۃ النور آیت ۲۷)

اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا اور گھروں میں نہ جاؤ جب تک اجازت نہ لے لو۔ اور ان کے ساکنوں پر سلام نہ کر لو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے کہ تم دھیان کرو۔ (۱۱)

﴿۵﴾ سلام کرنے کے آداب میں یہ ہے کہ سوار پیدل کو سلام کرنے میں پہل کرے۔ چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام میں پہل کرے اور قلیل، کثیر کو سلام کرنے میں پہل کرے۔

---

(۱۰) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۱

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۰

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۹۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۲۶

(۱۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱، ص ۲۳

marfat.com

حضور پُرنور معلم کتاب وحکمت نبیِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔

يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ وَالْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ(۱۲)

سوا پیدل کو، پیدل بیٹھے کو اور قلیل، کثیر کو سلام (کرنے میں پہل) کرے۔

﴿۶﴾ بڑے اگر بچوں کو سلام میں پہل کریں تو یہ بھی سنت ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضور سید العالمین امام المرسلین ﷺ بچوں کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے انہیں سلام کیا۔

فَمَرَّ بِصِبْيَانٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ(۱۳)

﴿۷﴾ سلام اللہ تعالیٰ کے اسماء حُسنیٰ میں سے ہے۔ اس کا مفہوم امن وسلامتی ہے۔ امن وسلامتی مومن کے لئے ہے۔ کافر کے لئے نہیں۔ لہٰذا مومن کافر کو سلام نہ کرے، اور اگر کافر مومن کو سلام کرے تو مومن پر اس کا جواب دینا واجب نہیں، بلکہ اسے جواب نہ دینا بہتر ہے اور اگر مومن کو کافر کے سلام کا جواب دینا پڑے تو جواب میں صرف وَعَلَيْكُمْ کہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا: وَعَلَيْكُمْ(۱۴)

جب تمہیں کوئی اہلِ کتاب (کافر) سلام کرے تو اس کے جواب میں صرف یہ کہو: وَعَلَيْكُمْ

(۱۲) ☆ رواہ البخاری، ج۲، ص۹۲۱ ☆ ورواہ مسلم، ج۲، ص۲۱۲
☆ ورواہ ابوداؤد فی کتاب الادب ☆ ورواہ الدارمی فی کتاب الاستیذان
☆ ورواہ مالک فی کتاب السلام
☆ ورواہ احمد، ج۳، ص۳۲۵، ۴۵۱، ج۲، ص۴۴۴، ج۶، ص۱۹. عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ
(۱۳) ☆☆ رواہ البخاری، ج۲، ص۹۲۳ ☆☆ ورواہ مسلم، ج۲، ص۲۱۲، عن انس
(۱۴) ☆☆ رواہ البخاری، ج۲، ص۹۲۵
☆☆ ورواہ مسلم، ج۲، ص۲۱۳ ورواہ الدارمی فی کتاب الاستیذان
☆☆ رواہ مالک فی کتاب السلام ورواہ احمد فی مسندہ، ج۲، ص۹، ج۳، ص۹۹

marfat.com

﴿۸﴾ جماعت میں سے اگر ایک آدمی نے سلام کہہ دیا' یا سلام کا جواب لکھ دیا تو سلام کا جواب باقیوں کی طرف سے کفایت کرے گا۔ اگر کسی نے بھی نہ سلام کیا اور نہ جواب دیا تو سب سنت اور واجب کے تارک ہوں گے۔

حدیث شریف میں ہے۔

يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ اِذَامَرُّوْا اَنْ يُّسَلِّمَ اَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوْس اَنْ يُرَدَّاَحَدُهُمْ. (۱۵)

جب کوئی جماعت گزرے تو ان کے لئے یہ کافی ہے کہ ان میں سے کوئی ایک سلام کرے اور جو لوگ بیٹھے ہوں ان کے لئے یہ کافی ہے کہ ان میں سے کوئی ایک شخص سلام کا جواب دے۔

﴿۹﴾ سلام کے بعض اور آداب یہ ہیں۔

(ا) غیر محرم اور جوان عورتوں کو سلام نہ کرنا چاہئے، اس میں خوفِ فتنہ ہے۔ نیز جب عورتوں سے اذان، اقامت اور نماز میں بلند آواز سے پڑھنا ساقط ہے تو ان سے سلام کا جواب بھی ساقط ہے۔ لہٰذا ان کو سلام نہ کیا جائے۔

(ب) کسی کافر کو تعظیماً سلام کرنا کفر ہے۔

(ج) سائل کے سلام کا جواب دینا لازم نہیں۔

(د) خطبۂ جمعہ کے دوران سلام کرنا منع ہے اور اگر کوئی سلام کہے تو اس کا جواب بھی واجب نہیں۔

(ر) فاسق معلن کو سلام کرنا مکروہ ہے۔

(ز) جو شخص سلام کا جواب دینے سے حقیقۃً عاجز ہو اس کو سلام کرنا مکروہ ہے۔ مثلاً کھانا کھا رہا ہے۔

(ز) جو شخص شرعاً جواب دینے سے عاجز ہو اس کو سلام کرنا مکروہ ہے۔ مثلاً نماز پڑھ رہا ہو، یا قرآن مجید کی تلاوت کر رہا ہو۔، حدیث بیان کر رہا ہو۔، خطبہ دے رہا ہو۔ فقہ کا تکرار کر رہا ہو۔ مقدمہ کا فیصلہ کر رہا ہو۔ کسی مسئلہ میں علمی بحث کر رہا ہو۔ اذان دے رہا ہو۔ اقامت کہہ رہا ہو۔ دینی کتاب کا درس دے رہا ہو۔ جو شخص برہنہ ہو۔ پیشاب و پاخانہ میں مشغول ہو۔ جو شخص استاد سے سبق پڑھ رہا ہو۔ جو شخص ذکر و اذکار میں مشغول ہو۔ تلبیہ کہہ رہا ہو۔

(۱۵) ☆ ورواہ ابوداؤد عن علی بن ابی طالب، ج ۲، ص ۳۶۱

marfat.com

اونگھ رہا ہو، یا سو رہا ہو، یا نشہ میں ہو، یا مجنون ہو۔

ان تمام لوگوں کو سلام کرنا مکروہ ہے، اگر کوئی مذکورہ بالا حالتوں میں کسی کو سلام کرے تو جواب کا مستحق نہیں۔

احادیث طیبہ کثیرہ میں یہ مسائل مذکورہ ہیں۔

حوالہ کے لئے کتبِ احادیث میں **باب السلام** اور **باب الاستیذان** ملاحظہ کیجئے۔

﴿۱۰﴾ کھانا فقراء کو کھلائیں تو صدقہ ہے اور اقارب کو، تو صلہ ءِ رحم اور احباب و مہمان کو، تو ضیافت ہے۔ اور یہ تینوں باتیں موجبِ نزولِ رحمت و دفعِ بلا و مصیبت ہیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

اِنَّ الصَّدَقَةَ وَصِلَةَ الرَّحِمِ يَزِيْدُاللهُ بِهِمَافِى الْعُمُرِوَيَدْفَعُ بِهِمَامِيْتَةَ السَّوْءِ وَيَدْفَعُ بِهِمَاالْمَكْرُوْهَ وَالْمَحْذُوْرَ(۱۶)

بے شک صدقہ اور صلہ رحمی، ان دونوں سے اللہ تعالیٰ عمر بڑھاتا ہے اور بُری موت کو دفع کرتا ہے اور مکروہ و اندیشہ کو دور کرتا ہے۔

ایک اور حدیث میں مروی ہے۔

اَلضَّيْفُ يَاْتِىْ بِرِزْقِهٖ وَيَرْتَحِلُ بِذُنُوْبِ الْقَوْمِ وَيُمَحِّصُ عَنْهُمْ ذُنُوْبَهُمْ.(۱۷)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں مہمان اپنا رزق لے کر آتا ہے اور کھلانے والے کے گناہ لے کر جاتا ہے اور ان کے گناہ مٹا دیتا ہے۔

---

(۱۶) ☆ رواہ فی مجمع الزوائد للھیثمی، ج۸، ص ۱۵۱

☆ ورواہ فی المطالب العالیہ لابن حجر، ص ۸۷۵

☆ ورواہ فی فتح الباری لابن حجر، ج ۱۰، ص ۴۱۶

☆ ورواہ فی الترغیب والترھیب للمنذری، ج ۲، ص ۳۳۵

☆ ورواہ فی الکامل فی الضعفاء لابن عدی، ج ۴، ص ۱۳۷۹ /بحوالہ.....

☆ موسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج ۳، ص ۹۸

(۱۷) ☆ رواہ ابو الشیخ عن الدرداء /بحوالہ کنز العمال، ج ۹، ص ۲۵۸۳۵

marfat.com

﴿۱۱﴾ ضیافت، مکارمِ اخلاق، آدابِ اسلام اور انبیاء ومرسلین کی سنت ہے۔اس سنت کا قائم رکھنا، مومن کی شان کے لائق ہے۔(۱۸)

﴿۱۲﴾ جمہور علماء کے نزدیک ضیافت واجب نہیں، سنت ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُحْسِنْ اِلٰى جَارِهٖ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَسْكُتْ(۱۹)

جو اللہ اور آخرت پر ایمان لاتا ہے اسے چاہئے کہ اپنے ہمسائے کے ساتھ احسان کرے اور جو کوئی اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہئے کہ مہمان کی عزت کرے اور جو اللہ اور آخرت پر ایمان لاتا ہے اسے چاہئے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔

جب ہمسائے کے ساتھ احسان کرنا واجب نہیں سنت ہے، تو مہمان کے ساتھ عزت سے پیش آنا بھی اسی درجہ کا حکم ہے، یعنی وہ بھی سنت ہے۔(۲۰)

﴿۱۳﴾ مضطر مہمان، جس کے پاس کھانے پینے کو کچھ نہ ہو اس کی ضیافت فرض کفایہ ہے۔(۲۱)

---

(۱۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۱

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۶۲

☆ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ، مصنفہ شیخ عبدالحق محدث دھلوی، مطبوعہ مطبع نیج کمار، لکھنؤ، (۱۹۶۴ء) جلد سوم، ص ۵۱۱

☆ الکاشف عن حقائق السنن المعروف شرح الطیبی، مصنفہ الامام شرف الدین حسین بن محمد بن عبداللہ الطیبی المتوفی ۷۴۳ھ، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی، ج ۸، ص ۱۷۰

(۱۹) ☆ رواہ الائمہ احمد والبخاری ومسلم والنسائی وابن ماجہ عن ابی شریح وعن ابی ہریرۃ بنحوالہ

☆ جامع صغیر، ج ۲، ص ۳۱۳

(۲۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۵

(۲۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۵

☆ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ، مصنفہ شیخ عبدالحق محدث دھلوی، مطبوعہ مطبع نیج کمار، لکھنؤ، (۱۹۶۴) جلد سوم، ص ۵۱۱

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۲

marfat.com

﴿۱۴﴾ مہمان کو حتی الامکان جلد کھانا مہیا کیا جائے۔ خواہ مخواہ کی تاخیر اور انتظار مروت کے خلاف ہے۔ (۲۲)

﴿۱۵﴾ جو شے میسر ہو وہ فوراً پیش کر دی جائے اور پھر اگر گنجائش ہو تو ضیافت میں اور اشیاء بھی پیش کی جائیں اور اگر ممکن ہو تو کھانے سے پہلے پھل پیش کئے جائیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضور سید عالم ﷺ، آپ کے جانثار صحابی حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما ایک صحابی کے ہاں مہمان ہوئے تو میزبان صحابی نے ان کی ضیافت کی۔

ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُلِلّٰهِ مَااَحَدٌ اَلْيَوْمَ اَكْرَمَ اَضْيَافًامِنِّیْ قَالَ فَانْطَلَقَ فَجَآءَ هُمْ بِعَذْقٍ فِيْهِ بُسْرٌ وَتَمْرٌ وَرَطْبٌ فَقَالَ كُلُوْامِنْ هٰذِهٖ وَاَخَذَالْمُدْيَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِيَّاكَ وَالْمَحْلُوْبَ فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَكَلُوْآ مِنَ الشَّاةِ .....الحدیث (۲۳)

.....پھر میزبان صحابی نے عرض کیا: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے آج کے روز عزت والے مہمانوں کا میزبان کوئی اور مجھ سے زیادہ نہ ہوگا۔ راوی کہتا ہے پھر وہ میزبان گئے اور کھجوریں لے کر حاضر ہوئے ان میں کچی کھجوریں، پکی کھجوریں اور پختہ کھجوریں تھیں اور عرض کی انہیں تناول فرمائیں۔ انہوں نے (جانور ذبح کرنے کے لئے) چھری ہاتھ میں لی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابھی دودھ دینے والے جانور کو ذبح نہ کرنا۔ انہوں نے ایک بکری ان کے لئے ذبح کی۔ اس سے مہمانوں نے کھانا کھایا۔.....

صحابی نے اپنے معزز مہمانوں کو پہلے پھل (کھجور) پیش کیا۔ پھر ان کے لئے بکری ذبح کر کے کھانا تیار کیا۔

---

(۲۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۶۴

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۴۱

(۲۳) ☆ رواہ مسلم، ج ۲، ص ۱۷۷

☆ ورواہ ابن ماجہ، ص ۲۳۷ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ

marfat.com

﴿۱۶﴾ مہمان کے سامنے اس کی ضرورت سے زیادہ کھانا پیش کیا جائے۔ اس میں سے جتنی ضرورت ہوگی وہ کھالے گا۔ اگر کھانا اس کی ضرورت سے کم ہوگا تو مارے شرم کے بھوکا رہے گا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تین مہمانوں کے لئے ایک گائے ذبح کی اور صحابی نے بھی تین مہمانوں کے لئے ایک بکری ذبح کی۔ (۲۴)

﴿۱۷﴾ مہمان اگر کم ہوں تو ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے اور اگر زیادہ ہوں تو ان کو کھلانے کے بعد خود کھائے۔

مہمان کے ساتھ بیٹھ کر کھانے کے پس منظر میں قرآن مجید کی آیت نازل ہوئی۔

آقا و مولیٰ، ماوی و ملجائے بے کساں ﷺ کے حضور ایک مسکین بھوکا حاضر ہوا، حضور ﷺ نے فرمایا: جو اسے مہمان بنائے گا اللہ تعالیٰ اس پر رحمتیں نازل کرے گا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اسے اپنے گھر لے گئے۔ گھر میں بچوں کے لئے تھوڑا سا کھانا تھا، باقی کچھ نہ تھا۔ آپ نے اپنی بیوی سے فرمایا: بچوں کو بہانہ سے بھوکا سلا دینا اور رات کو کھانے کے وقت بہانہ سے چراغ گل کر دینا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ آپ مہمان کے ساتھ کھانے بیٹھے اور دکھانے کے لئے جھوٹ موٹ ہاتھ ہلاتے رہے۔ سب گھر والوں نے بھوکے رات گزاری، لیکن اس بھوکے کا پیٹ بھر دیا۔ ان کے حق میں یہ آیت اتری۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ . وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ☆ (سورۃ الحشر آیت ۹)

اور جنہوں نے پہلے سے اس شہر اور ایمان میں گھر بنا لیا دوست رکھتے ہیں انہیں جو ان کی طرف ہجرت کر کے گئے اور اپنے دلوں میں کوئی حاجت نہیں پاتے اس چیز کی جو دیئے گئے اور اپنی جانوں پر ان کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ انہیں شدید محتاجی ہو اور جو اپنے نفس کے لالچ سے بچایا گیا تو وہی کامیاب ہیں۔ (۲۵)

---

(۲۴) تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ج ۲ ص ۹۴

(۲۵) البخاری، ج ۲، ص ۷۲۵، عن ابی ہریرۃ

تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مکتبہ ج ۲ ص ۵۱۰

marfat.com

﴿۱۸﴾ میزبان خود یا اپنے معتمد نمائندہ کو کہے کہ وہ خوب دھیان رکھے کہ مہمان کھانے میں کوئی کمی یا دِقت تو محسوس نہیں کررہے۔ یہ بھی اخلاقیات میں شامل ہے۔(۲۶)

﴿۱۹﴾ کھانے کی ابتداء (مہمان ہو یا میزبان یا جماعت) میں پڑھا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور کھانے کے آخر میں پڑھا جائے۔

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اول وآخر میں دیگر مسنون دعائیں پڑھنا بھی مستحب ہے۔(۲۷)

﴿۲۰﴾ مہمان سے خندہ روئی اور بشاشت سے پیش آئے۔ ان سے نرم گفتگو کرے۔ حسبِ طاقت وقدرت حقِ مہمانی ادا کرنے میں کوشاں رہے۔ حقوق ضائع کئے بغیر قدرے تکلف سے کھانا تیار کرائے۔(۲۸)

☆☆☆☆☆

(۲۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۹، ص۶۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۴۲

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی ،مطبوعہ مصر، ج۲، ص۴۵۱

(۲۷) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان، ج۹، ص۶۸

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی ،مطبوعہ مصر، ج۲، ص۴۵۱

(۲۸) ☆ اشعۃاللمعات شرح مشکوۃ،مصنفہ شیخ عبدالحق محدث دھلوی،مطبوعہ مطبع تیج کمار ،لکھنؤ،(۱۹۶۴)جلدسوم،ص۵۱۱

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۲۱۴) :

ناپ تول میں کمی کی مذمت

تجارت کے اسلامی اصول

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۔ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَالَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۔ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ☆ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ☆ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۔ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ☆

(سورہ ھود، آیات، ۸۴، ۸۵، ۸۶)

اور مدین کی طرف ان کے ہم قوم شعیب کو، کہا: اے میری قوم! اللہ کو پوجو اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور ناپ اور تول میں کمی نہ کرو۔ بیشک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں اور مجھے تم پر گھیر لینے والے دن کے عذاب کا ڈر ہے۔ اور اے میری قوم! ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری کرو اور

marfat.com

لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو۔ اور زمین میں فساد مچاتے نہ پھرو۔ اللہ کا دیا ہوا جو بچ رہے وہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تمہیں یقین ہو، اور میں کچھ تم پر نگہبان نہیں۔

حل لغات :

"مَدْیَنَ": سیدنا حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صاحبزادے کا نام ہے۔ آپ جہاں آباد ہوئے اس شہر کا نام مدین ہے اور آپ کی اولاد قبیلہ مدین کہلایا۔ مدین کا شہر حجاز اور شام کے درمیان ہے۔ (۱)

"اَخَاھُمْ": اَخٌ دراصل اَخَوٌ ہے۔ ہر وہ فرد جو دوسرے کے ماں باپ یا ان میں کسی ایک یا رضاعت میں شریک ہو۔ بمعنی بھائی۔ لیکن اس کا استعمال عام ہے، ہر وہ فرد جو دوسرے کے ساتھ کسی نوعیت کی شرکت رکھتا ہو۔ قبیلہ میں، یا دین میں، یا اس کے علاوہ دیگر مناسبات میں، وہ ایک دوسرے کے بھائی کہلاتے ہیں۔

اس آیت میں (اور اس کے علاوہ دیگر متعدد آیات کریمہ میں) نبی کو قوم کا بھائی کہا گیا ہے۔ اس سے مراد نسبی، رضاعی یا دینی بھائی نہیں بلکہ قبیلہ کا ایک فرد مراد ہے۔

---

(۱) الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۵

تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۵

تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۰

الکشاف عن حقائق التنزیل و عیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۳

انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۲

تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۵

تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حنفی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۱

تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۴

تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، ص ۲۴۰

تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۷۶

marfat.com

نبی کو اَخوٌ کہنے میں ایک حکمت یہ ہے کہ نبی اپنی امت پر اس طرح شفیق ہوتا ہے، جس طرح بھائی بھائی پر شفیق ہوتا ہے۔(۲)

"وَلَاتَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ": تَنْقُصُوْا، نَقْصٌ سے بنا ہے، بمعنی کمی کرنا۔

كَيْلٌ ناپ کرنا اور مِكْيَالٌ ناپ کا پیمانہ۔ وَزْنٌ، تولنا۔ مِيْزَانٌ، وزن کا پیمانہ۔

خطیب الانبیاء حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم بت پرستی کے علاوہ کم ناپنے اور کم تولنے کے فعلِ قبیح میں مبتلا تھی۔ ان کا لین دین اور تجارت کی بنیاد دوسروں کو نقصان پہنچانے پر تھی۔ اس کے لئے انہوں نے ناپ تول کے دو پیمانے بنا رکھے تھے۔

ایک قسم کے پیمانے وہ تھے جو معیار سے زیادہ تھے، ان پیمانوں سے دوسروں سے اشیاء لیتے تھے۔ اس طرح وہ دوسروں کو نقصان پہنچاتے تھے۔

دوسری قسم کے وہ پیمانے تھے جو معیار سے کم تھے۔ ان پیمانوں سے اپنی اشیاء ناپ تول کر دیتے تھے۔ اس طرح وہ پوری قیمت لے کر کم ناپ اور وزن کی اشیاء دیتے تھے۔ ان کے اس دہرے معیار سے حضرت شعیب علیہ السلام نے قوم کو روکا۔(۳)

---

(۲) ☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ کراچی، ص ۱۳

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۶

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت، ص ۲۴

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر، ج ۱۰، ص ۱۰

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۳

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۵

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کونیہ، ج ۴، ص ۱۷۱

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۴

(۳) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۵

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۲۰

marfat.com

"اِنِّیۡ اَرٰىكُمۡ بِخَيۡرٍ": آیت میں خَیْرٌ سے مراد وسعت اور فراخی رزق ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تمہیں رزق میں فراخی اور وسعت دے رکھی ہے۔ تمہیں بد دیانتی کرنے کی ضرورت نہیں۔ اس کے باوجود تم بد دیانت ہو۔ یہ تمہیں زیب نہیں دیتا۔(۴)

"وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ": بَخْسٌ کا معنی ہے کمی کرنا، اس طرح کہ دوسرے پر ظلم ہو، یا شے کو عیب لگانا کہ دوسرے کو نقصان اٹھانا پڑے۔(۵)

آیت کا مفہوم یہ ہے کہ ناپ تول میں کمی کے علاوہ دیگر تمام معاملاتِ لین دین میں کمی کر کے دوسروں پر ظلم نہ کرو۔

ان آیاتِ مبارکہ میں تجارت میں دوسروں کو نقصان پہنچانے کے ہر طریقہ سے روکا گیا ہے۔ وزن، ناپ، تعداد، مقدار، وغیرہ میں کمی، اشیاء کو عیب لگا کر صحیح اشیاء کے طور پر پیش کرنا (جیسا کہ اب بھی رائج ہے) یہ سب امور حرام ہیں۔ ان آیات میں تکرار تاکید کے لئے ہے۔(۶)

---

(۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۹، ص۸۵
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۳۵۵
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت، ج۵، ص۲۵۲
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعه بیروت، ج۴، ص۱۸۷
☆ تفسیرجلالین ازعلامه حافظ جلال الدین سیوطی و علامه جلال الدین محلی مطبوعه مکتبه فیصلیه مکه مکرمه
☆ تفسیرصاوی ازعلامه احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعه مکتبه فیصلیه'مکه مکرمه، ج۲، ص۲۲۵
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبدالله‌بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۸۲
☆ تفسیرروح البیان ازعلامه امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعه مکتبه عثمانیه 'کوئٹه، ج۴، ص۱۷۲
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامه ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعه مکتبه امدادیه ملتان، ج۱۲، ص۱۱۴
(۵) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامه حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م۵۰۲ھ)'مطبوعه کراچی، ص۳۸
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیرللرافعی 'مؤلفه علامه احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعه مصر، ج۱، ص۲۰
☆ قاموس القرآن اواصلاح الوجوه والنظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی، مطبوعه بیروت، ص۲۴
☆ الفروق اللغویة، ازابوهلال الحسن بن عبدالله‌بن سهل العسکری (م۴۰۰ھ)مطبوعه مکتبه اسلامیه، کوئٹه، ص۳۰۲
(۶) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامه ابوعبدالله محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعه دارالکتب العربیه بیروت'لبنان، ج۹، ص۸۶
☆ تفسیرالقرآن المعروف به تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعه مصر، ج۲، ص۴۵۵

marfat.com

"بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ":

لوگوں کے حقوق ادا کرنے کے بعد تمہارے پاس جو کچھ بچے اور صحیح تجارت کے طور پر جو نفع تمہیں ملے وہ اس سے بہتر ہے جو تم حقوق دبا کر جمع کرتے ہو۔ یعنی تمہاری حلال کی کمائی، اگرچہ قلیل ہو، حرام کی کمائی سے بہتر ہے۔(۷)

(بقیہ ۶)

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۵۲

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۱

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۴، ص ۳۶۶

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۶

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۲

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۵

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۶۴

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۸۷

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۳

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی.، ص ۲۴۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۔۔

(۷)

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۱۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی، مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۶

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۳، ۳۹۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۲

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی.، ص ۲۴۱

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۵۲

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۹۸

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۲

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۴۶۵

marfat.com

شانِ نزول:

خطیب الانبیاء سیدنا حضرت شعیب علیہ السلام مدین کی طرف مبعوث ہوئے۔ یہ قبیلہ بت پرستی میں مبتلا تھا اور اخلاقی طور پر تجارت میں دوسروں کو دھوکا دے کر نقصان پہنچاتا تھا۔ ان کے ناپ تول کے پیمانے دو قسم کے تھے۔ معیار سے زائد پیمانوں سے دوسروں سے اشیاء لیتے اور معیار سے کم پیمانوں سے دوسروں کو دیتے تھے۔ اس طرح لینے اور دینے ہر دو طریقوں میں دوسروں کو نقصان پہنچاتے تھے۔ اس کے علاوہ مال کا عیب چھپا کر دھوکا سے صحیح مال کے طور پر فروخت کرتے اور عیب والے مال کی قیمت صحیح مال کی قیمت کے برابر لیتے تھے۔ ان برائیوں سے پاک کرنے اور رب واحد کریم جل وعلا کی عبادت کی دعوت کے لئے حضرت شعیب علیہ السلام مبعوث ہوئے۔ اسی واقعہ کو بیان کرنے کے لئے ان آیات مبارکہ کا نزول ہو۔ (۸)

(بقیہ ۷) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۶
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۲
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان۔ ج ۱۲، ص ۱۱۶
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت۔ ج ۴، ص ۱۸۔
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی۔ ج ۶، ص ۸۷
(۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر۔ ج ۲، ص ۴۵۵
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت۔ ج ۵، ص ۲۵۲
☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۸۷
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر۔ ج ۱۸، ص ۴۰
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد حازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۲۶۵
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور۔ ج ۲، ص ۲۶۵
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۱
☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی۔ ص ۲۴۰
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری مطبوعہ۔ کراچی، ج ۲، ص ۳۶۳
☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الخفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل۔ مولفہ شیخ سلیمان الجمل۔ ج ۳، ص ۴۶۳
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی۔ ج ۶، ص ۷۶
☆ تفسیر البغوی المسمی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان۔ ج ۲، ص ۳۹۷
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۴

marfat.com

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ اللہ رب العزت جل وعلا معبود حقیقی ہے۔ وہ ذات وحدہٗ لاشریک ہے۔ اپنی ذات، صفات، افعال، اسماء میں بے مثال ہے۔ عبادت کے لائق وہی ذات ہے۔ اس کے علاوہ کوئی اور عبادت کے لائق نہیں۔ اس کی ذات پر اس طرح ایمان لانا، جس طرح انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے، توحید کہلاتا ہے۔ توحید ایمان کے بنیادی ارکان میں سے ہے۔ اس عقیدہ سے انحراف یا انکار کفر ہے۔ کفر سے احتراز فرض ہے۔ (۹)

﴿۳﴾ صحیح تجارت اسلام کے احکام میں سے ایک اہم حکم ہے۔ اس لئے تجارت کے اسلامی اصولوں پر کاربند رہنا فرض ہے۔ تجارت اگرچہ نفع کی غرض سے کی جاتی ہے، مگر اس کا مقصد دوسروں کے حقوق غصب کرنا نہیں۔ اشیاء کی خرید وفروخت میں، تبادلہ میں ناپ تول، تعداد، مقدار میں اس طرح کمی کرنا کہ دوسرے کا حق ضائع ہو یا دوسرے کو نقصان پہنچے، حرام ہے۔ حقوق الناس کا دبانا حرام ہے۔ اس سے بچنا فرض ہے۔ لین دین

---

(۹)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۹، ص۸۵
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۵۵
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ مصر، ج۱۸، ص۴۰
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۵۲
☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی مطبوعہ بیروت، ج۴، ص۱۸۔
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۶۵
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۶۵
☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج۲، ص۳۹۔
☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل مصنفہ: الامام جاراللہ زمخشری مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص۳۹۳
☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۲۲۵
☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل، مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳، ص۳۶۳
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۸۲
☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج۴، ص۱۷۱
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲، ص۱۱۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۶، ص۷۶

marfat.com

میں عدل، انصاف فرض ہے۔اس لئے ناپ تول کے پیمانے معیار کے مطابق رکھنا بھی فرض ہے۔(۱۰)

﴿۳﴾ تجارت، کسب، صنعت کاری، زراعت، ملازمت وغیرہ پیشے اس لئے اختیار کئے جاتے ہیں کہ رزقِ حلال بافراغت دستیاب ہو۔لیکن ناجائز وحرام ذرائع اختیار کرنے سے رزق میں کمی اور بے برکتی ہو جاتی ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

مَااَظْهَرَقَوْمُ الْبَخْسَ فِی الْمِكْيَالِ وَالْمِيْزَانِ اِلَّااِبْتَلَاهُمُ اللّٰهُ بِالْقَحْطِ وَالْغَلَا(۱۱)

جب کوئی قوم ناپ اور تول میں کمی کو رائج کر لیتی ہے اللہ تعالیٰ اسے قحط سالی اور مہنگائی میں مبتلا کر دیتا ہے۔

اس لئے ناپ تول میں عدل سے کام لینا اپنی معیشت بہتر بنانے کے لئے بھی ضروری ہے۔(۱۲)

---

(۱۰) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان۔ج۹،ص۸۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲،ص۳۵۵

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸،ص۴۲

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل،مصنفہ :الامام جاراللہ زمحشری،مطبوعہ، کراچی، ج۲،ص۳۹۳

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص۳۸۲

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ، ج۲،ص۲۲۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۲۵۲

☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص۱۸۷

☆ تفسیر البغوی المسمٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۲،ص۳۹۷

☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص۱۷۱

☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲،ص۱۱۵

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ،المعروف بہ حاشیہ الجمل۔مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳،ص۴۶۴

(۱۱) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان، ج۹،ص۸۱

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص۲۵۲

(۱۲) ☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص۱۷۳

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸،ص۴۲

marfat.com

﴿۴﴾ ناپ تول میں عدل اور برابری کا یقینی حصول فرض ہے۔عدل کے یقینی حصول کے لئے اشیاء دینے میں ذرا جُھکتا تولنا اور ناپنا مستحب ہے۔

حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرماتے ہیں۔

یَاوَزَّانُ زِنْ وَارْجِحْ(۱۳)

اے وزن کرنے والے!وزن کرتے زرا جُھکتا تول۔

ایک اور حدیث شریف میں ہے۔

اِذَاوَزَنْتُمْ فَارْجِحُوْا(۱۴)

جب تم تول کردو تو جھکتا ہوا تولو۔

اس لئے اشیاء فروخت کرتے ہوئے وزن یا ناپ میں وسعت پیدا کرے اور جھکتا تولے اور ناپے کہ یہ مستحب ہے۔(۱۵)

﴿۵﴾ کفار کفر پر قائم رہتے ہوئے بھی معاملات کی درستی میں اسلامی احکام کے پابند ہیں۔معاملات میں اسلامی اصولوں کی خلاف ورزی پر اسلامی سزا کے مستوجب ہیں۔مثلاً چوری،ڈاکہ،بددیانتی،ملاوٹ،کم تولنا،کم ناپنا وغیرہ۔(۱۶)

---

(۱۳) ☆ رواہ ابن ماجه ،ص ۱۶۱

(۱۴) ☆ رواہ ابن ماجه فی کتاب التجارات

☆ ونحوه رواہ احمدو ابوداؤدو الترمذی والنسائی والحاکم وابن حبان

(۱۵) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف به بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۸۲

☆ تفسیر مظهری ازعلامه قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمه)مطبوعه دهلی،ج۲،ص۔۔۔

☆ تفسیر القرآن المعروف به تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمربن کثیر شافعی ،مطبوعه مصر،ج۲،ص۴۵۶

(۱۶) ☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف به تفسیر مدارک ازعلامه ابوالبرکات عبداللہ نسفی ،مطبوعه لاهور،ج۲،ص۳۶۶

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامه محمدبن یوسف الشهیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعه بیروت،ج۵،ص۲۵۲

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوه التاویل ،مصنفه :الامام جاراللہ زمخشری،مطبوعه ،کراچی،ج۲،ص۳۹۴

marfat.com

﴿۶﴾ اشیاء بالخصوص پھلوں اور سبزیوں کی نیلامی کے وقت نیلام کرنے والا بولی ختم ہونے کے بعد خریدار کی خریدی اشیاء میں سے کچھ حصہ اٹھا لیتے ہیں۔ ایسا حصہ لینا نیلامی کرنے والے کے لئے جائز نہیں۔ وہ تو صرف بائع اور مشتری میں وکیل ہے۔(۱۷)

﴿۷﴾ اسلامی اصولوں کے مطابق تجارت کرنے میں جو رزقِ حلال نصیب ہو، اس پر قناعت کرنا، حرام ذرائع سے رزق حاصل کرنے سے افضل و بہتر ہے۔ قلیل حلال کثیر حرام سے بہتر ہے۔ قرآن مجید نے اسی کی تعلیم دی۔(۱۸)

﴿۸﴾ فروخت کرنے والے، وزن یا ناپ کرنے والے کے لئے ہر وقت عدل و انصاف سے ناپنا تولنا فرض ہے، اگرچہ اس کے پاس موجود نہ ہو۔ اسے جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ جل وعلا ہر حال میں اسے دیکھ رہا ہے۔ لہٰذا خریدار کی غیر حاضری میں بھی ناپ تول میں عدل و انصاف فرض ہے۔(۱۹)

---

(۱۷) ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص۳۹۴

(۱۸) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت' لبنان، ج۹، ص۸۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۴۵۶

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص۳۹۳

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸، ص۴۲

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، ص۲۴۱

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج۲، ص۳۹۸

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۵۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۶۶

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۶، ص۷۸

(۱۹) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۹، ص۸۶

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج۲، ص۳۵۶،

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸، ص۴۳

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۵۲

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴، ص۱۷۳

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل، مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳، ص۴۶۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۶، ص۷۸

marfat.com

یادداشت:

سورۃ الاعراف، آیت: ۸۵ میں ناپ تول میں عدل وانصاف کا حکم دیا ہے۔ سورہ مذکورہ میں اس کے چند احکام وہاں گذر چکے ہیں۔ قرآن مجید میں دیگر چند مقامات پر اس کی تاکید فرمائی گئی ہے۔ ان شاءاللہ ان آیات کے احکام مستنبط کرتے وقت اس کا ذکر مزید کر دیا جائے گا۔

بار بار کا ذکر تاکیدی حکم کے لئے ہے۔

☆☆☆☆☆

marfat.com

باب (۲۱۵) :

غیر معیاری سِکّے اور جعلی کرنسی نوٹ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قَالُوۡا یٰشُعَیۡبُ اَصَلٰوتُکَ تَاۡمُرُکَ اَنۡ نَّتۡرُکَ مَا یَعۡبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوۡ اَنۡ نَّفۡعَلَ فِیۡۤ اَمۡوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّکَ لَاَنۡتَ الۡحَلِیۡمُ الرَّشِیۡدُ ☆

(سورہ ھود، آیت ۸۷)

بولے اے شعیب! کیا تمہاری نماز تمہیں یہ حکم دیتی ہے کہ ہم اپنے باپ دادا کے خداؤں کو چھوڑ دیں یا اپنے مال میں جو چاہیں نہ کریں۔ ہاں جی، تمہیں بڑے عقل مند نیک چلن ہو۔

حل لغات :

"**اَصَلٰوتُکَ**": ہمزہ استفہام کا ہے جو بطورِ استہزاء استعمال ہوا ہے۔ صلوٰۃ سے مراد ہماری متعارف نماز ہے۔ اس سے ایمان اور دین بھی لیا گیا ہے۔ (۱)

"**اَنۡ نَّتۡرُکَ مَا یَعۡبُدُ اٰبَآءُ نَا**": کہ ہم اپنے باپ داداؤں کے خداؤں کی پوجا چھوڑ دیں۔ ہم نے صدیوں

(۱) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاھرہ ازھر، ج ۱۸، ص ۴۳

☆☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

☆☆☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۷

marfat.com

سے اپنے باپ دادوں کو دیکھا کہ وہ انہی بتوں کی پوجا کرتے تھے۔

"اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِیْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا": یا اپنے مالوں میں جو چاہیں نہ کریں۔ کیا تیرے کہنے سے اپنے اموال میں اپنی مرضی سے تصرف نہ کریں۔ ہمیں لین دین میں پورا اختیار ہے۔ کم دیں یا زیادہ لیں۔ کھوٹا دیں یا کھرا۔ تمہیں ہمارے میں استعمال کرنے کی ہدایات کا اختیار نہیں۔

حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں جو سکہ لین دین میں استعمال ہوتا تھا، اس کا ایک خاص وزن تھا۔ بلکہ جب بھی اور جہاں بھی جتنی دیر تک سونے، چاندی یا کسی اور دھات کے سکے استعمال ہوتے رہے، ان میں سے ہر ایک کا خاص وزن ہوتا تھا۔ ان کے وزن کے لحاظ سے ان کی ثمنیت (قیمت) کا اعتبار ہوتا تھا۔ اگر ان کا معیاری وزن کم کر دیا جاتا یا اس میں کوئی کم درجہ کی دھات شامل کر دی جاتی تو وہ پوری ثمنیت (معیاری قیمت) کھو بیٹھتا۔ بلکہ بعض اوقات تو کھوٹا ہو کر اپنا چلن کھو بیٹھتا۔

حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم دینار و درہم (سونے چاندی کے سکوں) کے معیاری وزن میں کمی کر دیتے اور ان کم وزن کے سکوں کو معیاری طور پر لین دین میں استعمال کرتے۔ ظاہر ہے اس سے تجارت میں فروخت کرنے والے کو نقصان پہنچتا تھا۔

حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اس کمی اور نقصان کو اپنا حق سمجھتی تھی۔ اس کی عقل ماری گئی وہ یہ نہ سمجھ سکی کہ اس طرح دوسرے بھائی کو نقصان اٹھانا پڑتا ہے جو کسی لحاظ سے بھی قابلِ برداشت نہیں۔

حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انہیں اس قبیح اور نقصان دِہ فعل سے منع کیا۔ (۲)

---

(۲) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۸

☆ تفسیر البغوی المسمٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۹۸

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، ص ۲۴۱

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۴۶۷

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۴

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۴

marfat.com

شانِ نزول:

حضرت سیدنا شعیب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کثرت سے نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔عبادات میں انہماک اور رجوع الی اللہ کے ساتھ مواظبت فرماتے تھے۔آپ جس قوم کی طرف مبعوث ہوئے وہ بت پرست تھی اور دیگر اخلاقی برائیوں کے علاوہ ناپ تول میں کمی کرنا، مال کے بدل میں معیار سے کم وزن سکے دینا ان کا معمول تھا۔دوسروں کو نقصان پہنچانا وہ اپنا ذاتی استحقاق سمجھتے تھے۔حضرت شعیب علیہ السلام نے انہیں بت پرستی اور ناپ تول میں کمی اور غیر معیاری سکوں کو رائج کرنے سے روکا۔اس کے جواب میں بجائے ہدایت پانے کے،قوم نے آپ کا مذاق اڑانا شروع کیا۔کبھی کہتے آپ کی نماز آپ کو یہی سبق دیتی ہے کہ آپ ہمیں کہیں کہ ہم اپنے باپ دادوں کے خداؤں کی پوجا سے دستبردار ہو جائیں اور اپنے ذاتی اموال میں اپنی خواہش سے تصرف نہ کریں۔

بطور طنز واستہزا آپ کو حلیم ورشید بھی کہتے تھے۔ان کے نزدیک یہ کلمات آپ کی (نعوذ باللہ) حماقت پر دلالت کرتے تھے۔اس پر اس آیت مبارکہ کا نزول ہوا۔

مسائل شرعیہ:

(۱) کسی بھی معظم ومحترم شخصیت کو بغیر کلمات تعظیم ملائے نام سے خطاب کرنا بہت بڑا جرم اور قبیح فعل ہے۔

(بقیہ ۲)

تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۶

تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۵۰

انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۳

تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۷

لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۴، ص ۳۶

مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶

تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۶

marfat.com

بالخصوص انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کو صرف نام لے کر پکارنا کافروں کا طریقہ ہے۔

(یادرہے کہ ان کا رب تعالیٰ ان سے اعظم واعلیٰ ہے۔ وہ جس طرح چاہے ان کو خطاب کرے۔ اسے ہر طرح کا حق ہے)

معظم اشخاص اور بالخصوص انبیاء کو جب بھی خطاب کرنا مقصود ہو ان کے عمدہ القاب اور کلماتِ تعظیم سے خطاب کرو، تاکہ طریقہءِ کفار سے اجتناب وامتیاز ہو سکے۔

فائدہ جلیلہ:

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب انبیاء کو نام لے کر پکارا ہے۔ مگر اپنے محبوب ومحبّ نبیِ اکرم رسولِ معظم ﷺ کو جہاں بھی ندا کی، تعظیمی القاب سے ندا فرمائی۔

یٰٓاَیُّھَاالرَّسُوْلُ. یٰٓاَیُّھَاالنَّبِیُّ. یٰٓاَیُّھَاالْمُزَّمِّلُ. یٰٓاَیُّھَاالْمُدَّثِّرُ.

یَاآدَمُ باپدرِ انبیاء خطاب

یٰٓاَیُّھَاالنَّبِیُّ خطابِ محمد است (۳)

﴿۲﴾ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے۔ عبادت کے لائق صرف وہی ذات ہے۔ اس جہاں میں اس کے سوا کوئی اور عبادت کے لائق نہیں۔ انبیاء ومرسلین باوجود جلالت وعظمت کے، وہ بھی عبادت کے لائق نہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کی شانِ ارفع ملاحظہ فرما کر بارہا حضور کو سجدہ کرنے کی التجا کی، آپ نے ہر بار منع فرمادیا اور فرمایا، عبادت کے لائق صرف ایک ذات ہے۔ جب انبیاء ومرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کا یہ حال ہے تو کائنات میں اور کون ہے جو عبادت کے لائق ہو۔

بندۂ مومن کو ہر لمحہ اسی کو معبودِ حقیقی جاننا اور اسی کی عبادت کرنا فرض ہے۔ توحیدِ باری تعالیٰ کا مسئلہ قرآن مجید اور احادیثِ طیبہ کے علاوہ ہر سلیم الفطرت پر واضح ہے۔ یہ مسئلہ بدیہیات میں سے ہے اور بدیہیات مسلمات میں سے ہوتے ہیں۔ اس پر دلائل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

''آفتاب آمد دلیل آفتاب''

(۳) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

marfat.com

﴿۳﴾ ہر امت پر نماز اور زکوٰۃ فرض رہی۔ اگر چہ اس کی کیفیت اور انداز و مقدار مختلف تھی۔ حضرت شعیب علیہ السلام کثرت سے نماز پڑھتے تھے۔ صحیح طور پر نماز ادا کرنے والے کا کردار جمیل و معروف بن جاتا ہے۔ نماز برائی اور بے حیائی سے روکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ ۔ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ۔ وَلَذِکْرُاللّٰہِ اَکْبَرُ ۔ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَاتَصْنَعُوْنَ ☆ (سورۃ العنکبوت آیت ۴۵)

اے محبوب! پڑھو جو کتاب تمہاری طرف وحی کی گئی اور نماز قائم فرماؤ۔ بیشک نماز منع کرتی ہے بے حیائی اور بُری بات سے، اور بیشک اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

لہٰذا ہر مومن کو پورے آداب کے ساتھ نماز ادا کرنی چاہئے، تا کہ اسلامی معاشرہ سے بے حیائی اور برائی دور ہو جائے۔ (۴)

﴿۴﴾ نماز دین کے اعظم اور اظہر شعائر میں سے ہے۔ اس لئے نماز کی توہین، تذلیل اور نمازی کا تمسخر کفار کا طریقہ ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم آپ کے نماز پڑھنے کا تمسخر اڑاتی تھی۔

مومن پر لازم ہے کہ نماز اور نمازی کا ادب کرے۔ (۵)

﴿۵﴾ مشرکوں، بدعتیوں، بداعمالوں اور اہلِ ہوا کی تقلید حرام ہے۔ حضرت شعیب اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کی تبلیغ کے جواب میں ان کی قوموں نے یہی کہا تھا کہ ہم اپنے باپ دادوں کے خداؤں کی پوجا کرنے سے باز نہیں رہیں گے۔ یہی بُری تقلید ان کی گمراہی اور کفر کا باعث رہی۔ مسلمانوں کو اچھوں کی تقلید کا حکم ہے۔ اسی

(۴) ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۵
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۵۳

(۵) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۳
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۷
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

marfat.com

پر وہ مضبوطی سے قائم رہیں۔ائمہ مجتہدین کی تقلید واجب ہے۔(٦)

﴿٦﴾ سونے چاندی کے سکوں کے وزن میں کمی کرنا حرام ہے۔دورِ جدید میں سونے چاندی کے سکوں کی بجائے کاغذ کے نوٹ رائج ہیں۔کرنسی کے ان نوٹوں کو جعلی بنانا،سونے چاندی کے معیاری وزن میں کمی کرنے کے قائم مقام ہے۔لہٰذا جعلی کرنسی بنانا اور اس کا رائج کرنا حرام ہے۔

درہم و دینار اور کرنسی کے نوٹ جب صحیح ہوں تو ان کا فائدہ ظاہر ہوتا ہے اور جب ان کے معیار میں کمی، نقص کر دیا جائے تو وہ نقدی اپنی ثمنیت (قیمت) کھو بیٹھتا ہے۔اس کی فیصلہ کن حیثیت کا بطلان ہو جاتا ہے۔جس کے سبب لوگوں کو نقصان پہنچتا ہے۔اس سے زمین میں فساد برپا ہو جاتا ہے اور زمین میں فساد پھیلانے سے اللہ تعالیٰ نے روک دیا ہے۔اللہ تعالیٰ کے ارشاد.....

لَاتُفْسِدُوْافِی الْاَرْضِ بَعْدَاِصْلَاحِهَا.....الآیة (سورۃالاعراف آیت،٥٦)

اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ اس کے سنورنے کے بعد۔

.....کی یہ تاویل بھی کی گئی ہے۔

لہٰذا غیر معیاری سکوں اور جعلی کرنسی کا کاروبار کرنا حرام ہے۔اس سے اجتناب فرض ہے۔(٧)

﴿٧﴾ سونے چاندی کے معیاری سکے اور اصلی کرنسی کے نوٹ اشیاء کی قیمت مقرر کرنے نامال کی کمیت کی معرفت اور

---

(٦) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م٦٠٦ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج١٨، ص ٤٣

(٧) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج٣، ص ١٠٦٣

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج٩، ص٨٧

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج٢، ص ٥٦ ٤

☆ تفسیر البغوی المسمٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی ،مطبوعہ ملتان، ج ٢، ص ٣٩٨

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس ،مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی. ص ٢٤١

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج٤، ص ٤٦٧

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م٧٥٤ھ) مطبوعہ بیروت، ج٥، ص ٢٥٣

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی ،مطبوعہ بیروت، ج٤، ص ١٥٠

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

marfat.com

معاوضات کا سبب ہیں۔نقدی اور کرنسی کو مقادیر کے اختلاف یا جہالت کے وقت فیصلہ کن (قاضی) قرار دیا گیا ہے۔اس لئے جو شخص نقدی سونے چاندی کے سکے اور کرنسی کے نوٹ روک لے گا اور اسے گردش میں نہ لائے گا گویا اس نے فیصلہ کرنے والے (قاضی) کو روک رکھا ہے اور لوگوں اور قاضی کے درمیان آڑ بن گیا ہے۔اس لئے سونے چاندی یا اس کے سکے یا کرنسی کو بلاضرورت اس طرح روک لے کہ لوگوں کو ضرر پہنچے، حرام ہے۔(۸)

﴿۸﴾ جو شخص دینار اور درہم کے معیاری وزن میں کمی کرے یا دورِ جدید میں جعلی کرنسی کو رائج کرے، اس کی شہادت قبول نہیں ہوگی۔وہ مردود الشہادت ہو جائے گا۔اگر وہ جہالت کا عذر کرے تو اس کا عذر قبول نہ ہوگا۔کیونکہ اس نے ایسے گناہِ کبیرہ کا ارتکاب کیا ہے جس سے مخلوقِ خدا کو ضرر پہنچا ہے۔گناہِ کبیرہ سے عدالت ساقط ہو جاتی ہے۔ہاں البتہ اگر اس گناہ سے سچی توبہ کرے اور اس کی سچائی ظاہر ہو جائے تو پھر اس کی توبہ قبول ہوگی۔(۹)

﴿۹﴾ جو شخص معیاری وزن میں کمی کرے یا جعلی کرنسی رائج کرے اس کی سزا یہ ہے کہ.....

(ا) سلطانِ اسلام اسے اپنی صوابدید کے مطابق سزا دے۔

(ب) برسرِ عام اسے کوڑے مارے جائیں۔

(ج) اسے باندھ کر مارا جائے۔پھر شہر میں پھیرا جائے اور اس امر کی منادی کی جائے کہ اس نے فلاں جرم کیا ہے۔(۱۰)

(بقیہ ۷) ☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۷۴

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۷

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۴

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل و عیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۵

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل. مولفہ شیخ سلیمان الجمل. ج ۳، ص ۴۶۵

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۷۹

(۸) ☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

(۹) ☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان. ج ۳، ص ۱۰۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان. ج ۹، ص ۸۸

(۱۰) ☆ احکام القرآن از علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۸

marfat.com

﴿۱۰﴾ اسلامی ملک کا سکہ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام ہو یا سلطانِ اسلام کا نام ہو اس سکہ کو توڑنا توہینِ اسمِ الٰہی یا سلطانِ اسلام ہے۔اس لئے ایسے سکے کو توڑنے والے پر تعزیر لگائی جائے۔(۱۱)

﴿۱۱﴾ قلیل حلال کثیر حرام سے بہتر ہے۔ بندۂ مومن کو حلال پر اکتفا کرنا چاہئے۔(۱۲)

﴿۱۲﴾ اسلامی معیشت میں مال کے حصول کے جائز ذرائع متعین ہیں۔اسی طرح اپنے مال کے صرف جائز ذرائع بھی مقرر ہیں۔کوئی مسلمان حصول یا صرف کے جائز ذرائع ترک کر کے اپنی مرضی سے نہ مال حاصل کر سکتا ہے نہ مال صرف کر سکتا ہے۔جائز ذرائع کے علاوہ دیگر ذرائع استعمال کرنا حرام ہے۔(۱۳)

﴿۱۳﴾ توہین کی نیت سے اچھے الفاظ بھی کفر ہیں۔حلیم و رشید عمدہ القاب وصفات ہیں، مگر قوم نے توہین کی نیت سے حضرت شعیب علیہ السلام کے لئے استعمال کئے۔یہی کلمات ان کی نسبت سے کفر ٹھہرے۔

میلاد خواں اور نعت خواں، نعت گو کو نیتِ خیر رکھنا چاہئے۔ثواب بقدرِ نیت ملتا ہے۔(۱۴)

☆☆☆☆☆

---

(۱۱) ☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

(۱۲) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۴

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۴۸

(۱۳) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۴

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دار المعرفہ بیروت لبنان، ج ۳، ص ۱۰۶۳

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۸

(۱۴) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۸۷

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جار اللہ زمخشری، مطبوعہ، کراچی، ج ۲، ص ۳۹۵

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی' مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۵۶

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۴۴

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۳۵۲

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی' مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۶۷

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۲۵

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۳

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی، ص ۲۴۱

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج ۲، ص ۳۹۸

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ، المعروف بہ حاشیہ الجمل، مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج ۳، ص ۳۶۵

☆ تفسیر زاد المسیر فی علم التفسیر از امام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت، ج ۴، ص ۱۵۰

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۶، ص ۷۹

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود الوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۲، ص ۱۱۸

☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۴۶

marfat.com

باب (۲۱،۶) :

﴿ظالموں کی صحبت سے احتراز﴾

﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾

وَلَاتَرۡكَنُوۡٓا اِلَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَالَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ اَوۡلِيَآءَ ثُمَّ لَاتُنۡصَرُوۡنَ ☆ (سورہ ھود، آیت، ۱۱۳)

اور ظالموں کی طرف نہ جھکو کہ تمہیں آگ چھوئے گی اور اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارا کوئی حمایتی نہیں پھر مدد نہ پاؤ گے۔

حل لغات :

''وَلَا تَرْكَنُوْا'': یہ فعل دو باب سے آتا ہے۔

رَکَنَ (از باب نَصَرَ) اور رَکِنَ (از باب سَمِعَ) رُکُوْنًا۔

اس کا معنی ہے، کسی کی طرف مائل ہونا، جھکنا، کسی کے ساتھ محبت کرتے ہوئے اُس پر بھروسہ کرنا، کسی کی بات کو غور سے سننا، آرام لینا، کسی شے کی وہ جانب جہاں ٹھہرا جائے۔ اس کا متضاد نُفُوْرٌ ہے۔(۱)

---

(۱) ☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، ص ۴۷۶

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)، مطبوعہ کراچی، ص ۲۰۳

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی، مطبوعہ مصر، ج ۱، ص ۱۱۵

☆ الفروق اللغویۃ، از ابو ھلال الحسن بن عبداللہ بن سہل العسکری (م ۴۰۰ھ)، مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ، ص ۳۴۶

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ)، مطبوعہ مصر، ج ۹، ص ۲۱۹

marfat.com

ائمہ مفسرین نے اس کے معنی ان کلمات میں بیان کئے ہیں: میلان، محبت، دل کا جھکاؤ، ظالموں کے اعمال پسند کرنا، ان کے ساتھ چشم پوشی کرنا، مداہنت، ان کا کہا ماننا، ان کی طرف ادنیٰ جھکاؤ، ان کی تہذیب وتمدن اختیار کرنا، ان کی تعظیم کرنا، ان کا ذکر تعظیم کے ساتھ کرنا، ان کے قول وفعل سے رضامندی ظاہر کرنا، ان کی مصاحبت، ان سے معاشرت قائم کرنا، ان کی آسائشوں کو بنظرِ محبت دیکھنا، ان کی آسائشوں پر رشک کرنا، ان کی بقا کی دعا مانگنا، ان کا سالباس پہننا، ان کی ادنیٰ مدد کرنا، مثلاً ان کی قلم دوات کی اصلاح کرنا، ان کو قلم کاغذ دینا، ان کی تعظیم کی خاطر ان کے پیچھے چلنا، ان کا لباس تیار کرنا، ان کی حجامت بنانا، وغیرہ۔(۲)

"اِلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا": ظلم سے مراد شرک، کفر، بدعت، معصیت ہے۔ یعنی کافروں، مشرکوں، بدعتیوں اور

---

(۲) ☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۳،ص ۱۶۶

☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت 'لبنان. ج۳،ص ۱۰۶۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت 'لبنان. ج۹،ص ۱۰۸

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل ،مصنفہ :الامام جاراللہ زمخشری ،مطبوعہ ،کراچی. ج۲،ص ۴۰۸

☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر. ج۱۸،ص ۲۰۷۔

☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۸۸

☆ تفسیر جلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۲۲۰

☆ تفسیر البغوی المسمی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعودالفراء البغوی ،مطبوعہ ملتان. ج۲،ص ۴۰۴

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی ،مطبوعہ بیروت. ج۴،ص ۱۶۵

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۹۵

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان. ج۱۲،ص ۱۵۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور. ج۲،ص ۳۷۴

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور. ج۲،ص ۳۷۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی. ج۶،ص ۱۰۰

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۲۶۹

☆ الدرالمنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکر بیروت. ج۴،ص ۴۱۰

☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الخفیہ ،المعروف بہ حاشیہ الجمل مولفہ شیخ سلیمان الجمل. ج۳،ص ۴۸۲

marfat.com

گناہگاروں کی طرف ادنیٰ جھکاؤ بھی نہ کرو۔(۳)

"وَمَالَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ":

دُوْنِ اللّٰہِ سے مراد اللہ کے مقابل۔یعنی اگر اللہ تعالیٰ کسی کو عذاب دینا چاہے تو کائنات میں اور کوئی اس کا حمایتی نہیں جو اسے عذاب سے بچا سکے۔(۴)

مسائل شرعیہ :

☆ مشرکوں کافروں، بدعیّتوں، بدکاروں، بدعقیدہ والوں کی صحبت ومحبت ناجائز ہے۔یہ تمام گروہ ظالم ہیں۔

☆ مشرکوں اور کافروں سے محبت وموالات کفر ہے۔

☆ بدعتیوں، بدمذہبوں اور بدعقیدہ والوں کی صحبت اور محبت گناہ کبیرہ ہے۔

---

(۳) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان، ج۳، ص۱۰۶۶

☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی، مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان، ج۹، ص۱۰۸

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جاراللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص۴۰۸

☆ تنویر المقیاس من تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی. ص۲۴۴

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۴، ص۱۶۵

☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج۵، ص۲۶۹

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج۲، ص۴۰۴

☆ تفسیر روح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ، ج۴، ص۱۹۵

☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۲، ص۱۵۴

☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ، ج۲، ص۲۲۰

(۴) ☆ تفسیر کبیر از امام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ السطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸، ص۷۲

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی، مطبوعہ بیروت، ج۴، ص۱۶۵

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام جاراللہ زمحشری، مطبوعہ، کراچی، ج۲، ص۴۰۹

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل، مصنفہ الامام ابومحمدالحسین بن مسعود الفراء البغوی، مطبوعہ ملتان، ج۲، ص۴۰۴

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج۲، ص۳۔۴

☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی محددی (م۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۲، ص۱۰۱

marfat.com

☆ بدکاروں اور بروں کی صحبت ومحبت بُری ہے۔

☆ ان تمام گروہوں کی طرف ادنیٰ التفاف مداہنت فی الدین ہے۔

ان ظالموں کی طرف.....

(ا) ادنیٰ میلان

(ب) محبت

(ج) دل کا جھکاؤ

(د) ان کے اعمال کو بنظر تحسین دیکھنا

(ر) ان کے معاملہ میں چشم پوشی کرنا

(و) ان کی ظلم میں امداد کرنا

(ز) ان کی تعظیم کرنا

(ح) ان کا ذکر تعظیم سے کرنا

(ط) ان کے قول وفعل سے رضامندی ظاہر کرنا

(ی) ان کی مصاحبت

(ک) ان کے ساتھ معاشرت

(ل) ان کی آسائشوں کو بنظرِ رشک دیکھنا

(م) ان کی بقا کی دعا کرنا

(ن) ان کا سالباس پہننا وغیرہ تمام امورِ اعانت ومحبت، صحبت ومُوالات حرام ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے بارہا اس سے منع فرمایا ہے۔ زیبِ عنوان آیت کے علاوہ دیگر متعدد آیات اس کی ممانعت میں وارد ہیں۔ ذرا ایک آیت کے تیور ملاحظہ ہوں۔

وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْٓ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰی یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّکَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّکْرٰی مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ☆ (سورۃ الانعام آیت ۶۸)

marfat.com

﴿۲﴾ ظالم کی طرف ادنیٰ میلان کا نتیجہ دوزخ ہے۔اسی سے اندازہ کیجئے کہ خود ظالم کا انجام کیا ہوگا۔
آیت مبارکہ زیب عنوان میں ظلم سے باز داشت کا بلیغ ترین اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔ظلم جن انواع کو شامل ہے،ان سب سے احتراز اہم ترین فرائض میں سے ہے۔
ایک حدیث میں ہے کہ ظالم کے ظلم سے چڑیاں بھی اپنے آشیانوں میں بھوکی مرجاتی ہیں۔(۱۱)

﴿۳﴾ علماء کو ظالم حاکموں کی مجلس سے اجتناب لازم ہے۔علماء کی موافقت سے ظالم حاکموں کو تقویت ملتی ہے۔اس سے ملک میں فساد برپا ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے مبغوض وہ عالم ہے جو ظالم حاکم کی ملاقات کو جاتا ہے۔
حدیث شریف میں ہے۔

اَبْغَضُ الْقُرَّآءِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی یَزُوْرُوْنَ الْاُمَرَآءَ(۱۲)

اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض وہ عالم ہے جو ظالموں کی ملاقات کو جاتا ہے۔

(بقیہ ۱۰) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۸۸
☆ تفسیر البحر المحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت، ج۵،ص ۳۶۹
☆ تفسیرزادالمسیر فی علم التفسیر ازامام ابو الفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت، ج۴،ص ۱۶۵
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۹۵
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابو الفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ، ج۱۲،ص ۱۵۴
☆ الفتوحات الالٰہیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ،المعروف بہ حاشیہ الجمل.مولفہ شیخ سلیمان الجمل، ج۳،ص ۴۸۲
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۷۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۷۴
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی. ج۶،ص ۱۰۰
☆ الدر المنثور فی التفسیر الماثور ،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج۴،ص ۴۸۰
(۱۱) ☆ تفسیر البغوی المسمّٰی بہ معالم التنزیل ،مصنفہ الامام ابو محمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی،مطبوعہ ملتان، ج۲،ص ۴۰۴
☆ احکام القرآن ازامام ابوبکر احمدبن علی رازی جصاص 'مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت 'لبنان، ج۳،ص ۱۶۶
☆ تفسیر کبیر ازامام فخر الدین محمدبن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸،ص ۷۲
☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۸۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج۲،ص ۳۷۴
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴،ص ۱۹۶
☆ تفسیر صاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج۲،ص ۲۲۰
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی، ج۶،ص ۱۰۰
(۱۲) ☆ اتحاف السادۃ المتقین للزبیدی، ج۶،ص ۱۲۵/بحوالہ
☆ موسوعہ اطراف الحدیث النبوی الشریف، ج۱،ص ۳۹

marfat.com

چونکہ علماء مقتدا ہوتے ہیں۔عوام الناس ان کی پیروی کرتے ہیں۔لہٰذا علماء کے لئے لازم ہے کہ کسی طرح بھی ظلم کی حمایت نہ کریں۔(۱۳)

﴿۴﴾ بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ عقائد اور اعمال میں افراط وتفریط کی طرف مائل نہ ہو۔ ہمیشہ استقامت اور عدل پر ثابت قدم رہے۔افراط وتفریط خود ظلم ہے۔(۱۴)

﴿۵﴾ ضرورت اور اضطراری حالت میں ظالموں کی صحبت مذکورہ حکم سے مستثنیٰ ہے۔لیکن اس کا جواز اضطرار کے قیام تک ہے۔دفعِ ضرر کے لئے ظالموں کی ملاقات جائز ہے۔(۱۵)

﴿۶﴾ ظالموں سے دامن بچا کر استقامت علی الدین دشمنوں کے خلاف سب سے بڑا مددگار ہے۔لہٰذا استقامت علی الدین اختیار کر کے بندۂ مومن دنیا وآخرت میں سرخرو ہوسکتا ہے۔اس کے علاوہ دین وآخرت کی کامیابی اور سرخروئی ناممکن ہے۔(۱۶)

﴿۷﴾ اولیاء اللہ، اللہ تعالیٰ جل وعلا کے محبوب دوست ہیں۔ وہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ قوت سے اپنے متوسلین کی بوقت حاجت وضرورت امداد فرماتے ہیں۔ بندۂ مومن کی سلامتی اسی میں ہے کہ وہ اولیاء اللہ کا دامن تھام رکھے۔لیکن اس سلسلہ میں ایک بات اہم ہے کہ وہ اولیاء اللہ اور اولیاء الشیطان میں تمیز رکھے۔ ورنہ نقصان کا خطرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں افراط وتفریط سے محفوظ رکھے۔استقامت علی الدین اور اولیاء اللہ کے آستانوں سے وابستہ رکھے۔

آمین بجاہ طہ ویٰسین صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ ومحبوبہ والہ وصحبہ وعلماء ملتہ واولیاء ہ الکاملین الی یوم الدین

☆☆☆☆☆

(۱۳) ☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل ،مصنفہ :الامام جاراللہ زمخشری،مطبوعہ ،کراچی ،ج۲،ص۴۰۹
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی ،مطبوعہ لاہور،ج۲،ص۳۷۴
☆ تفسیر روح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان ،ج۱۲،ص۱۵۵
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج۶،ص۱۰۰
(۱۴) ☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۸۸
☆ تفسیر مظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردو ترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج۶،ص۱۰۰
(۱۵) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی ،مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت لبنان،ج۳،ص۱۰۶۶
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی ،مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت لبنان،ج۹،ص۱۰۱
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،ج۱۱،ص۲۰۰
(۱۶) ☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی ،مطبوعہ مصر،ج۲،ص۲۶۱

marfat.com

باب (۲۱۷) :

نمازوں کے اوقات

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۔ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۔ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ☆ (سورہ ھود، آیت، ۱۱۴)

اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں اور کچھ رات کے حصوں میں ۔
بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کو۔

حل لغات :

"**طَرَفَيِ النَّهَارِ**": طَرَفَی تثنیہ کا صیغہ ہے اصل میں طَرَفَيْنِ ہے۔ مضاف ہونے کی وجہ سے "ن" تثنیہ گر گیا۔
طَرَف کا معنی ہے، کسی شے کا کنارہ، ہر شے کی آخری حد۔ جانب۔
اس کا استعمال اجسام اور اوقات دونوں میں ہوتا ہے۔(۱)

"**اَلنَّهَارَ**": طلوعِ شمس سے غروبِ آفتاب تک کا وقت۔

(۱) ☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۳۰۲
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر، ج ۲،ص ۹
☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ و النظائرفی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمدالدامغانی ،مطبوعہ بیروت،ص ۲۹۴
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی،ص ۷۴۱

marfat.com

یہ عرفی دن ہے۔شرع میں طلوعِ فجر سے غروبِ آفتاب تک کا وقت شرعی دن شمار ہوتا ہے۔اس مقام پر یہی شعری دن مراد ہے۔(۲)

طَرَفَيِ النَّهَارِ کا مفہوم یہ ہے کہ شرعی دن کے دونوں کناروں میں۔

اس سے مراد صبح کی نماز (یہ پہلے کنارے پر ہے) اور ظہر اور عصر کی نمازیں (کہ یہ دن کے آخری کنارے پر ہیں)۔(۳)

"وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ": زُلَفاً جمع ہے، اس کا واحد زُلْفَةٌ ہے جس کا معنی ہے نزدیکی، درجہ، رات کا کچھ حصہ۔

اسی سے مزدلفہ بنا ہے کہ عرفات سے واپسی کے بعد منیٰ کے قریب ہے۔

زُلَفًا سے مراد دن کے قریب رات کی چند ساعات ہیں۔یعنی مغرب اور عشاء کی نمازیں۔(۴)

---

(۲)
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۵۰۷
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۲،ص ۱۳۴
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۱۳۲۶

(۳)
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج ۹،ص ۱۰۹
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیرحافظ عمادالدین اسمٰعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر،ج ۲،ص ۴۶۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج ۱۸،ص ۳
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ،ج ۲،ص ۲۳۰
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص ۳۸۸
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج ۵،ص ۲۷۰
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کونیہ،ج ۴،ص ۱۹۷
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج ۲،ص ۳۷۴
☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیرمدارک ازعلامہ ابوالبرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور،ج ۲،ص ۳۷۴
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م ۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج ۶،ص ۱۰۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص ۴۸۴
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت،ج ۴،ص ۴۸۱
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج ۱۱،ص ۱۵۶

(۴)
☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی'مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی،ص ۵۱۷
☆ المفردات فی غریب القرآن ازعلامہ حسین بن محمدالمفضل الملقب بالراغب اصفهانی (م ۵۰۲ھ)'مطبوعہ کراچی،ص ۲۱۴
☆ المصباح المنیرفی غریب الشرح الکبیر للرافعی 'مؤلفہ علامہ احمدبن محمدعلی المقبری الفیومی'مطبوعہ مصر،ج ۱،ص ۱۳۲
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج ۹،ص ۱۰۹

marfat.com

شانِ نزول:

حضرت ابوالیسر عمرو بن عرفجہ رضی اللہ عنہ نے غلطی سے ایک اجنبی عورت کو دیکھا اور اس کا بوسہ لے لیا۔ اس پر وہ خود نادم ہوئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہو کر اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اس غلطی کا علم تیرے رب اور تیرے سوا کسی اور کو نہیں۔ تیرے لئے بہتر تھا کہ تو اپنے اللہ تعالیٰ سے معافی طلب کرتا۔ پھر حضرت عمرو بن عرفجہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہو کر غلطی کا اعتراف کیا۔ آپ نے بھی وہی فرمایا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا۔ اس پر بھی ان کی تسکین نہ ہوئی اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ آپ نے کچھ دیر توقف فرمایا۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔ آپ نے حضرت عمرو بن عرفجہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم نے ابھی ہمارے ساتھ نماز ادا نہیں کی۔ انہوں نے ہاں کے ساتھ جواب دیا۔ آپ نے فرمایا نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم نے عرض کیا کہ آیت کا حکم صرف عمرو بن عرفجہ کے لئے ہے یا عام ہے؟ آپ نے

(بقیہ ۴)
☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمعیل بن عمر بن کثیر شافعی 'مطبوعہ مصر، ج ۲، ص ۴۶۲
☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج ۱۸، ص ۷۴
☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ 'مکہ مکرمہ، ج ۲، ص ۲۳۱
☆ انوار التنزیل و اسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابو الخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی، ص ۳۸۸
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۷۵
☆ مدارک التنزیل و حقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابو البرکات عبداللہ نسفی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۷۵
☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج ۴، ص ۱۹۷
☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۱۵۶
☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۷۰
☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج ۲، ص ۱۰۱
☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور، ص ۴۸۴
☆ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، ج ۴، ص ۲۸۱

marfat.com

فرمایا آیت کا حکم ہر ایک کے لئے عام ہے۔(۵)

مسائل شرعیہ :

﴿۱﴾ دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔فجر،ظہر،عصر،مغرب اور عشاء۔

ان کی فرضیت کا یا ان میں کسی ایک کی فرضیت کا انکار کفر ہے۔نماز کی فرضیت کا اقرار کرنے والا اگر نماز ادا نہیں کرتا تو گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے۔(۶)

﴿۲﴾ فرض نمازوں کے علاوہ باقی اوقات میں نفل نماز ادا کرنا اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔اللہ تعالیٰ کے قرب کا ذریعہ ہے۔(۷)

---

(۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۹،ص۱۱۰
☆ تفسیرالقرآن المعروف بہ تفسیرابن کثیر حافظ عمادالدین اسمعیل بن عمربن کثیرشافعی 'مطبوعہ مصر،ج۲،ص۴۶۲
☆ تفسیر کبیر ازامام فخرالدین محمدبن ضیاء الدین عمررازی (م۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃالمطالع قاہرہ ازہر،ج۱۸،ص۷۳
☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۱۰۶۷
☆ تفسیرالبحرالمحیط ازعلامہ محمدبن یوسف الشہیرابن حیّان اندلسی (م۷۵۴ھ)مطبوعہ بیروت،ج۵،ص۲۶۹
☆ انوارالتنزیل واسرارالتاویل المعروف بہ بیضاوی ازقاضی ابوالخیرعبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی ،ص۳۸۸
☆ تفسیرزادالمسیرفی علم التفسیرازامام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمن بن علی بن محمدالجوزی،مطبوعہ بیروت،ج۴،ص۱۶۶،
☆ تفسیرجلالین ازعلامہ حافظ جلال الدین سیوطی و علامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ
☆ تفسیرصاوی ازعلامہ احمدبن محمدصاوی مالکی (م۱۲۲۳ھ)مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ'مکہ مکرمہ،ج۲،ص۲۳۱
☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیرخازن ازعلامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور،ج۲،ص۴-۳
☆ تفسیرمظہری ازعلامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی(م۱۲۲۵ھ)(اردوترجمہ)مطبوعہ دہلی،ج۲،ص۱۰۵
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۸۴
☆ الدرالمنثورفی التفسیرالماثور،مصنفہ علامہ جلال الدین عبدالرحمن السیوطی ،مطبوعہ دارالفکربیروت،ج۴،ص۴۸۲
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج۴،ص۱۹۷
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۱،ص۱۵۶
(۶) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۱۰۶۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۹،ص۱۰۹
☆ التفسیرات الاحمدیہ ازعلامہ احمدجیون جونپوری (م۱۱۳۵ھ)مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی 'پشاور،ص۴۸۴
(۷) ☆ احکام القرآن ازعلامہ ابوبکرمحمدبن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی' مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت'لبنان،ج۲،ص۱۰۶۹
☆ الجامع لاحکام القرآن ازعلامہ ابوعبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت'لبنان،ج۹،ص۱۰۹
☆ تفسیرروح البیان ازعلامہ امام اسمعیل حقی البروسی (م۱۱۲۷ھ)مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ،ج۴،ص۱۱۸
☆ تفسیرروح المعانی ازعلامہ ابوالفضل سیدمحمودآلوسی حنفی (م۱۲۷۵ھ)مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،ج۱۱،ص۱۵۷

marfat.com

﴿۳﴾ نماز عشا کے بعد وتر پڑھنا واجب ہے۔(۸)

﴿۴﴾ نماز فجر اور نماز عصر میں تاخیر کرنا مستحب ہے۔(۹)

﴿۵﴾ ہر نماز کا وقت دوسری نماز کے وقت سے جدا ہے۔ایک نماز کے وقت میں دوسری نماز ادا کرنا قطعاً جائز نہیں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ ارشاد فرماتا ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَّوْقُوْتًا☆ (سورۃ النسآء آیت،۱۰۳)

بیشک نماز مسلمانوں پر وقت باندھا ہوا فرض ہے۔(۱۰)

﴿۶﴾ سفر، بیماری، بارش وغیرہ عذر یا بغیر عذر کے دو وقت کی نمازوں کو ایک وقت میں ادا کرنا جائز نہیں۔ بایں طور کہ مثلاً ظہر کے وقت ظہر اور عصر کی نماز پڑھنا یا عصر کے وقت ظہر اور عصر پڑھنا۔ دونوں صورتیں ناجائز ہیں۔(۱۱)

﴿۷﴾ دو نمازوں کو اپنے اپنے وقت پر اس طرح پڑھنا کہ ایک نماز کو آخر وقت میں ادا کرے اور دوسری کو اپنے اول وقت میں ادا کرے، یہ جائز ہے۔اس طرح دو نمازوں کا جمع کرنا صرف صورۃً ہے، حقیقۃً دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت پر پڑھی گئیں۔رسول اللہ ﷺ سے یہی ''صورۃً جمع'' مروی ہے۔حدیث شریف میں ہے۔

عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ النَّبِيَّ ﷺ اِذَااَعْجَلَهُ السَّيْرُ فِي السَّفَرِ يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يَجْمَعَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعِشَآءِ ، قَالَ سَالِمٌ : وَكَانَ عَبْدُاللهِ بْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ اِذَااَعْجَلَهُ السَّيْرُ يُقِيْمُ الْمَغْرِبَ فَيُصَلِّيْهَاثَلٰثًاثُمَّ يُسَلِّمُ ثُمَّ قَلَّمَايَلْبُثُ حَتّٰى يُقِيْمَ الْعِشَآءَ فَيُصَلِّيْهَارَكْعَتَيْنِ ثُمَّ يُسَلِّمُ .....الحديث(۱۲)

---

(۸) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸، ص ۷۳

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ 'کوئٹہ، ج۴، ص۱۹۷

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج۱۱، ص۱۵۶

(۹) ☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر، ج۱۸، ص ۷۳

(۱۰) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۲، ص ۱۰۲

(۱۱) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی، ج۲، ص ۱۰۲

(۱۲) ☆ رواہ البخاری عن عبداللہ بن عمر، ج۱، ص ۱۴۹

marfat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے نبی پاک صاحب لولاک ﷺ کو دیکھا کہ جب سفر میں آپ کو جلدی ہوتی تو مغرب کی نماز کو موخر کر لیتے یہاں تک کہ عشا کے ساتھ اسے صُورۃً جمع فرما لیتے۔ حضرت سالم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا کرتے۔ جب سفر میں انہیں جلدی ہوتی تو مغرب کے تین فرض (موخر کر کے) پڑھتے۔ پھر سلام پھیرتے۔ پھر تھوڑی دیر توقف فرماتے۔ پھر عشاء کی نماز دو رکعت پڑھ کر سلام پھیر لیتے۔

جمع صوری کی احادیث صحاح ستہ اور دیگر کتبِ احادیث میں بکثرت موجود ہیں۔ (۱۳)

﴿۸﴾ پنجگانہ نماز کے اوقات، نماز کی رکعات، قیام، رکوع، سجود، فرائضِ نماز، واجبات، سنن اور نماز کے دیگر تمام احکام حضور شارعِ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بیان فرمائے ہیں۔ اب نماز اسی طرح صحیح ہوگی جس طرح نبی پاک صاحبِ لولاک علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ادا فرمائی۔ آپ ﷺ کا ارشاد ہے۔

صَلُّوْا کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ (۱۴)

تم اس طرح نماز پڑھو جس طرح مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔

نبی اکرم رسول معظم ﷺ کے طریقے کے بغیر کوئی شخص ایک نماز تو کیا ایک رکعت بھی ادا نہیں کر سکتا۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ حضور سرورِ کائنات علیہ التحیۃ والثناء کی ہر معاملہ میں پوری پیروی کرے۔ یہی نجات کی راہ ہے۔ (۱۵)

﴿۹﴾ صغیرہ گناہ نیکیوں سے معاف ہو جاتے ہیں۔ آیت مبارکہ زیبِ عنوان کا یہی منشا ہے۔ البتہ گناہ کبیرہ توبہ سے معاف ہوتے ہیں، یا نبیِ رحمت شافعِ امم ﷺ کی شفاعت سے معاف ہو جائیں گے۔ اگر اللہ تعالیٰ جل وعلا چاہے تو اپنے فضل سے معاف فرما دے۔ بہر حال بندۂ مومن سے اگر گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ کرے۔ (۱۶)

---

(۱۳) ☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دھلی، ج ۶، ص ۱۰۲

(۱۴) ☆ رواہ البخاری عن مالک، ج ۱، ص ۸۸

(۱۵) ☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی، مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۱۱۰

(۱۶) ☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی، مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۵-۳

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابو الفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان، ج ۱۱، ص ۵-۱

marfat.com

﴿۱۰﴾ سچی توبہ کے تین شرائط ہیں۔جس توبہ میں یہ تینوں پائے جائیں اس کی قبولیت کی امید ہے۔

اول: اس گناہ سے کلیۃً توبہ کرے۔

دوم: اپنے اس فعلِ بد پر نادم ہو۔

سوم: آئندہ ایسا نہ کرنے کا عزم بالجزم کرے۔(۱۷)

﴿۱۱﴾ اجنبی عورت کا بوسہ لینا اور اسے شہوت سے چھونا حرام ہے۔مگر اس پر کوئی حد مقرر نہیں۔قاضی یا معاشرہ کا کوئی معزز ایسے گناہگار پر تعزیر لگائے تا کہ اس گناہ کی روک تھام ہو۔اگر تعزیر بھی نہ کی گئی تو معاشرے کے بگاڑ کی انتہا نہ رہے گی۔(۱۸)

﴿۱۲﴾ ہر نیک عمل ترکِ صغائر میں معاون ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ.....الآیۃ (سورۃ العنکبوت آیت،۴۵)

بیشک نماز منع کرتی ہے بے حیائی اور بری بات سے۔

حدیث شریف میں ہے۔

اَلصَّلَوٰاتُ الْخَمْسُ وَالْجُمُعَۃُ اِلَی الْجُمُعَۃِ وَرَمَضَانُ اِلٰی رَمَضَانَ مُکَفِّرَاتٌ لِّمَابَیْنَھُنَّ اِذَااجْتُنِبَتِ الْکَبَائِرُ(۱۹)

پانچ نمازیں، جمعہ سے جمعہ تک اور رمضان مبارک سے رمضان مبارک تک درمیانی عرصہ کے گناہ مٹا دیتی ہیں جب کہ کبیرہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے۔

لہٰذا بندۂ مومن کے لئے لازم ہے کہ وہ ہمیشہ نیکی کے کاموں میں مشغول رہے۔(۲۰)

---

(۱۷) ☆☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی 'مطبوعہ لاہور، ج ۲، ص ۳۷۵

(۱۸) ☆☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابو عبداللہ محمدبن احمدمالکی قرطبی' مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت لبنان، ج ۹، ص ۱۱۰

(۱۹) ☆☆ رواہ الائمہ احمدو مسلم و ترمذی عن ابی ہریرۃ/بحوالہ

☆☆ جامع صغیر، ج ۲، ص ۸۲

(۲۰) ☆☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمدبن یوسف الشہیر ابن حیان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت، ج ۵، ص ۲۷۰

☆☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی پشاور، ص ۸۴

marfat.com

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ رَحْمَۃ لِّلْعَالَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعُلَمَآءِ مِلَّتِهٖ وَاَوْلِیَآئِهِ الرَّاسِخِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ

آج ۳/ ذی قعدہ ۱۴۲۴ھ/ ۲۷۔ دسمبر ۲۰۰۳ء بروز ہفتہ سورہ ہود شریف کے احکام کی ترتیب وتالیف سے فراغت پائی۔ بِتَوْفِیْقِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَعَوْنِهٖ

اللہ تعالیٰ جل جلالہ وعم نوالہ سے دعا ہے کہ وہ اس خدمتِ دین کو اپنے حبیبِ کریم ﷺ کے طفیل وصدقہ میں قبول فرما لے۔ فقیر پُرتقصیر غفرلہ القدیر کے لئے زادِراہِ آخرت بنادے اور عامۃ المسلمین کو اس سے فیض عطا فرمائے۔

آمین، آمین، آمین، بِجَاہِ نَبِیِّ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَبَارَکَ وَکَرَّمَ وَسَلَّمَ

☆☆☆☆☆

marfat.com

ماخذ ومراجع

کتب تفاسیر وعلوم القرآن :

☆ احکام القرآن از امام ابوبکر احمد بن علی رازی جصاص (م ۳۷۰ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان

☆ احکام القرآن از علامہ ابوبکر محمد بن عبداللہ المعروف بابن العربی مالکی (م ۵۴۳ھ) مطبوعہ دار المعرفہ بیروت، لبنان

☆ تفسیر کبیر از امام فخر الدین محمد بن ضیاء الدین عمر رازی (م ۶۰۶ھ) مطبوعہ ادارۃ المطالع قاہرہ ازہر،

☆ الجامع لاحکام القرآن از علامہ ابوعبداللہ محمد بن احمد مالکی قرطبی (م ۶۶۸ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان

☆ انوار التنزیل واسرار التاویل المعروف بہ بیضاوی از قاضی ابوالخیر عبداللہ بن عمر بیضاوی شیرازی شافعی (م ۶۸۵ھ)، مطبوعہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند، یو، پی۔

☆ تفسیر القرآن المعروف بہ تفسیر ابن کثیر حافظ عماد الدین اسمٰعیل بن عمر بن کثیر شافعی (م ۷۷۴ھ)، مطبوعہ دار الاحیاء الکتب العربیہ عیسیٰ البابی وشرکاہ، مصر

☆ الدر المنثور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ مکتبہ آیۃ اللہ العظمی قم، ایران

☆ تفسیر جلالین از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) وعلامہ جلال الدین محلی مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ مکہ مکرمہ

☆ حاشیہ شیخ زادہ علی البیضاوی از علامہ محی الدین محمد بن مصطفیٰ قوجوی (م ۹۵۱ھ) مطبوعہ استنبول ترکی

☆ التفسیرات الاحمدیہ از علامہ احمد جیون جونپوری (م ۱۱۳۵ھ) مطبوعہ مکتبہ حقانیہ محلہ جنگی، پشاور

☆ تفسیر روح البیان از علامہ امام اسمٰعیل حقی البروسی (م ۱۱۲۷ھ) مطبوعہ مکتبہ عثمانیہ، کوئٹہ

☆ تفسیر صاوی از علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی (م ۱۲۲۳ھ) مطبوعہ مکتبہ فیصلیہ، مکہ مکرمہ

☆ تفسیر مظہری از علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی مجددی (م ۱۲۲۵ھ) (اردو ترجمہ) مطبوعہ دہلی

☆ تفسیر روح المعانی از علامہ ابوالفضل سید محمود آلوسی حنفی (م ۱۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان

marfat.com

☆ الاتقان فی علوم القرآن از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ ادارہ اسلامیات، لاہور

☆ مدارک التنزیل وحقائق التاویل معروف بہ تفسیر مدارک از علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی، مطبوعہ نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور

☆ لباب التاویل فی معانی التنزیل المعروف بہ تفسیر خازن از علامہ علی بن محمد خازن شافعی (م ۷۲۵ھ) مطبوعہ نعمانی کتب خانہ اردو بازار لاہور

☆ تفسیر حسینی از مولانا سید حسین الواعظ الکاشفی الہروی، مطبوعہ مطبع کریمی، بمبئی

☆ فتح المنان المشہور بہ تفسیر حقانی از علامہ ابومحمد عبدالحق حقانی دہلوی، مطبوعہ دارالاشاعت تفسیر حقانی، دہلی

☆ مختصر تفسیر الطبری از علامہ ابوجعفر بن محمد جریر الطبری، مطبوعہ دارالقرآن الکریم بیروت، لبنان

☆ کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن از امام احمد رضا قادری (م ۱۳۴۰ھ) مطبوعہ تاج کمپنی لمیٹڈ لاہور

☆ فتح الرحمٰن ترجمہ قرآن از شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، مطبوعہ مطبع کریمی بمبئی

☆ تفسیر ابن عباس، مطبوعہ قم ایران،

☆ خفاجی حاشیہ بیضاوی

☆ لباب النقول فی اسباب النزول، مصنفہ امام عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ)، مطبوعہ دارالرشید، بیروت

☆ تفسیر البحر المحیط از علامہ محمد بن یوسف الشہیر ابن حیّان اندلسی (م ۷۵۴ھ) مطبوعہ بیروت

☆ الایضاح لناسخ القرآن ومنسوخہ، مصنفہ امام ابومحمد مکی بن ابی طالب القیسی (م ۴۳۷)، مطبوعہ جدہ

☆ تفسیر زادالمسیر فی علم التفسیر از امام ابوالفرج جمال الدین عبدالرحمٰن بن علی بن محمد الجوزی، مطبوعہ بیروت

☆ الکشاف عن حقائق التنزیل وعیون الاقاویل فی وجوہ التاویل، مصنفہ: الامام ابوالقاسم جار اللہ محمود بن عمر بن محمد زمخشری، المتوفی: ۵۳۸، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ، کراچی

☆ تفسیر البغوی المسمّٰی معالم التنزیل، مصنفہ الامام محی السنۃ ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی، المتوفی: ۵۱۶ھ۔ مطبوعہ ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان

marfat.com

☆ الفتوحات الالھیہ بتوضیح تفسیر الجلالین للدقائق الحنفیہ ۔المعروف بہ حاشیہ الجمل ۔مولفہ علامہ شیخ سلیمان الجمل ،المتوفی :۱۲۰۴ھ،مطبوعہ قدیمی کتب خانہ،کراچی

☆ فتح العزیز المعروف بہ تفسیر عزیزی از علامہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (م ۱۲۳۹ھ) مطبوعہ مطبع انوری آگرہ

☆ احکام القرآن از شیخ ظفر احمد عثمانی دیوبندی،مطبوعہ ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی

☆ الاحکام فی اصول الاحکام از امام علی بن محمد آمدی مطبوعہ دارالکتب العربیہ بیروت،لبنان

کتب احادیث وشروح احادیث

☆ صحیح بخاری از امام ابوعبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری (م ۲۵۶ھ) مطبوعہ خان بک ڈپو لاہور

☆ صحیح مسلم از امام ابوالحسن مسلم بن حجاج قشیری (م ۲۶۱ھ) مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی،

☆ سنن ابن ماجہ از امام ابوعبداللہ محمد بن یزید ابن ماجہ (م ۲۷۳ھ) مطبوعہ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی

☆ سنن ابوداؤد از امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی (م ۲۷۵ھ) مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان،

☆ جامع ترمذی از امام ابوعیسی محمد بن عیسی ترمذی (م ۲۷۹ھ) مطبوعہ مجتبائی دہلی ومطبوعہ محمد سعید اینڈ کمپنی کراچی

☆ سنن نسائی از امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب علی نسائی (م ۳۰۳ھ) مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی

☆ موطا امام مالک از امام مالک بن انس اصبحی (م ۱۷۹ھ) مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی

☆ سنن دارقطنی از امام علی بن عمر دارقطنی (م ۲۸۵ھ) مطبوعہ نشر السنۃ ملتان

☆ البحر الزخار المعروف بمسند البزار از امام احمد عمرو بن عبدالخالق بزار (م ۲۹۲ھ) مطبوعہ موسسۃ القرآن بیروت،لبنان

☆ مسند ابویعلی موصلی از امام احمد بن علی المثنی التمیمی (م ۳۰۷ھ) مطبوعہ دارالمامون تراث،لبنان

☆ شرح مشکل الآثار از امام ابوجعفر احمد بن محمد طحاوی (م ۳۲۱ھ) مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت،لبنان

☆ المستدرک از امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری (م ۴۰۵ھ) مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ

☆ مشکوۃ المصابیح از امام ولی الدین محمد بن عبداللہ (م ۷۴۲ھ) مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی

marfat.com

☆ نصب الرایہ از حافظ جمال الدین عبداللہ بن یوسف زیلعی (م ۷۶۲ھ) مطبوعہ مجلس علمی سورت، ہند

☆ کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال از علامہ علی متقی (م ۹۷۵ھ) مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت، لبنان

☆ فتح الباری از حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی (م ۸۵۲ھ) مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور

☆ عمدۃ القاری از حافظ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی (م ۸۵۵ھ) مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ

☆ شرح معانی الآثار از امام ابو جعفر بن محمد طحاوی (م ۳۲۱ھ) مطبوعہ ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی

☆ صحیح ابن خزیمہ از امام محمد بن اسحاق بن خزیمہ (م ۳۳۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، لبنان

☆ المصنف فی الاحادیث والآثار از امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ کوفی (م ۲۳۵ھ) مطبوعہ دار الفکر بیروت، لبنان

☆ المسند از امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، لبنان

☆ صحیح ابن حبان بترتیب ابن بلبان از امام امیر علاؤ الدین علی بن بلبان الفارسی مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ بیروت، لبنان

☆ اشعۃ اللمعات از شیخ عبدالحق محدث دہلوی (م ۱۰۵۲ھ) مطبوعہ مطبع نیج کمار لکھنؤ

☆ الجامع الصغیر از علامہ حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ دار الاحیاء الکتب العربیہ عیسی البابی الحلبی وشرکاہ مصر

☆ کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق از امام عبدالرؤف مناوی شافعی (م ۱۰۰۳ھ)
مطبوعہ دار الاحیاء الکتب العربیہ عیسی البابی الحلبی وشرکاہ

☆ عقود الجواہر المنیفۃ فی ادلۃ مذہب الامام ابی حنیفہ از امام سید محمد مرتضی زبیدی، مطبوعہ ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی

☆ جامع المسانید از امام ابو المؤید محمد بن محمود الخوارزمی (م ۶۶۵ھ) مطبوعہ دار الکتب العلمیہ بیروت، لبنان

☆ ذخائر المواریث فی الدلالۃ علی مواضع الحدیث از شیخ عبدالغنی نابلسی، مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت، لبنان

☆ موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی الشریف از ابو ہاجر محمد سعید بن بسیونی زغلول، مطبوعہ دار الفکر بیروت، لبنان

☆ مفتاح کنوز السنۃ از محمد فواد عبدالباقی، مطبوعہ دار الحدیث القاہرہ، (المکتبۃ التجاریۃ مکۃ المکرمۃ)

☆ التمہید از حافظ ابو عمر ابن عبدالبر مالکی (م ۴۶۳ھ) مطبوعہ مکتبۃ القدوسیہ لاہور

☆ مسند ابن ابی شیبہ از امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ (م ۲۳۵ھ) مطبوعہ دار الوطن بیروت، ۱۴۱۸ھ

marfat.com

☆ سنن بیہقی

☆ صحیح البہاری

☆ ارشادالساری، از حسین بن محمد، مطبوعہ دارالفکر بیروت، لبنان

☆ الادب المفرد، از محمد بن اسماعیل المعروف بہ امام بخاری (م ۲۵۶ھ)، مطبوعہ دارالمعرفہ بیروت ۱۴۱۱ھ

☆ مسند امام اعظم، از امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت (م ۱۵۰ھ) مطبوعہ محمد سعید اینڈ سنز، کراچی

☆ موطا امام محمد از امام محمد بن حسن شیبانی (م ۱۸۹ھ) مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کراچی

☆ المسند از امام عبداللہ بن الزبیر حمیدی (م ۲۱۹ھ) مطبوعہ عالم الکتب بیروت

☆ المصنف فی الاحادیث والاثار از امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ کوفی (م ۲۳۵ھ) مطبوعہ دارالفکر بیروت، لبنان

☆ المسند از امام احمد بن حنبل (م ۲۴۱ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت، لبنان

☆ سنن دارمی از امام ابوعبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی (م ۲۵۵ھ) مطبوعہ دارالکتب العربی، ۱۴۰۷ھ

☆ سنن کبریٰ از امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی (م ۳۰۳ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۱ھ

☆ دلائل النبوۃ از امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصبہانی (م ۴۳۰ھ) مطبوعہ دارالنفائس بیروت

☆ الخصائص الکبریٰ از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۵ھ

☆ شرح الشمائل از علامہ عبدالرؤف مناوی شافعی (م ۱۰۰۳ھ) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

☆ شرح مسلم از علامہ یحییٰ بن شرف نووی (م ۶۷۶ھ) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی ۱۳۷۵ھ

☆ جمع الوسائل از علامہ علی بن سلطان محمد القاری (م ۱۰۱۴ھ) مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی

☆ بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع۔ تالیف امام علاء الدین ابوبکر بن مسعود الکاشانی (م ۵۸۷ھ)، مطبوعہ دارالفکر، بیروت

☆ اسرار المرفوعہ، مولفہ ملا علی قاری، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالہ، بیروت

☆ الفوائد المجموعہ، مولفہ الشوکانی، مطبوعہ السنۃ المحمدیہ

marfat.com

☆ الاحادیث القصاص

☆ کشف الخطاء، مولفہ عجلونی، مکتبہ دار التراث، بیروت

☆ السلسلۃ الضعیفہ، مولفہ البانی، مطبوعہ مکتب الاسلامی

☆ الکاشف عن حقائق السنن المعروف شرح الطیبی، مصنفہ الامام شرف الدین حسین بن محمد بن عبداللہ الطیبی المتوفی ۷۴۳ھ، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی، ج ۸، ص ۱۷۰

کتب عقائد وکلام وغیرہ:

☆ شرح عقائد نسفی معہ نبراس از علامہ عبدالعزیز پرہاروی

☆ نبراس، شرح شرح عقائد نسفی، از علامہ عبدالعزیز پرہاروی، مطبوعہ ملک دین محمد اینڈ سنز، لاہور

☆ تمہید از علامہ ابوشکور سالمی، مطبوعہ ادارہ حزب الاحناف لاہور

☆ تحفہ اثنا عشریہ از علامہ شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، مطبوعہ ترکی

☆ شرح فقہ اکبر از علامہ علی بن سلطان محمد القاری (م ۱۰۱۴ھ) مطبوعہ مکتب اسلامی بیروت ۱۴۱۱ھ

کتب تاریخ، سیرت وفضائل

☆ الصواعق المحرقہ از علامہ احمد بن حجر مکی شافعی (م ۹۷۴ھ) مطبوعہ مکتبہ القاہرہ

☆ الشفا بتعریف حقوق المصطفی، از علامہ قاضی عیاض مالکی، مطبوعہ دار الفکر بیروت، لبنان،

☆ جذب القلوب الی دیار المحبوب از علامہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی (م ۱۰۵۲ھ) مطبوعہ مکتبہ تعمیر چوک دالگراں لاہور

☆ الطبقات الکبری از امام محمد بن سعد (م ۲۳۰ھ) مطبوعہ بیروت ۱۳۸۸ھ

☆ وفیات الاعیان از علامہ شمس الدین احمد بن محمد بن ابی بکر خلکان (م ۶۸۱ھ) مطبوعہ ایران

☆ مدارج النبوت از شیخ عبدالحق محدث دہلوی (م ۱۰۵۲ھ) مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر

☆ رحمۃ للعالمین، مصنفہ قاضی محمد سلیمان، سلمان منصور پوری، مطبوعہ شیخ غلام اینڈ سنز، لاہور

marfat.com

کتب لغت

☆ المنجد از لوئیس معلوف ایسوعی، مطبوعہ دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی

☆ مصباح اللغات از ابوالفضل مولانا عبدالحفیظ بلیاوی، مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی

☆ صراح از ابوالفضل محمد بن عمر بن خالد المدعو بجمال القرشی، مطبوعہ مطبع مجیدی کانپور

☆ المفردات فی غریب القرآن از علامہ حسین بن محمد المفضل الملقب بالراغب اصفہانی (م ۵۰۲ھ) مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی

☆ المصباح المنیر فی غریب الشرح الکبیر للرافعی، مؤلفہ علامہ احمد بن محمد علی المقبری الفیومی (م ۷۷۰ھ) مطبوعہ دارالکتب العربیہ الکبریٰ مصر، (۱۳۲۵ھ)

☆ القاموس المحیط از علامہ مجدالدین محمد بن یعقوب فیروز آبادی (م ۸۱۷ھ) مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت

☆ تاج العروس از علامہ سید مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر

☆ قاموس القرآن او اصلاح الوجوہ والنظائر فی القرآن الکریم للجامع الحسین بن محمد الدامغانی، مطبوعہ بیروت

☆ الفروق اللغویۃ، از ابوھلال الحسن بن عبداللہ بن سھل العسکری (م ۴۰۰ھ) مطبوعہ مکتبہ اسلامیہ، کوئٹہ

کتب متفرقہ

☆ المعتقد المنتقد معہ المستند المعتمد بنا نجاۃ الابداز امام احمد رضا خان قادری، مطبوعہ ترکی

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ جلد چہارم طبع اول، مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی لاہور

☆ احیاء علوم الدین از امام محمد غزالی (م ۵۰۵ھ) مطبوعہ دارالخیر بیروت ۱۴۱۳ھ

☆ روض الریاحین از علامہ عبداللہ بن اسد یافعی (م ۷۶۸ھ) مطبوعہ مطبع مصطفیٰ البابی واولادہ مصر ۱۳۷۴ھ

☆ شرح الصدور از حافظ جلال الدین سیوطی (م ۹۱۱ھ) مطبوعہ دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۴۰۴ھ

☆ اتحاف سادۃ المتقین از علامہ سید محمد بن محمد مرتضی حسینی زبیدی حنفی (م ۱۲۰۵ھ) مطبوعہ مصر ۱۳۱۱ھ

marfat.com

☆ جواہر البحار از علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانی (م ۱۳۵۰ھ) مطبوعہ دار الفکر بیروت ۱۴۱۷ھ

☆ فتاوی عالم گیریہ فی الفروع الحنفیہ از علماء عظام وکان رئیسھم ملا نظام (م ۱۱۶۱ھ) مطبوعہ لکھنو

☆ جد الممتار علی رد المحتار المعروف بہ حاشیہ شامی از علامہ امام احمد رضا قادری حنفی بریلوی (م ۱۳۴۰ھ)
مطبوعہ مجمع اسلامی مبارک پور، انڈیا

☆ العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ از علامہ امام احمد رضا قادری (م ۱۳۴۰ھ) جلد اول
مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز کشمیری بازار لاہور

☆ شرح النقایہ از علامہ حافظ علی بن محمد سلطان القاری الحنفی (م ۱۰۱۴ھ) مطبوعہ ایچ، ایم سعید اینڈ کمپنی کراچی

☆ حاشیہ الطحطاوی علی الدر المختار از علامہ سید احمد طحطاوی حنفی، مطبوعہ مکتبہ عربیہ کوئٹہ

☆ غمز عیون البصائر از علامہ سید احمد بن محمد حموی (م ۱۰۹۸ھ) مطبوعہ دار الکتب العربیہ بیروت، لبنان

☆ لمعۃ الضحی فی اعفاء اللحیی از امام احمد رضا قادری حنفی (م ۱۳۴۰ھ) مطبوعہ سنی دار الاشاعت فیصل آباد

☆ الحجۃ المؤتمنۃ از امام احمد رضا قادری حنفی (م ۱۳۴۰ھ) مطبوعہ بریلی،

☆ الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی از امام احمد رضا قادری حنفی (م ۱۳۴۰ھ) قلمی نسخہ

☆ التبصیر المنجد بان صحن المسجد مسجد از امام احمد رضا قادری حنفی (م ۱۳۰۴ھ) مطبوعہ مبارک پور

☆ شرح فقہ اکبر از علامہ ملا علی قاری، مطبوعہ مطبع مجتبائی دہلی

☆ الحق المجتلی فی حکم المبتلی از امام احمد رضا قادری حنفی (م ۱۳۴۰ھ)

☆ منیر العین فی تقبیل الابہامین از امام احمد رضا قادری بریلوی (م ۱۳۴۰ھ) مطبوعہ ادارہ حزب الاحناف لاہور

☆ ماثبت من السنۃ ما انعم علی الامۃ از شاہ عبد الحق محدث دہلوی، مطبوعہ ادارہ معینیہ رضویہ لاہور

☆ احسن الوعاء لآداب الدعا، مطبوعہ نوری کتب خانہ لاہور

☆ صغیری شرح منیۃ المصلی، ابراہیم بن محمد حلبی، مطبوعہ مطبع ناصری لاہور (۱۲۸۲ھ)

☆ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی، المعروف بہ کبیری مطبوعہ مطبع احمدی لاہور (۱۳۱۰ھ)

marfat.com

☆ الحلال والحرام فی الاسلام از شیخ یوسف القرضاوی

☆ جدید فقہی مسائل از مولوی خالد سیف اللہ رحمانی

☆ صحیفہ فقہ اسلامی، مرتبہ مفتی نظام الدین رضوی مصباحی، ومفتی محمد معراج القادری مصباحی، مطبوعہ فرید بک سٹال لاہور

☆ بذل القوۃ فی حوادث سنی النبوۃ از علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی، اردو ترجمہ سیرۃ سید الانبیاء از مفتی محمد علیم الدین مجددی، مطبوعہ مظہر علم لاہور

☆ کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق

☆ کتاب الخراج، تالیف امام یحیٰی بن آدم الفرشی (م ۲۰۳ھ) مطبوعہ المکتبہ العلمیہ، لاہور، (طبعہ اولیٰ)

☆ (ترجمہ) کتاب الاموال، تالیف امام ابوعبیدہ القاسم بن سلام (م ۲۲۴ھ)، مترجم عبدالرحمٰن طاہر سورتی، مطبوعہ ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، مطبوعہ ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۶ء،

☆ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۷، ص ۲۴۶

☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سرکاری خطوط، مرتبہ خورشید احمد فاروقی، استاد ادبیات عربی، دہلی یونیورسٹی، مطبوعہ ندوۃ المصنفین دہلی، طبع اول (۱۹۵۹ء)، ص ۱۴۵

☆ فتوحات فیروز شاہی مطبوعہ علی گڑھ، ص ۶

☆ زبور، پانچویں کتاب، آیت، ۵ تا ۱۵، مطبوعہ بائیبل سوسائٹی ہند، منگلور، ۱۹۷۱ء، ص ۵۹۴

marfat.com


ضیاء
لقران
پیښور